معجون اکسیر اعظم یہ معجون ضعف باہ و ضعف جگر، ضعف دماغ، ضعف بصارت دل دھڑکا تپش دل، جریان، سرعت، خرابی خواب، فالج، لقوہ، نسیان وغیرہ وغیرہ بے شمار امراض کا قلع قمع کرتا ہے۔ زائل شدہ قوت فوراً عود کر آتی ہے۔ آج کل کے نوجوان مریضوں کے لیے آب حیات ہے۔ سعد کوفی۔ قسط۔ پوست آملہ۔ کندر۔ بہمن سرخ و سفید۔ فلفل سیاہ۔ الائچی سفید۔ فلفل دراز۔ مقل ارزق۔ نارجیل دریائی۔ درج ترکی۔ اشنہ سفید۔ عود قماری۔ مرکی۔ فاد زہر حیوانی۔ سازج ہندی۔ سنبل الطیب۔ پوست بلیلہ زرد۔ زعفران۔ جندبیدستر۔ بادیان۔ پودینہ خشک۔ فلفل موہیہ۔ قرنفل۔ مومیائی کانی۔ بوزیدان۔ کباب چینی۔ زنجبیل۔ شقاقل مصری۔ مغز چلغوزہ۔ جدوار خطائی۔ گل بابونہ۔ ابریشم مقرض۔ بادیان رومی۔ زراوند مدحرج۔ اسارون۔ انیسون۔ دار چینی قلمی۔ عاقر قرحا۔ ریوند چینی۔ ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ۔ قند سفید ہموزن۔ مویز منقیٰ سہ چند ادویہ۔ عسل خالص سہ چند ادویہ۔ ورق طلا ۲۰ عدد بترکیب مشہورہ معجون بنائیں۔ **مقدار خوراک** ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک۔ یہ معجون ہمارے مطب کی مایہ ناز ہے بڑی کثرت سے برتی جاتی ہے۔

معجون دیگر از مجربات قبلہ و کعبہ عمدۃ الحکما حکیم حاجی مرزا محمد عیسیٰ صاحب مرحوم و مغفور۔ یہ معجون مقوی دل و دماغ و گردہ۔ مغلظ منی اور مقوی باہ و مسمن بدن ہے۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری سرخ و سفید۔ شقاقل مصری۔ تخم گزر۔ تخم شلغم۔ تخم بلیون۔ تخم پیاز۔ تخم گندنا۔ اندرجو شیریں۔ ناگر موتھہ۔ کباب چینی۔ دار چینی۔ خولنجان۔ بوزیدان۔ سورنجاں شیریں۔ برگ پودینہ۔ درونج عقربی ہر ایک ایک تولہ۔ زنجبیل۔ قرنفل جوزبوا۔ دانہ الائچی سفید ہر ایک تین تولہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ کشتہ مروارید ایک ماشہ۔ ورق نقرہ ایک دفتری۔ دانہ خشخاش۔ مغز پستہ۔ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ مغز فندق۔ مغز گردگان۔ کنجد مقشر۔ مغز نارجیل۔ مغز پنبہ دانہ۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ سب کو

علیحدہ علیحدہ کوٹ کر سفوف بنائیں۔ اور دو چنداں شہد میں قوام دیں۔ مقدار خوراک ایک تولہ سے ڈیڑھ تولہ تک۔

مقوی باہ گولیاں سنکھیا سفید ایک تولہ۔ مگر سنکھیا وہ ہو جو سفید پتھروں کی طرح کا ہو۔ اس میں رگیں یا کانچ کی طرح کا پتہ نہ ہو۔ بھیڑ کے دودھ میں کھرل کریں۔ روزمرہ ۱۰ تولہ کے قریب دودھ خرچ ہونا چاہیے۔ پچیس یوم تک یہ سنکھیا بے ضرر ہو جائے گا۔ بیس یوم سے پہلے پہلے کھرل کرتے وقت جب اس پر مکھی آ کر بیٹھے گی اور چاٹے گی مرجائے گی۔ ازاں بعد چاٹ کر زندہ اڑ جائے گی۔ اس وقت سمجھنا چاہیے کہ اب دوائی تیار ہے۔ دانہ نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ اور روز مرہ صبح کے وقت حلوا سوجی تین چار تولہ میں لپیٹ کر نگل جائیں۔ اگر بہت جوش نہ دکھائے تو ایک گولی رات کو بھی کھانا کھانے کے بعد پاؤ بھر دودھ کے ہمراہ نگل جائیں۔ ترشی۔ منشیات اور مباشرت سے پرہیز ہے۔ غذا مقوی اور زود ہضم کھائیں۔ پہلے بہتر ہے کہ نصف گولی کھائیں اگر ضرر نہ دے تو ایک اس سے تجاوز نہ کریں۔

اکسیر کشتہ قلعی مجرب المجرب۔ قلعی کو لوہے کی کڑچھی میں پگھلاؤ اور اس پر برگد یعنی بڑھ کی داڑھی کے ریشوں کو جو پہلے سے سایہ میں خشک کر کے سفوف کر رکھے ہوں چٹکی دیتے جاؤ۔ اور داڑھی برگد کے ریشوں سے ہی ہلاتے جاؤ۔ اس کو پھر بڑھ کے دودھ میں تین گھنٹہ کھرل کر کے ایک کوزہ آب نارسیدہ میں بند کر کے دس سیر اپلوں کی آنچ دو اور سرد ہونے پر نکال کر شیشی میں رکھ چھوڑیں۔ نہایت اعلیٰ کشتہ ہے جو جریان۔ سرعت اور رقت کی مرضوں میں لاثانی ہے۔ خوراک ایک رتی مسکہ میں بلغمی مزاج کو بتاشہ میں دیں۔

کشتہ شنگرف مرچ سرخ کی لکڑیاں جلا کر اس کی راکھ ایک کوری ہانڈی میں بھر کر درمیان اس کے ڈلی بمقدار ۳ تولہ کے رکھیں اور منہ پر ہانڈی مذکور کے ایک چپنی رکھ کر ارد سے منہ ہانڈی بند کر دیں۔ کہ سوراخ نہ رہے بعد ازاں چولہے پر رکھیں ایک پہر کامل ۵ سیر چوب کنار سے آتش دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ڈلی شنگرف کی اندر ہی اندر ہانڈی کے شگفتہ ہو جائے گی نکال کر قدرے آگ پر ڈالیں۔ اگر رنگ تبدیل نہ ہو اور دھواں نہ دے تو عمدہ ہے استعمال میں لائیں۔ مقدار خوراک ایک تا ۲ برنج مزاج

دیکھ کر اجزائے مناسب کے ساتھ یا تنہا۔ برائے قوت باہ بے نظیر ہے۔ اور درد جوڑوں کے لیے تریاق ہے۔ کما ہو ظاہر عند التجربہ۔

ایک اسراری نسخہ مصری زنبور جو چھتہ زنبور زرد سے برآمد ہوتی ہے ۵ تولہ۔ انگوزہ ۳ تولہ۔ کافور بھیم سینی ۳ تولہ۔ قرنفل ۲ تولہ۔ باریک پیس کر روغن دار چینی ایک تولہ۔ عطر مشکی ۴ ماشہ میں گولیاں بقدر کنار صحرائی کے بنا کر ایک ٹکڑہ ابرک کا لے کر اس میں چند سوراخ کر کے اوپر گولیاں رکھ کر ایک ٹین کا ٹکڑہ رکھ کر توا آہنی میں کوئلہ بھر کر بادکش سے جھلتا رہے اور نیچے ابرک کے ایک پیالہ چینی کا رکھ دیں۔ جب روغن نکل آئے تب شیشی میں نگاہ رکھیں۔ وقت ضرورت طلا کریں۔ گرویدہ ہوں گے۔ مجرب المجرب ہے۔

نسخہ مقوی و ممہی و مغلظ سبوس اسبغول ۳ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ ایک عدد۔ روغن زرد ایک تولہ۔ شکر ۳ تولہ۔ اول ایک طشتری میں شکر رکھیں۔ اس پر سبوس اسبغول۔ اس پر زردی بیضہ مرغ۔ اس پر روغن زرد کو خوب گرم کر کے چھوڑیں اور چمچہ سے پلائیں۔ روز مرہ اسی طرح کریں۔ پھر دیکھیں کہ کس قدر قوت باہ پیدا ہوتی ہے۔

چند نایاب نسخے

(از جناب موتی رام صاحب ماسٹر پہاڑ پور)

شنگرفی لڈو ماش کے لڈو۔ السی کے لڈو وغیرہ وغیرہ اناجوں کے لڈو تو عوام الناس نے بنا کر اکثر کھائے ہوں گے۔ مگر یہ وہ لڈو ہیں کہ صرف دس پندرہ دنوں تک اس کا اثر رہے نہیں بلکہ جو یہ لڈو مکمل کھا لے اس کی قوت مردی پھر نہیں کھوئے گی۔ نامردوں' پیروں مایوس العلاجوں کے دستگیر ہیں۔ بے اولادوں کو نیک مژدہ سنانے والے ہیں۔ غرضیکہ کیا کہوں۔ نسخہ سمجھنے والے نسخہ دیکھ کر ہی اس کی برائی بھلائی کو تاڑ جائیں گے۔ اور بنا کر استعمال کرنے والے اس کی قدر کریں گے۔ اور ہر موسم سرما میں اس کو بنانے کے لیے خواہاں رہیں گے۔

کشتہ شنگرف تیار کرنا۔ شنگرف رومی مصفیٰ ایک چھٹانک لیں۔ بھلانوہ سیر۔ شہد سیر۔ گھی گائے سیر۔ بھلانوہ کو کوٹ کرباقی شہد گھی ملا دیں۔ پھر ان کو ایک دیگ میں ڈال دیں۔ لوہے کی تاروں کا چھکا بنائیں۔ اس چھکے پر ایک ٹھوٹھی (کٹوری) رکھ کراس میں شنگرف رکھ دیں اور دیگ میں لٹکا دیں۔ اوپر سے منہ دیگ کا بند کر دیں۔ نیچے بارہ پہر آگ جلائیں۔ خیال رکھیں کہ دھواں نہ نکلے۔ بعد ۱۲ پہر جب دیگ ٹھنڈی ہو جائے۔ اتار لیں۔ موم جیسا شنگرف تیار ہو گا۔ یہ بہت قیمتی شے ہے۔ چاول بھر اس کو ایک اسی طرح استعمال کریں۔ تو بھی بڑھاپے میں جوانی کا مزا دکھائے گا۔ ورنہ۔ ثعلب مصری ۱۰ تولہ۔ موصلی سفید ۵ تولہ۔ تودر سرخ ۸ تولہ۔ خولنجاں ۶ تولہ۔ گوند ڈھاک ۵ تولہ۔ شہد ۶ تولہ۔ زعفران تولہ۔ بادام روغن ۲ تولہ۔ الائچی خورد کا دانہ ۶ ماشہ۔ ورق نقرہ تولہ۔ نشاستہ ۶۰ تولہ۔ گھی ۸۰ تولہ۔ دیسی کھانڈ ۱۰۰ تولہ۔ کشتہ شنگرف مذکور ۳ ماشہ۔ ثعلب۔ موصلی۔ تودری۔ خولنجاں۔ الائچی خورد ان سب کو باریک پیس لیں۔ اور زعفران۔ ورق چاندی کشتہ شنگرف کو شہد میں چار پانچ گھنٹہ کھرل کریں۔ گھی کو نہایت گرم کرکے اس میں گوند ڈھاک بھون لیں۔ اور سفوف بنا رکھیں۔ پھر زعفران وغیرہ کھرل شدہ اتار کر پورے دو سو لڈو بنائیں۔ اور ایک لڈو روزانہ گرم دودھ سے کھایا کریں۔ دوران استعمال میں شراب ترشی۔ مباشرت سے پرہیز ہونا چاہیے۔

مجربات عباسی

از جناب حکیم امید علی صاحب عباسی نیٹو ڈاکٹر راز قپور

نسخہ مقوی مقوی دل۔ دماغ۔ جگر۔ معدہ۔ گردہ و جملہ اعضاء رئیسہ۔ و مسمن بدن و مقوی باہ میرے مطب میں تحفہ سرماء کے نام سے مشہور ہے۔ مغز کشنیز۔ مغز اخروٹ۔ مغز فندق۔ مغز نارجیل۔ مغز چلغوزہ۔ مغز بدوانہ۔ مغز خربوزہ۔ مغز خیار۔ مغز ککڑی۔ مغز پستہ۔ مغز کدو۔ مغز بادام۔ زیرہ سفید۔ بادیان ہر ایک ۵ تولہ۔ برادہ صندل سفید۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ عقیق۔ خاکہ مروارید۔ کشتہ چاندی یا ورق نقرہ۔ ورق طلا یا کشتہ قلعی۔ لاجورد مغسول ہر ایک ۳ ماشہ۔ کشتہ خبث الحدید

۶ ماشہ۔ شیر بڑگد ۵ تولہ۔ اگر نہ ملے تو ریش برگد سایہ میں خشک کر کے ۵ تولہ ملا لیں۔ سب ادویات کو کوٹ چھان کر کشتہ جات ملا لیں۔ ایک سیر مصری کوزہ باریک کوٹ کر ملا لیں۔ ایک سیر دال ماش رات کو دودھ گاؤ میں تر کریں اور صبح کو چھلکے اتار کر خوب باریک گھوٹیں اور ایک سیر روغن زرد میں نرم نرم آگ پر بریاں کریں۔ جب سرخی مائل ہو جائے اتار کر تمام ادویات اس میں ملا دیں۔ اور حفاظت سے کسی چینی یا شیشے کے برتن میں رکھیں۔ خوراک ۳ سے ۵ تولہ تک دودھ سے کھائیں۔ اگر قبض ہو تو پہلے قبض دور کر لیں۔ اعلیٰ فائدہ ہو گا اگر کشتہ جات کے ڈالنے کی طاقت نہ ہو۔ تو نہ ملائیں فائدہ تو ضرور ہو گا۔ مگر ویسا نہیں جیسا کشتہ جات کے ملانے سے ہو گا۔ یا جس قدر بھی کشتے مہیا ہو سکیں ڈال لیں۔ عمدہ تحفہ لائق موسم سرما ہے۔

ٹوٹکہ مقوی باہ سم الفار سفید ایک رتی لے کر کسی تیز دہکتے ہوئے کوئلے پر ڈالیں اور اوپر شیشے کا گلاس الٹا دیں۔ ۵ منٹ کے بعد گلاس کو اٹھا لیں اور اس میں آدھ سیر گرما گرما دودھ ڈال کر نوش کریں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے کافی طاقت باہ بڑھے گی۔ غذا عمدہ اور مرغن ہو گھی دودھ کا استعمال زیادہ رکھیں۔ (نوٹ۔ کوئلہ پر سم الفار ڈالتے وقت اور گلاس کو اٹھاتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ دھواں سم الفار کا آنکھوں میں نہ لگے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہو گا۔

ایک اور ٹوٹکہ پارہ ایک تولہ۔ اسبغول ۳ تولہ۔ ثعلب مصری۔ موصلی سفید۔ الائچی خورد۔ جائفل ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ زعفران ۳ رتی۔ اسبغول کو پانی سے نم دے کر کسی موٹے کپڑے پر آدھا بچھا دیں۔ اور پارہ اوپر ڈال کر باقی تمام ادویہ کوٹ کر اوپر ڈال دیں۔ اور باقی نصف اسبغول اوپر ڈال کر پوٹلی بنا لیں۔ اور دودھ ایک سیر میں لٹکا کر نرم آنچ پر جوش دیں۔ جب دودھ نصف رہ جائے تو آنچ سے اتار کر پوٹلی نکال لیں اور دودھ میں بقدر ضرورت بڑھے گی۔ مجرب ہے۔

پارہ کو مصفیٰ کر کے برتیں تو
شاید بہتر ہو گا۔

دو خاص تحفے

(از جناب حکیم فضل الدین از ترسکہ)

❶ سفوف مقوی باہ و مغلظ منی۔ مجربات سے ہے۔ موصلی سنبل ۳ تولہ۔ نخود بریاں ایک تولہ۔ ثعلب مصری ۴ تولہ۔ مصطگی رومی تولہ۔ تج گجراتی ۶ ماشہ۔ میدہ لکری ۶ ماشہ۔ گوکھرو خورد ۶ ماشہ۔ تالمکھانہ ۶ ماشہ۔ گل سپاری ۶ ماشہ۔ موصلی سفید ۳ تولہ۔ موصلی سیاہ ایک تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور برابر وزن شکرتری آمیز کر کے ۶ ماشہ ہمراہ شیر جس میں ۳ عدد چھوہارے جوش کئے گئے ہوں کھائیں۔ ایک دو ہفتہ میں پوری پوری طاقت پیدا ہو جائے گی۔ مجربات سے ہے۔

❷ دیگر مقوی باہ و پیدا کنندہ رکاوٹ۔ عجیب چیز ہے۔ فلفل سیاہ ایک ماشہ۔ زعفران ۴ رتی۔ گوند سہانجنہ ۳ رتی۔ گوندھ چھوہارہ ۲ رتی۔ کستوری ایک رتی۔ عود ہندی ۴ رتی۔ صندل سفید ۴ رتی۔ ریگ ماہی نر ۴ رتی۔ بج بند ۲ رتی۔ ثعلب مصری ایک تولہ۔ افیون ڈھائی رتی۔ سب ادویات کو کوٹ پیس کر شہد بقدر ضرورت ملا کر بقدر نخود گولیاں بنالیں اور صبح و شام ایک ایک گولی دودھ کے ساتھ کھاتے رہیں۔

مجربات وزیر چند

(از جناب وزیر چند صاحب نندہ محرر مال از سانبہ)

نسخہ نمبر۱ شنگرف رومی ایک تولہ۔ مشک کافور خالص ایک تولہ۔ بلا آمیزش پانی یہاں تک کھرل کرو۔ کہ پارہ کی چمک نہ رہے۔ پس شنگرف موم ہو جائے گا دانہ نخود کے برابر گولیاں بنالیں اور بوقت ضرورت مکھن یا بالائی میں رکھ کر کھائیں۔ بچہ۔ بوڑھا۔ جوان ہر ایک استعمال کر سکتا ہے۔ کوئی تکلیف یا نقصان اس سے نہیں ہوتا۔ فائدہ ہی فائدہ ہے۔

نسخہ نمبر۲ سنکھیا سفید ایک تولہ کو ہمراہ اصلی و خالص شہد کے یہاں تک کھرل کرو کہ وہ موم ہو جائے۔ کھرل لگاتار ہونا چاہیے۔ اس کی خوراک دانہ موٹھ کے

برابر ہے۔ اور بشرح نمبرا کی طرح خوراک۔

نسخہ نمبر ۳ اسی طریقہ سے سنکھیا سفید روغن مادہ گاؤ میں بھی موم ہو جاتا ہے۔ اور بشرح نمبر ۲ کار آمد ہے۔

نسخہ نمبر ۴ سنکھیا سفید ایک تولہ ایک ڈلی رس برگ پھٹکنڈا ڈیڑھ پاؤ پختہ رس برگ چولائی خاردار ڈیڑھ پاؤ پختہ۔ ڈلی سنکھیا کو کسی کٹورہ قلعی دار یا ایلومونیم دھات کے کٹورہ میں رکھ کر اوپر اس قدر رس بوٹیوں مذکور کے ڈالو کہ وہ ڈلی ڈوب جائے۔ کوئلوں کی آنچ پر رکھ دو۔ جب ڈلی کہیں سے خالی ہو۔ تو اور رس ڈال دو اور جو فضلہ اوپر آتا جائے کسی تیلہ سے کٹوری میں ہی ادھر ادھر ہٹاتے جاؤ۔ دو تین گھنٹہ میں سنکھیا تیل ہو جائے گا۔ محفوظ شیشی میں رکھو کھانے اور لگانے کے دونوں کام دے گا۔ خوراک ایک تیلہ ہمراہ مکھن۔ لگانے کے لیے بھی ہمراہ مکھن۔ مگر آبلہ ضرور پڑتا ہے۔ پرہیز ہر ایک کے لیے مناسب اور ضروری۔ گھی دودھ خوب کھانا چاہیے۔

تحفہ نایاب

معرف بہ آنند سرور مودک

(از جناب جے مترچرنجی لعل صاحب معالج کثیر الطریق لاہور)

یہ ایک اعلیٰ قسم کی ویدک مٹھائی ہے جو کہ اس احقر نے سنسکرت سوپ شاستر (یعنی کتب پکوان سازی) کے بغور مطالعہ کے بعد کئی ایک پکوانوں کے اجزا کا مقابلہ کر کے ایجاد کی ہے۔ اس کی نسبت صرف یہ سمجھنا چاہیے کہ یہ مٹھائی اپنی آپ نظیر ہے۔ جن جن ویدک مٹھائیوں سے اس کے اجزا اخذ کئے گئے ہیں ان کی تعریف فرداً فرداً آیورویدک کی کتب میں بہت کی گئی ہے لیکن بندہ نے ایک مرتبہ اس کو خود بنا کر استعمال کیا۔ اور اسے اعلیٰ درجہ کا مقوی دماغ۔ مغلظ منی اور نشاط بخش پایا۔ دال اڑد سیاہ تین سیر دال چنا ایک سیر ہر دو غیر مقشر لیں۔ آدھی رات گزرنے بھینس کا تازہ دودھ دوہ کر اس مرکب دال کو بھگو دیں۔ علی الصباح تازہ پانی لے کر دالوں کے چھلکے اتاریں۔ لیکن پانی اچھے کنوئیں کا ہو

اور تھوڑا تھوڑا ڈال کر دال کو دھوئیں دال صاف کر کے سفید چادر ایک چارپائی پر بچھا کر دال کو سائے میں خشک کریں خشک ہونے پر اسے پسوائیں۔ لیکن ارد بہت باریک نہ ہو۔ اب آرد کو لے کر بھینس کے تازہ دودھ میں گوندھیں۔ اور گوندھتے وقت دال میں آدھ سیر گھی گائے کا (اگر گائے بچھڑے والی ہو تو بہت مفید ہو گا) تازہ زیادہ کریں۔ اب اس گندھے ہوئے آرد کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جن کو حلوائی لڈوؤں کے توڑ کہتے ہیں کر کے انگوٹھی میں تلیں۔ اور خوب پکا کر نکالیں۔ اب توڑوں کو ہاون دستہ میں کوٹ چھان کر تیار رکھیں۔ اور چار سیر کھانڈ کا قوام کر کے اور اسے نیم گرم اور خشک ہونے کے درجہ پر لا کر توڑوں کا کٹا ہوا چورا اس میں ملائیں۔ اور ایک پاؤ تار شہد اس میں زیادہ کریں۔ اب مفصلہ ذیل ادویات کوٹ کر اس میں ملالیں۔ مغز بادام مقشر۔ مغز پستہ ہر ایک ۵ تولہ۔ تخم الائچی سفید۔ کوکرو۔ ستاور۔ تالمکھانا۔ کونچ بیج۔ موصلی سفید۔ بیج بند گجراتی ہر ایک ایک تولہ۔ لونگ۔ دار چینی۔ تیزپات۔ طباشیر ہر ایک ٦ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ درج ترکی۔ مالکنگنی ہر ایک ٦ ماشہ۔ کشتہ چاندی ایک تولہ۔ ورق طلا ۱۰ عدد۔ تمام کو ملا کر ایک پاکھ یعنی بند ھواڑے تک رکھ چھوڑیں۔ اب ایک پاؤ تار شہد اور زیادہ کریں۔ اور ستر لڈو بنالیں۔ اور ماہ گرمشی کے آغاز سے جو قریباً وسط نومبر مہینے سے ملتا ہے شروع کریں۔ ایک لڈو صبح کھائیں۔ اگر کھانے والا ورزش سخت کر سکے تو ایک اور لڈو سہہ پہر کو جب خالی پیٹ ہو استعمال کرے۔ اثناء استعمال میں اگر برہم چاری یعنی پرہیز گار رہے تو پیر جوان شود مگر عیال داروں سے ایسی مقوی مٹھائی کھاتے ہوئے نفس کا قابو میں رکھنا محال ہے۔ تاہم اس لڈو کے استعمال سے ہر طرح کے اصحاب کو فائدہ پہنچے گا۔ مضرت ہرگز نہ ہو گی۔ جن کمزور طبع صاحبان کو بعد مباشرت کمزوری محسوس ہو تو وہ ایک ساعت بعد نصف لڈو کھا کر سو رہا کریں۔ ترشیات سے پرہیز ضروری ہے۔ چائے۔ قہوہ استعمال کرنے والے صاحبان کو اس سے بہت فائدہ ہو گا۔ اگر صاحب استعمال کنندہ کی عمر ۴۰ سال سے زائد ہو۔ تو لکھا ہے کہ کشتہ سنکھیا زیادہ کریں۔ مگر بندہ نے سنکھیا نہیں ڈالا تھا۔ کشتہ سم الفار کی مقدار اس میں ۸ رتی ہو۔ اور احتیاط سے اس کشتہ کو خوب ملائیں۔ بلکہ کشتہ سم الفار کے ۷۰ حصہ کر کے ایک ایک لڈو میں ملالیں۔ پھر وزن ٹھیک درست رہے گا۔

خالص سرمائی مجربات

(از جناب حکیم مولوی دوست محمد خان صاحب خاندانی ازارمڑ)

معجون مقوی باہ مبہی۔ ممسک۔ مفرح۔ مولد خون صالح۔ دافع ذیابیطس۔ اس کے استعمال سے اولاد نرینہ ہوتی ہے۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ بہمن سرخ و سفید ہر ایک سوا تولہ۔ پنیرمایہ شتر اعرابی۔ جدوار اصیل۔ بیج بند گجراتی۔ ستاور۔ مغز پنبہ دانہ۔ تخم شلغم۔ تخم پیاز۔ ست بو پھلی۔ تودری سرخ و سفید و زرد۔ بوزیدان۔ سورنجاں شیریں۔ عاقر قرحا۔ زنجبیل ہر ایک ۹ ماشہ۔ گوند سنبل۔ مغز فندق۔ موصلی سفید و سیاہ۔ برگ برگد۔ مغز تخم کھرنی۔ تخم کنگھی بوٹی۔ ریگ ماہی نر۔ مغز اخروٹ۔ پھول مکھانا۔ تال مکھانا ہر ایک ایک تولہ۔ مغز بادام ڈیڑھ تولہ۔ چرونجی۔ مغز نارجیل۔ مغز چلغوزہ۔ موصلہ درخت سنبل (درخت سنبل کے دوسالہ درخت کی جڑ) کو کمرو خشک۔ مغز سنگھاڑا۔ آرد نخود کابلی بریاں۔ مغز سر کنجشک نر ہر ایک ۲ تولہ۔ موئے ابابیل سوا ۳ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ ۵۰ عدد۔ کشتہ طلا ماشہ۔ کشتہ فولاد ۲ ماشہ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ قلعی ہر ایک ۳ ماشہ۔ مروارید خالص سوا تولہ۔ زعفران ۷ ماشہ۔ روح کیوڑا ۵ تولہ۔ مصری سوا ثار۔ شہد سوا ثار۔ آب برگ پان سوا ثار۔ **ترکیب** مصری اور شہد کا قوام برگ پان کے پانی میں کر کے مروارید۔ زعفران۔ کشتہ جات کو روح کیوڑا میں حل کر کے باقی تمام اشیاء کو کوٹ پیس کر قوام میں ملا دیں۔ بعدہ عرق کیوڑا محلول ملا کر برتن نیچے اتاریں۔ **مقدار خوراک** ۶ ماشہ ہاشیر۔ لیجئے جناب اس سے بڑھ کر کوئی بھی مقوی دوا نہ ہو گی۔ کیسا بھی گیا گزرا ست نامرد کیوں نہ ہو اس کی چودہ خوراک سے پنجتری مرد بن جائے گا۔ بہت ہی طاقت دینے والی ہے۔ مجرد آدمی بھی اس کو برائے طاقت جسمانی استعمال کر سکتا ہے۔ اور بہت ہی اکسیر و بے نظیر شے ہے۔

روغن طلا مقوی اعصاب۔ معظم و مغلب عضو خاص۔ دافعہ کجی۔ پٹھوں کے لیے از حد مقوی۔ گیا گزرا مخلوق اس کے ایک ہی ہفتہ کے استعمال سے شیر نر لوہے کی لاٹھ بن جائے گیا مجرب ہے۔ پوست بیخ کنیر سفید ۴ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۲۰

عدد۔ برادہ سم اسپ نر ۲ تولہ۔ پیہ شیر ۲ تولہ۔ پیہ ریچھ ۲ تولہ۔ پیہ درل صحرائی ۲ تولہ۔ خراطین ڈھائی تولہ۔ جونک ڈھائی تولہ۔ گھونگچی سفید ۲ تولہ۔ برادہ کچلہ ۲ تولہ۔ سم الفار ۳ ماشہ۔ مستی فیل ۳ ماشہ۔ مستی غوک ۳ ماشہ۔ لونگ ۲ تولہ۔ شاہ دیمک تولہ۔ مغز پستہ ۲ تولہ۔ مغز کدو تولہ۔ ریگ ماہی نر ۲ تولہ۔ مغز حب الملوک ۲ تولہ۔ عاقر قرحا تولہ۔ بیر بہوٹی ۲ تولہ۔ جائفل تولہ۔ جاوتری تولہ۔ چربی سانبہ ۲ تولہ۔ پیہ مار سیاہ تولہ۔ گندھک ۲ تولہ۔ پارہ ۲ تولہ۔ روغن کنجد ۲۰ تولہ۔ روغن چنبیلی ۲۰ تولہ۔ ترکیب گندھک۔ پارہ کی کجلی کرکے تمام اشیاء کو کوٹ پیس کر ملالیں۔ اور روغن کنجد اور روغن چنبیلی ملاکر گولیاں بقدر جنگلی بیر بناکر کسی آتشی شیشی میں ڈال کر گل حکمت کرکے بذریعہ پتل جنتر روغن کشید کریں۔ اور حشفہ و دوخت بچاکر بقدر ایک رتی روزانہ مالش کریں۔ اس قدر طاقت دے گا۔ کہ ضبط کرنا دشوار ہو جائے گا۔ ست۔ نامرد۔ مخلوق کے لیے بمنزلہ آب حیات ہے۔ اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے تھوڑی ہے۔

گولیاں نازشی نخورد ---- نشوو۔ مجرب بے حد گوند ببول ۳ ماشہ۔ کہربا شمعی ۳ ماشہ۔ مصری خانۂ زنبور ۳ ماشہ۔ سلاجیت مصفیٰ ۳ ماشہ۔ چوبہ عود خام سوا ماشہ۔ مصری اپاہیل ماشہ۔ مستی فیل ایک رتی۔ موچرس بشیرہ بوٹی مچھچھی پروردہ ۷ ماشہ۔ زعفران ڈیڑھ ماشہ یاقوت رتی۔ جدوار اصلی ماشہ۔ کشتہ زہر مہرہ ۲ ماشہ۔ کشتہ قلعی ماشہ۔ کشتہ مرجان ماشہ۔ تخم کیکر ۳ عدد۔ گل کیکر ۱۰ عدد۔ برگ پان میں گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ اور قبل ---- ایک گولی شیر سے کھائیں۔ جب تک ترشی نہ کھائیں گے ---- نہ ہو گا بے نظیر بے ضرر ممسک گولیاں ہیں جو بے حد مجرب ہیں۔

طلا خاص طلائے فریفتہ کنندہ۔ اس کے استعمال کرنے والے پر ---- فریفتہ اور قربان ہو جاتی ہے از حد ---- اور پرلے درجہ کا بے نظیر ہے۔ سہاگہ خام ایک ماشہ۔ عاقر قرحا پونے دو ماشہ۔ خاکستر موئے عورت سوا ماشہ۔ پنجال کبوتر صحرائی ایک ماشہ۔ کافور معدہ ایک ماشہ۔ چوبہ عود خام ایک ماشہ۔ بیر بہوٹی ایک ماشہ۔ عطر گلاب ۲۰ بوند۔ شہد ۲ تولہ۔ سب کو باریک پیس کر شہد میں ملاکر کسی ڈبیہ میں احتیاط سے رکھ لیں۔ اور قبل ---- بقدر ایک رتی مالش کریں ---- منزل النساء ہے عورت فریفتہ و شیفتہ ہو جاتی ہے۔

کشتہ شنگرف مقوی۔ مبہی۔ ست سے ست نامرد کو شیر جوان بنانے والا بے نظیر بے ضرر مجرب۔ شنگرف سالم ڈلی ۲ تولہ لے کر اس کو ۴ تولہ شیر مدار میں کھرل کریں۔ پھر ۴ تولہ شیرہ لسن میں۔ پھر ۴ تولہ شیرہ پیاز میں کھرل کریں۔ بعدہ ۵ تولہ شراب برانڈی میں کھرل کر کے پوست بیخ گھونگچی سفید ۴ تولہ۔ پوست بیخ گل عباسی ۲ تولہ۔ پوست بیخ دھتورہ سیاہ ۲ تولہ کا نغدہ کر کے شنگرف معمولہ کو اس میں رکھ کر بقدر ۲ سیر محفوظ الہوا جگہ میں آگ دیں۔ ایک ہی آگ میں سفید برآمد ہو گا۔ **مقدارِ خوراک** ایک خس مکھن میں رکھ کر دیں۔ بلغمی امزجہ کے واسطے اکسیر ہے۔ حار مزاج جوان مرد اس کو استعمال نہ کریں۔ بوڑھے کے لیے آب حیات ہے۔ اس کی سات خوراک سے ست نامرد جوان مرد بن جاتا ہے۔ مزید برآں فالج و وجع مفاصل کے لیے اکسیر بے نظیر ہے۔

مقوی مجربات

از جناب پرکاش چند صاحب ودیا بھتی جگا دھری

مقوی مجربات

۱ مقوی باہ گوند چھوہارہ ۳ تولہ۔ جائفل ۲ عدد۔ فولاد ۲ ماشہ۔ گودہ گھیکوار ۴ تولہ۔ مغز بادام ۳ تولہ۔ موصلی سفید ۳ تولہ۔ ستاور ۳ تولہ۔ سب کو کوٹ کر ملا دیں۔ اگر پانی کی ضرورت ہو قدرے پانی ملا کر ملائیں۔ **مقدارِ خوراک** ایک تولہ ہمراہ دودھ۔ از حد مقوی ہے۔

۲ جریان۔ خرابی خواب۔ سرعت کا مجرب المجرب نسخہ۔ گوند ڈھاک۔ تال مکھانا۔ بیج بند۔ سمندر سوکھ۔ موصلی سفید۔ گوکھرو کلاں۔ تج ہموزن سفوف بنا کر مصری سب کے برابر ملا کر ۲ ماشہ ہر صبح دودھ سے کھائیں۔ جریان وغیرہ دم دبا کر بھاگتے ہیں۔

۳ مغلظ و مولد منی کتیرہ گوند۔ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ پوست ہموزن سفوف بنا لیں اور ایک ماشہ ہمراہ شیر بکری کھائیں۔ اور مراد پائیں۔

۴ جریان و ناپاکی خواب کا نسخہ کیکر کے پتے معہ آٹھ گنا پانی کے دیگ میں ڈال کر جوش دیں گے جب چوتھا حصہ رہ جائے اتار کر مل چھان کر دوبارہ آنچ پر رکھیں۔ جب شہد کی مانند گاڑھا ہو جائے تو اتنا ہی تخم املی کا سفوف ملا کر گولیاں بیر برابر بنائیں۔ اور دو گولی ہر روز برابر دودھ سے کھائیں۔

۵ دیگر مقوی باہ مقوی باہ و کمزوری دماغ و درد سر وغیرہ کا ایک اعلیٰ نسخہ۔ گری بادام سوا ثار طباشیر ا تولہ۔ دانہ الائچی خورد ا تولہ۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ ورق طلا ۳ عدد۔ ورق نقرہ ۳ عدد۔ عنبر ایک ماشہ۔ کیسر اصلی ۳ ماشہ۔ کستوری ایک ماشہ۔ روغن زرد گاؤ ثار۔ مصری ۳ ثار۔ بادام کی گری کو دودھ میں بھگو کر چھلکا اتار کر پیس کر گھی میں بھون لیں۔ اور باقی ادویہ ۳ دن کھرل کر کے مصری کی چاشنی کر کے ملا لیں۔ مقدار خوراک ایک تولہ سے ۵ تولہ۔ ترشی جملع سے پرہیز ہے۔

۶ ممسک گوند چھوہارہ ۲ ماشہ۔ افیون ۸ / ۱ رتی ہر دو کو دودھ میں حل کر کے پلائیں۔ اسی طرح ۳ روز کریں۔ کلیہ صحت ہو گی۔ اگر پھر کبھی ظہور میں آئے تو پھر ۳ دن کھائیں کلیہ آرام ہو گا۔ مجرب ہے۔ دودھ ایک پاؤ سے کم نہ ہو۔

۷ مغلظ جلیبی سردیوں میں کھانے کے لائق مقوی و مبہی جلیبیاں۔ کونچ بیج کا چھلکا اتار کر مغز کو پیس لیں۔ اس کے برابر وزن خمیر جلیبیوں میں ڈالکر اس کی حلوائی سے جلیبیاں بنا لیں۔ اور دودھ میں ڈال کر دو چار تولہ روزانہ کھائیں۔ ان سے منی بڑھتی اور گاڑھی ہوتی ہے۔ سرعت وغیرہ کو مفید ہے۔

۸ مغلظ دال ماش کا حلوائے برائے انجماد و مغلظ منی۔ (۱) ماش کی دال مقشر کو گائے کے دودھ تازہ میں بھگو دیں۔ جب دودھ خشک ہو جائے سایہ میں خشک کر کے سفوف کریں۔ (۲) کو چنوں کی طرح بھون لیں۔ اور چھلکا اتار دیں دس (۳) موصلی سفید (۴) سنگھاڑا ہر ایک کا علیحدہ علیحدہ سفوف کر کے نگاہ رکھیں۔ گھی اور چینی و سفوف لے کر حلوا بنا لیں۔

۹ حلوا بادام بادام پاک کا نسخہ جس کو میں نے بارہا دفعہ درد سر اور تقویت دماغ کے لیے آزمایا ہے۔ اگر کوئی شخص ہر سال سردیوں میں اس کو دو ماہ استعمال کر لے تو درد سر، کمزوری دماغ ندارد ہو جائیں۔ گری بادام مقشر ۲۰ تولہ۔ تخم الائچی

خورد ایک تولہ۔ بنسلوچن ایک تولہ۔ ورق نقرہ ۴۰ عدد۔ روغن زرد گاؤ۔ ثار۔ مصری۔ ثار۔ گری بادام کو پیس کر گھی میں بھون لیں کہ جل نہ جائے۔ تب اس میں باریک مصری ڈال دیں۔ اور نیچے اتار کر بنسلوچن۔ الائچی اور ورق بھی ملا دیں۔ اگر زعفران ہو تو اس کو ۲ تولہ پانی میں گھس کر ملا دیں۔ اور کسی چکنے برتن میں رکھیں۔ صبح اور شام تولہ تولہ کھائیں۔ اس کے بعد پانی نہ پئیں۔ ترشی بادی سے پرہیز لازم ہے۔

۱۰ برائے سرعت موچرس۔ کمرکس۔ کتیرا گوند ہر ایک ۲ تولہ۔ پوست تولہ سب کو کوٹ کر ہم وزن شکر ملا دیں۔ اور دودھ کے ہمراہ ۳ ماشہ صبح کو کھائیں ۷ روز اور مباشرت سے پرہیز رکھیں۔ سرعت کا مرض دور ہو گا۔

۱۱ طالب علموں کی مہر گولیاں۔ حافظہ بڑھانے کی اکسیر دوا۔ مرکی۔ بیخ سوسن۔ بہمن سفید۔ بالچھڑ ۲ تولہ۔ ابریشم مقرض۔ زعفران ایک تولہ۔ ادرک کے پانی میں کھرل کرکے دودھ ماشہ کی گولیاں تیار کرو۔ اور گائے کے دودھ سے ایک گولی روز صبح کھائیں۔ حافظہ خواہ کیسا ہی بگڑا ہوا کیوں نہ ہو ایک ماہ کھانے سے اچھا ہو جاتا ہے۔ علاوہ اس کے جریان خرابی خواب ہر قسم کے ضعف باہ کو مفید ہے۔ ہاضمہ درست ہوتا ہے اگر حافظہ بہت ہی بگڑ گیا ہو۔ تو دودھ کی بجائے شہد کا شربت برتیں۔

۱۲ مقوی لڈو جو کہ بازاری لڈوؤں کی نسبت اگر بچوں کو دیئے جائیں تو عمدہ ہیں۔ اور ہر موسم میں ہر مزاج کو مفید ہیں۔ مغز کدو۔ مغز تربوز۔ مغز پیٹھا۔ مغز کھیا۔ مغز خربوزہ۔ مغز کھیرہ۔ مغز ککڑی۔ مغز کاہو ہر ایک ۱۰ تولہ کیکر کا گوند آدھ سیر۔ کھانے ۲۰ تولہ۔ ان سب چیزوں کو گھی میں تل لیں گوند اور کھانوں کو علیحدہ علیحدہ ملیں۔ اور سب کو کوٹ کر ملا لیں۔ ۲ سیر پختہ کی چاشنی کرکے تار بندھنے پر چیزوں کو ڈال دیں۔ سرد ہونے پر ۲۔۲ تولہ کے لڈو بنائیں۔ مقدار خوراک ایک لڈو۔ یا کم و بیش نیم گرم دودھ معہ مصری کے ساتھ جو صاحب اس کو کھائیں۔ درد سر اور کمر کا عارضہ نہیں ہوتا۔ رسائن ہے۔

مجربات سرمائی

(از جناب حکیم محمد چراغ صاحب پھلور)

معجون برائے جریان و مقوی دل و دماغ و تقویت باہ مجرب ہے۔ بہمنین۔ تودرین۔ شقاقل مصری۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ ثعلب مصری۔ تخم گزر۔ موصلین۔ سنجد سیاہ۔ تالمکھانا۔ تخم انجرہ۔ الائچی خورد۔ بیج بند۔ تخم کوکنار۔ آرد سنگھاڑا۔ اسگندھ۔ مغز تخم کونچ ہر ایک ۳ تولہ۔ دارچینی۔ طباشیر کبود۔ اندرجو شیریں۔ زنجبیل۔ چوب میدہ۔ صمغ عربی ہر ایک ۲ تولہ۔ ستاور۔ الائچی خورد ہر ایک ۳ تولہ۔ مصطگی تولہ۔ حب النام۔ حب الخضرا ہر ایک ۲ تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ کشتہ سہ دھاتہ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ عقیق ہر ایک تولہ۔ نبات سفید ۳ پاؤ پختہ۔ شہد نیم آثار۔ بدستور معروف معجون بنائیں۔ مقدار خوراک ۶ ماشہ سے تولہ تک ہمراہ مناسب بدرقہ حسب مزاج و سن و موسم وغیرہ۔

معجون دیگر تقویت باہ و مغلظ منی و دافع ضعف پشت۔ طباشیر کبود۔ دانہ الائچی خورد۔ صمغ ڈھاک۔ موچرس۔ تخم سریالہ۔ موچرس۔ بیج بند۔ مغز تخم تمرہندی۔ موصلہ سنبل۔ موصلین۔ ستاور۔ شقاقل مصری۔ بہمنین۔ خارخسک ہر ایک تولہ۔ شہد نیم سیر۔ شکر سفید پاؤ پختہ بدستور معروف معجون بنا کر ایک تولہ ہمراہ بدرقہ مناسب کے کھلائیں۔

حب مقوی باہ و مغلظ و ممسک افیون ۲ تولہ۔ شقاقل۔ صمغ عربی۔ گل گاؤزبان۔ کتیرا۔ صندل سفید۔ طباشیر کبود ہر ایک تولہ۔ بزرالبنج۔ تخم خشخاش سیاہ۔ کوکنار۔ تخم سرس ہر ایک ۹ ماشہ۔ بہمن سفید۔ تخم کاہو مقشر۔ موصلین ہر ایک تولہ۔ آملہ منقیٰ۔ خشخاش سفید۔ مغز گردگان۔ تخم خرفہ۔ مغز کدو۔ مغز تربوز۔ مغز نارجیل۔ مغز تخم تمرہندی بشیر برگد پروردہ ہر ایک ۲ تولہ۔ مغز فندق۔ مغز چلغوزہ ہر ایک تولہ۔ مغز بادام ۲۰ عدد۔ دارچینی۔ مصطگی۔ بسباسہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ مومیائی ۶ ماشہ۔ عود غرقی ۵ ماشہ۔ کہربا ۷ ماشہ۔ بسد تولہ۔ زعفران ۲ تولہ۔ مشک خالص ۶ ماشہ۔ عنبر اشہب ڈھائی ماشہ۔ آملہ مربی ۵ عدد۔ ہی مربہ ۵ عدد۔ آب انار شیریں پاؤ۔ آب سیب نیم پاؤ۔ روح کیوڑا چھٹانک۔ بید مشک چھٹانک ورق طلا ۴۰ عدد۔ ورق نقرہ ۱۲۰ عدد۔ نبات کوزہ نیم پاؤ۔ حبوب بقدر نخود بنا کر ایک گولی

بوقت صبح اور ایک شام ہمراہ شیر گاؤ یا اور مناسب بدرقہ سے حسب مزاج۔ اور وقت ضرورت ۴ عدد گولی۔

حب دیگر مشک خالص ۲ دانگ۔ عنبر اشہب پونے دو ماشہ۔ کہربا شمعی۔ جدوار خطائی۔ زعفران۔ دار چینی۔ جوزبوا۔ مصطگی۔ صمغ عربی۔ عود ہندی۔ ابریشم مقرض۔ بہمن سفید۔ رب السوس ہمکد ۳ ماشہ۔ مایہ شتر اعرابی ڈیڑھ درم۔ خولنجاں۔ ثعلب مصری۔ مغز بادام۔ تخم کاہو۔ خشخاش سفید۔ مغز آرد شیریں۔ بنفشہ ہمکد ۷ ماشہ۔ افیون خالص ہمقطر چہارم ادویہ۔ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کریں۔ اور آب کو کنار سے بقدر دانہ مونگ حبوب بنا کر ایک سے ۲ تک ورق نقرہ میں لپیٹ کر کھایا کریں دونوں وقت۔

کشتہ ابرک سیاہ قوت باہ کے لیے نہایت مفید ہے۔ معدہ اور دل کو قوت بخشتا ہے۔ اشتہا بڑھاتا ہے اور فرحت لاتا ہے۔ ابرک سیاہ بقدر ضرورت لے کر ورق ورق کر کے لوہاروں کی بھٹی میں پھکنی سے دھونکتے سرخ کریں اور شیرہ سرس میں بجھا دیں۔ اسی طرح آگ میں سرخ کر کے شیرہ سرس میں غوطہ دیتے رہیں۔ تاکہ کشتہ ہو جائے۔ پانچویں چھٹی دفعہ میں بالکل خاکستر ہو جائے گا بعدہ کھرل میں سحق بلیغ کر کے برابر زنجبیل سودہ ملا کر شہد میں لعوق بنا کر چاٹا کریں۔ اس کے فوائد و اسرار تجربہ کرنے پر ظاہر ہوتے ہیں۔ اگر زیادہ قوی کرنا منظور ہو۔ تو ادویات ذیل میں اس میں ملا لیں۔ کشتہ ابرک مذکور ۱۰ تولہ۔ کشتہ قلعی ۱۰ تولہ۔ کشتہ فولاد ۵ تولہ۔ زنجبیل ۵ تولہ۔ پوست بیخ سنبل ۱۵ تولہ۔ مغز تخم تمرہندی ۱۵ تولہ۔ شکر سفید ۲۰ تولہ۔ شہد میں حل کریں۔ **مقدار خوراک** ۶ ماشہ سے ۹ ماشہ تک روزانہ صبح کے وقت استعمال کریں۔ قوت باہ۔ سرعت۔ رقت۔ جریان کے لیے بمنزلہ آب حیات ہے اور مجرب المجرب۔

معجون عجیب مقوی باہ و بدن و اعضاء رئیسہ۔ دافع جریان و سرعت و لغوظ و استحکام رابکمال رساند۔ اکسیر و مجرب المجرب میں اس کو ہمیشہ بنا کر اپنے مریضوں کو کھلاتا ہوں بلکہ شائقین کو بھی استعمال کراتا ہوں۔ آملہ بگلاب پروردہ۔ شیرہ ابریشم مقرض ہمکد ۲ تولہ۔ ترنجبین مصری ۳۰ تولہ۔ شہد خالص ۲ تولہ۔ نبات سفید نیم سیر۔ مروارید ناسفتہ ۲ دانگ۔ بسد۔ کہربا ہمکد ۹ ماشہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ ست گلو۔ الائچی خورد۔

میا شیر کہو۔ گل گاؤزبان۔ دارچینی۔ بہمن سرخ و سفید۔ اندر جو شیریں۔ شقاقل مصری۔ مصطگی رومی۔ صمغ عربی ہر ایک ۷ ماشہ۔ خولنجاں ۶ تولہ۔ کشتہ قلعی ۲ تولہ۔ کشتہ سہ دھاتہ ۶ ماشہ۔ کشتہ نقرہ ۶ ماشہ۔ ورق طلا ۲ ماشہ۔ یا کشتہ طلا ماشہ۔ اگر کشتہ نقرہ بھی نہ ہو تو ورق نقرہ ملائیں۔ ترنجبین شد۔ مصری۔ ترنجبین کا قوام کریں اور باقی ادویات کوٹ چھان کر اس میں ملا کر معجون بنائیں۔ مقدار خوراک ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ حد ۹ ماشہ تک ہے۔

معجون برائے تقویت اعضاء رئیسہ مجرب۔ مجلوق و اغلام کرنے والوں کو بہت نافع۔ بہمنین۔ سوملین۔ تودرین۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ مصطگی ہر ایک ۶ ماشہ۔ برگ دودھی سبز تولہ۔ ریگ ماہی۔ تخم شلجم۔ تخم گزر۔ تخم پیاز۔ ملیہ شتر اعرابی۔ جدوار ہر ایک ۶ ماشہ۔ بسباسہ۔ مالکنگنی۔ تالمکھانا۔ اسگندھ ناگوری۔ بیخ بند۔ خولنجاں۔ مغز تخم تمرہندی۔ زعفران صمغ انبہ۔ صمغ ڈھاک ہر ایک ۳ ماشہ۔ مشک خالص ۳ ماشہ باریک کریں۔ بعدہ مغز بادام مقشر۔ مغز پستہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز فندق ہر ایک ۳ تولہ۔ مربائے اورک آدھ پاؤ۔ مربہ ثعلب مصری آدھ پاؤ۔ آب گزر آدھ پاؤ۔ عرق بید مشک آدھ پاؤ میں پیس کر کپڑے سے چھان کر شہد خالص تین پاؤ مغز سر کنجشک نر ۲۵ عدد۔ زردی بیضہ مرغ ۱۰ عدد ڈال کر قوام کرکے آگ سے نیچے اتار کر باریک کی ہوئی ادویات کو ملا کر ورق نقرہ ۶ ماشہ ورق طلا ۲ ماشہ شامل کرکے معجون بنائیں۔ خوراک ۶ ماشہ صبح اور ۶ ماشہ شام۔

دیگر حص ممس۔ لوبیا۔ ثعلب مصری۔ موصلی سیاہ و سفید۔ سنبل۔ کنجد سفید۔ شیطرج ہندی۔ بہمن ہر ایک ۳ تولہ۔ مغز پستہ۔ حب الرشاد۔ حب الخضرا۔ مغز تخم کدو۔ زراوند طویل۔ تخم ترب۔ مغز فندق ہر ایک ۲ تولہ۔ عود خام۔ تودری سفید۔ مغز تخم پنبہ دانہ۔ دار فلفل۔ مغز بادام ہر ایک ۳ تولہ۔ شقاقل۔ ستاور۔ تخم گزر ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ خار خسک۔ تالمکھانا۔ تخم اوٹنگن۔ دارچینی ہر ایک ۶ ماشہ۔ مغز چلغوزہ ۲ تولہ۔ خبث الحدید مدبر ۳ تولہ۔ ان سب کو باریک کریں۔ اور شیر میش ڈیڑھ پاؤ۔ عسل مصفیٰ آدھ پاؤ۔ مصری دیسی پونا پاؤ۔ ترنجبین اصلی ۳۰ تولہ۔ عرق گلاب آدھ پاؤ۔ عرق کیوڑہ پاؤ پانی ایک سیر میں ڈال کر قوام کریں۔ بعدہ تمام ادویات کو ملا کر پھر عنبر ماشہ۔ مشک خالص ڈیڑھ ماشہ۔ فاد زہر ۳ ماشہ۔ جدوار ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ ورق طلا ڈیڑھ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۳ ماشہ۔ کشتہ

قلعی ۶ ماشہ۔ کشتہ سہ دھاتہ ۳ ماشہ ملا کر معجون بنائیں۔ **مقدار خوراک** ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔ قوت باہ کے لیے مجرب ہے۔

کشتہ نقرہ خالص چاندی کا روپیہ لے کر آگ میں سرخ کر کے شیر زقوم خار دار میں اکیس دفعہ بجھاؤ دیں۔ بعدہ عرق پیاز سفید میں ۲۱ بار۔ اسی طرح برہم ڈنڈی بوٹی کے شیرہ میں اکیس بجھاؤ دے کر تک چھکنی بوٹی اور پیخال کبوتر صحرائی ہر ایک نیم سیر کو شیر گاؤ میں کھرل کر کے نگدہ بنالیں اور اس نگدہ میں روپیہ رکھ کر گل حکمت کریں۔ اور عمیق گڑھے میں گجپٹ کی آگ دیں۔ اغلباً پہلی ہی آنچ میں شگفتہ نکلے گا ورنہ دوسری آنچ میں تو ضرور ہی شگفتہ ہو گا۔ جو تقویت باہ کے لیے نہایت مجرب ہے۔

کشتہ شنگرف شنگرف رومی ۲ تولہ۔ سالم ڈلی لے کر عرق پیاز سفید میں ۴ پہر بھگو رکھیں۔ پھر نکال کر بذریعہ چوبیہ جنتر نیم آثار عرق پیاز سفید جذب کر دیں۔ غرضیکہ اسی طرح تین بار عمل کریں۔ پھر نکال کر لسن ایک پوتھیہ ۲ سیر کوٹ کر ظرف گلی میں نصف نیچے اور نصف اوپر درمیان وہ شنگرف معمولہ رکھ کر گل حکمت کر کے چولہے پر رکھیں۔ اور ایک دن رات برابر آگ جاری رکھیں۔ بعدہ سرد ہوا پر نکال کر قدرے آگ پر رکھ کر امتحان کریں۔ اگر دھواں نہ دے تو تیار سمجھو ورنہ اس کو شیرہ لسن میں کھرل کر کے قرص بنا کر خشک کر لیں۔ اور اس پر نیم پاؤ کچا سوت شیر مار میں تر کر کے لپیٹ دیں۔ اور کسی محفوظ الہوا جگہ میں آگ لگا دیں۔ بہتر ہے کہ کسی برتن میں رکھ کر آگ لگائیں۔ کشتہ سفید نکلے گا۔ تقویت باہ کے لیے نہایت سریع الاثر ثابت ہوا ہے **مقدار خوراک** ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ مقوی اعصاب اور دافع بلغمی امراض ہے۔

کشتہ فولاد براہ فولاد جوہر دار ہمراہ سیماب بحساب ایک تولہ فی ماشہ لعاب گھیکوار میں کھرل کریں۔ کیونکہ دونوں یکجان ہو جائیں۔ تقریباً ایک پہر سحق کر کے قرص بنالیں اور کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے بحساب فی تولہ فولاد ایک پاؤ اپلوں کی آگ دیں۔ بعد سرد ہونے کے نکال کر پھر وہی فی تولہ فی ماشہ سیماب ملا کر لعاب گھی کوار میں کھرل کر کے بدستور آگ دیں۔ اسی طرح اکتالیس دفعہ اور کم از کم اکیس دفعہ آگ دیں۔ اس کا رنگ تیار ہونے پر شنگرف سا سرخ ہو گا۔ پیس کر شیشی میں رکھیں۔ اور ایک عشرہ

نمناک زمین میں دفن کر کے نکالیں اور سکہ یا بلائی یا پتاشہ میں رکھ کر ایک رتی ہر روز کھایا کریں۔ اگر ایک سال تک متواتر ترشی اور مرچ سرخ کے پرہیز سے مقویات کی کثرت کے ساتھ استعمال کریں تو شیب غیر طبعی سے محفوظ رہیں۔ اور اگر ڈیڑھ سال تک ترک جماع کر کے اس کا استعمال برابر جاری رکھیں تو شیب غیر طبعی آیا ہوا دور ہونا ممکن ہے۔ بشرطیکہ غذا عمدہ کھائی جائے اور ہضم کو ٹھیک رکھیں۔ یہ کشتہ قوت باہ امساک ارتعاش حرارت غریزی کے لیے اسرار اور کنز مخفیہ صدریہ سے ہے۔ مقوی معدہ و جگر اور مغلب کا کامیاب نسخہ ہے۔

کشتہ فولاد دیگر برادہ فولاد جوہر دار ۵ تولہ لے کر ۵ ماشہ شنگرف اور ۵ ماشہ سیماب ڈال کر ترنج کے پانی میں ۵ گھنٹہ تک کھرل کر کے مسی بوتہ میں بند کر کے گل حکمت کریں اور ۵ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ علی ہذا القیاس ۳۰ دفعہ یہی عمل کریں یعنی ہر دفعہ نیا شنگرف اور نیا سیماب داخل کرتے اور ترنج کے پانی میں رگڑ کر بدستور آگ دیتے جائیں جب تیس آنچ پوری ہو جائیں تو پھر ۱۲ دفعہ لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے اسی طرح سیماب اور شنگرف بڑھاتے جائیں اور آگ دیتے جائیں تاکہ بیالیس نوبتیں پوری ہو جائیں۔ یہ کشتہ ضعف معدہ۔ ضعف جگر اور قوت باہ کے لیے اعجاز مسیحائی اثر دکھاتا ہے۔ جب ضعف باہ اور سستی کا باعث ضعف معدہ اور ضعف جگر ہو اور جگر میں خون صالح جو تولید منی کے لائق ہے پیدا نہ ہوتا ہو تو اس وقت یہ کشتہ اپنا کرشمہ دکھاتا ہے جو ہر وقت مطب میں تیار رہتا ہے۔ مقدار خوراک نصف سے ایک رتی تک سکہ میں۔

کشتہ قلعی مشتری ۲ تولہ۔ غلام بچہ تولہ دونوں کو عقد کر کے باریک کریں۔ بعدہ قشر مرتعش۔ قشر نیم۔ ورق الاسراء۔ برگ خاردار گونہ برگ انار سبز کمد ۴ تولہ۔ کوٹ کر ایک پاچکہ مٹی سیر بھر کی بنا کر ایک ملٹ کا ٹکڑا اس پر رکھ کر وہ کوٹی ہوئی چیزیں نصف کا فرش کریں اور اس پر قلعی اور سیماب عقد شدہ کے ریزے رکھ کر نصف دوسری دوائیں بھی مفروش کریں۔ اور اوپر ملٹ دے کر اتنی ہی وزن کی دوسری تھالی دے کر اپلوں کی درز کو تازہ گوبر سے بند کر دیں۔ اور خشک ہونے پر ہوا سے بچا کر آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس کر حفاظت سے رکھیں۔ یہ کشتہ سرعت۔ جریان۔

رقت اور ضعف باہ کو دور کرنے میں کشتہ فضہ سے زیادہ مفید ہے فاحفظ من الاسرار عجیبہ والغریبہ

کشتہ تر دھاتہ سرعت۔ جریان۔ رقت اور ضعف باہ کے لیے نہایت مفید اور مجرب قلعی' جست۔ سکہ ملکہ یک تولہ لے کر اکٹھے آگ پر گداز کریں اور روغن گاؤ میں پھینک دیں۔ سات بار یا کم از کم تین بار ایسا کرنے سے صفائی ہو جاتی ہے۔ پھر اس کو ایک کڑاہی آہنی میں ڈال کر کوئلوں کی تیز آگ پر رکھیں اور دھونکیں کہ خوب پگھل جائے۔ کسی لوہے کی بیخ سے خوب ہلاتے جائیں اور اوپر سفوف پوست کوکنار چٹکی چٹکی ڈالتے جائیں کچھ مدت کے بعد یہ راکھ سی ہو جائے گی۔ پاؤ بھر پوست کافی ہے۔ اب اس کو ترش جنفرات میں دو چار گھنٹے کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ گلی میں بند کر کے ۱۵ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ پھر نکال کر اسی طرح دہی میں کھرل کر کے آنچ دیں۔ ۵ یا ۶ آنچ دینے سے بسنتی رنگ کا کشتہ ہو جائے گا۔ **مقدار خوراک** ایک رتی مسکہ یا بالائی میں۔

کشتہ شنگرف شنگرف درجہ اول عمدہ ۲ تولہ لیں اور بکری کی سری لے کر اس کے مغز میں سوراخ کر کے اس میں وہ شنگرف رکھ دیں اور سوراخ کو اچھی طرح بند کر کے گل حکمت کریں۔ پس اس سری کو ایک دیگچہ میں ۱۰ سیر پانی ڈال کر ڈال دیں اور پکائیں۔ تین پہر آگ دے کر سری کو نکال کر اس میں سے شنگرف نکال لیں۔ اسی طرح ۱۰ عدد سری میں متواتر شنگرف کو پکائیں۔ بعدہ ایک بیضہ مرغ لے کر اس میں سوراخ کر کے شنگرف ڈال دیں اور بیضہ پر آرد گندم کا خول کر کے ایک کڑاہی میں نیم سیر روغن زرد ڈال کر خوب سرخ کریں۔ اس وقت اس بیضہ کو اس گھی میں چھوڑ دیں۔ تو جب آرد خوب سوختہ ہو جائے تو نکال کر سرد کریں۔ اور شنگرف کو اس بیضہ سے نکال کر کھرل میں ڈال کر شراب خالص کی دو بوتل بذریعہ حق اس میں جذب کریں۔ جو انشاء اللہ دو تین روز میں ہر دو بوتل جذب ہو جائے گی۔ یہ کشتہ سستی اور نامردی کے دور کرنے میں عجیب الاثر ہے۔ قوت باہ اور قوت بدنی کے بڑھانے میں اکسیر اور اعجاز مسیحائی کا اثر رکھتا ہے۔ **مقدار خوراک** قوت بدنی کے لیے ایک خس مسکہ میں رکھ کر استعمال کریں پھر جنفرات کی گھرڑ بنا کر بقدر ایک سیر کے نوش کریں۔ اور سستی اور نامردی کے لیے بالائی میں بوزن مذکور رکھ کر کھائیں۔ اور اوپر سے ایک آثار دودھ پی لیں۔ غذا مرغن

کھائیں۔

معجون فلک سیر براے قوت باہ و امساک و قوت معدہ مفید ہے ثعلب مصری۔ تخم خشخاش ہر ایک تولہ۔ مغز بادام۔ مغز پستہ ہر ایک ۲ تولہ۔ روغن بھنگ ۷ تولہ۔ بہمنین۔ درونج عقربی۔ بادر نجبویہ۔ گاؤزبان۔ گل سرخ۔ برادہ صندلین۔ طباشیر کبود۔ کبابہ۔ زرنب۔ دار چینی۔ تودرین۔ سازج ہندی۔ عود خام۔ سعد کوفی۔ سنبل الطیب۔ زعفران۔ مصطگی دانہ ہیل ہر ایک ۶ ماشہ۔ گل ارمنی۔ کہربا شمعی۔ بسد مروارید ناسفتہ۔ یاقوت رمانی۔ ورق نقرہ۔ ورق طلا ہر ایک ۳ ماشہ۔ مشک خالص۔ عنبر اشہب ہر ایک ماشہ۔ شہد خالص پاؤ بھر۔ نبات سفید ایک سیر۔ عرق کیوڑا و گلاب ہر ایک نیم آثار۔ معجون بنائیں۔ **مقدار خوراک** ۳ ماشہ۔

دیگر مفرح طرب افزا نشاط و سکر رسا۔ خشکی مطلق ندارد۔ تقویت باہ و دماغ بے نظیر۔ مشک خالص ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۴ ماشہ۔ بہمنین۔ کبابہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ ثعلب مصری ساڑھے ۴ ماشہ۔ دانہ ہیل۔ دار چینی۔ جوزبوا۔ قرنفل۔ گلسرخ۔ فرنجمشک۔ صندل سفید۔ بسباسہ۔ زعفران ہر ایک تولہ۔ مغز بادام۔ خشخاش۔ گلاب ہر ایک پاؤ سیر۔ روغن قنب نیم سیر۔ عسل خالص۔ قند سفید ہر ایک نیم سیر۔ بدستور معروف مفرح بنائیں۔ اگر باہ و تقویت قلب مطلوب ہو تو تخم ملیون۔ تودری زرد ہر ایک تولہ اضافہ کریں۔ اگر گرمی مزاج میں زیادہ ہو تو بعض اجزا حارہ کم کر دیں۔ **ترکیب** روغن قنب۔ ایک سیر بھنگ کو شیر گئو ۱۲ آثار میں رات کو تر کریں۔ اور صبح کو جوش دیں تاکہ بھنگ کا اثر دودھ میں ظاہر ہو۔ پس صاف کر کے ڈیڑھ پاؤ روغن زرد داخل کر کے پھر آگ پر جوش دیں۔ تا قریب انعقاد کے پہنچے۔ پس سرد جگہ میں محفوظ رکھیں تاکہ دہنیت شیر اور مائیت سے جدا ہوں۔ روغن کو کف دست سے اٹھا دیں۔ طریقہ دیگر۔ بھنگ کو شیر میں جوش دے کر جغرات جما دیں۔ اور مائیت کو ممیض کریں۔ اور مسکہ اتاریں۔ یہ پہلے سے لطیف ہوتا ہے۔

سفوف جریان قدیم و جدید ہموارہ معمول و مجرب بے خطا۔ نیز سوزاک کے لیے بھی مفید ہے۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ ارزیر ۲ تولہ۔ سرب ۲ تولہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ پہلے قلعی اور سرب کو پگھلا کر پتر بنا لیں اور مقراض سے کتر لیں۔ پھر ان میں مصری کالپی چار پانچ تولہ ملا کر ہاون دستہ میں اچھی طرح کوٹ لیں اور باریک چھان لیں جو ریزے

رہیں پھر کوٹ لیں۔ اور صاف کر کے باقی ادویات بھی پیس کر شامل کریں۔ مقدار خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔ یا نقوع بوچھلی کے ہمراہ مناسب موقعہ و محل استعمال کریں۔ ایک ہفتہ کافی ہے۔ اگر بہت دیرینہ ہو تو دو ہفتہ۔ بعض دفعہ صرف مسکہ ہی ڈالا گیا تو بہت ہی نافع پایا۔ مقدار خوراک ۶ ماشہ۔

سفوف برائے سرعت از حد مجرب ہے۔ دانہ سرس ۵ تولہ۔ مغز بادام ۱۰ تولہ۔ ثعلب مصری ۶ تولہ۔ مصری ہموزن ادویہ سفوف بنا کر ۵ سے ۹ ماشہ تک کھائیں۔

دیگر ثعلب مصری۔ مغز تخم سرس باب شستہ ہر یک ۲ تولہ۔ کشتہ قلعی ۳ تولہ۔ شیر برگد میں کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنا کر ۲ سے ۴ حب تک کھائیں۔

روغن طلاء دافع اعواج خلقی۔ دافع باریکی ذکر و سستی و ناہمواری بے نظیر و مجرب۔ بادنجان فصلی باغی جو درخت پر لگا ہوا زرد ہو گیا ہو ۲ عدد لیں۔ اور ۳ تولہ فلفل سیاہ ان بادنجان میں میخ سے سوراخ کر کے چبھو دیں اور سایہ میں خشک کریں۔ بعدہ تین پاؤ روغن کنجد میں خوب جوش دیں کہ ہرا ہو جائیں۔ ہاتھوں سے خوب ملیں اور تیل کو صاف کر کے مغز تخم بیدانجیر۔ قسط تلخ ہر یک ۶ تولہ۔ پوست بیخ چنبیلی صحرائی۔ پوست بیخ کنیر صحرائی یا باغی سفید۔ بیربہوٹی۔ بیش ہر یک ۴ تولہ۔ گندھک۔ زرنیخ طبقی۔ قرنفل۔ زنجبیل۔ شنگرف۔ سہاگہ۔ مالکنگنی۔ حین الدیک سرخ و سفید۔ افیون۔ خراطین خشک۔ سنبل الطیب۔ سم اسپ سیاہ۔ سم الفار سفید۔ بزرالبنج۔ عاقر قرحا ہر یک ۳ تولہ۔ دارچینی۔ بسباسہ۔ زراوند طویل۔ کافور۔ پیپلا مول۔ تخم جوز ماثل۔ تخم شلجم۔ تخم ترب ہر یک ۲ تولہ۔ قیمہ گوشت سانڈہ۔ سرطان نہری۔ خراطین تازہ ہر یک ۹ تولہ۔ نارجیل کہنہ ۱۰ تولہ۔ مشک ۴ ماشہ۔ سب دواؤں کو باریک کر کے ایک دن رات شراب برانڈی میں بھگوئیں اور بعدہ شیر میش میں تر رکھیں۔ پھر ایک پہر متواتر شراب دو آتشہ میں کھرل کریں بعد ازاں روغن اول الذکر سے تین پہر کھرل کریں اور گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر لیں۔ اور آتشی شیشی کے ذریعے روغن کشید کریں۔ یہ روغن تقویت قضیب خصوصاً مجلوق اور مفلوج اور معوج الذکر کے لیے نہایت نافع ہے اور نعوظ اور سبطری میں سریع التاثیر۔ مجرب کرات و مرات جو اکثر مطب میں تیار رہتا ہے۔

طلاء دیگر

مصلح جلوق عسر البول مفید۔ مغز گھونگچی سفید و سرخ۔ تخم جوز ماثل۔ عاقر قرحا۔ تخم بیل۔ شنگرف۔ خولنجاں۔ جوزبوا۔ تخ کونچ۔ پوست تخ اڑوسہ۔ پوست تخ حب السلاطین ہر ایک ۶ ماشہ۔ مصطگی۔ دارچینی۔ قرنفل ہر ایک ساڑھے ۱۰ ماشہ۔ خراطین خشک نیم پاؤ شاہجہانی۔ شیر گاؤ پانچ سیر شاہجہانی۔ تمام ادویہ کو جوکوب کرکے پوٹلی باندھ کر شیر میں ڈال کر جوشادیں۔ جب نصف رہ جائے سرد کرکے جغرات باندھیں۔ اور روغن نکال کر عند الحاجت اس روغن سے ۳ ماشہ لے کر مشک خالص۔ زعفران۔ کافور چینا بقدر ایک ایک سرخ باریک کرکے ملالیں۔ پس اس مجموعہ سے ۲ سرخ ذکر پر مالش کرکے اوپر سے برگ پان باندھیں۔ چند روز ایسا ہی استعمال کریں۔ اگر صحیح المزاج تفریح کے واسطے استعمال کرنا چاہے تو ــــــ کو قدرے مسکہ مذکور سے چرب کرکے مشغول ہوں نہایت تفریح بخشتا ہے۔ اگر پوست تخ حب السلاطین نہ ملے تو اس کی بجائے پوست تخ کنیر سفید ڈال سکتے ہیں۔ جب پوٹلی کو شیر سے نکالیں۔ تو اس کی ادویات کا بطور چپال جتر روغن کشید کریں۔ جو جلوق کے لیے مجرب ہے۔

تکمید

جلوق مایوس العلاج کے لیے دن خالد کے دکھانے والا نسخہ۔ برادہ دندان فیل۔ مالکنگنی۔ تخم بیلہ۔ پوست تخ کنیر سفید۔ نارجیل کہنہ۔ مغز تخم بید انجیر۔ انبہ ہلدی۔ سرشف۔ تخم کتان۔ خراطین خشک ہر ایک تولہ۔ عاقر قرحا۔ دارچینی۔ قسط۔ قرنفل۔ شونیز۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ اسپند سوختنی ہر تولہ۔ تخم انجوہ ۹ ماشہ۔ چرک گوش آدمی ۳ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ سب دواؤں کو باریک کرکے ۲ تولہ شیر کی چربی ملا کر پوٹلیوں میں باندھیں۔ ایک پوٹلی بھیڑ کے دودھ میں گرم کرکے ۱۴ روز تک روز سو چار گھڑی تکمید کریں۔ اور کم سے کم ہفت روز تک مکرر کریں۔

حبوب

برائے خرابی خواب۔ جریان۔ رقت۔ سرعت۔ ضعف دماغ وغیرہ کو از بس مفید ہے۔ طاقت مردی کے بڑھانے و تولید و تغلیظ منی میں اس سے آسان نسخہ ملنا محال ہے۔ ثمر ببول بغیر دانہ خشک کردہ ۲ تولہ۔ دودھی خورد و بلیہ خشک کردہ ۲ تولہ۔ موصلی سنبل۔ مغز تخم تمرہندی۔ موصلی سفید ہر تولہ۔ اندر جو شیریں۔ خولنجاں۔ تالمکھانا۔ صمغ عربی ہر ۶ ماشہ۔ ثعلب مصری تولہ۔ موچرس ۶ ماشہ۔ کشتہ قلعی ۲ تولہ۔ کشتہ سہ دھاتہ تولہ۔ تمام ادویات کو کوٹ کر شیر برگد میں کھرل کرکے حبوب بقدر کنار صحرائی کے بنائیں اور

ایک صبح اور ایک شام ہمراہ شیر گئو کے کھائیں۔ مسکہ گئو بھی استعمال کریں۔

سفوف گوکھرو نہایت مقوی باہ و معلب ذکر و ممسک و مبہی و مغلظ و جریان منی و مذی کو مفید ہے۔ خار خسک صاف کردہ تین بار در آب خار خسک سبز مدبر کر کے سایہ میں خشک کریں۔ پھر یہ ۶ چھٹانک۔ مغز تخم تمر ہندی۔ موصلی سنبل۔ ثعلب۔ برادہ اسپغول۔ کیرا۔ چھوہارہ سوختہ شیر درخت برگد میں تر کر کے سایہ میں خشک کیا ہوا۔ تالمکھانا مکدہ ۵ تولہ۔ تج۔ موصلی سفید مکدہ تولہ۔ نبات سفید ہموزن ہمہ ادویہ سفوف بنا کر ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ شیر گئو صبح و شام استعمال کریں۔ اگر کشتہ قلعی کشتہ سہ دھاتہ۔ کشتہ ابرک ۶۔۶ ماشہ اضافہ کریں۔ تو اور بھی بہتر و مؤثر ہو گا۔ مجرب ہے۔

ضعف باہ اور اس کا علاج

از جناب حکیم ابوالفقر محمد شمس الحق حکیم حاذق امرتسر

جماع یہ امر طبعی ہے اس کا اشتمال صحت اعضاء رئیسہ پر موقوف ہے۔ اور اعضاء رئیسہ چار ہیں۔ تین پر بقائے شخص موقوف ہے یعنی دل۔ دماغ۔ جگر ایک پر بقائے نوع موقوف ہے یعنی قضیب و اوعیہ منی۔ ان چار اعضاء کے صحت پر قوت شہوانی قوی اور ثوران پر ہوتی ہے۔ اور کسی قسم کا ضعف وغیرہ نہیں رہتا ہے۔ اگر کسی ایک میں ضعف بہ سبب بے احتیاطی کے ہو گا تو فوراً ضعف باہ پیدا ہو گا۔ اللہ تعالیٰ نے مرد و زن دونوں کی الفت کے واسطے جماع وضع کیا ہے۔ اور ساتھ علاقہ تولد و تناسل کا عطا کیا ہے۔ تاکہ انسان حرام کام سے بچے اور حلال کام میں اپنی قوت صرف کرے۔ اور انجام بد سے بچے۔ الغرض اسباب و انواع ضعف باہ متعدد ہیں۔ اور ہر ایک نوع کے واسطے تقدم سبب ضروری ہے۔ کما قال السبب ما یکون اولاً و بالذات یعنی سبب وہ ہے کہ جمیع عوارضات و تکلیف پر مقدم اور اول بالذات ہو۔ اسباب مندرجہ ذیل اول ہوں گے تو پھر ضعف باہ پیدا ہو گا۔ ہر ایک طبیب و مریض خواہ جوان ہو یا شیخ ہو ضروری و لازمی ہے کہ میری غرض مندرجہ ذیل کو سواء اپنے فائدہ اٹھانے کے دوسروں کو بھی فائدہ پہنچائیں۔ اور حتی الوسع اس موذی مرض سے علاوہ خود بچنے کے دوسروں کو بھی بچانے کی سعی بلیغ کریں۔

انواع ضعف باہ ضعف باہ کے اول دو قسم ہیں۔ ضعف مباشرت۔ استرخاء آلہ تناسل۔ اسباب ضعف باہ بباعث ضعف مباشرت مندرجہ ذیل اور ساتھ ہی علاج مجرب المجرب بھی تحریر کیا جاتا ہے۔ (۱) ضعف باہ بباعث لاغری و ضعف بدن و نحیف بدن۔ یہ امر ظاہر ہے کہ جب بدن کو بباعث ضعف و کمزوری کے غذا کم پہنچے گی تو خون و ریح و روح جو مادہ شہوت کے ہیں خود بخود کم ہوں گے اور بدن کا زرد ہونا اور نحیف ہونا وغیرہ وغیرہ۔

علاج: اس ضعف باہ کے واسطے وہ ادویات جن سے بدن میں قوت پیدا ہو جید الکیموس و کثیرالکیموس و قلیل الفضلہ ہوں تناول کرنی چاہیے۔ جیسے بیضہ نیم برشت و لحم وغیرہ۔ جماع ترک کریں۔ لہو و لعب وغیرہ میں مصروف رہنا چاہیے۔ سب سے مقدم اور اول لبوب کبیر اور تریاق شمسی بیضوی از حد مفید ہے۔

قلت منی قلت تولید منی۔ پوشیدہ نہیں ہے کہ جب مادہ منی جو کہ مادہ قوت شہوانی ہے وہ ہی کم ہے تو تحریک بھی نہ ہو گی۔ یا منی میں حدت و سرعت ہی کم ہو تو ضرور ضعف باہ پیدا ہو گا۔ و علامت زارۃ المنی عند الخروج۔ غلظت اور قلتی منی کی ہے۔ پانی میں بیٹھنے اور مرطوب حمام اور مرطوب غذا کھانے سے فائدہ ہوتا۔

منبع منی منی کا خمیر دماغ سے آتا ہے بذریعہ ان دو عروق کے جو خلف الاذنین ہیں۔ یہ دونوں عروق نخاع سے واصل ہو کر عروانیثین سے ملتی ہیں۔ اور ہر ایک عضو رئیس اور غیر رئیس کا شعبہ اور جزو دہن عروق نخاع سے ملتے ہیں۔ اور ہر ایک عضو خورد و کلاں کی منی ان عروق سے نازل ہوتی ہے۔ اصل میں ہر ایک عضو سے خون نازل ہوتا ہے۔ اور انیثین میں نضج پا کر سفید مثل شیر کے ہوتا ہے۔ جیسے باذن خالق ثدیین میں خون نازل ہوتا ہے۔ اور نضج پا کر صورت یعنی پا کر غذا و بچہ کی بنتا ہے۔ ایسا ہی انیثین میں خون سفید مثل شیر کے ہو جاتا ہے۔ پھر یہ منی نضج شدہ رحم میں مختلف استحالات اٹھاتی ہے جیسے کلام مجید و کلام حمید اس کی تین دلیل ہے ثم جعلناہ فی قراء مکین بعد ازاں یہ منی رحم میں باذن خالق صورت انسانی حاصل کر کے دائرہ عدم سے وجود میں آتی ہے فتبارک اللہ احسن الخالقین

علاج ضعف بباعث قلت منی۔ اگر یبوست آلاب سے قلت منی ہو تو اغذیہ مرطبہ مثل

لیسنات و اسپیدحات تناول کرنے سے فائدہ ہو گا۔ اگر برودت آلات منی موجب قلت منی ہو فحیۃ عولج بالمعجون الزنجبیل والمعجون المزید للمنی اور دیگر معجون حار جو تحریک شہوت کرے استعمال کرنے چاہئیں۔ سب سے بہتر اور انسب اغذیہ قلفہ دارچینی۔ کبابہ۔ خولنجاں۔ نخود آب وغیرہ ادویہ گرم کبوتر بچہ عصافیر وغیرہ۔ ذیل میں ایک معجون جو کہ منی کو زیادہ کرتا ہے اور بارہا مفید ثابت ہو چکی ہے ھوالشافی تخم جرجیز۔ تخم شلغم۔ تخم کند۔ تخم مولی۔ تخم رطبہ ہر ایک ایک تولہ بہمنین۔ تودرین۔ موسلین ہر واحد ۳ تولہ۔ دارفلفل۔ کبابہ۔ دارچینی۔ شقاقل۔ تخم بلیون۔ خولنجاں ہر واحد ایک تولہ۔ مغز بادام۔ مغز کدو۔ مغز خیارین۔ مغز خربوزہ ہر واحد ۵ تولہ۔ مغز حب صنوبر۔ مغز حب الزلم۔ مغز فندق۔ مغز پستہ۔ مغز نارجیل تازہ۔ مغز حب القلقل ہر واحد ڈیڑھ تولہ۔ عسل سہ چند معجون بنائیں اور بوقت ضرورت کام میں لائیں۔

(۳) سکون منی و عدم تحریک منی باعث ضعف باہ ہو جیسے کوئی شخص افیون و پوست خشخاش۔ ورق القنب وغیرہ مخدرات استعمال کرے۔ تو بدن بے حس و حرکت ہو جاتا ہے۔ ایسے منی بھی بے حس و حرکت ہوتی ہے۔ یا وہ مادہ جو قوت شہوانی کو ہیجان میں لاتا ہے مفقود ہو جاتا ہے۔ علامت منی زیادہ خارج ہو۔ منجد اور غلیظ ہو۔ باوجود کثرت خروج و ایستادگیٔ و نعوظ کرب اور تکلیف سے زائل ہو۔ انزال دشواری سے ہو گا۔

علاج: سکون منی۔ ادویہ جو منی کو گرم کریں استعمال کرنی چاہئیں۔ نیز لاذع بھی ہوں۔ اس کام کے واسطے ہمارے خیال میں زرعونی اور معجون بزور بہت مفید ہے۔

(۴) ترک جماع زمانہ طویل۔ زمانہ طویل تک جماع ترک کیا جائے۔ تو طبیعت تولید منی سے قاصر ہو۔ کما لا تتھم الطبیعة بتولید اللبن فی الفاطمة ترجمہ جیسے طبیعت اس عورت کو جو اپنے بچہ کو دودھ بند کر دے تو دودھ پیدا نہیں کرتی ہے۔ ویسے ہی جب زمانہ طویل تک جماع ترک کیا جائے تو منی کم پیدا ہوتی ہے۔ علامت۔ احتلام کم ہونا۔ جماع سے حظ قلیل حاصل ہونا۔ طبع کا جماع سے کراہت کرنا وغیرہ۔

علاج: نعت ہائے حوش و احادیث جماع و نفوذ ہر چیز و ادویہ باہیہ وغیرہ تناول کنند۔ مثل زردی بیضہ مرغ و گوشت طوان۔ جوزبوا۔ ہریسہ۔ کلہ پاچہ نیز تدہین روغن سوسن کنند۔ گل خیرہ زہر گاؤ وغیرہ باہم ضم کردہ بر ذکر و عانہ طلا سازند۔ دیگر۔ عاقر قرحا۔ مغز پنبہ دانہ

استعمال سازند۔

(۵) اختشام۔ یعنی طبیعت میں امور وھمیہ۔ مثلاً قلب میں مقولہ کا دبدبہ یا کراہت نفسی جاگزیں ہو۔ کہ میں بوقت قربت شرمندہ ہوں گا۔ جب کہ حاجت منکوحہ کی کافی نہ ہو۔ اگر عورت کے پاس چار و ناچار بھی جائے تو لرزہ و قشعریرہ شروع ہو جاتا ہے۔ عضو تناسل ایسا سرد اور بے حس ہو جاتا ہے کہ گویا مفلوج اور معدوم الحرکت ہے۔ اس خیال وھمی کو اختشام کہتے ہیں اس کا ابتداء اکثر ان موقعوں پر ہوتا ہے کہ جہاں عورت باکرہ تو منکوحہ ہو۔ اور اپنے خاوند کو کہہ دے کہ تو عورت کے ناقابل ہے۔ تجھ سے کچھ نہیں ہو سکتا ہے۔ یا عورت قوی زبردست ضعف انسان کے نکاح میں آئی تو مرد کو اول سے ہی خیال ہو کہ میں ضعیف ہوں۔ پھر وہ خیال اس کے قلب پر ایسا غالب آ جاتا ہے کہ بوقت قربت سوائے ندامت کے کچھ نہ بنے گا۔

اگر اس کی منکوحہ عورت اسے بغل گیر کر کے کہے کہ تو بہت بڑا بہادر اور طاقتور ہے وغیرہ وغیرہ تو اس کی قوت رجولیت عود کر آتی ہے۔ اس مرض میں بہت لوگ مبتلا ہیں۔ کہ اول اپنے قوا کو خود سلب کر کے اس مرض میں گرفتار ہو جاتے ہیں۔ پھر نادم ہوتے ہیں۔

علاج: اس مریض کو خواہ کیسی کیسی ہی یاقوتیاں اور مقویات کیوں نہ استعمال کرا دیں بسود ثابت ہوں گی۔ جب تک وہ وہم اس کے خیال سے رفع نہ ہو جائے کوئی چیز اثر نہ کرے گی۔ بعد ازالہ وہم دل۔ دماغ۔ جگر کی تقویت کریں۔ سب سے بہتر طریقہ ازالہ وہم کے واسطے قول منکوحہ ہے کہ دل دہی و دلاسہ وغیرہ کے بعد بغل گیر ہو جائے دوسرا طریق یہ ہے کہ اور استعمال دواء المسک ہمراہ عرق گلاب۔ عرق کیوڑا۔ عرق بید مشک۔ شربت مفرح بارد کے کھلائیں۔ تاکہ نعوذ و ہیجان میں آ کر اس کا وہم زائل ہو کر رجولیت واپس

آئے هذا العلاج صحيح عندي و الثواب عندالله

(۶) ضعف باہ بہ سبب ضعف اعضاء رئیسہ یعنی دل دماغ جگر۔ یہ اعضاء کسی مرض یا لقب وغیرہ اموارت محلا کی وجہ سے بہ سبب تحلیل روح اور حرارت غریزی کمزور ہوں گے۔ یہ امر اظہر من الشمس ہے کہ جب قلب ضعیف ہو گا تو روح شہوانی اور ریح ناصرہ علی الجماع بھی متولد نہ ہو گی۔ تو بالضرور قوت رجولیت میں ضعف پیدا ہو گا۔

علامات: ضعف نبض۔ سستی تضیب بعد جماع حالت حل غشی پیدا ہونی حواس کا مکدر ہونا۔ قربت سے حظ کا حاصل نہ ہونا۔ وغیرہ وغیرہ۔

علاج: مفرحات سے تقویت کریں۔ ذیل میں ایک نسخہ از حد مفرح اور مقوی لکھا جاتا ہے۔ مغز بادام ۵ تولہ۔ مغزیات اربعہ ۳ تولہ۔ تخم معصفر ۲ تولہ۔ مغز پیٹھہ ۳ تولہ۔ بہمنین ۵ تولہ۔ ثعلب مصری ۳ تولہ۔ تودرین ۵ تولہ۔ مغز پنبہ دانہ ۳ تولہ۔ مغز فندق ۲ تولہ۔ ستاور۔ بلیون۔ بوزیدان ۲ تولہ۔ طباشیر ا تولہ۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ ابریشم مقرض۔ گاؤزبان۔ بادرنجبویہ۔ گلسرخ ہر ایک ۳ تولہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ ورق نقرہ ساڑھے ۱۰ عدد۔ ورق طلا ۴۰ عدد۔ یاقوت سرخ ۹ ماشہ۔ کہربا تولہ۔ مربہ سیب ۳ پاؤ پختہ۔ شربت انارین ہر ایک بوتل۔ مروارید ناسفتہ ڈیڑھ ماشہ۔ سنگ یشب ایک تولہ۔ اول سب جواہرات کو عرق گلاب میں حل کر کے عسل مصری بالناصفہ کا قوام کر کے بطریق معروف معجون بنائیں۔ مقدار خوراک ایک تولہ صبح دودھ سے۔

ضعف باہ بباعث ضعف گردہ

گردہ کے ضعف سے شہوت طبعی میں نقصان ہوتا اس وجہ سے کہ شہوت طبعی گردے کے مطیع ہے۔ علاج بہت جلد ازالہ سبب کے لیے کوشش کریں۔ جوارش مندرجہ ذیل بہت مفید ہے۔ چکنی ڈلی پاؤ سیر۔ چھوہارا نصف سیر۔ بجیٹھ آدھ پاؤ کوٹ کر ۱۰ سیر گائے کے شیر میں جوش دیں۔ جب گاڑھا ہو جائے اتار کر ادویہ ذیل ملا لیں۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ چرونجی ہر ایک پاؤ خام یہ اول ملا دیں۔ بعدہ ببول کا گوند۔ نشاستہ ہر ایک پاؤ۔ میدہ مونگ نصف پاؤ بریاں در روغن گاؤ۔ قند تین سیر کا قوام کر کے اجزا بالا سے ملا لیں۔ آرد گر کھرو ایک پاؤ۔ ثعلب مصری۔ دارچینی۔ لونگ زنجبیل ہر ایک ۴ دام۔ بسباسہ تولہ۔ گل پستہ۔ گل سپاری ڈیڑھ تولہ۔ چھال ناریل۔ چھال کچنال۔ چھال ببول ہر واحد ۵ تولہ۔ سنگھا ہولی۔ زعفران ہر واحد ۶ ماشہ۔ مشک ایک ماشہ کوفتہ بیختہ ملا کر جوارش تیار کریں۔ اور حسب مزاج صبح و شام دودھ گاؤ سے کھائیں۔ جوارش سقنقور بھی اس نوع ضعف باہ میں مفید ہے۔ یہ نوع ضعف باہ بھی عموماً اکثر ہوتا ہے۔ ہمیشہ جب ضعف باہ ہو گا تو شرکت گردوں کی ہو گی۔ لہٰذا ضعف باہ کے علاج میں گردوں کا ضرور لحاظ رکھنا چاہیے۔

نوع دوم ضعف باہ بباعث استرخا آلہ تناسل۔ اس نوع ضعف باہ کے تین اسباب ہیں۔ جو ذیل میں مع علاج تحریر کرتا ہوں۔ اور افادہ عوام کے لیے اپنے مجربات سینہ کھول کر پیش کرتا ہوں۔ گر قبول افتد زہے عزو شرف۔

(۱) ضعف بدن و لاغری بدن کے سبب سے آلہ تناسل میں استرخاء پیدا ہو گا جس سے ضعف باہ پیدا ہو گا۔ اس نوع کے علامات و علاج وہی ہیں۔ جو نوع اول کے پہلے سبب کے ہیں۔ (۲) عرصہ تک ترک صحبت۔ جب عرصہ تک جماع کا موقعہ نہ ملے گا تو آلہ تناسل میں سرخی و استرخاء پیدا ہو گا۔ چونکہ یہ قاعدہ مسلمہ ہے کہ ہر ایک عضو کی اپنی اپنی مخصوصہ ہے۔ جیسے دماغ کے واسطے حفظ وغیرہ۔ جب اس عضو سے اپنی ریاضت مخصوصہ نہ لی جائے تو وہ عضو بہ سبب اپنے فعل کے ترک کے ضعیف ہو گا۔ اسی طرح سے جب آلہ تناسل سے عرصہ تک اپنا فعل نہ لیا جائے گا۔ تو خود بخود ضعف باہ و استرخاء پیدا ہو گا۔

علاج: عضو مخصوص کو نیم گرم پانی سے بتدریج غسل دیں اور سوائے ستر کے تمام کو خوب رگڑ کر شیر بھیڑ وغیرہ ارد گرد لگائیں۔ بعد جذب شیر کے روغن زفت ملیں۔ نسخہ روغن زفت۔ زفت رومی ۲ تولہ۔ روغن کنجد ۵ تولہ۔ ان دونوں کو ایک شیشی میں ڈال کر ایک ہفتہ آفتاب میں رکھیں۔ بعد گزرنے ہفتہ کے استعمال کریں۔ یا زفت کو روغن ارنڈ میں ڈال کر جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو استعمال کریں۔

جلق ضعف باہ بباعث جلق یا مشت زنی۔ اس کو استمنا بالید بھی کہتے ہیں۔ یہ بد عادت ہاتھ سے یا کسی نرم حریر کی تھیلی یا نازک چڑے کی تکیہ سوارخ دار کے ذریعے سے انزال کا نام ہے۔ یہ مرض بد ترین عوارضات سے ہے۔ جو شخص اس مرض میں مبتلا ہو اس کی صحت مشکلات سے ہے۔ اکثر مفلس قوی الشہوت اور مجرد مرد۔ اس بلا میں گرفتار ہو جاتے ہیں۔ جس کے سبب سے توالد و تناسل سے وہ محروم رہتے ہیں۔ بلکہ باعث ہلاکت و گناہ عظیم کا ہے۔ معاذ اللہ مشرور انفسنا و من سیئات اعمالنا چونکہ اس عادت سے بڑھ کر کوئی بد عادت نہیں ہے۔ اسی واسطے بعض اطباء نے اس کا علاج اپنی کتب میں درج کرنا فضول سمجھ کر تحریر نہیں کیا ہے۔ مگر میرے خیال ناقص میں چونکہ زمانہ حال میں یہ مرض اکثر ہو گیا ہے اور اسی فیصدی اس مرض کے بیمار دیکھے گئے ہیں لہذا اس کے متعلق جو میرے چند سالہ مجربات ہیں اس کا اظہار اشد ضروریات سے خیال

کر کے ذیل میں درج کرتا ہوں۔ مریض جلق زدہ ملول رہتا ہے۔ صحبت پر قادر نہیں ہوتا ہے۔ عضو مخصوص کی جڑ پتلی اور رگیں ست ہونے سے نفخ اور ایستادگی مطلق باقی نہیں رہتی۔ اور طبیعت بلا انتشار منی کو دفع کرنے کی عادی ہو جاتی ہے اور شدت جریان بھی ہو جاتا ہے اور گردوں سے شحم ذوبانی آنے لگتی ہے اور رطوبت بدن کلیل ہوتی ہے اور حرارت غریزی کم اور حرارت غریبی اور خشکی زائل ہو کر حالت مدقوق کی ہو جاتی ہے۔
اور آخر کو علاج سے بھی مایوسی ہو جاتی ہے۔ یہ مرض کثرت جماع سے یا فاحشہ عورت سے جماع کرنا یا ایام حیض میں جماع کرنے وغیرہ سے ہوتی ہے۔ اس مرض کمبخت کا ابتداء ہی میں تدارک کرنا چاہیے۔ اگر ابتداء میں کوتاہی کی جائے۔ یا علاج میں غلطی کی جائے تو برداشت تکلیف سے خالی نہ ہو گا۔ اعضاء تناسل روز بروز بہ باعث انصاف بلغم رقیق ہوتا جائے گا جڑ سر کی نسبت باریک ہو جائے گی۔ عروق کھوکھلے ہوں گے۔ نیز مائل بزردی ہوں گے اور عضو کی جلد سیاہ ہو گی۔ اگر مرض جدید ہے تو قابل علاج ہے اگر دیرینہ ہے تو بہ شفقت علاج پذیر ہو گا۔

نوٹ: یہ بات ہر ایک مریض کو جس کو یہ عارضہ ہو دیکھنی چاہیے کہ اول آب سرد سے استنجہ کر کے دیکھے۔ اگر استنجہ سے قضیب سکڑ جائے اور جمع ہو جائے تو قابل علاج ہے۔ اگر استنجہ سے سکڑے نہیں اور حالت ویسی کی ویسی رہے تو لا علاج ہے پھر خواہ کیسے بھی علاج کریں گے۔ کامیابی نہ ہو گی۔

علاج: ضعف باہ بباعث جلق۔ اب ہم ذیل میں اپنے تجربہ کے وہ مجرب المجرب ادویات تحریر کرتے ہیں جو بڑی مشکلوں سے حاصل کئے ہیں۔

طلا شمسی جو ہمارے شفاخانہ کا بہترین نسخہ ہے۔ سم الفار ۲ تولہ کو ایک ہفتہ شیر مدار میں کھرل کریں۔ پھر نکال کر ۵ تولہ روغن کنجد میں کھرل کریں۔ پھر ایک برتن چینی میں جس کا ایک طرف خم دار ہو ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ کہ سب کا سب روغن ایک طرف ہو جائے اور سم الفار ایک طرف رہے' جس قدر روغن نکلے اس میں بحساب ایک تولہ روغن زعفران ۲ سرخ۔ کستوری ۲ سرخ۔ بسباسہ۔ قرنفل۔ جائفل۔ بیربہوٹی ہر ایک ۴ ماشہ سب ادویہ باہم ملا کر تمام کو ایک روز کھرل کریں۔ اور بوقت ضرورت حشفہ اور سیون چھوڑ کر قضیب پر لگا کر برگ تنبول وغیرہ باندھیں پانی سے پرہیز

کریں۔ مجرب ہے۔

طلاء لطیف سہل الحصول۔ یہ طلا بھی از حد مقوی و جلق زدہ کے واسطے مفید ہے۔ عنبر ایک درم۔ عطر گل۔ عطر موتیا خالص ایک تولہ۔ مشک ۳ ماشہ۔ موم۔ روغن زفت ہر ایک ۲ تولہ۔ سب کو پگھلا کر طلا تیار کریں۔ اور کام میں لائیں۔

معجون شباب یہ معجون بوڑھوں کو ایام جوانی دکھاتا ہے۔ اور مجلوق کو حکم تریاق کا رکھتا ہے۔ زعفران ۶ ماشہ۔ آب اورک سبز۔ آب پیاز۔ آب گزر۔ آب شلغم۔ آب مولی ہر ایک نصف سیر خام۔ حرمل بریاں تولہ۔ شقاقل مصری ۳ تولہ۔ موصلی ۲ تولہ۔ بیج بند گجراتی تولہ۔ مشک ۳ سرخ۔ تخم سیتلاسی تولہ۔ مغز پنبہ دانہ ۳ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۳۰ عدد۔ روغن پنبہ دانہ ۱۲ تولہ۔ ثعلب مصری۔ مغز تمر ہندی کلاں۔ گوند سنبل۔ مولسری ہر ایک ۲ تولہ۔ ادویہ کو کوٹ چھان کر روغن میں چرب کر کے عسل بحسب ضرورت قوام کر کے ادویہ ملا کر معجون بنائیں۔ مقدار خوراک ایک تولہ تا ڈیڑھ تولہ ہمراہ شیر گاؤ جوش دادہ مصری ملا کر کھائیں۔

حلوہ ترنجبین شمسی یہ حلوہ بہت مقوی باہ۔ مقوی کمر۔ دافع جریان۔ دافعہ ضعف باہ از جلق پیدا شدہ۔ سہل الحصول اور کم قیمت۔ زردی بیضہ مرغ ۱۵ عدد۔ دودھ گاؤ ۵ سیر پختہ کا کھویہ بنا کر اس میں ترنجبین صاف کردہ پاؤ پختہ۔ عرق گلاب ۷ تولہ۔ عرق کیوڑہ ۸ تولہ۔ عرق بید مشک ۱۰ تولہ۔ سب کا حلوہ تیار کر کے استعمال کریں۔ اور بعد صحت یابی بندہ کے حق میں دعائے خیر کریں۔

چند نسخہ جات

از جناب حکیم ظہور حسین صاحب مظہری ڈنگوی لاہور

یہ نسخے میرے مجرب اور خاندانی ہیں۔ اور پشتوں سے سینہ بسینہ چلے آتے ہیں۔ اس لیے گذارش ہے کہ وہ صاحبان جو قوت باہ کے شائق ہیں ان نسخوں سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔

ضعف باہ ضعف باہ کی دو صورت ہیں۔ ایک یہ کہ خواہش نفسانی کم ہو جائے۔

دوسری یہ کہ خواہش بدستور رہے مگر عضو مخصوص میں فتور پڑ جائے۔ جس سے مجامعت پر پوری قدرت نہ رہے۔ بعضوں کو ان دونوں صورتوں میں سے ایک صورت پیش آتی ہے۔ اور بعضوں میں دونوں جمع ہو جاتی ہیں۔ جس کو صرف پہلی صورت پیش آئے اس کو کھلانے کی دوا کی ضرورت ہے۔ اور جس کو دوسری صورت پیش آئے ان کو لگانے کی دوا کی احتیاج ہے اور اگر دونوں صورتیں ہوں تو کھلانے اور لگانے دونوں قسموں کی ضرورت ہے۔ ضعف باہ کا بالکل صحیح علاج باقاعدہ ہونا چاہیے تب فائدہ ظہور میں آئے گا۔

① ضعف باہ کی پچھلی صورت۔ یعنی خواہش نفسانی کا کم ہونا اس کے کئی سبب ہوتے ہیں۔ ایک یہ کہ آدمی بوجہ غذا خاطر خواہ نہ ملنے یا عرصہ تک بیمار رہنے۔ یا کسی صدمہ سے دبلا اور کمزور ہو جائے۔ جب تمام بدن میں ضعف ہو گا۔ تو قوت باہ میں ضرور ضعف ہو گا۔

علاج: اس کا یہ ہے کہ غذا عمدہ کھائیں اور دل سے صدمہ اور رنج کو جس طرح سے ہو اٹھائیں۔ اور نیند زیادہ کیا کریں۔ اور جب تک قوت بحال نہ ہو عورت سے علیحدہ رہیں۔ اور معجون لبوب کبیر اور صغیر اور معجون لبوب بارد اس کے لیے نہایت مفید ہے۔

② خواہش نفسانی کے کم ہونے کا یہ ہے کہ دل کمزور ہو' اس کی علامت یہ ہے کہ ذرا سے خوف اور صدمہ سے بدن میں لرزہ سا محسوس ہونے لگے اور مزاج میں شرم و حیا حد سے زیادہ ہو۔

علاج: دواء المسک اور مفرح دوائیں کھائیں اور زیادہ شرم کو بتکلیف کم کریں۔

③ سبب خواہش نفسانی کے کم ہونے کا یہ ہے کہ دماغ زیادہ کمزور ہو جائے علامت اس کی یہ ہے کہ مجامعت سے درد سر یا ثقل سماعت یا پریشانی حواس پیدا ہو۔

علاج: قوت دماغ کے لیے حریرے پئیں۔ یا میوہ جات کھائیں۔ حریرہ کا نسخہ یہ ہے جو مقوی دماغ مقطع منی اور مقوی باہ ہے۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز تخم تربوزہ۔ مغز تخم چیشہ۔ مغز بادام شیریں ہر ایک ٦ ماشہ۔ پانی میں پیس کر سنگھاڑا کا آٹا۔ ثعلب مصری پسی ہوئی ٦-٦ ماشہ ملا کر گھی چار تولہ سے بگھار کر مصری سے میٹھا کر کے پیا کریں۔ میوہ کی ترکیب یہ ہے کہ ناریل۔ چھوہارہ اور مغز بادام شیریں اور کشمش اور مغز چلغوزہ پاؤ پاؤ بھر اور پستہ آدھ

پاؤ ملا کر رکھ لیں۔ اور تین چار تولہ ہر روز کھایا کریں۔ اور اگر مرغوب ہو تو بھنے ہوئے چنے ملا کر کھائیں کہ نہایت مجرب ہے۔

(۴) ایک سبب خواہش نفسانی کے کم ہونے کا یہ ہے کہ گردے میں ضعف ہو۔ یہ قسم ان لوگوں کی ہوتی ہے جن کو کوئی مرض گردے کا رہتا ہے۔ جیسے پتھری ریگ وغیرہ۔

علاج: اگر پتھری یا ریگ کا مرض ہو تو اس کا علاج کرائیں۔ اور اگر پتھری یا ریگ کی شکایت نہ ہو تو گردے کی طاقت کے لیے 'بوب کبیر یا صغیر کھائیں۔

ضعف باہ کے لیے چند دواؤں اور غذاؤں کا بیان

حلوا مقوی باہ۔ مغلظ منی۔ دافع سرعت۔ مقوی دل و دماغ و گردہ وغیرہ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ چھوہارہ آدھ پاؤ۔ موصلی سفید و سیاہ۔ شقاقل مصری۔ بہمن سرخ و سفید ایک ایک تولہ۔ کوٹ چھان کر گائے کے پانچ سیر دودھ میں جوش دیں کہ کھویا سا ہو جائے پھر آدھ سیر گھی میں بھون لیں اور سرخ ہونے پر بیس انڈے کی زردی کو علیحدہ ہلکا سا جوش دے لیں۔ اور پھر ملا دیں اور یک ذات کر لیں۔ پھر شکرتری اور خالص دیسی چینی ڈیڑھ سیر ڈال کر ایک جوش دے لیں۔ کہ حلوا بن جائے۔ پھر ناریل اور پستہ ۴۔۴ تولہ۔ مغز بادام شیریں ۵ تولہ۔ مغز بندق ۲ تولہ خوب کوٹ کر ملا دیں۔ اور جوزبوا۔ جاوتری ۶۔۶ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ مشک خالص ڈیڑھ ماشہ عرق کیوڑہ ۴ تولہ میں کھرل کر کے ملائیں۔ **مقدارِ خوراک** ۲ سے ۶ تولہ تک۔

حلوا گاجر مقوی باہ۔ مغلظ منی۔ مقوی دل و دماغ۔ فربہی لانے والا دافع سرعت و مقوی گردہ۔ گاجر دیسی سرخ رنگ تین سیر چھیل کر ہڈی دور کر کے کدو کش کریں۔ اور مغز نارجیل اور چھوہارہ پاؤ بھر ان دونوں کو بھی کدو کش کریں۔ پھر ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ بہمن سرخ و سفید۔ موصلی سفید و سیاہ سب دو۔ دو تولہ کوٹ چھان کر ان سب کو گائے کے دودھ ۴ سیر میں پکائیں۔ کہ کھویا ہو جائے۔ پھر ایک سیر گھی میں بھونیں۔ اور شکر سفید دو سیر ڈال کر حلوا بنائیں۔ پھر گوند ناگوری ۴ تولہ۔ کشتہ قلعی۔

جوزبوا۔ جاوتری ٦۔٦ ماشہ۔ اندر جو۔ ستاور ٢۔٢ تولہ۔ الائچی خورد ٦ ماشہ کوٹ چھان کر ملا لیں۔ اور مغز بادام شیریں۔ مغز پستہ۔ مغز کدو شیریں۔ ٥۔٥ تولہ کوٹ کر ڈالیں اور زعفران ٣ ماشہ۔ مشک خالص ڈیڑھ ماشہ عرق کیوڑا میں حل کر کے آمیز کریں۔

مقدارِ خوراک ٢ تولہ سے ٥ تولہ تک۔

معجون مقوی باہ و مولد منی۔ مقوی اعصاب و دماغ۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز اخروٹ۔ مغز فندق۔ انجیر۔ مغز نارجیل۔ حب السمنہ۔ تخم خشخاش سفید ایک ایک تولہ۔ کشمش ٥ تولہ۔ خوبانی ٦ ماشہ۔ خوب کوٹ کر مرہم سا کر کے رکھ لیں۔ پھر مغز جوزہندی ٢ تولہ۔ حب قرطم ٣ تولہ۔ بنولہ ٣ تولہ۔ ان تینوں کو کچل کر آدھ سیر پانی میں پکائیں۔ جب خوب جوش آ جائے مل چھان کر شہد ٢٢ تولہ۔ قند سفید ٢٨ تولہ اور اوپر والی ادویات ملا کر شربت سے گاڑھا قوام کر لیں۔ پھر شقاقل مصری۔ خولنجاں۔ ستاور۔ تج قلمی ایک ایک تولہ۔ بسباسہ۔ لونگ۔ جائفل۔ عاقر قرحا۔ مالکنگنی ٦۔٦ ماشہ کوٹ چھان کر ملا لیں۔ پھر ورق نقرہ ڈیڑھ ماشہ۔ ورق طلا ٦ رتی ذرا سی شہد میں حل کر کے ملا لیں۔

مقدارِ خوراک ایک تولہ ہر روز دودھ کے ساتھ۔ یہ معجون قریب بہ اعتدال ہے اور ہر مزاج کے موافق ہے۔

ضعف باہ کی دوسری صورت

وہ یہ ہے کہ خواہش نفسانی بحال خود ہو۔ مگر عضو تناسل میں کوئی نقص پڑ جائے اس وجہ سے جماع پر قدرت نہ ہو۔ اس کی کئی صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ صرف ضعف اور دبلا پن ہو۔ یا زیادہ جلق اس کا سبب ہے۔ علاج : یہ طلا بنا لیں اور حسب ترکیب لگائیں۔ ہڑتال لبقی۔ سنکھیا سفید۔ مٹھا تیلیہ۔ نوشادر چاروں دوائیں دو دو تولہ۔ خوب باریک پیس کر گائے کے خالص گھی پاؤ بھر میں ملائیں اور پارہ ٢ تولہ اس میں خوب حل کر لیں۔ پھر لوہے کے کڑچھے میں ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ یہاں تک کہ دوائیں جل کر کوئلہ ہو جائیں۔ اوپر سے گھی کا گھی نتھار کر شیشی میں رکھ لیں۔ اور وقت ضرورت اس میں تھوڑا سا لے کر ہلکا ہلکا عضو پر لگائیں۔ اس طرح کہ حشفہ اور سیون بچی رہے۔ اور اوپر سے بنگلہ پان

ذرا گرم کر کے لپیٹ دیں اور صبح کو کھول ڈالیں۔ سات روز یا ۱۴ روز یا ۲۱ روز ایسا ہی کریں۔ اور زمانہ استعمال میں سرد پانی اور جماع سے پرہیز لازم ہے۔ اگر اس کے استعمال کے زمانہ میں روٹی اور پنیر غذا رکھیں۔ تو بے حد مفید ہے۔ اس طلا سے تکلیف بہت کم ہوتی ہے اور آبلہ وغیرہ کچھ نہیں پڑتا۔ بعضوں کو بالکل تکلیف نہیں ہوتی اور اگر کسی کو اتفاقاً تکلیف ہو تو ایک دو دن ناغہ کریں یا کافور گائے کے مسکہ میں ملا کر لگائیں۔

طلا نمبر ۲ مغز تخم کرنجوہ۔ جائفل۔ لونگ ۳۔۳ ماشہ باریک پیس کر روغن سوسن سے گوندھ کر گولیاں بنائیں۔ اور وقت ضرورت ذرا سی گولی تل کر تیل چار بوند میں گھس کر لگائیں۔ اوپر سے بنگلہ پان گرم کر کے باندھیں ایک یا دو ہفتہ ایسا ہی کریں۔

سینک برادہ ہاتھی دانت ۲ تولہ۔ مالکنگنی۔ کنجد سیاہ ۹۔۹ ماشہ۔ عاقر قرحا ۳ ماشہ۔ لونگ ۲ ماشہ۔ تج ۵ ماشہ۔ کوٹ چھان کر پوٹلی میں باندھ کر کنجد کے تیل میں بھگو کر گرم کر کے سینک کریں۔ کم از کم ایک ہفتہ۔

مجربات حکیم علم الدین بھاگووالیہ صاحب

حلوائے بے نظیر یہ ایک مشہور کتاب کا نسخہ ہے جو کہ ہمارے تجربہ میں بے حد مفید ثابت ہوا۔ باوجود لذیذ ہونے کے مفید بھی ایسا ہے کہ اس کے استعمال کرنے والا ہی جانتا ہے۔ گویا غذا کی غذا اور دوا کی دوا اگر کوئی ہے تو یہی ہے۔ اس کے مختصراً فائدے حسب ذیل لکھے ہیں جو کہ واقعی درست اترے ہیں۔ "بعد فراغت مقاربت کے کھانے سے فی الحال ضعف دور ہو کر قوت اور طاقت برقرار ہو جاتی ہے۔ ضعف دماغ کے دور کرنے میں عجیب چیز ہے۔ بدن فربہ اور چہرہ بارونق رہتا ہے۔ رکاوٹ بغیر افیون کے اس قدر ہوتی ہے کہ جو افیون کے استعمال سے ممکن نہیں۔ آنکھوں میں روشنی پیدا ہوتی ہے اور مثانہ کا ضعف دور ہو کر اعصاب میں قوت بڑھتی ہے۔ اور طاقت باہ کے حق میں ایک عجیب شے ہے۔ **نسخہ:** ایک سیر گائے کا گھی آگ پر اتنا گرم کریں کہ اس پر کف مائل بسرخی آ جائے۔ پھر سرد کر کے ایک سیر مصری ملا کر خوب یکجان کریں اور ۲۵ عدد زردی بیضہ مرغ ملا کر خوب یک جان کریں۔ اور ۵ تولہ دودھ میں ۳

ماشہ زعفران عمدہ خوب گھس کر ملا دیں۔ اور الائچی خورد ۲۱ عدد۔ مغز بادام ۱۵ تولہ۔ سپاری چھالیہ ساڑھے ۳ تولہ۔ خرما ۲ تولہ دودھ میں گھس کر آگ پر پکائیں۔ جب حلوا کی طرح ہو جائے تو آدھ پاؤ گھی میں آگ پر بریاں کریں۔ جب سرخی مائل ہو جائے تو دوسری دواؤں میں شامل کریں۔ اب آگ پر رکھ کر نرم آنچ پر پکائیں۔ ایک ساعت کے بعد روغن جدا ہو جائے گا۔ اس وقت ساگودانہ گھس کر ریشہ برگد کے پانی میں تر کر کے اس میں داخل کریں۔ پھر ۵ ساعت خوب یکجان کر کے دیگدان سے اتاریں۔ اور اشیاء مفصلہ ذیل اس میں ملالیں۔ کشتہ صدف مروارید ۳ ماشہ۔ مربائے بیب ۱۰ تولہ۔ دال نخود بریاں ۵ تولہ۔ موصلی دکھنی ۱۰ تولہ۔ مغز نارجیل۔ مغز اخروٹ ہر ایک ۵ تولہ۔ شہد خالص ۱۰ تولہ۔ ورق نقرہ ایک دفتری ملا کر آگ پر رکھیں۔ اور ۲ گھڑی خوب ہلاتے رہیں۔ پھر اتار کر صبح اور شام ۲۔۲ تولہ کھایا کریں۔ اگر مزاج بہت گرم ہو تو سردی کے دنوں میں تیار کریں یاد رہے کہ موصلی وغیرہ اشیاء تب ملائیں جب گھی حلوے سے علیحدہ ہو جائے۔ ورنہ موصلی کی تاریں لچک دار ہو کر بے مزہ دیتی ہیں۔ اور اگر بعد جدا ہونے گھی کے تیز آگ سے پکائیں تو انڈوں کا جوہر جل جاتا ہے۔ سو اگرچہ دیر لگے۔ مگر نرم نرم آنچ پر پکانا چاہیے۔

نوٹ اگر اس میں کشتہ فولاد ایک تولہ ملالیا جائے تو اور بہتر ہے۔

حب مقوی اعضاء رئیسہ یہ گولیاں نہایت اعلیٰ درجہ کی مقوی اعضاء رئیسہ ہیں۔ تمام قواء کو طاقت دیتی ہیں۔ محرک قوت باہ اور معدہ اور جگر کے لیے نہایت فائدہ بخش ہیں۔ کمال ضعف کی حالت میں ایک گولی کھلانے سے فی الفور قوت قائم ہو جاتی ہے اور غشی کی حالت میں فی الفور ہوش و حواس برقرار ہو جاتے ہیں۔ اعصاب کو خاص تقویت دیتی ہے اور مقاربت کے بعد ۲ حب ہمراہ شیرہ مغز بادام اور شیر گاؤ کے کھانے سے ضعف دور ہو کر طاقت بحال ہو جاتی ہے اور اچھا فائدہ دکھانے والی چیز ہے۔ **نسخہ** مروارید ناسفتہ۔ مشک۔ عنبر۔ جوہر لوبان خانہ ساز۔ ورق نقرہ۔ ورق طلاء زعفران۔ ابریشم مقرض خام ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو باریک کھرل کر کے دانہ باجرہ کے برابر گولیاں بنائیں۔

معجون خاص قوت باہ کے بڑھانے کے لیے لاثانی اور عجیب الوصف شے ہے کمزور ناطاقت کے لیے مستقل فائدہ دینے والی چیز ہے اور واقعی مجرب ہے۔

اکثر دفعہ تجربہ میں آ چکی ہے۔ **نسخہ** آب پیاز۔ شہد۔ خالص ہر ایک ایک سیر پختہ۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ ثعلب مصری۔ بہمن سرخ و بہمن سفید۔ زنجبیل۔ تخم پیاز۔ تخم ترب۔ تخم شلغم۔ تخم گندنا۔ تخم نکھارا۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ قلعی ہر ایک ایک تولہ۔ مشک ایک ماشہ۔ پہلے آب پیاز و شہد کو باہم ملا کر آنچ پر قوام کریں۔ اور دیگدان سے اتار کر باقی ادویہ باریک کوٹ پیس کر ملائیں۔ **مقدار خوراک** ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک دودھ گاؤ کے ہمراہ کھلائیں۔

عجیب الوصف گولیاں طاقت بڑھانے اور رکاوٹ کے لیے سریع التاثیر ہیں۔ سرعت کا دنوں میں ہی دفعیہ کرتی ہیں۔ بعض بعض طبیعتوں میں حیرت ناک اثر دکھاتی ہیں اور اکثر تجربہ میں آ چکی ہیں۔ **نسخہ** جدوار خطائی ایک ماشہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ کرم عروسک سرخ ۲ ماشہ۔ مشک خالص ۲ رتی۔ کھا ایک عدد۔ دودھ برگد ۶ ماشہ سب کو باریک پیس کر دودھ برگد میں کھرل کریں۔ ایک چراغ مَیں گھی ڈال کر جلائیں اور اس کے اوپر اس دوا کو گرم کر کے بقدر نخود گولیاں بنالیں اور خشک کر کے محفوظ رکھیں۔ **مقدار خوراک** ایک گولی صبح ہمراہ دودھ۔ اگر بوقت شام ایک گولی کھائیں تو ـــــ عجیب لطف اٹھائیں۔

جریان معجون صفراوی مزاجوں کے لیے نہایت مفید ہے۔ سرعت رقت اور خرابی خواب کا پورے طور پر دفعیہ کرتی ہے۔ اور جریان ہر قسم کے دفعہ کرنے میں تو خصوصیت سے اکسیر ہے۔ علاوہ ازیں جریان الرحم و سیلان الرحم کے لیے بھی خاص طور پر مجرب ہے اور اکثر تجربہ میں آ چکی ہے۔ **نسخہ** شیر برگد نیم پاؤ۔ روغن زرد آدھ سیر۔ دونوں کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ اور شکر سفید ایک سیر داخل کر کے تینوں کو کفچہ سے خوب آمیز کریں۔ یہاں تک کہ تینوں یک جان ہو جائیں۔ پھر سپاری تلیہ کا سفوف نیم پاؤ۔ تخم املی کا آٹا نیم پاؤ۔ مازو ایک چھٹانک۔ مغز بادام ایک پاؤ۔ ثعلب مصری نیم پاؤ۔ موچرس ۵ تولہ۔ کشتہ قلعی ۲ تولہ۔ کشتہ تر دھاتہ ایک تولہ۔ سب کو باریک کر کے ملائیں۔ **مقدار خوراک** ۶ ماشہ سے ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ گاؤ۔ جریان کے دفعیہ کے علاوہ بدن میں خوب طاقت آئے گی۔

سفوف مفید جو سرعت۔ رقت اور خرابی خواب کے لیے خصوصیت سے مفید ہے۔ اور ایک اچھا خاصہ فائدہ دکھاتا ہے۔ **نسخہ** موچرس۔ کمرکس۔ کتیرا۔ تالمکھانا۔ موصلی سفید۔ کوکنار ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ فولاد ۳ ماشہ۔ باریک سفوف کر کے ہموزن کھانڈ ملا لیں۔ **مقدار خوراک** ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام دودھ سے کھایا کریں۔

سفوف مقوی دماغ گو یہ سفوف مختصر الاجزاء ہے مگر دماغی طاقت کے بڑھانے میں اچھا خاصا اثر دکھاتا ہے اس کی مداومت نہ صرف قوت دماغی ہی بڑھاتی ہے بلکہ طاقت باہ کو بھی بڑھا دیتی ہے۔ **نسخہ** برہمی بریاں اور روغن گاؤ ۱۰ تولہ۔ مغز بادام۔ چہار مغز۔ کشنیز ہر ایک ۵ تولہ۔ مغز پستہ۔ دانہ الائچی خورد۔ موصلی سفید۔ ثعلب مصری۔ ہر ایک ڈھائی تولہ۔ ان سب کو باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ **مقدار خوراک** ۵ ماشہ صبح اور ۵ ماشہ شام دودھ گاؤ کے ہمراہ۔ غذا عمدہ اور مرغن کھائیں اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ برہمی بریاں کرتے وقت جل نہ جائے۔

معجون فلاسفہ بیضوی گو مشہور نسخہ ہے اور عام کی نظروں میں گذرا ہوگا۔ مگر میرے تجربہ میں یہ نہایت مفید نسخہ ثابت ہوا ہے۔ قوت باہ کے بڑھانے میں عجیب چیز ہے۔ علاوہ ازیں تمام اعضاء رئیسہ کو تقویت دیتا ہے۔ تقویت گردہ و پشت کے لیے بھی اکسیر ہے۔ مولد و مغلظ منی اعلیٰ درجہ کا ہونے کے باوجود کمال درجہ کا لذیذ بھی ہے۔ بوڑھوں کے لیے تو آب حیات ہے۔ **نسخہ** ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ زراوند مدحرج۔ دار چینی۔ دار فلفل۔ فلفل سیاہ۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ بیخ بابونہ۔ گل بابونہ۔ شیطرج ہندی ہر ایک ایک تولہ۔ مغز نارجیل۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ ہر ایک ۲ تولہ۔ مغز بادام۔ مغز اخروٹ۔ مویز منقیٰ ہر ایک ۳ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۴۰ عدد۔ کھویہ شیر گاؤ ایک پاؤ پختہ مصری اور شہد مساوی الوزن تمام ادویات سے سہ چند۔ حسب دستور معجون بنالیں۔ **مقدار خوراک** ایک تولہ صبح ایک تولہ شام دودھ کے ہمراہ۔

زرگنڈی پاک از حد مقوی باہ قوت باہ کے بڑھانے میں اکسیر سے بڑھ کر کام دیتا ہے۔ علاوہ ازیں تمام اعضاء کو طاقت دیتا ہے۔ خصوصاً حافظہ۔ باصرہ اور ہاضمہ۔ مولد خون صالح۔ مفرح۔ مقوی قلب ہے۔ **صفت۔** زرگنڈی۔ منڈی۔ بھنگرہ۔ آملہ۔ ستاور ہر ایک آدھ سیر۔ اسگند ناگوری۔ موصلی سیاہ۔ تخم

کنوچہ۔ گوکھرو کلاں۔ بو پھلی۔ تالمکھانا۔ سگند بالا ہر ایک پاؤ سیر۔ تج بل آدھ پاؤ۔ سب کو نیم کوب کر کے آٹھ حصہ پانی میں پکائیں۔ جب پنجم حصہ پانی باقی رہ جائے۔ تو صاف کر کے مصری ایک سیر۔ شہد آدھ سیر۔ روغن زرد ایک پاؤ۔ کھویا آدھ سیر ملا کر پکائیں' جب گاڑھا ہو جائے تو زعفران۔ طباشیر۔ لونگ۔ مصطگی۔ جائفل۔ جاوتری۔ دارچینی۔ صندل۔ دانہ الائچی خورد۔ اگر دانہ الائچی کلاں ہر ایک ایک تولہ۔ مشک خالص ۳ ماشہ سفوف کر کے ملائیں۔ مغز بادام۔ مغز چرونجی چار چار تولہ بھی شامل کر لیں۔ **مقدارِ خوراک** ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام دودھ سے کھائیں۔

ضماد عجیب الفعل جو کہ واقعی بے نظیر ہے۔ اس کا اکیس روز کا استعمال ہر قسم کی سستی۔ کمزوری کو نیست و نابود کر کے طاقت کو پھر سے چمکا دیتا ہے اور بالکل بے کار شدہ کو ازالہ بکارت پر قادر کر سکتا ہے۔ **نسخہ** مصطگی رومی۔ قرنفل۔ دودھ مدار۔ ریگ ماہی' عاقرقرحا۔ جائفل ہر ایک ۵ درم۔ روغن گاؤ ۴ دام۔ پہلے تمام دواؤں کا باریک سفوف کر کے کڑچھی میں ڈال لیں اور ایک دام روغن زرد ڈال کر نیم کی لکڑی سے تمام دن رگڑتے رہیں۔ پھر ۶ یوم تک فی یوم نیم دام روغن ڈال کر رگڑا دیں ساتویں دن استعمال کے قابل ہو گا۔ اس کو صرف پشت عضو پر لیپ کریں۔ احتیاط رکھیں کہ اور کسی جگہ نہ لگے۔ پانی سرد سے پرہیز رکھیں ایک ہفتہ تک آرام ہو جایا کرتا ہے اور اکیس یوم میں کامل شفا ہو جاتی ہے۔

طلائے مقوی کمزوری اور سستی کے لیے از حد مفید ہے اور بارہا تجربہ میں آ چکا ہے۔ اکیس یوم کے استعمال سے کلی صحت ہو جاتی ہے۔ **نسخہ** قرنفل ۳ تولہ۔ دارچینی ۳ تولہ۔ حب الملوک ۶ تولہ۔ بیخ مدار ایک تولہ۔ بیخ کنیر سفید ایک تولہ۔ تخم دھتورہ ایک تولہ ان سب کو بھیڑ کے دودھ میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں۔ اور خشک ہو جانے پر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں۔ اعضاء مخصوص کا اگلا حصہ اور سیون کو چھوڑ کر خصیہ بچا کر صرف اوپر والے حصہ پر طلا کریں۔ اور اوپر برگ پان لپیٹ دیا کریں۔ پانی سرد سے بالکل پرہیز رکھیں۔

طلائے گجگرن بالکل از کار رفتہ نامرد کو از سر نو مرد بنا دیتا ہے مخلوق کے لیے آب حیات سے کم نہیں۔ ہر قسم کی کمزوری۔ سستی کو اور پس و پیش کو

بہترین طریقہ سے دور کر دیتا ہے اور واقعی قابل قدر چیز ہے۔ نسخہ کچلہ باریک کردہ ۳ عدد۔ خفاش ایک عدد۔ سانڈہ ۲ عدد۔ بیربہوٹی ایک تولہ۔ مالکنگنی۔ ایک تولہ۔ میٹھا تیلیہ ایک درم۔ سم الفار ایک درم۔ رتک سفید ۶ ماشہ۔ خراطین خشک۔ پوست بیخ دھتورہ۔ پوست بیخ کنیر سفید ہر ایک ۲ دام باریک کر کے نیم سیر بھیڑی کے دودھ میں کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے تو آتشی شیشی میں ڈال کر بذریعہ پتال جنتر روغن نکالیں۔ اور بقدر ۲ رتی کے اگلا حصہ چھوڑ کر مالش کر کے اوپر برگ ارنڈ باندھیں۔ تین یوم غایت ایک ہفتہ میں قوت مسلوبہ واپس آ جاتی ہے۔ اور واقعی اسرار حاذقین میں سے شمار کرنے کے لائق ہے۔

مقویات

از جناب حکیم محمد علی صاحب سند یافتہ طبیہ کالج دہلی بیت الصحت امرتسر

ماء اللحم خاص الخاص جو کہ بدن کو توانا۔ مضبوط اور موٹا کرتا ہے۔ چہرہ کی رنگت کو نکھارتا۔ خون پیدا کرتا اور بھوک بڑھاتا ہے۔ مقوی باہ و اعضاء رئیسہ ہے اگر اسے موسم سرما کا تحفہ کہا جائے تو بجا ہے۔ یہ نسخہ خاص استاذی عالی جناب حاذق الملک بہادر دہلوی کا مجوزہ ہے جو کہ انہوں نے نہایت مہربانی سے ہندوستانی دواخانہ کو عنایت فرمایا ہے۔ اور ہندوستانی دواخانہ ہر سال اس ماء اللحم کی سینکڑوں بوتلیں بیچتا ہے۔ چنانچہ آج ہم بھی اپنے مکرم دوست کے ایما سے ناظرین کی خاطر درج کرتے ہیں۔ نسخہ سنبل الطیب۔ ساذج ہندی۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ قاقلہ صغار۔ قاقلہ کبار۔ قرنفل۔ دار چینی۔ عود خام۔ اترج۔ گاؤزبان۔ زعفران۔ بوزیدان۔ اشنہ۔ صندل سفید۔ بادرنجبویہ۔ کشنیز خشک۔ فرنجمشک۔ زرنباد۔ بادیان۔ درونج عقربی۔ مصطگی رومی۔ سعد کوفی۔ ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ۔ شقاقل مصری۔ گل سرخ۔ ابریشم مقرض ہر ایک ۲ تولہ۔ گوشت حلوان ۶ سیر۔ چوزہ مرغ ۴ عدد۔ بٹیر ۴ عدد۔ تیتر ۷ عدد۔ عرق بید مشک ایک سیر۔ عرق گاؤزبان ڈھائی سیر۔ عرق بادرنجبویہ ۲ سیر۔ آب انگور ایک سیر۔ آب سیب ایک سیر۔ آب بہی ایک سیر۔ مشک خالص ۴ ماشہ۔ عنبر ۲ ماشہ۔ ریگ ماہی آدھ ثار۔ ماہی روبیاں آدھ ثار۔ خشک ادویات کو ان عرقیات میں بھگو دیں اور پھلوں کا پانی علیحدہ رکھیں اور

گوشت اور مچھلیوں کو پکا کر یخنی تیار کریں۔ اور پھر سب کو ملا کر دیگدان پر چڑھا دیں۔ اور عنبر۔ مشک۔ زعفران پوٹلی میں باندھ کر نیچے میں لٹکا دیں۔ اور اس وزن کی ۱۴ بوتل کشید کریں۔ **مقدار خوراک** ۵ تولہ قدرے مصری ملا کر۔ گرم مزاج والے اصحاب اس میں قدرے عرق بید مشک یا عرق کاسنی ملا کر پی سکتے ہیں۔

السی کا ناشتا السی بریاں ایک سیر۔ گندم بریاں ایک سیر دونوں کو باریک پیس کر آٹا بنائیں اور روغن زرد ۲ سیر میں بھونیں۔ جب سرخ ہو جائے قند سفید ۲ سیر قوام کر کے ڈالیں اور ہلا دیں۔ جب گھی الگ ہونے لگے تو اشیاء ذیل جوکوب کر کے ملائیں۔ مغز بادام آدھ ثار۔ مغز کدو ۱۵ تولہ۔ مغز تربوز ۱۵ تولہ۔ مغز خیارین ۱۵ تولہ۔ کشمش سبز ۱۵ تولہ۔ دانہ الائچی ۹ تولہ۔ مغز نارجیل ۹ تولہ۔ مغز اخروٹ ۹ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۹ تولہ۔ بادیان ۱۰ تولہ۔ سب کو ملا کر نیچے اتار لیں۔ **مقدار خوراک** روزانہ ۶۔ ۷ تولہ تک کھائیں۔ **نوٹ** السی کے ناشتہ میں بڑی احتیاط یہ ہے کہ اس کو کھاتے وقت پانی بالکل نہ پئیں۔ یہ ناشتہ اکثر بوڑھے آدمیوں کو مفید پڑتا ہے۔ مقوی باہ' مولد خون اور کمر کے درد کو فائدہ دیتا ہے۔

دال کا ناشتہ اس کے واسطے عموماً چنے اور ماش کی دال ہی کام آتی ہے۔ دال نخود بریاں یا دال ماش مقشر ایک سیر۔ پیس کر آٹا بنائیں۔ اور روغن زرد ایک سیر میں خوب بریاں کریں۔ کہ سرخ ہو جائے بعد قند سفید ۲ سیر کا قوام کر کے اس میں ڈالیں۔ اور ہلائیں۔ جب گھی الگ ہونے لگے تو مغز بادام مقشر ۱۰ تولہ۔ مغز کدو ۵ تولہ۔ مغز تربوز ۵ تولہ۔ کشمش سبز ۱۰ تولہ۔ دانہ الائچی ۴ تولہ۔ بادیان ۵ تولہ۔ نیم کوب کر کے شامل کریں۔ جب خوب مل جائے تو اتار کر رکھیں۔ **مقدار خوراک** ۵ تولہ سے ۸ تولہ تک۔

نشاستہ کا ناشتہ نشاستہ آدھ ثار کو تین پاؤ روغن زرد میں خوب بریاں کریں۔ کہ سرخ ہو جائے۔ بعدہ قند سفید ایک سیر کا قوام کر کے ڈالیں اور ہلائیں۔ جب گھی الگ ہونے لگے تو مغز بادام ۱۰ تولہ۔ مغز خیارین ۵ تولہ۔ دانہ الائچی ۴ تولہ۔ کشمش سبز ۵ تولہ بطریق مذکورہ بالا ملا کر اتار لیں۔ **مقدار خوراک** ۵ تولہ۔ یہ ناشتہ عورتوں کے لیے زیادہ مفید ہے۔

حلوائے بیضہ مرغ جو کہ سب ناشتوں سے عمدہ اور لذیذ اور ہر طبیعت کے موافق ثابت ہوا ہے۔ طالب علموں کے لیے تو حرز جان ہے۔ تعلیم کے زمانہ میں جب کہ میں طبیہ کالج دہلی میں تھا تو نہ صرف امتحان کے دنوں میں بلکہ ہمیشہ سردیوں میں اس حلوے کو بنا کر خود استعمال کیا کرتا تھا۔ جو کہ ہاضم اور اعلیٰ درجہ کا خوش مزہ ہے چند روز کے استعمال سے چہرہ سرخ ہو جاتا تھا۔ **نسخہ** زردی بیضہ مرغ ۲۴ عدد۔ روغن زرد آدھ مار۔ مغز بادام مقشر آدھ مار۔ آب پیاز آدھ مار۔ آب ادرک آدھ مار۔ قند سفید آدھ مار۔ پہلے روغن کو پتیلے میں ڈال کر آب پیاز۔ آب ادرک ڈال دیں۔ اور خوب ہلائیں۔ جب پانی جل جائے اور گھی الگ ہونے لگے۔ تو مغز بادام مقشر کو شیر گاؤ میں باریک پیس کر زردی بیضہ مرغ ملا کر دیگچے میں ڈال کر ہلائیں۔ اور قند سفید ڈال کر خوب حل کریں۔ جب گھی جدا ہونے لگے۔ تو اتار لیں۔ **مقدار خوراک** ۲ تولہ ہر صبح کھائیں۔ غذا مرغن

مجربات خاص شمسی

از جناب حکیم ابوالفقر محمد شمس الحق صاحب حکیم حاذق امرتسر

خدا کے فضل و کرم سے ذیل میں وہ مجربات تجربہ شدہ درج کرتا ہوں جو ہمارے شفاخانہ میں ہر وقت تیار رہتے ہیں اور جن سے صدہا احباب نے فائدہ اٹھایا ہے اور جو یقینی مجرب ہیں۔

طلاء شمسی یہ طلاء ہماری ادویات میں مایہ ناز ہے اور ہمارے راز مخفیہ میں سے ہے جو میں آج ناظرین کی نذر کرتا ہوں۔ حالانکہ لوگوں کے صدہا اصرار سے بھی انکار تھا۔ اور اس کے ذریعہ ہفتہ دو ہفتہ کے استعمال سے ہی مایوس مریض مقصد مرام کو پہنچ جاتے ہیں۔ غوک جنگلی ایک عدد۔ خراطین۔ زلو خشک۔ بیربہوٹی ہر ایک ۲ تولہ۔ ان چاروں ادویات کو روغن چنبیلی میں تر کر کے آتشی شیشی میں ڈال کر روغن نکالیں۔ ریگ ماہی۔ جندبید ستر۔ زعفران ہر ایک ۶ ماشہ۔ بیخ کنیر۔ عاقر قرحا۔ رتک سفید ہر ایک ایک تولہ۔ شنگرف۔ سم الفار سیاہ و سفید۔ مشھا تیلیہ ہر ایک ۸ ماشہ۔ تخم دھتورہ سیاہ ہر ایک ایک

تولہ۔ بچھو ایک عدد جو لمبی ٹانگوں والا۔ جائفل ۲ تولہ ان ادویات کو خوب ایک ہفتہ کھرل کیا جائے۔ جب خوب یکجا ہو جائیں ان کو روغن کنجد میں کھرل کر کے طشت میں رکھ کر دھوپ میں رکھا جائے۔ ٹیڑھا کر کے طشت کو رکھیں۔ جب اجزاء سب یک طرف ہو جائیں تو اس روغن کو حسابقہ روغن میں ملا کر مشک ۲ ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ عطر گلاب ایک تولہ۔ عطر خس۔ عطر حنا ہر ایک ۹ ماشہ۔ چربی شیر۔ چربی ریچھ ہر ایک ایک تولہ ملا کر روغن تیار کر کے محفوظ رکھا جائے۔ بوقت ضرورت اگلا حصہ و سیون چھوڑ کر ملا جائے یقینی فائدہ حاصل ہو گا۔ مجربات سے ہے۔

طلاء شباب یہ طلا بھی بے نظیر ہے۔ جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ ہمارا مقصد احباب کو طمع سازی سے گمراہ کرنا نہیں ہے جو چیز عمدہ ہوتی ہے اس پر خود ہی اجتماع ہو جاتا ہے۔ **نسخہ** تخم انجرہ۔ جندبیدستر۔ حلتیت ہر ایک ایک تولہ۔ مالکنگنی ۴ تولہ۔ زلو خشک۔ خراطین۔ فلفل دراز۔ عاقرقرحا۔ کچلہ مدبر۔ دارچینی۔ قرنفل۔ کباب چینی ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ میل بدن انسان ۲ تولہ۔ شنگرف ایک تولہ۔ تمام کو آب پیاز نرگس میں خوب کھرل کر کے یکجان کر لیں۔ سم فیل ۳ تولہ کو سوہان کر کے بھی ملا لیں۔ اور پتال جنتر سے روغن کشید کر کے چربی غوک۔ روغن زیت۔ روغن خیری۔ روغن بلسان ہر ایک ایک تولہ ملا کر حفاظت سے رکھیں۔ اور تمام عضو پر پیڑو اور کنج ران پر ملا کریں۔

حبوب سرعت دافع دقت منی وغیرہ و مغلظ شدید۔ عود قماری۔ قرنفل۔ فلفل ہر ایک ۳ ماشہ۔ زعفران نیم ماشہ۔ بالنگو ۶ ماشہ۔ تخم بابونہ ۴ ماشہ۔ تخم تمر ہندی ایک تولہ۔ شقاقل مصری ۲ تولہ۔ مروارید ساڑھے ۳ ماشہ سب کو باہم ملا کر شہد کے ہمراہ حبوب بقدر نخود تیار کریں۔ **مقدار خوراک** ۳ گولی سے ۵ گولی تک۔

حلوائے مقوی بدن و باہ و خون کو پیدا کرتا ہے مولد منی و مہیج باہ ہے۔ دافع تمام شکایات جلق و دافع جریان وغیرہ صدہا مریض اس سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ **نسخہ** زردی بیضہ مرغ ۵۰ عدد۔ کھویا شیر پانچ سیر دودھ کا زردی میں ملائیں۔ اور بجائے مصری کے ترنجبین کا شیرہ ملا کر حلوا بنا کر زعفران ۶ ماشہ۔ عنبر ایک ماشہ۔ مشک ایک ماشہ۔ ورق نقرہ ۵۰ عدد ملا کر حلوا تیار کریں۔ **مقدار خوراک** ایک تولہ سے ۲ تولہ تک دودھ کے ساتھ۔

سفوف جریان جریان منی۔ مذی۔ ودی وحدت و حرقت و رقت منی کے لیے از حد مفید ہے۔ ہفتہ عشرہ میں شکایات رفع ہو جاتی ہیں۔ **نسخہ:** طباشیر۔ صندل سفید و سرخ۔ بو پھلی۔ کشنیز خشک۔ کاہو۔ خرفہ۔ ست اسبغول۔ ست گلو ہر ایک ایک تولہ۔ مغز کنول گٹہ۔ ثعلب مصری۔ پھلی ببول تالمکھانا۔ تخم اونگن۔ تخم سریالہ۔ بیج بند گجراتی۔ مصطگی رومی ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ مازو سبز۔ مغز تمرہندی۔ موصلین۔ بہمنین ہر ایک ۳ تولہ۔ کشتہ قلعی در بھنگ تیار کردہ۔ کشتہ مرجان و صدف ہر ایک ایک تولہ۔ سلاجیت خالص ۲ تولہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ **مقدار خوراک** ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔ پرہیز لال مرچ و ترشی سے۔

سفوف دیگر دافع جریان ہے۔ برگ املی۔ تخم املی۔ سپاری۔ صمغ عربی۔ کتیرا ہر ایک ایک تولہ سب کو کوٹ چھان کر ہمراہ شربت خشخاش یا عناب کے دیں۔ **مقدار خوراک** ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام دیں۔

معجون خاص بوڑھوں کو ایام شباب کے آثار اور مجلوقین و مایوسین کو آب حیات کا معجزہ دکھانے والا اپنی بے نظیری کا خود مدعی ہے جس کو یہ معجون دیا گیا خدا کے فضل و کرم سے مسیحائی جذبات کا نمونہ دیکھا گیا۔ **نسخہ:** آب ادرک۔ آب پیاز۔ آب گزر۔ آب شلغم ہر ایک ایک پاؤ پختہ شہد ۳ پاؤ۔ مصری ایک پاؤ باہم ملا کر قوام کر کے ذیل کی ادویہ ملا کر معجون تیار کریں۔ شقاقل مصری۔ ثعلب مصری۔ مغز بادام۔ مغز کدو۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پنبہ دانہ ہر ایک ۳ تولہ۔ تج۔ جائفل۔ دار فلفل۔ خولنجان۔ دار چینی۔ زنجبیل ہر ایک ۴ ماشہ۔ روغن زرد ۳ پاؤ پختہ۔ زردی بیضہ مرغ ۳۰ عدد۔ کھویہ شیر ڈیڑھ پاؤ پختہ۔ **مقدار خوراک** تولہ سے ڈیڑھ تولہ تک حسب برداشت۔

مجربات ابراہیمی

از جناب حکیم ڈاکٹر مرزا محمد ابراہیم بیگ صاحب شفاخانہ محمدیہ فیروزپور

نسخہ حبوب ممسک و مبہی و مغلظ منی۔ بادیان۔ فلفل گرد۔ بنسلوچن۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ زعفران۔ پوست آملہ۔ دار چینی قلمی۔ کندر۔ مر۔ سعد کوفی۔

مصطگی رومی۔ اسارون۔ گوند مغیلاں۔ گوند کتیرا ہرایک ۴ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۶ ماشہ۔ ثعلب مصری ۵ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۵ تولہ۔ سب کو الگ الگ کوٹ چھان کر مویز منقیٰ میں ملا کر کوٹ کر بقدر نخود گولیاں بنائیں رات کو ہمراہ عرق گلاب نگل لو نہایت ہی مجرب ہیں۔

حلوائے اکسیر جریان برہم ڈنڈی بوٹی۔ گورکھ پان بوتی۔ مصطگی رومی۔ بھنگ بریاں دیسی۔ بوچھلی بوٹی۔ پھلی ببول خام جوش شدہ دودھ بزنیم آثار۔ پوست اسبغول ہرایک ۳ تولہ۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ قلعی ہرایک ۳ ماشہ۔ ماسوائے ہر دو کشتہ کے تمام ادویہ و بوٹیاں علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ بعدہ کشتہ جات شامل کریں۔ ایک تولہ سفوف حلوا نشاستہ گندم ۷ تولہ جس میں روغن زرد زیادہ مقدار میں بمعہ میوہ جات ڈال کر تیار کیا گیا ہو ڈال کر استعمال کریں۔ پھر قدرت کا مشاہدہ فرمائیں۔ مجرب المجرب ہے۔ مبہی۔ ممسک بھی یہ حلوا پرلے درجہ کا ہے۔

نسخہ حبوب لاثانی ممسک لاثانی مجرب المجرب ہے۔ دارچینی۔ قلفل دراز۔ قلفل گرد۔ عاقرقرحا۔ زنجبیل۔ سفوف کچلہ مدبر شدہ ہرایک ۶ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ الگ الگ کوٹ چھان کر مویز منقیٰ میں حبوب بقدر نخود کے بنائیں۔ ایک حب ہمراہ عرق ماء اللحم دو آتشہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ یہ طلسمیہ حبوب ہیں۔

معجون ابراہیمی مقوی دماغ و گردہ و مثانہ۔ دافع نسیان و ضعف دل۔ فربہی و مقوی باہ۔ تخم پیاز۔ تخم شلغم۔ تخم کاہو۔ مغز نارجیل تازہ۔ تخم خشخاش۔ تودری سرخ و سفید ہرایک ایک تولہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز گردگاں۔ مغز چلغوزہ مغز خیارین۔ مغز کدو۔ مغز پستہ ہرایک تین تولہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ زنجبیل۔ کباب چینی۔ دارچینی۔ شقاقل مصری۔ تخم بلبون۔ خولنجاں شیریں ہرایک ایک تولہ۔ مصطگی رومی۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ ہرایک ۴ تولہ۔ مغز پنبہ۔ کنجد سفید۔ تخم گاجر ہرایک ڈیڑھ تولہ۔ تمام ادویہ خشک پیس چھان لیں۔ بعدہ مغزیات کو باریک کرکے ہمراہ ملالیں اور شہد خالص سہ چند تمام ادویہ کے ملا کر معجون تیار کرلیں۔ مقدار خوراک ۷ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ دودھ گاؤ۔

مجرباتِ دوست

از جناب حکیم مولوی دوست محمد خاں صاحب ارمڑ ضلع ہوشیارپور

معجون نہایت مقوی باہ۔ مولد خون صالح۔ دافع جریان۔ مبہی۔ مفرح اعظم۔ ست و نامرد کے لیے آب حیات صدری و کنزی معجون ہے۔ **نسخہ** آرد خرما ۴ تولہ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ اندر جو شیریں۔ مغز تخم پیٹھہ۔ عاقرقرحا۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ چرونجی۔ کرکس۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ قشر خرما۔ پلنگ توڑ۔ جائفل۔ ستاور۔ پنیر مایہ شتر اعرابی۔ مغز پنبہ دانہ۔ ست اسبغول ہر ایک ایک تولہ موچرس بشیر پرورده۔ چرونجی۔ آرد سنگھاڑا۔ موصلہ درخت سنبل (دو سالہ درخت سنبل کی جڑھ) مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ نارجیل دریائی۔ مغز اخروٹ۔ مغز فندق۔ ست برگ برگد۔ مغز تخم املی مقشر۔ کنجد مقشر ہر ایک ۲ تولہ۔ تالمکھانا۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ تخم کھرنی۔ مشک اصلی سوا ماشہ۔ ریگ ماہی نر ۲ تولہ۔ مغز تخم پیلو۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ تودری زرد ہر ایک ۹ ماشہ۔ نشاستہ ۴ تولہ۔ طباشیر نیلگوں ۶ ماشہ۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ طلاء۔ کشتہ چاندی۔ کشتہ سہ دھاتہ۔ زعفران۔ مروارید ہر ایک ۳ ماشہ۔ عنبر اشہب ایک ماشہ۔ شہد و مصری مساوی الوازن تمام ادویہ سے ۳ سہہ چند حسب دستور معجون بنائیں۔ کشتہ فولاد۔ مشک۔ مروارید۔ کشتہ طلاء۔ عنبر اشہب۔ کشتہ سہ دھاتہ۔ زعفران۔ طباشیر۔ کشتہ چاندی کو روح کیوڑا ۴ تولہ۔ روح بید مشک ۴ تولہ میں حل کریں۔ خوراک ۶ ماشہ دودھ کے ساتھ ازحد مقوی ہے۔ موسم سرما کا ایک عجیب تحفہ ہے۔

گولیاں مقوی۔ مبہی۔ مفرح۔ ممسک۔ دافع سستی نامردی۔ جریان۔ خرابی خواب۔ سرعت۔ رقت۔ **نسخہ** مغز تخم املی مقشر۔ قشر خرما۔ موصلہ درخت سنبل۔ آرد گوکھرو۔ آرد سنگھاڑا۔ مغز پنبہ دانہ۔ ریگ ماہی نر۔ چرونجی ہر ایک ایک تولہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ جدوار اصل۔ ست بوپھلی۔ جائفل۔ اندر جو۔ موچرس بشیر درخت بڑ پرورده۔ تالمکھانا۔ پھول مکھانا۔ پلنگ توڑ ہر ایک ۶ ماشہ۔ تخم کھرنی۔ جائفل۔ کشتہ صدف۔ ماہی سقنقور۔ مصری ابابیل۔ پنیر مایہ شتر اعرابی۔ جندبید ستر۔ زعفران۔ مروارید ناسفتہ۔ کشتہ

قلعی۔ کشتہ فولاد ہر ایک ۳ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ ۲ عدد۔ مشک ماشہ۔ تمام ادویات کو کوٹ پیس کر آب ادرک میں گولیاں بقدر کو کن بیر کے بنائیں۔ **مقدار خوراک** ۲ گولی باشیر۔ نہایت مجرب صدری اکسیری۔ کنزی نسخہ ہے۔

حبوب نشاط ممسک۔ مبہی۔ مللف۔ تا ترشی نخورد ---- نشود۔ گوند ببول۔ کیترا۔ کہربا شمعی۔ کشن خرما۔ آرد خرما۔ زہر مہرہ۔ ست سلاجیت۔ جدوار اول۔ مغز تخم املی مقشر۔ بزرالبنج ہر ایک ۳ ماشہ۔ افیون ۲ رتی۔ زعفران ڈیڑھ ماشہ۔ مشک ایک ماشہ۔ ماہی سقنقور ایک ماشہ۔ تخم کمرینٹی ایک ماشہ۔ یاقوت ایک رتی۔ ورق طلا ۲ عدد۔ تمام اشیاء کو کوٹ پیس کر آب برگ شدیوی میں گولیاں بقدر نخود بنائیں اور ---- سے ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی دودھ سے کھائیں تا ترشی نخورد --- نشود۔ گھنٹوں لطف حاصل کیجئے بہت ہی مجرب بے ضرر اکسیری ہیں۔

روغن فریفتہ و شیدا کرنے والا۔ چوبہ عود خام ۳ ماشہ۔ عطر گلاب ۳ تولہ۔ کافور مسعد ۲ تولہ۔ سالہ چوبہ۔ بنجال کبوتر صحرائی ہر ایک ایک ماشہ۔ خاکستر موئے عورت۔ بیربہوٹی ہر ایک ۳ ماشہ۔ عاقرقرحا ایک ماشہ۔ میعہ سائلہ اصلی ۶ ماشہ۔ عطر عنبر ۲ رتی۔ تمام ادویات کو کوٹ پیس کر عطریات ملائیں۔ پھر قدرے شہد ملائیں۔ ایک سیال سابن جائے گا --- سے قبل --- کو لگا کر ---- کریں۔ پس کچھ کہا نہیں جاتا۔ اس کی تعریف اخلاق اور تہذیب سے باہر ہے۔ از حد --- ہے۔

طلائے مقوی مقوی اعصاب۔ معظم۔ مصلب عضو خاص مجلوق کے لیے آب حیات از کار رفتہ کو شیر نر بنانے والا نہایت ہی مفید مطلب مجربہ نسخہ ہے جو آج تک کبھی خطا نہیں گیا۔ پوست بیخ کنیر سفید ۴ تولہ۔ عاقرقرحا تولہ۔ مالکنگنی ۲ تولہ۔ برادہ کچلہ تولہ۔ سم الفار ۳ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ جوشدادہ ۲۰ عدد۔ جونک خشک ۲۰ عدد۔ مینڈک کلاں صحرائی ایک عدد۔ پیہ درل صحرائی تولہ۔ پیہ ریچھ تولہ۔ پیہ شیر تولہ۔ مغز کنجشک نر تولہ۔ خراطین ۲ تولہ۔ بیربہوٹی ۲ تولہ۔ ریگ ماہی نر ۲ تولہ۔ جائفل تولہ۔ لونگ تولہ۔ شاہ دیمک ۱۰ عدد۔ گھونگھی سفید ۲ تولہ۔ پیہ مار سیاہ تولہ۔ مغز پستہ تولہ۔ مغز جمالگوٹہ تولہ۔ چربی سقنقور تولہ۔ ہاتھی کان کا میل ۶ ماشہ۔ پسینہ خصیہ اسب نر مشکی ۳ ماشہ۔ مستی خوک ۸ ماشہ۔ مستی فیل نر ایک ماشہ۔ گندھک تولہ۔ پارہ تولہ۔ گندھک پارہ کی کجلی کر کے

تمام اشیاء کو ایک جگہ ملا کر روغن میں گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں۔ اگلا حصہ و روخت بچا کر بقدر ایک رتی کے مالش کر کے اوپر پان کا پتہ باندھ دیا کریں۔ ایک ہی ہفتہ میں وہ طاقت دے گا۔ جو ضبط نہیں ہو سکے گی۔ مجرب المجرب صدری کنزی مخفیہ میں سے ہے۔

مجربات غوث

از جناب حکیم غلام غوث صاحب از ڈنگہ

معجون مقوی باہ و دماغ۔ دافع ضعف گردہ وغیرہ و مولد منی۔ مسمن بدن اور خوبصورت کرنے والی رنگ رخسار۔ موسم سرما کا خاص قابل قدر تحفہ ہے۔ **نسخہ** مغز بادام مقشر۔ مغز پستہ۔ مغز فندق۔ مغز حب الخضراء۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز حب الزلم۔ مغز حب البطم۔ ریگ ماہی خشک۔ خولنجاں۔ شقاقل مصری۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ زنجبیل۔ کنجد مقشر۔ دارچینی ہر ایک ۶ ماشہ۔ سنبل الطیب۔ سعد کوفی۔ لونگ۔ کباب چینی۔ فلفل سیاہ۔ تخم گذر۔ تخم شلغم۔ تخم ترب۔ تخم پیاز۔ تخم بلیون۔ اندر جو۔ نرکچور ہر ایک ساڑھے ۳ ماشہ۔ جوزبویہ ۳ ماشہ۔ جاوتری ۸ ماشہ۔ دار فلفل ۲ ماشہ۔ ثعلب مصری۔ نارجیل تازہ۔ تخم خشخاش سفید ہر ایک ایک تولہ۔ سورنجاں شیریں۔ بوزیدان۔ پودینہ خشک۔ زعفران۔ مصطگی رومی۔ عود خام ہر ایک ۵ ماشہ۔ ورق طلا ۳۰ عدد۔ ورق نقرہ کلاں ۵۰ عدد۔ شہد خالص کف گرفتہ سہ وزن از ہمہ ادویہ۔ **ترکیب تیاری** مغزیات کو علیحدہ اور دیگر ادویات کو علیحدہ باریک پیس کر شہد مذکور گرم شدہ میں قدرے قدرے ڈال کر ملا لیں۔ اور زعفران کو عرق گلاب خالص میں حل کر کے ملائیں۔ بعد ازاں ورق بھی ایک ایک کر کے خوب ملا کر کسی عمدہ مصفیٰ مرغن یا بلوری برتن میں رکھیں۔ اور اس کے اوپر بھی چند اوراق طلا و نقرہ چسپاں کریں۔ بعد گزرنے ایک ہفتہ کے علی الصباح نہار منہ ۳ ماشہ سے سات ماشہ تک حسب برداشت مزاج ہمراہ شیر گاؤ تازہ کے کھائیں۔ ترش و تیل والی اشیاء سے پرہیز ہے۔

اطریفل مقوی دماغ۔ دافع نزلہ و زکام جو اکثر موسم سرما میں عام اشخاص کو لاحق رہتا

ہے۔ **نسخہ یہ** پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر۔ ہلیلہ سیاہ جملہ مجرب با روغن بادام۔ گل سرخ مصفیٰ۔ گل گاؤزبان۔ چاول کشنیز۔ اسطوخودوس۔ زیرہ سفید۔ الائچی دانہ۔ تخم مہندی۔ کتیرا۔ تربد موصوف۔ برگ سنا مصفیٰ از چوب و برگ سوختہ۔ مغز کدو۔ مغز خربوزہ۔ مغز تربوز۔ مغز خیارین۔ مغز بادام شیریں۔ مغز بنولہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز فندق۔ مغز ناریل کنجد مقشر۔ خشخاش سفید ہر ایک ایک تولہ۔ شکر تری دیسی ۲۸ تولہ۔ شہد خالص کف گرفتہ ۲۸ تولہ۔ حسب دستور اطریفل تیار کر کے ایک ہفتہ کے بعد رات کو بوقت خواب ایک تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ کے استعمال کریں۔ پرہیز مطابق نسخہ ا کے چاہئے۔ نیز اس نسخہ میں مغز بلادر ایک تولہ بھی ہے جو صاحب چاہیں داخل کر لیں۔ مگر واقف کار اصحاب استعمال فرمائیں۔ کیونکہ سمی چیز ہے۔ ورنہ بغیر اس کے بھی بذات خاص انشاء اللہ تعالیٰ مفید ہو گا۔ بے شک بنائیں اور استعمال فرمائیں۔ مذکورہ بالا عوارضات کے لیے موسم سرما میں نہایت عجیب چیز ہے۔ جو صاحب علم طب سے واقف نہ ہوں۔ ان کو ہر حال میں کسی تجربہ کار طبیب سے مشورہ لینا ضروری ہے۔ بعد اس کے دوا کا استعمال کرنا چاہیے تاکہ نقصان نہ اٹھانا پڑے۔

معجون مختصر تقویت باہ و گردہ وغیرہ کے واسطے بفضلہ عجیب النفع ہے اور بالخاصہ مفید و موثر ہے۔ **نسخہ یہ** مغز نارجیل ۲ تولہ۔ شقاقل ۲ تولہ۔ قرفہ ا تولہ۔ بہمنین ایک تولہ۔ زنجبیل۔ فلفل گرد ہر ایک ٦ ماشہ۔ زعفران خالص ۳ ماشہ۔ ریگ ماہی ۲ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۲ تولہ۔ کستوری خالص ۵ رتی۔ دار چینی ایک تولہ۔ تخم بلیون ٦ ماشہ۔ مغز پستہ ۲ تولہ۔ خولنجاں ایک تولہ۔ برادہ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ مصری کوزہ نیم آثار **ترکیب** زعفران اور کستوری کو روح کیوڑا میں حل کر کے مغز کو بھی رگڑ لیں۔ باقی ادویہ کو کوٹ چھان کر مصری کا قوام کر کے حسب دستور معجون بنائیں۔ **مقدار خوراک** تین چار ماشہ سے لے کر چھ ماشہ تک حسب برداشت مزاج دودھ کے ساتھ استعمال فرمائیں۔

جوارش یہ جوارش اکسیر معدہ اور مقوی باہ ہے۔ جو عارضہ ضعف ہضم۔ نفخ۔ درد معدہ اور حبس ریاح کو دور کر کے تفریح طبع و نیکی مزاج پیدا کرتی ہے۔ ایک پرہیز گار شخص جوان عمر مندرجہ بالا عوارضات میں مبتلا تھا۔ اس کو تیار کر کے دی گئی اس نے بیان کیا کہ علاوہ دیگر فوائد کے مجھے قوت باہ کی اس قدر کثرت ہے کہ میں بوجہ مجرب

ہونے کی اس کو کھا نہیں سکتا۔ **نسخہ** پودینہ خشک دانہ۔ الائچی خورد و کلاں ہر ایک ۴ ماشہ۔ زنجبیل خشک ٦ ماشہ۔ فلفل دراز ۷ دانہ۔ بیخ کرفس ٦ ماشہ۔ معتر فارسی ۴ ماشہ۔ زرچوبہ ۹ ماشہ۔ سنبل الطیب۔ ناگرموتھ ہر ایک ٦ ماشہ۔ بادیان۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ قرنفل کلہ دار ۳ ماشہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ دارچینی ۹ ماشہ۔ تج قلمی۔ پوست آملہ بریاں۔ ساذج ہندی۔ ہر ایک ۹ ماشہ۔ تین پاؤ مصری کا قوام بنا کر ادویہ باریک شدہ قدرے قدرے کر کے داخل قوام کریں۔ بعد ازاں زعفران کشمیری ۳ ماشہ۔ ست پیپرمنٹ ۴ ماشہ۔ ست اجوائن ۳ ماشہ۔ بھی باریک پیس کر تیار جوارش میں ملا دیں۔ **مقدار خوراک** بعد ہر دو غذا کے بقدر ۳ ماشہ حار مزاج اور ٦ ماشہ مرطوب مزاج عرق بادیان یا آب گرم کے ساتھ استعمال فرمائیں۔ چونکہ موسم سرما میں اکثر مقوی غذائیں استعمال ہوتی ہیں جن کے ہضم کرنے کے لیے یہ عجیب و غریب چیز ہے۔

مقوی ولذیذ

از جناب حکیم چھدامی لعل صاحب قمر شہر میرٹھ

لڈو مقوی مغز تخم کدو۔ مغز تخم تربوز۔ مغز پیٹھا۔ مغز کھیرا۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم خیارین یہ سب دو دو چھٹانک۔ صمغ عربی آدھ سیر۔ کھانے کی کھیل۔ مار ان سب چیزوں کو گھی میں بریاں کر لینا چاہیے۔ مگر جلنے نہ پائیں اور نہ خام رہیں۔ اور ہر ایک چیز کو الگ الگ بھوننا چاہیے۔ یعنی جملہ مغزوں کو ایک جگہ۔ گوند کو ایک جگہ۔ کھانا کو ایک جگہ۔ پھر کوٹ کر سب کو ملا لینا چاہیے۔ پھر ۲ سیر مصری کا قوام کرنا چاہیے جب قوام ہو جائے تب ان جملہ اشیاء کو ان میں چھوڑ دینا چاہیے۔ اور ۴ تولہ قاقلہ صغار کے بیج بھی ڈال دینا چاہیے۔ اگر ممکن ہو تو کسی قدر میوہ جات بھی ڈال دیں۔ پھر سب کو خوب ملا دیں اور نیچے اتار کر سرد کر لیں۔ جب کسی قدر گرم رہے تب لڈو باندھ لیں۔ ایک لڈو ۲ تولہ۔ کا ہونا چاہیے۔ ان کو کسی صاف اور روغن دار برتن میں ڈال چھوڑیں۔ عام طور پر اس کی خوراک ایک لڈو ہے۔ مگر جو ہضم کر سکیں ان کو دو یا تین بھی کھا لینے چاہئیں۔ اور جو ایک لڈو بھی ہضم نہ کر سکے اس کو نصف لڈو کھانا چاہیے۔ اور اگر ممکن ہو تو اس کے

اوپر پاؤ بھر نیم گرم دودھ مصری ڈال کر پی لینا چاہیے۔ یہ لڈو ہر مزاج والے کو موافق آ سکتے ہیں ان کے استعمال سے دماغ میں طاقت۔ بصارت کو قوت۔ چہرہ میں رونق۔ خون میں سرخی۔ منی کی خرابی میں درستی۔ ہاضمہ میں ترقی اور بدن میں فربہی آتی ہے۔ قوت باہ کو بڑھانے میں بے نظیر ہیں۔ ان کو متواتر دو ماہ تک کھانا چاہیے۔

مجربات مستانہ

از جناب حکیم مستانہ فقیر صاحب جہلمی دواخانہ چشمہ آفتاب پنڈ دادنخان

حب عنبری باہ کو طاقت دیتی ہے اور رکاوٹ پیدا کرتی ہے اس کا منہ میں رکھنا---- کا باعث ہے۔ منہ کو خوشبودار اور دماغ کو طاقت دیتی ہے۔ **نسخہ** مشک خالص۔ مصطگی۔ لونگ ہر ایک ایک مثقال۔ عنبر اشہب۔ ثعلب مصری۔ **کلیجن** ہر ایک دو مثقال۔ مایہ شتر اعرابی تین مثقال کوٹ چھان کر عرق گلاب میں حب کنار دشتی کے برابر بنائیں۔ **مقدار خوراک** ہر روز دودھ گاؤ کے ساتھ دو گولی کھلائیں۔ مرطوب مزاج والے کو چار گولی دیں۔

کشتہ شنگرف مقوی باہ ہے۔ رنگ و رو کو سرخ کرتا ہے اور امراض باردہ لقوہ۔ فالج و برد اطراف میں بے حد مفید ہے۔ شنگرف رومی ۳ تولہ کی ڈلی لے کر کڑاہی آہنی کلاں میں رکھ کر اوپر سے تابہ آہنی رکھیں اس طرح کہ شنگرف کے اوپر رہے اور ہر طرف سے کڑاہی میں متصل رہے۔ اور تابہ کے اوپر دو سیر بھلاوے ڈالیں اور روغن کنجد خالص ۴ سیر ڈال دیں۔ کڑاہی کو باحتیاط تمام چولہے پر رکھ کر بیر کی لکڑی سے آنچ دیں۔ جب تھوڑی دیر کے بعد بلادر روغن کنجد مذکور جل کر شعلہ زن ہو تو آتش نرم کر کے چھوڑ دیں۔ حب بلادر اور تیل بالکل جل کر کوئلہ ہو جائیں تو سرد ہونے پر شنگرف کو نکال لیں۔ اور باریک پیس کر شیشی میں رکھیں۔ اور بوقت ضرورت بقدر ۲ چاول۔ بدرقہ مناسب سے دیں۔ **نوٹ** بوقت تیاری کشتہ کے خیال رکھیں کہ دھواں اس کا جسم تک نہ پہنچے۔ ضروری تاکید ہے۔

سفوف بند کشاد موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ مغز کونچ۔ تخم انگن۔ سروالی۔ گوکھرو۔ بیج۔ پترج۔ تالمکھانا۔ مالکنگنی۔ اجمود۔ سنڈھ۔ ستاور۔ جائفل۔ جاوتری۔ لونگ۔ دارچینی۔ کانچپل۔ چوب میدہ۔ پپستاں۔ بیج بند۔ شنگرف مدبر۔ اسگند ناگوری۔ زرگنڈی۔ پوست بیخ اونٹ کٹارا۔ ثعلب مصری ہر ایک ۹ ماشہ سب کو باریک پیس کر سفوف بنائیں۔ **مقدار خوراک** ایک تولہ دودھ گاؤ سے۔ مقوی باہ اور مغلظ منی ہے۔

مجربات محبوب

از جناب حکیم محبوب عالم صاحب مالک شفاخانہ مقصود عالم امرتسر

خمیرہ ابریشم یہ خمیرہ چونکہ خاکسار کا اختراع ہے اور موسم سرما میں نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ خاص کر دیرینہ اور مزمن بیماریوں کے لیے تو آب حیات ہے۔ اور دیگر کمزور طبقہ کے لیے تیر بہدف اور بے حد مقوی باہ ثابت ہو چکا ہے۔ اس لیے ناظرین کی نذر کیا جاتا ہے۔ دماغی ضعف۔ قلبی کمزوری اور جسمانی طاقت کے لیے نہایت مفید ہے۔ چند دنوں کے استعمال سے تمام فرسودہ قوی برحستہ ہو جاتے ہیں۔ بہمن سفید ۲ تولہ۔ موصلی سفید تولہ۔ ابریشم تولہ۔ گل گاؤزبان ڈیڑھ تولہ۔ رات کو پانی اور عرق گلاب بالمناصفہ میں تر رکھیں۔ صبح جوش دے کر صاف کر کے نبات مصفیٰ ایک سیر ڈال کر قوام غلیظ کر کے نیچے اتار کر زردی بیضہ مرغ۔ نیم برشت ۴۰ عدد ڈال کر خوب حل کریں کہ یک ذات ہو جائے۔ پھر آگ پر قدرے خفیف سا جوش دے کر اتار لیں۔ اور ذیل کی ادویات داخل کر کے چینی کے مرتبان میں بحفاظت رکھیں۔ ورق نقرہ یک دفتری۔ ورق طلا ۳۰ عدد۔ کشتہ فولاد ۳ ماشہ۔ کشتہ قلعی ۳ ماشہ۔ کشتہ یشب ۷ ماشہ۔ کشتہ عقیق ۷ ماشہ۔ ملا کر علی الصباح ایک تولہ کھا کر اوپر سے دودھ گاؤ ایک پاؤ مصری سے میٹھا کر کے پئیں۔ از حد مفید ہے۔ اور ایک خاص تحفہ ہے۔

حلوائے ممسک یہ حلوائے نہایت لذیذ۔ خوش مزہ۔ دافع جریان۔ مغلظ و ممسک ہونے کے علاوہ رکاوٹ بھی کرتا ہے۔ اس کو علی التواتر اگر کچھ مدت

استعمال کیا جائے تو بفضلہ طاقت جسمانی بہت بڑھ جائے گی۔ دماغی کمزوری۔ درد کمر۔ ضعف گردہ وغیرہ شکایتوں سے یقیناً نجات حاصل ہو گی۔ شیرہ مغز کدو ۵ تولہ۔ شیرہ مغز تربوز ۵ تولہ۔ شیرہ خشخاش سفید ۵ تولہ۔ شیرہ نارجیل ۵ تولہ۔ مذکورہ بالا تمام چیزوں کا پانی میں شیرہ نکال کر مصری ڈیڑھ سیر ڈال کر قوام کر کے جب ذرا گاڑھا ہو نیچے اتار لیں اور ذیل کی تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر ملا لیں بہمن سرخ تولہ۔ بہمن سفید تولہ۔ ثعلب مصری تولہ۔ اندر جو تولہ۔ موصلی سفید تولہ۔ ستاور تولہ۔ صمغ عربی ۲ تولہ۔ ورق نقرہ دفتری۔ حل کر لیں **مقدار خوراک** ایک تولہ علی الصباح ہمراہ شیر گاؤ۔

انمول رتن

از جناب پر کاش چندر صاحب دویار تھی از نکوڑ

۱۔ اگر بڑھ کے دودھ کا ایک قطرہ بتاشہ میں ڈال کر پہلے دن ایک دوسرے دن دو تیسرے روز تین علی ہذا اکیس روز کھائیں اور اسی طرح کم کر دیں تو جریان و خرابی خواب دور ہو۔ امساک طبعی بڑھے۔

۲۔ ہر روز صبح کو ٦ سے ۱۲ قطرہ تک دودھ پیپل ایک بتاشہ میں لے کر منہ میں رکھیں اور اوپر سے دودھ خام پی لیں۔ تو چند روز میں خرابی خواب کی شکایت دور ہو۔

۳۔ مونڈی بوٹی معہ جڑ وغیرہ اکھاڑ کر سایہ میں سکھا کر سفوف بنائیں اور ہر روز ۷ ماشہ معہ ۲ تولہ گھی اور ۳ تولہ کھانڈ کھائیں تو قوت بہت بڑھ جائے اور سفید بال سیاہ ہو جائیں۔

۴۔ اگر بوٹی مچھی یا پتاچتی کا ساگ بنا کر ہمراہ نان گندم کھائیں تو منی بکثرت پیدا ہو۔

۵۔ پوست جڑھ بوٹی کسوندی ٦ ماشہ سفوف بنا کر ہمراہ ٦ ماشہ شہد کے چاٹیں اور اوپر سے نصف سیر دودھ گاؤ پئیں۔ تو قوت باہ کو از سر نو پیدا کرتی ہے۔ چالیس روز میں گیا گذرا انسان بھی طاقتور ہو جاتا ہے رکاوٹ بڑھتی ہے۔ جریان خرابی خواب دور ہوتی ہے۔

۶ ایک تولہ برگ ہرن کھری گھوٹ کر ہمراہ قدرے شکر صبح صبح استعمال کرنے سے زیادہ سے زیادہ دو ہفتہ میں جریان۔ سرعت۔ رقت۔ خرابی خواب دور ہو کر منی مثل پتھر کے گاڑھی ہو جاتی ہے۔

۷ سفوف مراد۔ گوند ڈھاک۔ گوند کیکر۔ پھلی کیکر۔ چھال کیکر۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ بیخ سنبل۔ تالمکھانا۔ اندر جو شیریں۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک ایک تولہ۔ مصری ۱۰ تولہ۔ سفوف بنالیں۔ اور ایک تولہ ہر روز دودھ گاؤ سے کھائیں۔ تین ہی ہفتہ کے استعمال سے سرعت رقت۔ خرابی خواب۔ جریان دور ہوں گے۔ قوت مردمی بڑھے گی اور کمزوری دور ہو گی۔ جلق زدہ کے لیے اس سے بہتر اور کوئی نسخہ نہ ہو گا۔

مجربات اکبر

از جناب حکیم اکبر حسین صاحب آلہ آباد

حب مقوی باہ گئی ہوئی طاقت کو برانگیختہ کرنے میں عجیب و غریب چیز ہے۔ مقوی اعضاء رئیسہ۔ ہاضم طعام اور مجلوقوں کے کام کی چیز ہے۔ شنگرف ۳ ماشہ۔ سنکھیا سفید ۳ ماشہ۔ ان کو ۔ مار عرق پیاز سفید میں کھرل کریں۔ جب کل عرق جذب ہو جائے بعدہ ۔مار عرق لیموں کاگزی میں کھرل کریں۔ جب کل عرق خشک ہو جائے ازاں بعد ۔مار عرق ادرک میں کھرل کریں۔ پھر مشک اصلی ۳ ماشہ۔ دارچینی ۹ ماشہ۔ جائفل ۲ ماشہ۔ جاوتری ۲ ماشہ۔ عاقرقرحا ۲ ماشہ۔ خشخاش ۲ تولہ۔ دانہ بادام شیریں مقشر ۱۵ عدد۔ مصطگی رومی ۹ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد تولہ۔ تخم دھتورہ ۲ ماشہ۔ ثعلب مصری تولہ۔ شقاقل تولہ۔ اسٹرکنیا ۲ گرین۔ یعنی ست کچلہ۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر معہ شنگرف و سنکھیا کے ملا کر بقدر دانہ نخود گولیاں بنائیں۔ مِقْدَارُ خُوَرَاکْ علی الصباح حلوائے مرغن کھا کر اوپر سے ایک گولی کھا کے ۔مار دودھ گاؤ پئیں۔ دوران استعمال دوا میں اگر غذا مرغن استعمال کی جائے تو زیادہ مناسب ہے۔ ترشی اور تیل کی اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

طلائے مقوی جو سستی و کمزوری مجلوقوں کے دفع کرنے میں بے حد مفید ہے۔ درازی و فربہی میں نظیر نہیں رکھتا ہے۔ اور عجیب لائق صفت چیز ہے۔

نسخہ: سنکھیا سفید ۲ تولہ۔ آٹھ یوم برابر دودھ آک میں تر رکھیں۔ اگر دودھ روزانہ تبدیل کیا جائے تو نہایت انسب ہے۔ ورنہ ایک بار بھگو کر ۸ یوم تک رہنے دیں۔ ازاں بعد نکال کر ۸ تولہ روغن چنبیلی قسم اعلیٰ میں ایک دن برابر کھرل کریں۔ دوسرے دن ایک چینی کی پلیٹ میں رکھ کر رکابی کو ایک طرف سے اونچا کر کے دھوپ میں رکھ دیں۔ صاف روغن بہہ کر الگ ہو جائے گا۔ سنکھیا کو دفن کر دیں بس جس قدر یہ روغن نکلے بحساب فی تولہ ۳ ماشہ عطر حنا۔ ۳ ماشہ عطر موتیا۔ ۳ ماشہ عطر دار چینی۔ ۴ رتی زعفران۔ ۳ رتی مشک۔ ایک ماشہ لونگ۔ ایک ماشہ جاوتری۔ ایک ماشہ عاقرقرحا۔ ایک ماشہ جاوتری۔ ایک ماشہ بیربہوٹی۔ ایک ماشہ جائفل۔ ۳ ماشہ چربی ضفدع (مینڈک) یا مغز مینڈک کلاں جو سر سے نکلا ہو۔ ۲ ماشہ جونک مصفیٰ۔ ۲ ماشہ کیچوا مصفیٰ۔ ایک ماشہ ہینگ خالص۔ ۲ ماشہ سافٹ پل آف فاسفورس خشک۔ ۲ ماشہ پارہ داخل کریں۔ اور متواتر ۳ یوم کھرل کریں۔ مثل مرہم کے ہو جائے گا۔ اب اس میں سے بقدر ۴ رتی لے کر قریب دس منٹ تک اگلا حصہ و سیون چھوڑ کر مالش کریں۔ اور اوپر سے بنگلہ پان باندھیں زیادہ سے زیادہ چودہ یوم اس کا استعمال ہر ایک قسم کی کمزوری وغیرہ کا خاتمہ کر دیتا ہے۔ اگر دوران استعمال طلا میں بقدر دانہ خشخاش کے بثور پیدا ہو جائیں تو طلا کا ۳۔ ۴ یوم تک استعمال ترک کر دیں۔ بعد اس کے پھر استعمال کریں۔ مجربات سے ہے۔

موسم سرما کے لیے چند مجرب معجون

از جناب بی۔ شی شکلا دیدور از کرت پور۔ بجنور

معجون دماغ عقل اور حافظہ کو تیز کرتا ہے۔ نسیان کو دور کرتا ہے یہ نہایت ہی عمدہ دوا ہے جو طالب علموں۔ ماسٹروں۔ وکیلوں۔ ججوں۔ ڈاکٹروں۔ وید وں۔ حکیموں اور دیگر دماغی کام کرنے والوں کے لیے نہایت ہی مفید اور خاص مجربات سے ہے۔ جو ناظرین کی نذر ہے ایک بار بنا کر استعمال کیجئے اور پھر اس کا تماشہ دیکھئے نسخہ کیا ہے قدرت کا کرشمہ ہے۔ شیر آملہ ۲۰ مثقال۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ ہر ایک ۱۰ مثقال۔ طباشیر۔ صندل سفید۔ عرق گلاب میں حل کیا ہوا۔ ابریشم

مقرض۔ کندر۔ بادر نجبویہ۔ مغز نارجیل۔ مغز پستہ۔ گل بابونہ۔ اسطوخودوس۔ ہر ایک ۲ مشقال۔ ان سب ادویات کو کوٹ چھان کر چالیس مشقال روغن بادام میں چرب کریں مویز منقیٰ چالیس مشقال۔ عسل خالص۔ نبات سفید ہر ایک ۹۰ مشقال۔ اولیٰ مویز کو عرق فرنجمشک میں پکائیں۔ یہاں تک کہ گاڑھا ہو جائے پھر خوب مل کر چھان لیں۔ اور شہد اور مصری ملا کر قوام کر کے باقی ادویات ملا کر معجون بنائیں۔ خوراک ۲ مشقال ہمراہ دودھ کے۔

حب مومیائی مقوی باہ۔ ممسک۔ دافع جریان۔ مقوی دماغ۔ نزلہ کو دفع کرنے والی اور امراض دماغی کے لیے اکسیر ہے۔ مومیائی خالص ایک تولہ۔ ثعلب مصری۔ موصلی سفید۔ موچرس۔ صمغ عربی۔ مصطگی رومی۔ مغز تخم تمرہندی۔ اقاقیہ ہر ایک ایک تولہ۔ دودھ بڑھ ۱۰ تولہ۔ ان سب کو دودھ میں کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنائیں۔ اور ایک صبح ایک شام دودھ گاؤ سے کھائیں۔

معجون مغلظ قوت باہ کے لیے مجربات سے ہے۔ ثعلب مصری۔ بیج بند گجراتی۔ ستاور۔ شقاقل۔ موصلی سفید۔ گوند کتیرا ہر ایک ۵ تولہ۔ الائچی خورد ۹ تولہ۔ مشک ۴ رتی۔ عنبر ۴ رتی۔ ورق نقرہ ۳۰ عدد۔ شہد خالص سہ چند۔ سب کو کوٹ چھان کر شہد کی چاشنی میں ملا دیں۔ مقدار خوراک ۳ ماشہ۔ صبح ۳ ماشہ شام دودھ بھیڑ کے ساتھ کھائیں۔

طاقت کی عجیب چیز چاندی کا ایک تولہ برادہ لے کر لیموں کی عرق اور ہڑتال ۲ تولہ میں کھرل کر کے دو سیر اپلہ کی آگ دیں۔ تین آگ میں کشتہ ہو جاتا ہے اور پھر ایک آگ صرف لیموں کی رس میں دینے سے کشتہ سفید ہو جاتا ہے۔ کشتہ کرنے سے پہلے چاندی کو اس طرح سے شدہ کرنا ضروری ہے۔ یعنی چاندی کے پترے کو آگ میں گرم کر کے بیس مرتبہ گئو موتر میں۔ پندرہ مرتبہ کانجی میں۔ ۱۰ مرتبہ ترپھلے کے کاڑھے میں۔ پانچ مرتبہ تیل میں بجھاؤ دیں۔ بعد ازاں ریت کر کشتہ کریں۔ عقیق۔ یشب۔ لاجورد تولہ تولہ ان تینوں کو پیس کر گجپٹ کی آنچ میں پھونک دیں۔ اور پھر نکال کر نصف پاؤ روح کیوڑہ میں کھرل کر کے مذکورہ بالا کشتہ چاندی میں ملا دیں۔ ۲ تولہ کھپریا کو الگ پیس کر اور ۲ تولہ دریائی ناریل کو ریتی سے ریت کر نسخہ بالا میں ملائیں۔ اور پھر مصطگی رومی۔ دانہ الائچی سبز۔ دارچینی۔ ریگ ماہی۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ موصلی سفید۔ بہمن

سرخ۔ سمندر پھل ہر ایک ۲ تولہ۔ گوند کیکر۔ گوند پھلاہی ہر ایک ۳ تولہ۔ گوند کتیرا ۴ تولہ۔ سمندر سوکھ ۲ تولہ۔ سب کو کپڑ چھان کر کے مذکورہ بالا تمام مرکب میں ملا دیں مقدارِ خوراک ۴ ماشہ روز صبح پانی سے یا دودھ سے کھائیں۔ قوت باہ۔ سرعت کے لیے عجیب ہے۔ چند روز میں قوت کا تماشہ دیکھیں۔

جیون استھول پاک جو لوگ اچھا کھانا کھانے پر بھی کمزور رہتے ہوں۔ طاقت اور فربہی نہ بڑھتی ہو اور سخت کمزور رہتے ہوں وہ ایک بار اس جیون استھول پاک کو ضرور کھا کر دیکھیں۔ اس کے کھانے سے سرد پر کار کے برہم نشٹ ہو کر ماس اتنا بڑھ جاتا ہے کہ اتنا اور کسی دوا سے نہیں بڑھتا۔ بل۔ بدھی۔ طاقت بڑھتی ہے روگی روگ سے چھوٹ کر خوب موٹا تازہ ہو جاتا ہے گودا گھیکوار (کوار گندل) ۲ سیر لے کر ہاتھوں سے خوب متھ ڈالیں۔ اور پھر ایک کڑاہی میں دو سیر گھی گائے کا ڈال کر اور گودا ڈال کر نرم نرم بھونیں جب بادامی رنگت ہو جائے تو اتار لیں۔ اور ایک کڑاہی میں ایک سیر عمدہ میدہ اور ایک پاؤ گھی ڈال کر بھونیں اور گھی کوار کی کڑاہی میں ڈال کر ملائیں اور ۲ سیر شکر ملا کر یہاں تک پکائیں کہ سب مل کر ایک جان ہو جائیں۔ تب اتار کر کھوپرہ۔ بادام۔ چھوہارہ۔ منقیٰ۔ کشمش۔ پستہ ۲۔۲ چھٹانک دانہ الائچی ۲ تولہ ملا لیں۔ مقدارِ خوراک ۵ تولہ آدھ سیر دودھ گاؤ کے ساتھ کھائیں۔ تیل۔ کھٹائی۔ مرچ وغیرہ سے پرہیز کریں۔

پرمی ہانتک یوگ ثعلب مصری ۱۰ تولہ۔ کالی موصلی ۱۰ تولہ۔ سفید موصلی ۵ تولہ۔ میدہ لکڑی ۲ تولہ۔ تج ۵ تولہ۔ گوکھرو ۱۰ تولہ۔ اندر جو ۱۰ تولہ۔ ڈھاک کا گوندہ ۵ تولہ۔ بیج بند ۵ تولہ۔ الائچی خورد ڈھائی تولہ۔ دار چینی ۵ تولہ۔ مرگانگ ۴ تولہ۔ ان سب کو کپڑ چھان کر کے بیس تولہ مصری کی چاشنی میں ملائیں۔ مقدارِ خوراک ایک تولہ ہمراہ دودھ گاؤ کے۔ بند کشاد کرتی سنک روگ اور سین دوش آردی روگ دور ہوتے ہیں۔ بھوک کھل کر لگتی ہے۔ غذا عمدہ کھائیں۔ گرم چیزوں سے پرہیز کریں۔

مجربات محمد جان

از جناب حکیم محمد جان صاحب سند یافتہ حکیم حاذق امرت سر پنجاب

حلوائے بیضہ مرغ موسم سرما کے کھانے کے لیے خاص تجربہ کا تحفہ ہے۔ اس سے بدن میں طاقت و توانائی آتی ہے۔ چستی و چالاکی بڑھتی۔ خون پیدا ہو کر رنگ و رو سرخ ہو جاتا ہے۔ طاقت باہ کے بڑھانے میں خاص طور پر مفید ہے جو کہ بارہا تجربہ میں آ چکا ہے۔ **نسخہ** زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد۔ قند سفید ایک سیر۔ روغن زرد ۳ پاؤ پختہ۔ مغز بادام مقشر پاؤ پکہ۔ مغز پستہ پاؤ پختہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ دار چینی ۲ تولہ۔ جائفل ایک عدد۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ پہلے تھوڑا پانی ڈال کر قند سفید کا قوام کر لیں۔ پھر زردی بیضہ مرغ اور گھی ملا کر ایک دو جوش دیں۔ اس کے بعد باقی ادویات کا سفوف بنا کر اس میں ملائیں اور چمچے سے خوب ہلا کر ایک جان کریں۔ زعفران کو روح کیوڑا میں حل کر کے ملا دیں۔ اور محفوظ برتن میں رکھیں۔ **مقدار خوراک** ۳ تولہ صبح و ۳ تولہ شام۔

حبوب بے نظیر مقوی باہ۔ مقوی اعضاء رئیسہ۔ سرعت۔ رقت جریان کو مفید ہے۔ زنجبیل۔ دار فلفل۔ فلفل سیاہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ رانگ ۸ ماشہ۔ ستاور ۴ تولہ۔ پترج۔ تج۔ ناگیسر۔ الائچی۔ جائفل۔ قرنفل۔ جاوتری ہر ایک ۸ ماشہ۔ سب کو باریک کر کے یا تو سفوف ہی رہنے دیں یا شہد کے ہمراہ تولہ تولہ کی گولیاں بنائیں **مقدار خوراک** ایک گولی روزانہ صبح کے وقت دودھ گاؤ کے ہمراہ کھایا کریں۔

پانچ مجرب تحفے

از جناب حکیم فضل الدین صاحب از ترسکہ (امرتسر)

معجون مقوی جو نہایت ہی مفید چیز ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ اور بدن کو خوب طاقت دیتا ہے۔ مفرح و خون افزا ہے۔ **نسخہ** مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ مغز املی۔ مغز اخروٹ۔ مغز کریلہ۔ موصلی سفید ہر ایک ۴ تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ بلیلہ زرد۔ فلفل دراز۔ اسگند ناگوری ہر ایک ۲ تولہ۔ ستاور تولہ۔ عنبر اشہب ایک ماشہ۔ سب کو

باریک کوٹ کر ۲ تولہ بادام روغن ملا دیں۔ اور چرب کر لیں۔ پھر تین گنا شہد مصفیٰ میں ملا کر معجون بنائیں اور محفوظ رکھیں۔ مقدار خوراک ۶ ماشہ صبح۔ ۶ ماشہ شام دودھ گاؤ سے کھائیں اور قوت ملاحظہ فرمائیں۔

معجون مقوی یہ معجون سرد مزاج والوں کے لیے اکسیر ہے۔ بے حد طاقت پیدا کرتا ہے اور عجیب چیز ہے۔ نسخہ کباب چینی ایک تولہ۔ عاقر قرحا تولہ۔ موصلی سفید تولہ۔ موصلی سیاہ تولہ۔ خولنجاں۔ بہمن سفید۔ تخم کرفس۔ تخم اوٹنگن۔ سنگھاڑا۔ لونگ۔ جائفل۔ دارچینی ہر ایک تولہ۔ زیرہ سفید ۶ ماشہ۔ زنجبیل ۶ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ شہد ایک پاؤ پختہ کے قوام میں ملا کر معجون بنائیں۔ پھر افیون ۳ ماشہ ملا کر گولیاں بقدر کوکن بیر کے بنائیں۔ ضرورت کے وقت ایک گولی ہمراہ دودھ کے کھائیں۔ اور پھر قوت کا تماشہ دیکھیں۔

سفوف مقوی مقوی باہ۔ مغلظ و مولد منی ہے اور جریان کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔ گرم مزاجوں کے لیے یہ نسخہ اکسیر سے بڑھ کر مفید ہے۔ اور اکثر تجربہ میں آچکا ہے۔ نسخہ طباشیر نقرہ۔ کہربا شمعی۔ صندل سفید۔ ثعلب مصری۔ دانہ الائچی۔ گل ارمنی۔ خشخاش سفید۔ تخم قرفہ۔ موچرس۔ کشنیز مقشر۔ مغز کنول گٹہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف مرواریدی ہر ایک ایک تولہ۔ آرد سنگھاڑا ۳ تولہ۔ تخم تمرہندی ۲ تولہ۔ مصری کوزہ ۲ چھٹانک۔ سفوف بنالیں مقدار خوراک ۶ ماشہ ہر روز دودھ بکری کے ساتھ کھایا کریں۔ گرم۔ ترش اور تیل کی اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

حبوب مقوی مقوی باہ اور دافع جریان ہے ممسک طبعی ہے اور بارہا تجربہ میں آچکا ہے۔ مقدار خوراک عاقر قرحا۔ کباب چینی۔ خشخاش سفید۔ اسگندھ۔ قرنفل۔ خولنجاں۔ بوچھلی برابر وزن۔ سب کو باریک پیس کر بقدر کوکن بیر کے گولیاں بنائیں۔ اور ہر صبح ایک گولی دودھ گاؤ سے کھایا کریں۔ از حد مقوی باہ ہے۔

مجرباتِ چراغ

از جناب حکیم محمد چراغ صاحب از پھلور

حلوائے بیضہ مرغ قوت باہ کے لیے نہایت مجرب المجرب۔ مقوی دماغ و مقوی بدن۔ مطیب دہن بصارت کو تیز کرنے والا۔ زردی بیضہ مرغ ۱۰۰ عدد۔ آرد برنج ۵ سیر۔ روغن گاؤ ۵ سیر۔ نبات سفید ۵ سیر۔ اول زردی و آرد برنج کو کڑاہی میں ملا دیں۔ پھر روغن زرد۔ ڈال کر بریاں کریں۔ پھر مصری ڈال کر حلوا بنا دیں۔ جب حلوا تیار ہو جائے تو ذیل کی ادویات باریک کر کے ملا دیں۔ مغز بادام پاؤ پختہ۔ چہار مغز ۸ تولہ۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ موچرس۔ کباب چینی۔ دار چینی۔ کرکس۔ گوند ناگوری بریاں۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ تخم کونچ۔ تخم پیاز۔ شقاقل۔ تودرین۔ موصلین۔ موصلہ سنبل۔ ثعلب مصری۔ بہمنین۔ صندلین۔ مصطگی ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ مقدار خوراک ایک سے ۲ تولہ تک صبح و شام۔

حلوائے مقوی باہ تالمکھانا دودھ بڑھ میں تین دفعہ تر و خشک کریں۔ دودھ بڑھ اس قدر ہو کہ تالمکھانا ڈوب جائے۔ اس کے بعد اسے گری کے کھوپہ میں پر کر کے کھوپہ کا منہ بند کر دیں اور اس پر آرد گندم لپیٹ کر نرم آگ پر رکھیں کہ سرخ ہو جائے۔ پھر نکال کر تال مکھانا کو معہ گری کے پیس کر رکھیں۔ پھر تودری سرخ و سفید۔ خارخشک خورد و کلاں۔ موصلین۔ موصلہ سنبل۔ گل گاؤزبان ہر ایک ۲ تولہ۔ ثعلب مصری۔ سمندر سوکھ۔ اندر جو۔ موچرس۔ الائچی خورد مکد تولہ۔ دار چینی۔ کباب چینی۔ سورنجاں شیریں۔ شقاقل مصری۔ طباشیر مکد ٦ ماشہ۔ بہمنین ٦ ماشہ۔ چوب چینی نیم پاؤ۔ بوزیدان ۳ ماشہ۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ مکد ۵ تولہ۔ مغز بادام ۱۰ تولہ۔ کوٹ چھان کر ملا دیں۔ مصری سہ چند کا قوام کر کے سب کو ملا لیں۔ مقدار خوراک ایک سے ڈیڑھ تولہ تک ہمراہ دودھ۔ اگر ورق نقرہ ٦۰ عدد۔ ورق طلا ۳۰ عدد اضافہ کر لیں تو پھر یہ معجون نہایت مقوی باہ۔ مقوی بدن اور مولد و مغلظ منی مقوی اعصاب ہو۔

مجربات حکیم علم الدین بھاگووالیہ صاحب

(ا) مفردات

(۱) خولنجاں کا سفوف بقدر ایک درم روزانہ دودھ گائے سے کھانا بے حد مقوی باہ اور مغلظ منی ہے۔ مایوس بھی صحت حاصل کر سکتا ہے۔

(۲) مغز بادام ایک تولہ۔ تخم خشخاش ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی ۳ ماشہ۔ گھوٹ کر اور بقدر حاجت مصری ملا کر اور ۲ تولہ تازہ مکھن شامل کر کے روزانہ صبح چاٹنا مقوی دماغ و مقوی باہ بے حد ہے۔

(۳) آدھ سیر پختہ دودھ گائے میں ۲ انڈے ڈال کر خوب اچھی طرح حل کر کے بقدر حاجت شہد ڈال کر جوش دے کر روزانہ ہر صبح پینا کمزوری کے رفع کرنے اور طاقت کے بحال کرنے میں اکسیر سے کم نہیں۔

(۴) ایک موٹی مرغی کے گوشت میں ۱۰ عدد پیاز کتر کر ڈال کر اور ایک مٹھی بھر کنجد مقشر داخل کر کے بند دیگچہ میں پکائیں کہ خوب گل جائے اس میں بقدر حاجت نمک گھی ملا کر روزانہ کھانا مایوس سے مایوس مریض کو بھی از سر نو جوان مرد بنا دیتا ہے۔ خصوصاً سرد مزاج والوں اور بوڑھوں کے لیے تو اکسیر سے کم نہیں۔

(۵) مغز حب القلقل۔ کنجد مقشر۔ شکر سفید مساوی الوزن باریک کر کے بقدر ایک تولہ روزانہ دودھ گاؤ سے کھانا تقویت باہ و منی کے لیے مجربات سے ہے۔

(۶) اسگند۔ خصیہ۔ الثعلب مساوی الوزن باریک سفوف کر کے بقدر ایک تولہ روزانہ بقدر حاجت دودھ گاؤ میں پکا کر اور قدرے مصری ملا کر ہر صبح نوش کرنا بدن کو فربہ اور سرخ رنگ کر کے باہ کو تیز کرتا اور درد کمر کا خاتمہ کرتا ہے۔

(۷) ایک سالہ درخت سنبل کی جڑ کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کر بقدر ایک تولہ روزانہ دودھ سے کھانا مایوس سے مایوس مریض کو نوجوان بنا دیتا ہے۔

(۸) چار عدد چھوہارے آدھ سیر پختہ دودھ گاؤ میں پکائیں جب دودھ نصف رہ جائے

بقدر حاجت مصری ملا کر یا شہد ملا کر چھوہارہ کو کھا کر اوپر سے دودھ پینا بے حد تقویت دہ ہے۔

(۹) مغز بنولہ۔ خصیۃ الثعلب مساوی الوزن اس میں سے بقدر ۲ تولہ آدھ سیر دودھ میں پکا کر کھانا مقوی باہ و مولد و مغلظ منی ہے۔

(۱۰) مغز سنگھاڑا خشک باریک پیس کر روغن زرد میں بریاں کر کے مساوی الوزن کھانڈ ملا کر مثل حلوا کے تیار کر کے کھانا ازدیاد منی کے لیے عجیب الوصف چیز ہے۔

(۱۱) بیضہ مرغ ۱۰ عدد ابال کر زردی نکال لیں اور اس کے برابر نخود بریاں کا آٹا ملا کر بقدر حاجت شہد ملا لیں اور روزانہ صبح و شام تولہ تولہ دودھ سے کھائیں اس قدر طاقت دیتا ہے کہ ضبط ہونا مشکل ہے۔

(۱۲) ستاور۔ گھونگچی۔ سفید مساوی الوزن باریک کر کے روغن زرد سے چرب کر کے ۶ ماشہ رات کو روزانہ دودھ سے کھانا وہ طاقت بخشتا ہے جس کا بیان نہیں ہو سکتا۔

مرکبات

حب عجیب مختصر الاجزا عاقر قرحا حسب خواہش لے کر باریک کر کے دودھ برگد میں سات بار تر و خشک کر لیں۔ اور غنچہ نورستہ برگد۔ غنچہ ناشگفتہ انار ہر دو عاقر قرحا سے آدھا آدھا وزن لے کر خوب باریک پیس لیں اور شیر برگد کی مدد سے جنگلی بیر برابر گولیاں بنا لیں۔ خوراک ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ دودھ گائے۔ بے حد مقوی باہ اور ممسک عجیب ہے۔ اگر قبل از وقت ایک گھنٹہ پیشتر دودھ سے ایک گولی کھائی جائے تو عجیب رکاوٹ پیدا ہو گی۔ جریان۔ سرعت و تغلیظ منی کے لیے ایک لاجواب نسخہ ہے۔

حب طاقت بے نظیر تقویت باہ اور امساک کے لیے اکثر تجربہ میں آ چکی ہیں اور واقعی ایک اچھا خاصا اثر دکھانے والی چیز ہے۔ ریگ ماہی نر۔ شنگرف۔ مازو۔ قرنفل ہر ایک ۴ ماشہ۔ زعفران۔ مشک خالص۔ افیون ہر ایک ایک ماشہ۔ کندش۔ ورق طلا ہر ایک ۳ ماشہ۔ کاپھل۔ دار چینی۔ ورق نقرہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ سب کو

الگ الگ کوٹ چھان کر عرق گلاب کے ذریعہ بقدر نخود گولیاں بنالیں اور ایک گولی صبح پیالہ بھر دودھ سے کھالیا کریں۔ اگر قبل از وقت دو گھنٹہ ایک پیالہ دودھ سے کھائیں تو بے حد ---- اٹھائیں۔ پیاس لگنے پر بھی دودھ ہی پئیں۔

حب مومیائی سستی و اداسی جو بعد ---- ہوتی ہے سب دور ہو جاتی ہے۔ علاوہ ازیں بدنی طاقت کو بڑھانے میں بھی اکسیر سے کم نہیں۔ بعد تجربہ خود قائل ہو جائیں گے۔ مومیائی خاص مصفیٰ جائفل۔ زعفران۔ مصطگی۔ دانہ الائچی۔ جدوار خطائی ہر ایک ایک مثقال۔ مایہ شتر اعرابی۔ مروارید ناسفتہ۔ ورق نقرہ۔ تخم گزر۔ صمغ عربی ہر ایک نیم مثقال۔ ورق طلا ۲ دانگ۔ مشک خالص ۴ دانگ۔ پہلے مومیائی کو روغن بادام میں پگھلا کر باقی ادویات کوٹ چھان کر ملا لیں اور عرق گلاب سے کھرل کر کے قدر نخود گولیاں بنائیں۔ بوقت ضرورت بعد مباشرت دو گولیاں دودھ سے کھالیں۔ خدا چاہے فوراً قوت برجستہ ہو گی۔ معمول مطب میں سے ہے۔

حریرہ مقوی دماغ طاقت افزا کثرت سے جو شخص ناکارہ ہو گیا ہو وہ اسے استعمال کر کے دلی مراد حاصل کرے۔ تقویت دماغ و تقویت باہ میں شریف التاثیر ہے۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل۔ خشخاش سفید۔ نشاستہ ہر ایک ایک تولہ۔ دانہ ہیل۔ عاقرقرحا۔ خولنجاں۔ دارچینی ہر ایک ۳ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ ۵ عدد۔ روغن زرد مصری حسب خواہش۔ دودھ گائے ڈیڑھ سیر۔ دودھ کو گرم کر کے زردی بیضہ اور روغن زرد ڈال کر خوب حل کریں۔ پھر باقی ادویات کوٹ پیس کر ملا کر جوش دیں۔ جب حریرہ کے قوام پر آ جائے اتار کر پیالیوں میں جمالیں۔ اور حسب طاقت کھاتے رہیں۔ پیاس لگنے پر دودھ پئیں۔ ایک ہفتہ استعمال کر کے قوت کو ملاحظہ کریں۔

حریرہ بیضہ مرغ قوت باہ و امساک و دماغ کے لیے اکسیر چیز ہے۔ بارہا تجربہ میں آچکا ہے۔ ایک عدد کوکنار (پوست کا ڈوڈہ) ۳ تولہ۔ مصری ۵ تولہ۔ دودھ آدھ سیر پختہ۔ سب کو آپس میں ملا کر حریرہ کے قوام پر پکالیں۔ جب پک جائے تو آخر میں ایک تولہ مغز بادام نیم کوب کر کے ڈال کر اتار لیں اور سرد کر کے بوقت صبح روزانہ نوش کریں۔ مجربات سے ہے۔

حلوائے گذر حکیم ارزانی والہ

طاقت و قوت کے دلدادہ اسے استعمال کر کے موسم سرما آرام سے گزاریں۔ یہ ایک مسلمہ نسخہ ہے جو کہ واقعی قابل قدر اور بے نظیر چیز ہے۔ تسمین بدن۔ تولید منی۔ تقویت باہ۔ گردہ و مثانہ کے لیے عجیب الوصف ہے۔ درد کمر کو دور کرتا ہے۔ گذر سرخ رنگ و شیریں پوست و استخوان سے پاک کی ہوئی ایک سیر چھوہارے گٹھلی دور کئے ہوئے آدھ سیر۔ دونوں کو ڈھائی سیر شیر گاؤ میں اس حد تک پکائیں کہ گل جائیں۔ پس لکڑی کے حمام دستہ سے خوب کوٹ کر باریک کرلیں۔ بعدہ آرد نخود بریاں۔ میدہ گندم ہر ایک ساڑھے ۴ تولہ۔ دونوں کو گھی میں بریاں کریں۔ قند سفید ایک سیر۔ شہد خالص مصفیٰ آدھ سیر۔ دونوں کا قوام کر کے آرد نخود و میدہ کے ساتھ شامل کریں۔ پھر گاجر اور چھوہارے کوٹے ہوئے اضافہ کر کے اور تین جوش دیں اور بیس عدد انڈے ابلے ہوؤں کی زردی داخل کر کے خوب اچھی طرح سے مخلوط کریں۔ پھر مغز فندق۔ مغز بادام شیریں۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل ہر ایک تین تولہ۔ ثعلب مصری۔ کشن خرما۔ خشک مربی۔ دار چینی۔ زنجبیل۔ خولنجاں ہر ایک ساڑھے ۱۰ ماشہ۔ زعفران۔ مشک خالص ہر ایک ساڑھے ۳ ماشہ۔ باریک پیس کر اضافہ کریں اور صبح بقدر تین تولہ دودھ سے کھایا کریں۔

خمیرہ بادام بیضوی

مغز بادام مقشر ۱۰ تولہ کا پانی میں گھوٹ کر شیرہ نکالیں اور اس شیرہ میں ایک سیر پختہ مصری ملا کر قوام کرلیں۔ جب قوام شربت سے گاڑھا ہو جائے تو کڑاہی میں گھوٹیں کہ سفید گاڑھا مرکب ہو جائے۔ اب ابلی ہوئی زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد ڈال کر حل کرلیں خمیرہ تیار ہے۔ مقدار خوراک ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام دودھ کے ہمراہ کھائیں از حد طاقت دے گا۔ مقوی دماغ اور مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔ اگر اس خمیرہ میں بجائے زردی بیضہ مرغ کے ورق نقرہ ایک دفتری حل کرلیں تو خمیرہ بادام نقرئی ہو گا اگر اس میں صندل سفید۔ ابریشم۔ گاؤ زبان وغیرہ حسب حاجت کا جوشاندہ شامل کرلیں تو اور بھی مفید ہو جاتا ہے۔

خمیرہ مرجان جواہر والا

مرجان ۲ تولہ۔ یشب سبز۔ کہربا شمعی۔ صندل سفید۔ طباشیر۔ زہر مہرہ خطائی۔ عقیق یمنی۔ زمرد سبز ہر ایک ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی ۹ ماشہ۔ ورق نقرہ ایک تولہ۔ تمام جواہرات کو عرق بید مشک۔ کیوڑا و گلاب میں اس

حد تک کھرل کریں کہ باریک خاک ہو جائیں۔ اور باقی چیزوں کو کوٹ الگ باریک کر لیں۔
ار آپس میں ملالیں۔ اب ایک سیر مصری کا قوام گاڑھا کر کے ادویات مذکور ملا کر خوب
گھوٹ کر خمیرہ بنالیں۔ بعد میں ورق ایک ایک کر کے ملالیں۔ مقدار خوراک ۳ ماشہ
سے ۶ ماشہ تک دودھ سے کھائیں۔ دل دماغ و دیگر اعضاء بدنی کو خصوصیت سے طاقت دیتا
ہے۔ تفریح پیدا کرتا ہے۔ تمام قلبی امراض کے لیے اکسیر سے کم نہیں۔

حب جواہر مقوی اعضا رئیسہ و بدن ہے۔ اختلاج القلب۔ خفقان کے دفعہ کے لیے
خاص طور پر مفید ہے۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف مرواریدی۔ کشتہ عقیق۔
کشتہ یشب۔ ورق نقرہ ہر ایک ایک تولہ ورق طلا ڈیڑھ ماشہ۔ زعفران۔ عنبراشہب۔ مشک
خالص ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو دودھ بڑھ میں ایک دن کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنا
لیں اور ایک گولی صبح ایک شام دودھ سے کھایا کریں اور طاقت کا لطف حاصل کریں۔

پٹی دافع سستی اس کے استعمال سے ہر چند مریض ست ہو چکا ہو ۔فضلہ ایک ہفتہ
میں مرد کامل ہو جاتا ہے۔ کمزوری سستی وغیرہ سب کافور ہو جاتی ہے۔
پارچہ سفید گاڑھے کپڑے کا ایک گز لے کر آدھ پاؤ ہلدی کو باریک پیس کر اس میں کپڑے
کو تر کریں اور سایہ میں خشک کر کے پھر اتنی ہی ہلدی لے کر تر کریں۔ اسی طرح سات بار
ہلدی سے تر و خشک کریں اس کے بعد سات دفعہ آک کے دودھ میں تر و خشک کریں۔ پھر
اسی طرح سات دفعہ تھوہر کے دودھ میں۔ پھر سات بار سنبل کے دودھ میں۔ مگر ہر دفعہ
کپڑے کو سایہ میں خشک کرنا ہو گا۔ اب اس پارچہ کو گھی میں اس طرح بریاں کریں کہ نہ
تو خام ہی رہے اور نہ ہی جل جائے۔ اگر داغدار یا خام رہے گا تو خراب اور ناقص ہو گا۔
اب محفوظ رکھ لیں۔ بوقت حاجت اس قدر کپڑا لیں کہ جس قدر اعضاء تناسل پر آ جائے۔
اور اسے عضو مخصوص پر لپیٹ کر اوپر دھاگہ باندھ دیں۔ جب جلن سی معلوم دے تو پٹی کو
اتار دیں۔ اسی طرح روزانہ رات کو عمل کریں اس اثنا میں مباشرت اور سرد پانی سے
پرہیز رکھیں۔ ایک ہفتہ تک صورت یاس امید سے بدل جائے گی۔

طلائے عجیب نہایت مختصر اور سہل الحصول ہے۔ مگر فائدہ کے لحاظ سے بڑے بڑے
قیمتی نسخوں کو مات کرتا ہے۔ اکثر دفعہ تجربہ میں آ چکا ہے۔ کھدر کے
کپڑے کا ٹکڑا حسب حاجت لے کر اسے دودھ آک میں اچھی طرح تر کر کے سایہ میں

خشک کرلیں اور پھر روغن کنجد میں تر کر کے ایک بتی سی بنالیں۔ بتی کے ایک سرے میں آگ لگائیں۔ جلتی بتی میں سے تیل گرے گا اسے حفاظت سے رکھ لیں اور روزانہ رات کو اعضاء مخصوصہ پر اچھی طرح سے مالش کر کے اوپر برگ پان باندھ دیا کریں۔ ایک ہفتہ تک پورا اثر دکھائے گا۔ سرد پانی سے پرہیز۔

عجیب الوصف اور سریع الاثر ٹکور یہ ایک ایسی عجیب و غریب مفید التاثیر ٹکور ہے جو کہ بارہا دفعہ ہمارے تجربہ میں اکسیر ثابت ہو چکی ہے۔ اور بفضلہ تعالیٰ بہت کم خطا کرتی ہے۔ ہر قسم کی سستی۔ کمزوری۔ کجی۔ لاغری۔ کے دفعیہ کے لیے اس سے بڑھ کر شاید ہی کوئی نسخہ ہو گا۔ علاوہ ازیں فربہی بھی پیدا کرتی ہے۔ آزمائیں اور مقصود حاصل کریں۔ عاقر قرحا۔ قرنفل۔ گھونگچی سفید۔ مغز تخم کونچ۔ ہالوں۔ تخم شبت۔ تخم شلغم۔ تخم ترب۔ زہر ہلدیہ۔ پوست بیخ آک۔ میٹھا تیلیہ۔ انبہ ہلدی۔ کلونجی۔ کچلہ۔ تج۔ پیہ سانڈہ۔ پیہ شیر۔ نائیزہ خرس ہر ایک ایک تولہ۔ پوست بیخ اونٹ کٹارہ۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ سم اسپ مشکی۔ میدہ سک۔ مغز تخم ارنڈ۔ تخم بادنجان دشتی۔ مالکنگنی ہر ایک ۲ تولہ۔ برادہ دندان فیل۔ کنجد سیاہ و سفید۔ جوزبوا۔ جاوتری۔ دارچینی۔ خراطین۔ جونک خشک۔ مغز نارجیل۔ بیربہوٹی ہر ایک ۳ تولہ۔ مایہ شتر اعرابی ۶ ماشہ۔ مشک خالص ۳ ماشہ۔ زعفران ایک تولہ سب کو جدا جدا کوٹ کر آپس میں خوب حل کرلیں۔ بوقت ضرورت تولہ تولہ کی پوٹلیاں بنا کر دودھ بھیڑ گرم میں رکھ کر یا روغن میں رکھ کر گرم کر کے بار بار اعضاء مخصوصہ پر اچھی طرح سے سیکے بعد دیگر روزانہ پندرہ منٹ تک ٹکور کرتے رہیں بعدہ برگ پان باندھ کر سو رہا کریں۔ اسی طرح روزانہ رات کو کریں۔ انشاء اللہ العزیز ایک دو ہفتہ میں یقینی فائدہ ہو گا۔ دوران استعمال سرد پانی اور جماع سے سخت پرہیز ہے۔

مجرباتِ عطا

از جناب حکیم ڈاکٹر مولوی عطا محمد صاحب

نسخہ نمبر ۱ مقوی دماغ و بدن۔ ذہن افزاء۔ مسمن بدن۔ نر جوان بکروں کے مغز ۴ عدد۔

انڈوں کی زردی ۱۰ عدد لے کر اور ان میں میدہ گندم گوندھ کر قرص بنا کر روغن گاؤ میں بریاں کریں۔ پھر باریک کر کے ادویات ذیل ملا لیں۔ مغز بادام ۵ تولہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز کشنیز۔ مغز چلغوزہ۔ مغز خیارین۔ مغز سونف۔ خشخاش سفید ہر ایک ۳ تولہ۔ مغز نارجیل۔ ثعلب مصری۔ مغز پنبہ دانہ ہر ایک ۲ تولہ۔ عود صلیب۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ فولاد ہر ایک ۶ ماشہ۔ کشتہ چاندی یا ورق ۳ ماشہ۔ سب ادویہ کے نصف شہد اور نصف مصری کا قوام کر کے معجون بنا لیں۔ مقدار خوراک ۶ ماشہ صبح و شام دودھ گاؤ کے ہمراہ کھلائیں۔

نسخہ نمبر۲ مغز چلغوزہ۔ کنکوڑی۔ مغز اخروٹ۔ بابونہ ہر ایک ۲ تولہ۔ کشتہ چاندی ۳ ماشہ۔ ورق طلا ایک ماشہ۔ زنجبیل۔ فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ۔ چاول کشنیز۔ بادام روغن ہر ایک ۴ تولہ۔ کشتہ مرجان ۶ ماشہ سب کو کوٹ کر بادام روغن ملا کر سہ گنا شہد خالص ملا کر رکھیں۔ اور پندرہ یوم کے بعد مقدار خوراک ۶ ماشہ سے ۹ ماشہ تک ہمراہ دودھ گاؤ کھایا کریں۔ یہ نسخہ بھی از حد مقوی دماغ۔ دافع نزلہ و زکام و مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔

نسخہ نمبر۳ مغز بادام گیارہ عدد۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز ناریل ہر ایک ایک تولہ۔ خولنجاں۔ دانہ الائچی خورد۔ دارچینی۔ زنجبیل ہر ایک ۳ ماشہ۔ سب کا شیرہ نکال لیں اور پانچ عدد زردی بیضہ مرغ اور ایک پاؤ شیر میش۔ نشاستہ ایک تولہ محلولہ۔ روغن بادام ۵ تولہ کے ساتھ ملا کر دیگچہ میں ڈال کر بطور حریرہ کے پکائیں۔ مقدار خوراک پانچ تولہ۔ مصری ملا کر نیم گرم دودھ کی طرح پئیں۔ نسیان۔ ضعف دماغ کے واسطے از حد مفید ہے۔

نسخہ نمبر۴ ثعلب مصری۔ خولنجاں۔ مغز پنبہ دانہ ہر ایک ۲ تولہ۔ شقاقل۔ مغز پستہ۔ مغز تخم اونٹگن ہر ایک ایک تولہ مصطگی۔ دارچینی۔ ملیہ شتر اعرابی۔ مومیائی ہر ایک ۶ ماشہ۔ مشک۔ عنبر۔ زعفران ہر ایک ۴ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ ترنجبین ۳ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۷ عدد۔ نبات سفید۔ شہد ہر ایک ۳۶ تولہ۔ چوبہ لوبان۔ چوبہ عود ہر ایک ۶ ماشہ۔ حسب دستور معجون بنائیں۔ مقدار خوراک ۶ ماشہ تا ایک تولہ۔ یہ نسخہ بھی مقوی دماغ و اعصاب دافع نسیان ہے۔

نسخہ نمبر۵ کشتہ سم الفار ایک تولہ۔ عنبر اشہب ۲ ماشہ۔ کشتہ مروارید ۳ ماشہ۔ زعفران ایک تولہ۔ سب کو سات روز تک برابر ادرک کے پانی میں سحق کر کے ۳۶۰ گولیاں بنائیں۔ مقدار خوراک: ایک گولی کھانا کھانے سے ۱۵ منٹ بعد صبح و شام مکھن میں لپیٹ کر نگل جائیں اس سے تمام بدنی اور عضو خاص کے اعصاب کو عجیب الاثر قوت ہوتی ہے۔ معدہ و نخاع تمام اعضاء کے لیے بے نظیر گولیاں ہیں گئی ہوئی طاقت واپس آجاتی ہے۔

نسخہ نمبر۶ کچلا ابال کر چھلکا دور کیا ہوا۔ ستاور۔ ثعلب مصری۔ کتیرا۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ موصلی سفید ایک تولہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ گوند چھوہارہ ۴ تولہ۔ سب ادویہ کو باریک کوٹ کر کپڑے سے چھان لیں۔ پھر گوند اور افیون کو دودھ بقدر ضرورت میں ابال کر چھان کر اس قدر گاڑھا کریں کہ شہد سے زیادہ غلیظ ہو جائے۔ پھر مذکورہ بالا اشیاء ملا کر بقدر سیاہ مرچ گولیاں بنالیں۔ مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ۔

نسخہ نمبر۷ کشتہ سم الفار ایک تولہ۔ کشتہ قلعی ایک تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ مومیائی ۲ تولہ۔ سب کو ادرک کے پانی میں سات روز تک برابر کھرل کریں۔ مقدار خوراک: ۲ رتی دودھ گاؤ کے ساتھ۔ یہ نسخہ نہایت اعلیٰ محرک باہ ہے۔ بلغمی اور مرطوبی اشخاص استعمال کر سکتے ہیں۔ مگر یہ ضروری ہے کہ ان گولیوں کو غذا کے طور استعمال کیا جائے۔

نسخہ نمبر۸ دافع جریان و مغلظ منی۔ ممسک طبعی۔ مغز تخم تمرہندی۔ مغز تخم خرما ہر ایک ۵ تولہ۔ طباشیر۔ مصطگی رومی۔ دانہ الائچی خورد۔ سلاجیت ہر ایک ایک تولہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ کشتہ قلعی ۳ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر سفوف بنائیں ایک ماشہ قدرے کھانڈ ملا کر گرم دودھ سے صبح و شام کھلائیں۔ از حد مفید ہے۔

مجربات شفاخانہ فیض عام

از جناب حکیم ابوالفقر محمد شمس الحق صاحب حاذق امرت سر

طلائے شباب یہ بیرونی عوارضات کو بغیر آبلہ کے دفع کرتا ہے۔ مقوی باہ دافع اعواج

و دیگر تکالیف ہے۔ **نسخہ** زلوخشک۔ خراطین۔ جندبید ستر۔ عاقرقرحا۔ بیربہوٹی ہر ایک ایک تولہ۔ بیج کنیر سفید۔ رتک سفید۔ مالکنگنی۔ جائفل ہر ایک ۹ ماشہ سب کو باریک کر کے خوب کھرل کریں۔ اور عنبر اشہب ایک ماشہ مشک ایک ماشہ۔ عطر گلاب۔ عطر خس۔ عطر حنا۔ چربی سانڈہ۔ چربی شیر۔ چربی ریچھ۔ قضیب ریچھ ہر ایک ۷ ماشہ۔ سب کو یکجان کر کے حفاظت سے رکھیں۔ بوقت رات استعمال کر لیا بڑے پایہ کا نسخہ ہے۔

حلوائے عجیب و غریب جن جوانان زمانہ کی بوڑھوں سے بدتر حالت ہو خواہ ان کا سبب کون سا بھی ہو۔ یہ حلوا چند خوراکوں سے اپنا اثر دکھاتا ہے۔ اور بوڑھوں کو ایام شباب دکھاتا ہے۔ مجلوقین و مایوسین کے واسطے اندرونی طور پر آب حیات کا اثر رکھتا ہے۔ آب شلغم۔ آب ادرک۔ آب مولی۔ آب گذر ہر ایک ۳ چھٹانک شہد ایک سیر۔ مصری دیسی آدھ سیر میں ملا کر قوام کریں۔ بعد قوام کی مندرجہ ذیل ادویات ملا کر حلوا تیار کریں۔ زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد۔ روغن پنبہ دانہ ۲۰ تولہ۔ ورق نقرہ ایک دفتری۔ ورق طلا ۳۰ عدد۔ ثعلب مصری ۳ تولہ۔ بہمنین۔ موصلین۔ تالمکھانا ہر ایک ۲ تولہ۔ کشتہ فولاد ایک تولہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ **مقدار خوراک** ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ دودھ۔

حلوائے لذیذ خوش ذائقہ و نفیس۔ مقوی اعضاء رئیسہ۔ مولد خون۔ دافع ضعف باہ و جریان و مغلظ منی ہے۔ اگر اس کو روزانہ التزام سے استعمال کیا جائے تو بدن میں چستی و چالاکی و تقویت دماغ پیدا کرتا ہے۔ قند سفید۔ عسل خالص ہر ایک آدھ سیر پختہ۔ عرق گلاب ایک بوتل ملا کر قوام کریں۔ اور زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد کو اس میں ملا لیں۔ زعفران ۶ ماشہ بھی باریک کر کے قوام میں ملا دیں۔ اس کے بعد روغن زرد ایک پاؤ۔ ورق نقرہ ایک دفتری ملا کر محفوظ رکھیں۔ ہر صبح روزانہ ۲ تولہ یا بقدر برداشت طبع کھاتے رہیں۔

معجون اسرار الحکما اس کی جتنی تعریف ہو کم ہے۔ یہ اپنی تعریف خود آپ ہے۔ جو شخص ایک بار اس کو بنا کر استعمال کرتا ہے ہمیشہ کے واسطے اس کا گرویدہ ہو جاتا ہے۔ خولنجان۔ کبابہ۔ مصطگی۔ دارچینی۔ ثعلب مصری۔ بہمنین۔ موصلین۔ تالمکھانا۔ تخم اوٹنگن ہر ایک ایک تولہ۔ لسان العصافیر۔ فلفل سفید ۹ ماشہ۔ تخم قرفہ تخم گذر۔

تخم پیاز۔ تخم شلغم۔ تخم خشخاش ہر ایک ۸ ماشہ۔ مغز بادام۔ مغز نارجیل۔ مغز پستہ۔ مغز فندق۔ مغز چلغوزہ۔ حب الخضرا۔ حبۃ الزلم۔ مغز حب القلقل۔ کنجد مقشر ہر ایک ۲ تولہ۔ اسارون۔ بسباسہ۔ قرفہ۔ عود قماری ہر ایک ۶ ماشہ۔ عنبر اشہب۔ مشک۔ چوبہ عود۔ زعفران ہر ایک ۲ ماشہ۔ ورق نقرہ۔ ورق طلا ہر ایک ۳۰ عدد۔ عسل خالص سہ چند سب ادویات کو کوٹ چھان کر معجون بنائیں۔ مقدار خوراک پہلے روز ۷ ماشہ سے شروع کریں اور روزانہ بقدر برداشت ۲ ماشہ بڑھا دیں۔ تاآنکہ برداشت کے قابل خوراک رہے۔ اوپر سے دودھ پیا کریں۔

حریرہ مقوی دماغ

آب بورہ گندم ڈیڑھ پاؤ میں ذیل کی ادویہ کا شیرہ نکال کر روغن بادام سے ملا کر حریرہ بنائیں۔ مغز بادام ۱۰ تولہ۔ مغز کدو۔ مغز خیارین۔ مغز خربوزہ۔ خشخاش ہر ایک ایک تولہ۔ نشاستہ۔ الائچی دانہ۔ مغز پنبہ دانہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ چاول ساٹھی ڈیڑھ تولہ۔ بادام روغن ۲ تولہ سے تڑکہ لگا کر رات کو سوتے وقت کھانا بہت مفید ہے۔ بقدر ضرورت بطور شیرینی مصری ملا لیا کریں۔

حبوب بے نظیر

ممسک عجیب ہیں۔ اس کا تریاق نمک ہے۔ اور کئی ایک بار کا آزمودہ ہے۔ ایام سرما میں حظ کرنے والوں کے لیے پیش خدمت کرتا ہوں۔

مازو۔ اسپند۔ مصطگی رومی۔ زعفران۔ ناگ کیسر۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ موچرس۔ اجوائن خراسانی۔ سپاری ہر ایک ایک ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ سب کو باریک کر کے شیر برگد میں حبوب بقدر نخود بنائیں۔ مقدار خوراک ۴ سے ۶ حب تک شیر گاؤ سے۔

سفوف دافع سرعت

گلنار فارسی ۴ ماشہ۔ تخم تمرہندی کلاں بریاں۔ خار خسک۔ سرمایہ ہر ایک ۳ تولہ۔ بوچھلی ایک تولہ۔ سب کو باریک کر کے کوزہ مصری ملا کر سفوف بنائیں مقدار خوراک ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام ہمراہ شربت خشخاش کے۔ مجرب ہے۔

ایک مختصر نسخہ

مقوی باہ و بدن زود اثر ہے۔ موصلی سفید۔ خصیۃ الثعلب۔ کشتہ طلق جملہ مساوی وزن شہد میں ملا کر روزانہ چاٹنا ایسا ہے کہ اگر چند روز اس پر عمل کیا جائے تو بڑھاپا جوانی میں بدل جاتا ہے۔ واقعی قابل تعریف نسخہ ہے۔

حلوائے ترنجبین شمسی یہ مغلظ منی اور مقوی باہ ہے۔ دافع اوجاع پشت ہے۔ امراض دخف کے واسطے حکما تریاق ہے۔ ترنجبین ۳۰ تولہ۔ شہد ۴۰ تولہ۔ عرق گلاب ایک بوتل۔ بید مشک نصف بوتل۔ ترنجبین مصفیٰ کر کے قوام بنا کر ادویہ مندرجہ ذیل ملائیں۔ ثعلب مصری ۵ تولہ۔ بہمنین۔ موصلین ہر ایک ۳ تولہ۔ طباشیر۔ صندل سفید۔ تالمکھانا۔ تخم سرمایہ ہر ایک ۲ تولہ۔ ورق نقرہ ۴۰ عدد۔ ورق طلا ۲۰ عدد۔ روغن گاؤ خالص ڈیڑھ پاؤ۔ کھویہ شیر ڈیڑھ پاؤ ملا کر حلوا بنائیں۔ مقدار خوراک ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ بدرقہ مناسب کے۔

مجربات خاص

از جناب حکیم شیخ غلام محمد صاحب راولپنڈی

معجون مقوی باہ جو ہر موسم اور ہر مزاج کا آدمی استعمال کر سکتا ہے۔ تخم کونچ کلاں۔ تخم نکھارا۔ گوکھرو کلاں ہر ایک ۵ تولہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ ۲۵ عدد۔ ورق طلا ۲۰ عدد۔ ورق نقرہ یک صد۔ آب پیاز سفید۔ آب گاجر۔ شہد اصلی ہر ایک ایک رطل۔ تمام ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر بطریق معروف معجون بنائیں۔ سرد ہونے پر مشک کو عرق گلاب میں حل کر کے ملائیں۔ اور ورق بھی شامل کر لیں۔ آخر میں کشتہ قشر بیضہ۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ فولاد ہر ایک ایک تولہ شامل کر لیں اور نگاہ رکھیں۔ مقدار خوراک ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ۔

حب مقوی و مغلظ دافع جریان ثعلب مصری۔ شقاقل۔ ستاور۔ مغز تخم پیلو۔ پھلی ببول۔ گوکھرو خشک۔ اندر جو شیریں۔ تخم کمرنٹی۔ موچرس بشیر بزہ پروردہ۔ سبوس اسبغول۔ آرد سنگھاڑا خشک۔ ست برگ کیر الاشجار ہر ایک ایک تولہ۔ موصلہ درخت سنبل ۲ تولہ۔ گوند کیکر۔ کتیرا۔ طباشیر۔ تودری سفید۔ تودری سرخ۔ تودری زرد ہر ایک ۲ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ایک ماشہ۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ قلعی ہر ایک ۳ ماشہ۔ کستوری عمدہ ایک ماشہ۔ جملہ ادویہ کو آب برگ پان

میں ایک ہفتہ کھرل کر کے حبوب نخودی بنائیں۔ دو گولی صبح اور دو شام کو گائے کے دودھ سے کھائیں۔ بفضل خدا بجلی کی طرح اثر دکھائیں گی۔ اس قدر طاقت مردی ہو گی کہ برداشت کرنا مشکل ہو جائے گا تیل و ترش اشیاء اور جماع سے پرہیز رکھیں۔

حب ممسک و مبہی افیون۔ لک مغسول۔ مصطگی رومی ہر ایک ایک تولہ۔ اول سب کو عرق پان ۵۰ عدد میں کھرل کریں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو شیر برگد ۵ تولہ ملا کر قرنفل۔ عاقرقرحا۔ جوزبوا۔ بیربہوٹی ہر ایک ۶ ماشہ وزن ملا کر سحق بلیغ کریں۔ اور نخودی حبوب بنا کر نگاہ رکھیں۔ بوقت ضرورت ایک گولی قبل وقت ایک گھنٹہ پانی یا دودھ سے کھائیں اگر ضرورت پڑے تو ترشی کھالیں۔

حلوائے گھیکوار مقوی اس سے بوڑھا بھی جوان ہو جاتا ہے گودہ گھیکوار ایک سیر نکال کر چولہے کی سرد راکھ کسی برتن میں ڈال کر اس میں دبا دو۔ رات بھر اس میں رہے۔ صبح نکال کر ایک سو پانی سے اس کو دھو کر صاف کرو۔ اس عمل سے اس کا کڑوا پن دور ہو جائے گا۔ جب صاف کر چکو تو روغن زرد ایک سیر میں سرخ کرو۔ سرد ہونے پر ہاون دستہ میں کوٹ کر باریک کر لو۔ اور جو گھی بچا ہوا ہو گا اس میں نشاستہ ایک سیر ڈال کر خوب بریاں کرو۔ اور کوار گندل کوفتہ بھی ملا کر دوبارہ بریاں کرو۔ بعد ازاں ایک سیر چینی جس کا قوام عرق کیوڑا و بید مشک میں تیار کیا ہو شامل کر کے حلوائے بناؤ۔ جب چولہے سے اتارنے لگو تو چند منٹ پہلے ذیل کی ادویہ باریک کر کے ڈال دو۔ قوام حلوا تیار ہونے پر نیچے اتار لو۔ جب قدرے سرد ہو جائے تو ورق نقرہ یک صد۔ ورق طلا ۲۵ عدد۔ ملا کر کسی چینی کے برتن میں نگاہ رکھو۔ اور ہر روز پانچ درم کے قریب حسب برداشت کھا کر قدرت خدا کا مشاہدہ کرو۔ ادویہ یہ ہیں۔ سفوف بیخ سنبل نیم سیر۔ (سنبل کا جوان درخت ہو۔ اس کی جڑ بالکل نرم ہو۔ نکال کر ٹکڑے ٹکڑے کر کے سایہ میں سکھا کر خشک کر لو۔ اور باریک کوٹ کر سفوف تیار کرو) مغز پستہ ۱۰ تولہ۔ کشمش سبز ۱۰ تولہ۔ بادام مقشر ۲۰ تولہ۔ زعفران اصلی ۶ ماشہ۔ تیل اور ترشی و جماع سے پرہیز ہے۔

معجون گوشت مبہی لائق امراء گوسفند جوان جو دانہ کا پلا ہوا ہو ذبح کر کے اس کا گوشت ایک دیگ میں ڈال کر تھوڑا سا پانی بھی اس غرض کے واسطے ڈال دیں کہ دیگ کا پیندا نہ جل جائے اور دیگ کا منہ آٹے سے

بند کر کے اس کے نیچے نرم آنچ اس قدر جلائیں کہ گوشت استخوان سے جدا ہو جائے۔ دیگ مذکور کو چولہے سے اتار کر اس کا گوشت ہاتھ سے مل کر باہر پھینک دیں۔ اور جو گوشت کا عرق نکلے اس میں مندرجہ ذیل ادویہ ڈال کر پھر پکائیں۔ پوست موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ چرک۔ کتائی خورد۔ کتائی کلاں۔ آب نیشکر ہر ایک پاؤ سیر۔ عرق بید مشک۔ عرق پیاز سفید۔ عرق گذر ہر ایک ایک بوتل۔ جب پانی نصف رہ جائے اتار کر صاف کر لیں اور اس میں نبات سفید یا شہد خالص ڈال کر قوام تیار کریں۔ آخر قوام میں مغز پستہ۔ مغز خرما تازہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز بادام مقشر۔ آرد سنگھاڑا ہر ایک آدھ سیر۔ جوز ہندی ایک سیر۔ بیج کونج ایک پاؤ۔ کاکڑ سنگی ۱۵ درم۔ فلفل گرد ۱۰ درم۔ جملہ ادویہ جو روغن زرد میں سرخ کر کے موجود رکھی ہوں ملا کر چولہے سے اتار لو۔ اور اس میں مشک ۶ ماشہ۔ عنبر ۶ ماشہ۔ زعفران ایک تولہ۔ موتی ناسفتہ ایک تولہ۔ سلاجیت ایک تولہ۔ خولنجاں ۳ تولہ۔ قرنفل ۳ تولہ۔ دار چینی ۳ تولہ۔ خوب باریک پیس کر اور حل کر کے کفگیر سے اچھی طرح مخلوط کرو۔ بعد ازاں کسی چینی کے برتن میں ڈال کر نگاہ رکھو۔ رات کو سوتے وقت حسب طاقت و برداشت استعمال کرو۔ چند ہی روز میں اپنا جوبن دکھائے گی۔ اگر اس میں ورق طلا یا کشتہ طلا کا اضافہ کیا جائے تو زیادہ مقوی ہے۔

مجربات دوست

از جناب حکیم دوست محمد خان صاحب ارمڑ

معجون مقوی مقوی باہ۔ مولد خون صالح۔ مفرح۔ دافع سرعت۔ رقت جریان۔ احتلام۔ مقوی اعضاء رئیسہ و شریفہ غایت مفید چند خوراکوں سے آدمی لوہے کی لاٹھ بن جاتا ہے۔ مغز بادام ۳ تولہ۔ مغز چرونجی۔ مغز انجبک۔ ستاور۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ بیج بند گجراتی۔ مغز حبہ دانہ۔ گوکھرو خشک۔ مغز سنگھاڑا۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ ریگ ماہی نر۔ ماہی سقنقور۔ تخم کمرکی۔ مغز پیلو۔ کشن خرما۔ مغز پستہ۔ کنجد مقشر ہر ایک ۳ تولہ۔ سمندر سوکھ ڈیڑھ تولہ۔ طباشیر نیلگوں۔ تودری سرخ و زرد ہر ایک ایک تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۳۰ عدد۔ پنیر مایہ شتر اعرابی ۶ ماشہ۔ مصری ابہل۔ کشتہ فولاد۔

کشتہ قلعی ہر ایک ۳ ماشہ۔ مروارید۔ مشک۔ عنبر ہر ایک ایک ماشہ۔ ورق نقرہ ۲۰ عدد۔ ورق طلا ۵ عدد۔ روح گلاب۔ روح کیوڑا ہر ایک ۴ تولہ۔ شہد۔ مصری ہر ایک سوا سیر شہد و مصری کا قوام کر کے مروارید۔ کشتہ جات ورقیات۔ مشک عنبر کو روح کیوڑا گلاب میں کھرل کر کے قوام میں ملائیں۔ اور باقی ادویات باریک کر کے ملالیں اور مقدارِ خوراک ۹۔۹ ماشہ صبح و شام باشیر گاؤ کھائیں۔ از حد مقوی و مجرب ہے۔

سفوف سرعت دافع سرعت۔ رقت۔ جریان۔ احتلام وغیرہ و درد کمر آرد نخود بریاں۔ الائچی سفید۔ موچرس۔ اندر جو۔ طباشیر ہر ایک ۱ ماشہ۔ ست برگ برگد۔ موصلہ۔ درخت سنبل۔ ستاور۔ کرکس۔ موصلی سفید و سیاہ ہر ایک ۲ تولہ۔ کشتہ قلعی ۲ ماشہ۔ کوزہ مصری ۴ تولہ۔ سفوف بنائیں مقدارِ خوراک بقدر ۳ ماشہ باشیر صبح و شام کھائیں۔

حلوائے بیضہ مرغ لذیذ و مقوی باہ۔ بیضہ مرغ ۴ عدد کو شیر گاؤ پاؤ پختہ میں خوب پھینٹیں۔ جب حل ہو جائے تو اس میں دارچینی ڈیڑھ ماشہ۔ زعفران ماشہ۔ کھیل نخود بریاں تولہ۔ مغز پنبہ دانہ ۱ ماشہ۔ الائچی سفید ۳ ماشہ۔ ملا کر مصری بقدر ضرورت ڈال کر حلوا بنائیں اور صبح نہار کھائیں بقدر ضرورت گھی بھی ملا لیں۔ کمزوری۔ سستی۔ درد کمر کے لیے اکسیر ہے۔

مقوی گولیاں مقوی باہ۔ دافع ستی و کمزوری اعصاب دافع جریان نہایت مفید ہے۔ موچرس۔ ثعلب مصری۔ ست بو پھلی۔ ست برگ برگد۔ چرونجی۔ شقاقل مصری۔ موصلہ درخت سنبل۔ موصلی سفید و سیاہ۔ بہمن سرخ و سفید۔ الائچی سفید۔ تج۔ ریگ ماہی نر ہر ایک ایک تولہ۔ گوند کتیرا۔ سنگھاڑا۔ تالمکھانا۔ تخم شلغم۔ اندر جو۔ مغز تخم پیلو۔ تخم کھرنی ہر ایک ۱ ماشہ۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ نقرہ۔ کشتہ قلعی۔ مروارید ہر ایک ایک ماشہ۔ تخم کنگھی ۲ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ بریاں ۵ تولہ۔ کوٹ پیس کر عرق پان میں گولیاں بقدر ماشہ بنائیں۔ اور صبح شام ۲ گولی باشیر کھائیں۔ ترشی سے پرہیز رکھیں۔ از حد مفید ہیں۔

روغن طلاء دافع سستی اعصاب۔ کجی۔ کوتاہی عضو خاص۔ مظلم و مسلب۔ بچپن کی غلط کاریوں کا نایاب تحفہ۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ برادہ کچلہ۔ زردی بیضہ

مرغ۔ مالکنگنی۔ گھونگچی۔ خراطین بیربہوٹی۔ چربی شیر۔ چربی ریچھ۔ جونک خشک۔ برادہ سم اسپ نر۔ زنجبیل۔ مغز پستہ شاہ دیمک ہر ایک ۲ تولہ۔ عاقر قرحا۔ لونگ۔ گندھک۔ پارہ ہر ایک ایک تولہ۔ پینہ خصیہ اسپ مشکی۔ زفت رومی ہر ایک ۶ ماشہ۔ پتہ سستار ۵ عدد۔ مستی خوک۔ مستی فیل ہر ایک ۳ ماشہ۔ سم الفار ایک ماشہ۔ گندھک پارہ کی کجلی کر کے تمام اشیاء ملا کر روغن کشید کریں۔ سرخ رنگ کا روغن نکلے گا۔ شیر نر بنانے والا از حد مجرب المجرب روغن ہے۔

کشتہ طلاء و نقرہ از حد مجرب ہے۔ مردہ کو زندہ کرنے والا بے ضرر مولد خون صالح۔ گئے گزرے ہوئے مایوس ست اور نامرد کو مرد کامل نوجوان بنانے والا اور ہر ایک عمر۔ مزاج طبیعت کے موافق برادہ طلا ۳ ماشہ۔ برادہ نقرہ۔ شنگرف ہر ایک تولہ تولہ۔ ہر سہ اشیاء کو شیر مدار پاؤ بھر میں کھرل کریں۔ پھر شیر سہ دھارا تھوہر ۴ تولہ میں کھرل کریں۔ پھر اسے عرق گلاب بہاری پاؤ پختہ میں کھرل کریں۔ پھر اس کو شیر بوتی جان آدم ۴ تولہ میں کھرل کریں۔ بعدہ شیرہ بوٹی گھیچی ۵ تولہ پھر شیرہ پیاز ۵ تولہ میں کھرل کر کے گولا بنا لیں۔ اور پاؤ پختہ بوٹی درانگ لے کر نغدہ بنا کر اس میں گولہ مذکور رکھ کر گل حکمت کر کے آگ ۴ سیر کی دیں۔ گلابی مائل کشتہ برآمد ہو گا۔ **مقدار خوراک** ایک برنج بالمکھن۔ سات خوراک میں شیر نر بنا دے گا۔

آبدار گوہر

از جناب مصرا مرناتھ صاحب گجرات

کشتہ سم الفار جو ہر قسم کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ اکیس روز با پرہیز استعمال کرنے سے جملہ نقص رفع ہو جاتے ہیں۔ آب پیاز۔ آب ادرک۔ آب پھل بوٹی بھٹ کٹیہ (سو ہکڑی) ہر ایک ۵ تولہ۔ خون مرغ سفید رنگ ڈھائی تولہ۔ میں الگ الگ ترتیب وار دو تولہ سم الفار سفید کو کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں۔ جب ٹکیہ خشک ہو جائے تو ۱۰ تولہ گوشت مرغ کے قیمہ میں رکھ کر مضبوط گل حکمت کر کے محفوظ جگہ میں گڑھا کھود کر تیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔

مقدارِ خوراک ۲ چاول سے نصف رتی تک بیضہ مرغ کی زردی نیم برشت سے۔

نسخہ برائے امساک و تقویت باہ زعفران۔ شنگرف۔ جائفل۔ تالمکھانا۔ دارچینی۔ مصطگی۔ تخم کونچ۔ عاقرقرحا۔ لونگ۔ تیزپات۔ اجوائن خراسانی۔ تخم فلک سیر (اس کی تشریح کرنی چاہیے تھی) ہر ایک ۳ ماشہ۔ افیون ۶ ماشہ۔ مشک ایک ماشہ۔ جملہ ادویہ کو باریک کھرل کریں۔ اور یک جا کر کے ہمراہ آب بیخ شاہترہ ۵ تولہ و آب بیخ ککوڑا یعنی جنگلی کریلہ پانچ تولہ میں الگ الگ خوب کھرل کر کے حبوب بقدر مٹر کے بنا کر اوپر ورق نقرہ لگائیں۔ اور قبل از وقت ایک یا دو گولی ہمراہ دودھ گاؤ گرم کے کھائیں۔

روغن طلاء برائے مجلوق مخصوص و دیگر نقائص متعلقہ۔ مغز جمالگوٹہ۔ مغز پستہ۔ مغز بادام۔ ناخن اسب نر ہر ایک ۲ تولہ۔ دارچینی۔ لونگ۔ بیربہوٹی۔ عاقرقرحا۔ جائفل ہر ایک ایک تولہ۔ پوست بیخ کنیر سفید ۴ تولہ۔ برادہ دندان فیل سوا تولہ۔ افیون۔ زعفران ہر ایک ۶ ماشہ۔ خراطین خشک ڈیڑھ تولہ۔ مغز چڑیا نر خانگی ۵ عدد۔ مالکنگنی۔ شیر آک۔ روغن زردی بیضہ مرغ ہر ایک ۵ تولہ۔ جملہ ادویہ کو باریک سرمہ سا کر کے دودھ آک اور روغن بیضہ مرغ میں کھرل کریں۔ اور پھر بھیڑ کے دودھ میں کھرل کر کے ایک ہفتہ۔ روڑی میں دفن کریں۔ ہفتہ کے بعد نکال کر کھرل کر کے لبوتری گولیاں بنا کر خشک کریں اور پھر بذریعہ پتال جنتر کے روغن کشید کریں۔ اور نہایت احتیاط سے سیون و حشفہ چھوڑ کر قدرے روغن اوپر لگا کر خوب مالش کریں۔ دو دن کریں اور ایک دن چھوڑ دیں۔ سوائے لنگوٹ باندھنے کے اوپر اور کچھ باندھنے کی ضرورت نہیں۔ ہفتہ عشرہ کے استعمال سے جملہ نقائص رفع ہوں گے۔

روغن مالکنگنی اس موسم میں اس روغن کے استعمال سے عقل تیز ہوتی ہے۔ قوت باہ بے حد بڑھ جاتی ہے۔ چہرہ خوش رنگ ہو جاتا ہے۔ جسمانی کمزوری دور ہو کر ہر قسم کی توانائی آتی ہے۔ حافظہ بڑھ جاتا ہے۔ مالکنگنی نصف سیر۔ جاوتری۔ لونگ۔ زعفران۔ جائفل۔ ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی رومی ساڑھے ۳ تولہ۔ دارچینی۔ گوگل مصفیٰ ہر ایک ۵ تولہ۔ جملہ ادویہ کو باریک کر کے دو سیر پانی میں خوب جوش دیں۔ اس کے بعد اس میں سات سیر دودھ بھینس ڈال کر نرم آگ پر پکائیں کہ پانی جل جائے۔ اس کے بعد

اس کو چھان کر اس کا دہی جمائیں۔ صبح کو بلو کر مکھن نکالیں ور گرم کر کے روغن الگ کر لیں۔ کھانے کی ترکیب یہ ہے کہ روغن مذکور ایک تولہ۔ شہد خالص ایک تولہ۔ آب پیاز ایک تولہ۔ آرد نخود بریاں ایک تولہ۔ مغزیات ایک تولہ۔ بطریق معروف حلوائے تیار کر کے بوقت صبح کھایا کریں۔ پندرہ دن کھا کر دیکھیں کہ حالت ہی کچھ اور ہو جائے گی۔

نسخہ ناشتہ جو صبح کے وقت استعمال کریں۔ دال ماش۔ دال نخود ایک ایک پاؤ۔ دونوں کو دودھ میں بھگو کر باریک رگڑ کر پیٹھی تیار کریں۔ اور برابر وزن روغن زرد میں بریاں کر کے الگ رکھیں۔ اس کے بعد ایک سیر پیٹھہ کو باریک کدو کش کر کے تخم وغیرہ دور کر کے برابر وزن روغن زرد میں الگ بریاں کریں۔ پھر پیٹھی اور پیٹھہ کو یکجا کر کے اس قدر نرم آگ پر بریاں کریں کہ دردرا سا سفوف ہو جائے۔ پھر چار سیر مصری کا قوام کر کے اس میں شامل کر کے ایک جگہ کریں اور مندرجہ ذیل اشیاء ملا کر چینی کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔ **مقدار خوراک** ۵ تولہ تک ہمراہ دودھ وغیرہ کے۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز ناریل۔ مغز اخروٹ۔ گوند پھلاہی بریاں ہر ایک ۱۰ تولہ۔ مغز چلغوزہ۔ آرد سونٹھ بریاں ہر ایک ۵ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ دار چینی ۴ تولہ۔ جائفل۔ جاوتری تولہ تولہ۔ ورق نقرہ ۵۰ عدد **نوٹ** کشتہ جات کے شائقین کشتہ فولاد۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان ۲۔۶ ماشہ بھی شامل کر سکتے ہیں۔

نسخہ برائے مستورات ستاور ۲۰ تولہ۔ شقاقل۔ سونٹھ کا آٹا ہر ایک ۱۰ تولہ۔ ہر سہ ادویہ کو باریک کر کے روغن زرد میں بریاں کر کے مصری کی چاشنی کر کے اس میں ملا کر مندرجہ ذیل اشیاء داخل کر کے محفوظ رکھیں۔ **مقدار خوراک** ۲ تولہ سے تین تولہ تک۔ ادویات یہ ہیں۔ دار چینی تولہ۔ مصطگی تولہ۔ مغزیات ہر قسم حسب ضرورت۔ فوائد مستورات کی ہر قسم کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ اور جملہ امراض متعلقہ ---- کو از بس مفید ہے۔

خاندانی مجربات

از جناب حکیم محمد عبدالمجید صاحب عتیقی از لاہور

نسخہ نمبر۱ اپنے خواص کے لحاظ سے یہ نسخہ دیگر تمام مقویات کا بادشاہ ہے وہ اصحاب جو بچپن کی غلط کاریوں سے اپنا ستیاناس کر چکے ہیں یا وہ حضرات جو کسی اور وجہ سے بیکار ثابت ہو چکے ہیں خدا کا نام لے کر اس نسخہ کا استعمال کریں اور قدرت خدا کا مشاہدہ کریں۔ منی کو بڑھانا اور مردہ خواہش کو زندہ کرنے کے علاوہ ہر ایک شکایت کو جڑ سے کھو دیتا ہے۔ حد درجہ کا ممسک بھی ہے۔ ایک سیر گائے کا دودھ لے کر آگ پر رکھیں۔ جب آدھا رہ جائے تو ایک انڈے کی زردی کو پھینٹ کر اس میں ملا دیں۔ اور بقدر ضرورت میٹھا کر لیں۔ ایک چاول چاندی کا کشتہ منہ میں ڈال کر اوپر سے وہی دودھ پی لیں۔ کم از کم سات روز تک کھائیں اور پھر اپنی حالت کا مقابلہ کریں اگر چالیس روز تک کر لیں تو تمام عمر کے لیے مستغنی ہو جائیں۔ ترشی بادی اور جماع سے پرہیز ہے۔ غذا اگر مرغی ہو تو بہتر ورنہ اچھی مرغن ہونی چاہیے۔

نسخہ نمبر۲ مقوی باہ و مغلظ۔ سبوس اسبغول ۳ ماشہ۔ زردی بیضہ ایک عدد۔ روغن زرد تولہ۔ شکر ۳ تولہ۔ اول ایک پلیٹ میں شکر رکھیں پھر سبوس اسبغول پھر زردی اور پھر روغن زرد کو خوب گرم کر کے اوپر چھوڑ دیں۔ اور چمچہ سے ملا کر روز مرہ اسی طرح کھائیں اور قوت کو ملاحظہ کریں۔

نسخہ نمبر۳ مقوی باہ بے نظیر ہے۔ نخود تین سیر۔ ایک دن رات تین سیر پانی میں بھگوئیں۔ تین پاؤ آب زلال لے کر شہد خالص ۲ سیر ملا کر آرد گندم ثار بریاں روغن زرد میں کر کے اس میں ملائیں اور آدھ سیر روغن زرد اور ڈال کر زردی بیضہ ۲۰ عدد ملا کر بدستور حلوا بنا لیں۔ اور تولہ سے ۵ تولہ تک حسب برداشت طبع کھایا کریں۔

نسخہ نمبر۴ منی کو زیادہ کرے۔ میدہ سنگھاڑا۔ شکر سفید اور روغن زرد ہم وزن لے کر بطریق معروف حلوا بنا لیں اور مناسب مقدار میں کھائیں۔

نسخہ نمبر۵ حلوا مغلظ منی و مقوی باہ۔ سہل الحصول و زود اثر آرد سنگھاڑا۔ روغن۔ زرد۔ شکر سفید ہر ایک آدھ کلو ملا کر حلوا پکا لیں اور الائچی خورد ۳ تولہ۔ جائفل ۵ عدد۔ تالمکھانا ۳ تولہ۔ ستاور ۴ تولہ کوٹ کر ملائیں۔ میوہ حسب ضرورت ڈال لیں۔ خوراک ۲ تولہ ہر روز ۲۰ یوم تک کھائیں۔

نسخہ نمبر۶ سرعت کے لیے مفید ہے۔ دار چینی۔ جائفل۔ لونگ۔ افیون۔ دانہ حرمل۔ تل سیاہ برابر۔ افیون کو پاؤ شہد میں حل کریں اور آدھ پاؤ قند سفید ملا کر تمام ادویہ کوٹ پیس لیں اور دانہ عدس کے برابر گولیاں بنالیں۔ تیس یوم تک ایک گولی روزانہ کھائیں۔ ترشی بادی سے پرہیز۔

مجربات مثانہ

از جناب حکیم مستانہ فقیر صاحب مالک خاندانی شفاخانہ چشمہ آفتاب شہر جہلم

معجون تحفہ سرما یہ معجون بے نظیر مقوی باہ ہے۔ مفرح۔ مولد خون صالح۔ مقوی دل و دماغ و جگر و معدہ وغیرہ کے لیے مجرب المجرب۔ مایوس العلاج مریضاں ---- کو پیغام شفا۔ کنجشک خانگی ۲۰ عدد۔ کو ذبح کر کے ان کے گوشت کا قیمہ بنالیں اور پھر خشک کر کے پیس کر آٹا بنالیں بعدہ سیماب مدبر نیم سیر گندھک آملہ سار مدبر نیم سیر۔ دونوں کا آپس میں کجلی کر کے سرمہ بنائیں۔ کجلی عمدہ ہونے کی علامت یہ ہے کہ کھرل کو چمٹ نہ جائے بلکہ سحق کرتے وقت علیحدہ رہے۔ اگر دستہ کے تل دبا دیں تو آواز نہ دے اگر اس کو آگ پر ڈالیں تو صاف جل جائے چڑ چڑ کی آواز نہ کرے۔ جب تک ایسی صفات نہ ہوں کھرل کرتے جائیں۔ اب اسے سحق شدہ گوشت میں خوب آمیز کریں اور برگ خولنجاں کا آب ملا کر چالیس غلولہ اس سے تیار کریں۔ پھر سرخ رنگ کے جوان مرغ کو قفس میں نگاہ رکھیں۔ اور ہر روز ایک غلولہ اسے کھلاتے رہیں اور غذا میں گندم کا آٹا روغن زرد ملا کر کھلائیں اور اسے مادہ کے پاس نہ جانے دیں۔ جب چالیس یوم پورے ہو جائیں تو اس کو ذبح کر کے خون اس کا نگاہ رکھیں۔ اور گوشت کو پاک و صاف کر کے

روغن گاؤ میں بریاں کریں۔ اور ہڈیوں کو جدا کر کے باقی گوشت کو کوٹ لیں۔ اور جوزبوا جاوتری۔ اسگندھ۔ امرکند۔ کمرکند۔ پاکھڑ دار چینی۔ کباب چینی۔ ترکتا۔ فلفل دراز۔ لونگ۔ مصطگی۔ سمندر پھل۔ موچرس۔ صمغ عربی۔ کشتہ ابرک۔ کشتہ سکہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ نقرہ ہر ایک ساڑھے ۳ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر عرق برگ خولنجاں میں جو کوٹ کر نکالا گیا ہو سات مرتبہ تر و خشک کر کے گوشت مرغ کے ساتھ ملا دیں۔ اور شہد سہ چند میں معجون تیار کریں۔ چالیس روز تک گلہ میں دبانے کے بعد ہر روز ۳ ماشہ کھائیں۔ اور اوپر سے غذا چاول اور روغن زرد اور گوشت تناول کریں۔ محنت واقعی ہے لیکن چالیس یوم ایسا کھانے سے بدنی قوت کے علاوہ قوت باہ بھی بے حد پیدا ہو گی۔ حتیٰ کہ جوانی کی سی طاقت عود کر آئے گی۔ ضرور آزمائش کریں۔ عجیب چیز ہے۔

معجون روح فرحت جو میرے مطب کی کئی بار تجربہ شدہ ہے نامردی جیسی بیماری کا قلع قمع کرنے میں نظیر نہیں رکھتی۔ جس قسم کا ضعف باہ جس قسم کی نامردی کی شکایت ہو۔ آتشک۔ سوزاک کے بعد مایوس ہوا ہو۔ یا جلق لگانے سے اعصاب اور پٹھے کمزور کر لیے ہوں یا کثرت مجامعت سے قوت باہ کو ضائع کر چکا ہو۔ تو یہ معجون روح فرحت فوراً اثر دکھائے گی۔ طرفہ تو یہ ہے کہ ہر عمر اور ہر موسم میں سود مند ہے۔ تالمکھانا۔ عاقرقرحا۔ سمندر سوکھ۔ موچرس۔ میدہ چوب۔ تخم اونٹگن۔ بیج بند ہر ایک ۲ تولہ۔ ان کا سفوف کر کے بھیڑ کے دودھ میں بھگوئیں۔ دودھ اتنا ہو کہ سفوف سے دو انچ اوپر آئے۔ جب دودھ خشک ہو تو دوبارہ دلیں۔ ایسے ہی تین بار خشک کریں۔ اس کے بعد ایک ناریل میں سوراخ کر کے تمام دوا بھر دیں اور ناریل کا ٹکڑا سوراخ پر رکھ کر گیہوں کا آٹا اس کے اوپر لپیٹ کر نرم آگ میں رکھیں جب آٹا سرخ ہو جائے تو نکال کر آٹا اتار دیں تو معہ ناریل مندرجہ ذیل ادویات کے ہمراہ سفوف کر کے رکھیں۔ اور مصری ہم وزن ادویات کے لے کر قوام بنا دیں۔ اور دوائیں ڈال کر معجون بنائیں۔ خوراک ۵ ماشہ سے ۸ ماشہ تک۔ ادویہ یہ ہیں۔ تخم میتھی۔ جرجیر۔ ریگ ماہی۔ خولنجاں۔ کباب چینی۔ پاکھڑ۔ اسپند۔ موصلی سفید۔ ثعلب مصری۔ بنسلوچن۔ شقاقل۔ بہمن سرخ۔ بوزیدان ہر ایک ۳ تولہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز تربوز۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ ہر ایک ۵ تولہ۔ بیخ سنبل۔ سونٹھ بے ریشہ ۸۔۸ تولہ ہر ایک دوا کوٹ چھان کر پورے وزن میں ڈالیں۔ فوائد اور

ترکیب استعمال گرم مزاج ہو تو تازہ دودھ سے کھائیں۔ بلغمی طبیعت والے کو بھینس یا بھیڑ کے شیر میں دو تین خرما ڈال کر پکائیں۔ اور وہ شیر نیم گرم لے کر اس کے ساتھ معجون دیں۔ نہایت مقوی باہ ہے۔ ہر قسم کی کمزوری جڑ سے جاتی رہتی ہے۔ جریان۔ جلق اور احتلام۔ سرعت کی جو اس وقت کثرت سے وبا پھیلی ہوئی ہے اس کے کھانے سے کافور ہو جاتے ہیں۔ ستر برس کا بوڑھا جوان ہو۔

کشتہ سیماب و نقرہ مرکب برائے قوت باہ۔ جریان۔ رقت احتلام۔ سرعت کے لیے مفید و مجرب خاص کر قوت کے واسطے عجیب تحفہ ہے۔ موسم سرما میں کھانے سے حسب منشا فائدہ ہوتا ہے۔ برادہ نقرہ باریک سحق کیا ہوا ایک تولہ۔ سیماب مصفیٰ ایک تولہ۔ دونوں کو عرق لیموں میں کھرل کریں۔ جب کہ عقد ہو تو موٹا جیسا قرص بنالیں۔ بعدہ ہڑتال ورقی ۵ تولہ کھرل میں ڈال کر ہمراہ لعاب گھیکوار آٹھ پہر سحق کر کے دو قرص بنالیں۔ ایک قرص کوزہ خورد میں رکھ کر اس پر قرص سیماب و نقرہ رکھ کر اوپر دوسرا قرص ہڑتال دے کر دونوں لب بند کر کے سرپوش دے کر گل حکمت کریں۔ اور خشک کرلیں۔ بعدہ ہانڈی گل حکمت شدہ میں پانچ سیر ریگ کے درمیان کوزہ رکھ دیں اور چولہے پر رکھ کر آٹھ پہر تک اوسط درجہ کی آگ جلائیں۔ جبکہ اچھی طرح سے سرد ہو جائے تو کوزہ نکال کر اندر سے قرص سیماب نکال لیں۔ پھر اسے کھرل میں ڈال کر ہمراہ شراب برانڈی پندرہ تولہ کے سحق کر کے قرص بنا کر سایہ میں ایک روز رکھ کر بعد بوٹی ستیاناسی کے تخم بقدر پندرہ تولہ ہمراہ کر کے اچھی طرح خشک کرلیں۔ اور ایک سیر میگنی بز کی آگ دیں۔ جب سرد ہو جائے تو نکال لیں۔ اعلیٰ قسم کا کشتہ سفید ہو جائے گا۔ مقدار خوراک نصف سے ایک چاول تک مسکہ میں رکھ کر کھلائیں۔ انشاء اللہ دوسرے تیسرے دن فوائد ظاہر ہوں گے۔ پرہیز ترشی۔ مچھلی۔ جماع۔ تیل کی اشیاء ہے۔

کشتہ طلسم انعاش حرارت غریزی اور باہ کی برانگیختگی کے لیے عجیب النفع ہے۔ ایک تولہ سیماب روح بے قرار رتن جوت۔ کے پانی میں متواتر دو روز خوب سحق کریں۔ اور ڈولی میں بند کر کے دو سیر اپلوں کی آگ دیں۔ ایک تولہ سیماب طلسم کے لیے رتن جوت سبز کا پانی ایک پاؤ کافی ہے۔

کشتہ سم الفار قائم النار بے دود۔ امراض عصبانی۔ ضعف باہ و ضعف معدہ و نزلہ اور ریزش دائمی کے لیے مفید ہے۔ ایک بڑا شلغم لے کر اوپر سے نصف تک ایک انگل چوڑا سوراخ کریں۔ اور ۳ ماشہ سم الفار اس میں رکھ کر جو ٹکڑا اس میں نکلا ہو پھر بھر دیں اور پنبہ دار مٹی سے گل حکمت کر کے خشک کریں۔ اور دس سیر جنگلی اوپلوں کی محفوظ مقام میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک ایک برنج کا آٹھواں حصہ ہے۔

سفوف اکسیر مردمی جریان۔ سرعت۔ رقت۔ ضعف اعضاء۔ رئیسہ اور امراض آلات منی اس کے استعمال سے حکماً دور ہو جاتے ہیں۔ طاقت مردی پیدا ہو کر منی کثرت سے ہوتی ہے اور غلیظ القوام ہو جاتی ہے۔ اور آدمی مضبوط طاقتور معلوم ہوتا ہے۔ جلق زدہ کے لیے آب حیات ہے۔ گوند ڈھاک۔ صمغ عربی۔ پھلی ببول خورد خام۔ چھال کیکر۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ بیخ سنبل۔ تالمکھانا۔ اندر جو شیریں۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک ۳ تولہ۔ کشتہ قلعی در بھنگ ایک تولہ۔ سب کو ہم وزن مصری ملا کر باریک پیس کر رکھ چھوڑیں۔ مقدار خوراک ایک تولہ صبح ہمراہ دودھ گائے۔ پرہیز تیل و ترش اشیاء و جماع سے ضروری ہے۔ ضرورت مند اسے ضرور استعمال کر کے فائدہ حاصل کریں۔

مجربات سید علی اکبر

از جناب حکیم ابوالنصر ڈاکٹر سید علی اکبر صاحب بھوپال

حلوائے مقوی آب ادرک۔ آب پیاز ہر ایک ایک کلو۔ آب نیشکر ۴ کلو۔ تینوں اجزا کو قلعی دار برتن میں اس قدر پکائیں کہ معروف دو سیر رہ جائے۔ بعد ازاں آرد موصلی سفید مار۔ آرد سنگھاڑا۔ آرد نخود ہر ایک ایک پاؤ کو روغن زرد میں بریاں کر لیں۔ اور مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ کشمش۔ خرماء مصفیٰ ہر ایک ۳ تولہ کوٹ کر زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد میں ملا کر روغن زرد مار میں اس قدر بھونیں کہ سرخ ہو جائے۔ بعدہ اتار کر تمام چیزوں کو ایک جا کر کے خوب ملا لیں اور شکر

سفید ۱ ثار اضافہ کر کے دیگچی میں روغن زرد۔ ذرا گرم کر کے لوازمہ مذکورہ ڈال کر اتنا بھونیں کہ گھی جذب ہو کر حلوا سرخ ہو جائے پھر اتار لیں۔ اور بقدر برداشت روزانہ استعمال کریں۔

لڈو مقوی ثعلب مصری۔ بسباسہ۔ دار چینی۔ عاقر قرحا۔ تخم گزر۔ تخم پیاز۔ تخم ترب ہر ایک ایک تولہ۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز اخروٹ۔ چرونجی۔ مغز چلغوزہ ہر ایک ۴ تولہ۔ نارجیل۔ ۔مار باریک پیس کر زردی بیضہ مرغ میں گوندھ کر دو دو تولہ کی ٹکیاں بنا کر روغن زرد میں کباب کی طرح پکائیں اور باحتیاط رکھیں۔ چائے کے ساتھ ہر صبح ایک ٹکیہ کھائیں۔ زردی بیضہ مرغ قریباً ۲۰ تولہ چاہیے۔

معجون مقوی تال مکھانا۔ ثعلب مصری۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ ابریشم خام مقرض۔ تخم گزر۔ تخم ترب۔ تخم شلغم۔ مغز تخم کنول ڈوڈہ۔ سورنجاں شیریں۔ اندر جو شیریں۔ زنجبیل۔ بسباسہ۔ دار چینی۔ خولنجاں مصطگی رومی۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ بہمنین۔ تودرین۔ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ۔ مغز اخروٹ ہر ایک ۲ تولہ۔ پوست سنگدانہ مرغ۔ مشک خالص ہر ایک ۳ ماشہ۔ ست سلاجیت ۶ ماشہ۔ کنجد مقشر بروغن بریاں آرد ماش بروغن بریاں ہر ایک ۳ تولہ۔ ورق نقرہ ۱۵ عدد۔ ورق طلاء ۱۰ عدد۔ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر شہد خالص ایک سیر کے قوام میں ملا لیں بعد ازاں ورق ملا لیں۔

مقدار خوراک ۲ تولہ صبح و شام دودھ سے۔

حلوائے مقوی آلو۔مار شکر قند۔مار کو پانی میں ابال کر صاف کر کے ملیں اور قند سفید ایک سیر اس میں ملا کر روغن زرد آدھ کلو میں خوب بھونیں۔ جب سرخ ہو جائے تو اتار کر یہ اشیاء باریک پیس کر ملائیں۔ زنجبیل۔ عاقر قرحا ۲۔ ۲ تولہ۔ الائچی کلاں۔ زعفران تولہ تولہ۔ دار چینی ۲ تولہ۔ خوراک صرف دو تین تولہ روزانہ۔

دیگر حلوا آرد سنگھاڑا۔ آرد مونگ چھلی۔ مغز بادام۔ مغز اخروٹ ہر ایک مار۔ کو گھی مار میں بھون لیں اور خوب باریک کر کے زردی بیضہ مرغ میں آٹے کی طرح گوندھ کر چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنائیں اور گھی میں کبابوں کی طرح بھون لیں اور روزانہ بقدر برداشت کھائیں۔

گھی قابل استعمال موسم سرما گوشت بز۔ گوشت کبوتر صحرائی ہر ایک ایک پاؤ۔ گوشت کنجشک خانگی نر ۔ مار۔ گوشت مرغ جوان آدھ کلو۔ گوشت مرغ آبی۔ مار کو قیمہ کر کے پانچ سیر پانی میں خوب پکائیں۔ بعد ازاں مل کر چھان لیں اور روغن زرد ڈیڑھ سیر اس میں ڈال کر پکائیں جب پانی خشک ہونے کے قریب ہو برگ رتن جوت ۴ تولہ۔ زعفران سائیدہ ۲ تولہ۔ الائچی کلاں سائیدہ ۲ تولہ۔ اس میں چھوڑ دیں اور پانی جل جانے پر اتار لیں نہایت عمدہ اور خوش رنگ گھی تیار ہو جائے گا۔ اگر زیادہ خوشبودار بنانے کی ضرورت ہو تو قرنفل ایک تولہ۔ دارچینی ایک تولہ اور مشک خالص ۳ ماشہ بھی ملا لیں۔ ورنہ ضرورت نہیں البتہ مشک ڈالنے سے اور زیادہ مفید ہو جائے گا۔

پانچ نسخے

از جناب حکیم مولوی علی محمد صاحب قریشی (سنیاسی) غزنی پور

ٹونکہ طاقت قوت باہ کے لیے اکسیر کامل ہے۔ سیماب مصفیٰ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ جاوتری۔ قرنفل۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ٦ ماشہ۔ مصری کوزہ ساڑھے ۴ تولہ۔ اول پارہ اور گندھک کو کھرل کر کے کجلی کریں۔ پھر دیگر ادویہ ملا کر تمام روز کھرل کر کے نگاہ رکھیں اور بقدر نیم ماشہ سے ایک ماشہ کھا کر اوپر سے شیر گاؤ بقدر حاجت جس میں شہد و شکر و روغن گاؤ ملایا ہوا ہو پئیں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے پھر قوت باہ کا تماشا دیکھیں۔

معجون مقوی مختصر الاجزا مصطگی رومی۔ نارجیل مقشر۔ زعفران ایرانی ہر ایک ۳ تولہ۔ نبات ۱۵ تولہ۔ شہد ۱۵ تولہ حسب دستور معجون بنائیں۔ خوراک ۴ ماشہ سے ۹ ماشہ تک شیر گاؤ سے طاقت باہ کے چمکانے اور ـــــ کے غلبہ سے بے قرار ہوں گے۔

دہانت سفوف دہانت گرنے سے روکنے کے لیے اکسیر سفوف ہے۔ کتیرا۔ تج۔ طباشیر۔ جندہ۔ گل سرخ ہر ایک ٦ ماشہ۔ تالمکھانا۔ لسوڑہ۔ بہمن سرخ۔

بہمن سفید ہر ایک ایک تولہ۔ باریک سفوف کر کے برابر وزن شکرتری ملا لیں۔
مقدار خوراک ۸ ماشہ ہمراہ دودھ گو سفند صبح و شام۔

داہنت گولی دھانت کو روکنے کے لیے مجربات سے ہے۔ زیرہ سفید۔ صندل سفید۔ آرد نخود بریاں ہر ایک ۳ تولہ۔ ہمراہ شیر بوہڑ دو یوم سحق کر کے بقدر کوکن بیر گولیاں بنائیں اور ہمراہ شیرہ داڑھی بوہڑ کے کھائیں۔ غذا مرغن استعمال کریں .مجربات سے ہے۔

سفوف مغلظ و مقوی اس سے قوت باہ بڑھتی ہے۔ مولد و مغلظ بے حد ہے۔ چھوہارہ گیارہ جز۔ مصطگی رومی۔ موصلی سفید۔ ہر ایک ایک جز۔ شکر سفید برابر وزن۔ سفوف بنالیں۔ مقدار خوراک ایک تولہ صبح ایک تولہ شام دودھ گاؤ سے کھائیں۔

میرا معمول

از جناب حکیم مولوی لطافت حسین صاحب راشد بھوپال

حلوائے بیضہ مرغ زردی بیضہ مرغ ۳۰ عدد۔ قند سفید ا ثار۔ روغن زرد مار۔ مغز بادام شیریں مقشر۔ مار مغز پستہ۔ مار۔ مغز اخروٹ مار۔ زعفران ۴ ماشہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ جائفل ایک عدد۔ دانہ ہیل خورد ایک تولہ۔ باریک پیس کر سب کو مخلوط کر لیں۔ اور حسب دستور حلوا بنالیں۔ مقدار مقدار خوراک ۲ تولہ روزانہ۔ نہایت مفید اور مہی دشمن بدن ہے۔

حریرہ مقوی مغز بادام شیریں مقشر ۲ تولہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ ہر ایک .ایک تولہ۔ مغز نارجیل ۲ تولہ۔ دانہ ہیل خورد۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید ہر ایک ٦ ماشہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر قند سفید مار۔ عرق گلاب مار میں حل کر کے حریرہ بنالیں۔ اس حریرہ کے دو حصہ کریں۔ ایک حصہ صبح کے وقت اور دوسرا حصہ سہ پہر کو کھلائیں۔ بے حد مجرب ہے۔

حلوائے زردک عرق گاؤزبان۔ آب زردک۔ آب نیشکر۔ آب سیب ہر ایک ۱۰

تولہ۔ عرق گلاب مار۔ آرد نخود مار۔ میدہ گندم مار۔ گھی حسب ضرورت۔ نبات سفید ۲۷ تولہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز پستہ۔ مغز نارجیل ہر ایک ایک تولہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل مصری۔ دار چینی ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ زنجبیل ۳ ماشہ۔ عنبر اشہب ۳ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ ثعلب مصری ۳ تولہ۔ سب عرقوں کو باہم ملا کر مصری ڈال کر نرم آنچ پر قوام کر لیں۔ آرد نخود۔ میدہ گندم کو روغن زرد میں بھون کر اس میں ملا لیں۔ کوٹنے والی ادویہ کوٹ کر ملائیں۔ اور حلوا بنا کر ایک تولہ روزانہ صبح کے وقت کھائیں۔

نادر تحفہ

از جناب حکیم منشی دیوید مال صاحب کنجاہ

لڈو مقوی باہ پہلے ایک سیر یا ڈیڑھ سیر دال ماش کو لے کر رات کے وقت پانی میں بھگو دیں۔ صبح کے وقت دال کا چھلکا اتار کر اسے کسی پتھر پر ڈال کر پیس لیں۔ پھر اس کو گائے کے گھی میں نیم بریاں کر لیں ذرا سرد ہونے پر کسی پتھر کی کے کونڈے کوٹ کر خوب باریک کر لیں۔ اور پھر ان کے وڑے بنا کر گھی میں اچھی طرح سے تل لیں۔ جب سرخ ہو جائیں تو پھر کوٹ لیں اور اس میں ادویات ذیل ملا کر ایک ایک چھٹانک کے لڈو بنا لیں۔ ادویات یہ ہیں۔ مغز بنولہ آدھ پاؤ۔ مغز بادام۔ مغز کدو۔ مغز تربوز۔ آرد بھکڑا۔ آرد پھلی کیکر۔ الائچی کلاں ہر ایک ۵ تولہ۔ موصلی سفید۔ ستاور ہر ایک ۳ تولہ۔ ادویات کوٹ چھان کر باریک کر لیں پھر کھانڈ کی چاشنی پکا کر تمام اشیاء و دال بریاں ڈال کر لڈو بنا لیں۔ ہر صبح ایک لڈو دودھ گاؤ سے کھا لیا کریں۔ از حد طاقت ہو گی۔

شنگرفی لڈو کشتہ شنگرف۔ ورق نقرہ۔ زعفران ہر ایک ۶ ماشہ۔ جاوتری۔ لونگ۔ دار چینی۔ موچرس۔ عاقر قرحا۔ گوند ببول۔ دانہ الائچی کلاں ہر ایک ۳ تولہ۔ موصلی سفید۔ ثعلب مصری۔ ہر ایک بیس تولہ۔ نشاستہ سیر بھر۔ روغن زرد سیر بھر۔ شہد دو سیر۔ تمام ادویات کو کوٹ پیس کر باریک کر لیں اور روغن زرد کڑاہی میں ڈال کر اس میں نشاستہ کو بھون لیں جب نشاستہ سرخی مائل ہو جائے تو سفوف بھی اس میں ڈال کر بھونیں۔

اس کے بعد شہد ملا کر خوب ملا جلا کر ایک دو جوش دے کر اتار لیں۔ اور ۲ ۲ تولہ کے لڈو بنا کر رکھیں۔ ایک لڈو روزانہ علی الصباح یا رات کو کھایا کریں۔ ہر قسم کے ضعف جسم اور ہر قسم کے جوڑوں کی درد اور نقاہت کو مفید ہے۔ یہ نسخہ خصوصاً عمر رسیدہ لوگوں کے لیے تو نہایت ہی مفید ہے۔

ترکیب کشتہ شنگرف۔ کچلہ کا برادہ ۲۰ تولہ ایک کڑاہی میں ڈالیں اور اس کے درمیان ۶ ماشہ کا ایک ٹکڑا شنگرف کا رکھ دیں۔ اوپر اس کے ۱۰ تولہ شہد اور ۱۰ تولہ گائے کا گھی ڈال دیں۔ نیچے آگ جلائیں۔ جب سب دوائیں جل کر کوئلہ ہو جائیں۔ تو اتار کر شنگرف کشتہ کو نکال لیں اور داخل ترکیب کریں۔

پیٹھے کا لذیذ معجون پیٹھہ ایک سیر۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز خیار۔ مغز ناریل۔ خشخاش۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ گل گاؤ زبان۔ جاوتری۔ دار چینی۔ بالچھڑ۔ مرچ گول سفید۔ تودری سرخ و سفید۔ بہمن سرخ و سفید۔ دانہ الائچی خورد۔ بنسلوچن۔ ناگر موتھہ۔ مصطگی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ تیزپات۔ زرشک۔ زرورد۔ سونٹھ ہر ایک ایک تولہ۔ مروارید ناسفتہ۔ زعفران۔ ورق چاندی ہر ایک ۶ ماشہ۔ روغن زرد تین پاؤ۔ شہد ڈیڑھ سیر۔ **ترکیب** پیٹھہ کو کدو کش کر کے گھی میں بریاں کریں۔ جب سرخ ہو جائے تو تمام ادویات کا سفوف بنا کر اس میں ڈال دیں۔ چند منٹ تک ان کو بھی بھون کر پھر شہد ڈال دیں۔ اور نیچے اتار کر چینی کے برتن میں حفاظت سے رکھیں۔

مقدار خوراک بچے دو سالہ سے آٹھ ماہ تک کو ایک تولہ سے دو تولہ تک نوجوان کو ۲ سے ۴ تولہ تک۔ **نوٹ** ہر چیز کا وزن کوٹ چھان کر پورا کرنا چاہیے یہ معجون ایک سال تک کام دے گی۔ **فوائد** مقوی دماغ۔ دافع نسیان۔ خفقان۔ سودا۔ آنکھوں کی روشنی بڑھائے۔ دل کو خوش و خرم رکھے۔ لاغر کو فربہ کرے خوبصورتی پیدا کرے۔ قوت باہ میں ترقی ہو۔ پیشاب کے امراض دور کرے خشکی و سردی سے محفوظ رکھے۔ عجیب چیز ہے۔

نادر تحفہ جو موسم سرما میں استعمال کرنے سے عجیب لطف دیتا ہے۔ اور کھانے میں بھی نہایت لذیذ اور خوش مزا ہوتا ہے۔ **نسخہ** ستاور آدھ سیر لے کر اس کو آدھ سیر روغن زرد میں بریاں کریں۔ جب رنگ بادام کی قسم کا ہو جائے تو اتار لیں اور کسی حمام دستہ میں کوٹ کر باریک کر لیں۔ ایک چھٹانک آملہ باریک کر کے بھی ستاور میں ملا

دیں۔ پھر پانچ سیر دودھ گائے کا کھویا تیار کر کے اس میں ملائیں۔ اور آدھ سیر کالپی مصری ڈال کر معجون بنائیں۔ مقدارِ خوراک ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک چالیس روز تک کھائیں۔ ترشی۔ بادی اور تیل کی اشیاء سے مطلق پرہیز کیا جائے اور پھر قدرت الٰہی کا تماشہ دیکھیں۔

ایک مختصر چٹکلہ شام کے وقت ایک سیر دودھ لے کر اس میں پانچ عدد چھوہارے اور ۴ رتی زعفران اور پانچ عدد بڑھ کے تازہ پتے ڈال کر حسب ضرورت چینی یا شہد ملا کر نرم نرم آنچ پر جوش دیں۔ جب دودھ آدھ سیر باقی رہ جائے تو برگ بڑھ نکال لیں اور اتار کر ذرا سرد کر کے پہلے چھوہارے کھالیں اور پھر دودھ پی لیں اسی طرح ہفتہ تک پئیں۔ نہایت ہی مقوی ہے۔ اور عجیب و غریب لطف دکھائے گا۔

مجربات ابراہیمی

از جناب حکیم ڈاکٹر مرزا محمد ابراہیم بیگ صاحب شفاخانہ محمدیہ فیروزپور

نسخہ دوائی خوب میں نے تجربہ کیا ہے کہ اس دوائی کے کھانے سے وہ سستی جو اکثر ـــ کے بعد ہوا کرتی ہے ہرگز نہیں ہوتی۔ بلکہ اتنا بھی معلوم نہیں ہوتا کہ ـــ کیا ہے یا نہیں۔ مومیائی خالص ڈیڑھ تولہ۔ گوند مغیلاں ۶ ماشہ۔ مصری سنگری ۲ تولہ۔ ان کو آپس میں ملا کر شہد میں گوندھ رکھیں۔ اور بعد فراغت جوشیدہ دودھ کے ساتھ دو ماشہ کھالیں۔ دودھ میں بھی شہد کا میٹھا ہونا چاہیے۔

نسخہ دوائی نواب نواب احتکو الدولہ صاحب ہمیشہ اس نسخہ کا استعمال کیا کرتے تھے۔ اس نسخہ کے سوائے آپ کو کوئی اور دوائی پسند نہ تھی۔ جندبید ستر ۲ ماشہ۔ قلفل گرد۔ مصطگی رومی۔ اگر خام۔ دارچینی ہر ایک ۴ ماشہ۔ پوست ترنج ۹ ماشہ۔ زعفران ایک تولہ صاف کی ہوئی افیون برابر وزن۔ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر گلاب کے عرق سہ آتشہ میں گوندھ کر گولیاں بنائیں۔ اور بقدر تحمل کے نوش کریں۔

حبوب ابراہیمی مجرب المجرب۔ جو شخص بسبب زیادتی جلق سستی اعصاب یا کسی اور وجہ سے عورت پر قادر نہ ہو سکے ان گولیوں کے استعمال سے یقیناً

اول شب ہی قادر ہو جائے گا۔ ورنہ حد دوسری یا تیسری شب تک۔ مغز کنجشک زجو وقت پھان کے پکڑے جائیں ۵ تولہ۔ شقاقل مصری ۲ تولہ۔ تخم پیاز تولہ۔ تخم گندنا تولہ۔ ثعلب مصری ۵ تولہ۔ سقنقور ۳ تولہ۔ جندبید ستر ۶ ماشہ۔ زعفران تولہ۔ بیربہوٹی ۳ تولہ۔ مشک خالص ۲ ماشہ۔ کشتہ شنگرف ۶ ماشہ۔ کشتہ سم الفار ۳ ماشہ۔ تمام ادویہ کو سوائے مغز کنجشک و مشک و کشتہ جات الگ کوٹ چھان کر تخم ہالوں کے پانی میں گولیاں بنائیں۔ اور نیم سیر جوشیدہ دودھ میں پانچ تولہ شہد ڈال کر ایک دو گولی حسب طاقت استعمال کریں۔ اور قدرت خدا کا مشاہدہ کریں۔ کماہو ظاہراً عند التجربہ۔ معمول مطب نسخہ ہے۔

ایک نسخہ

از جناب حکیم نور محمد صاحب مالک نوری شفاخانہ موکل

حب مقوی برائے جملہ امراض بلغمیہ و تقویت اعضاء رئیسہ و مشتی و مقوی قوائے بدن و مصفی خون اکسیر التاثیر۔ سیماب مصفیٰ ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار مصفیٰ ۲ تولہ۔ ہر دو کو بغایت سحق کریں۔ بعدہ زردی بیضہ مرغ ۲ عدد داخل کر کے سحق کریں۔ اور نخود کے برابر حبوب بنائیں **مقدارِ خوراک** ایک حب سے تین حب تک ہمراہ دودھ گائے۔

کشتہ شنگرف

از جناب حکیم موتی رام صاحب ماسٹر پہاڑ پور

کشتہ شنگرف شنگرف رومی کی دو تولہ کی سالم ڈلی لیں۔ اور اس پر پیاز کے پانی پانچ سیر کا چوبہ دیں اور پھر سوا سیر لیموں کے پانی کا۔ اب ایک لمبا لٹھ سوا گز طول میں جو بالکل تازہ درخت سے کاٹا گیا ہو اور اچھا موٹا ہو لائیں۔ اس کے درمیان میں چاقو سے مستطیل شکل کا یا گول گڑھا کھود کر اس میں وہ شنگرف کی ڈلی رکھ دیں۔ اوپر اس کے وہ برادہ جو گڑھا کھودنے سے نکلتا ہے بھر دیں۔ اوپر اسی جگہ پر کپڑ مٹی کر دیں۔ ایک چولہا اینٹوں کا تیار کریں۔ اس بڑھ کے لٹھ کو اوپر اس طرح رکھیں کہ درمیان والی

جگہ جہاں شنگرف دبا ہوا ہے چولے کے عین درمیان میں ہو۔ اور لٹھ مذکور کو اوپر سارے سے دھر دیں۔ کہ بلے جلے نہیں۔ اب اس کے دونوں سروں کے نیچے بیر کی لکڑی کی آگ جلائیں۔ حتیٰ کہ لٹھ کے دونوں سرے جلتے جلتے صرف درمیان والی جگہ رہ جائے۔ اب آگ کو دور کر دیں اور لٹھ کو ٹھنڈا ہونے دیں۔ پھر اس میں سے شنگرف کشتہ شدہ کو نکال کر کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔ عجیب تاثیر نسخہ ہے۔ مقدار خوراک ۱/۲ رتی سے زیادہ نہیں آزما کر دیکھیں۔ وہ طاقت دے گا کہ باید و شاید۔

چند بے نظیر تحائف

از جناب خادم الحکما ابو معین الدین احمد صاحب معین زمیندار عثمانیون

معجون مقوی بدن مقوی باہ و اعضاء رئیسہ۔ مقوی گردہ و مثانہ و دفعہ کدورت حواس۔ غرض کہ جملہ اعضاء رئیسہ کو قوت دینے والی ایک عجیب شے ہے۔ راقم کی خود بارہا کی استعمال کی ہوئی تجربہ کی چیز ہے۔ یاقوت سرخ و زرد و نیلا۔ لعل بدخشانی۔ مروارید ناسفتہ۔ مرجان۔ عنبر اشہب۔ مشک خالص ہر ایک ایک مثقال۔ مایہ شتر اعرابی۔ دار فلفل۔ زنجبیل۔ شقاقل مصری۔ سورنجاں۔ خولنجاں۔ بہمن سرخ و سفید۔ تودری سرخ و سفید۔ دنج ترکی۔ حب بلسان۔ حب البان۔ لسان العصافیر۔ مغز خیارین۔ تخم بلیون۔ ماہی جھینگا۔ ماہی سقنقور۔ ماہی ریگ۔ دارچینی۔ قرنفل۔ اسارون۔ کباب چینی۔ بسباسہ۔ تخم گزر۔ جوزبوا۔ قسط بحری۔ مغز حب الزلم۔ درونج عقربی۔ فرنجمشک۔ گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ بادرنجبویہ۔ بوزیدان۔ تخم گندنا۔ تخم جرجیر۔ ساکھی۔ عود خام۔ تارمشک۔ دوقو۔ جدوار خطائی۔ زعفران۔ ثعلب مصری۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ بادیان ہر ایک ۲.۲ مثقال۔ الائچی خورد ۳ مثقال۔ مغز چلغوزہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز پستہ۔ کنجد سفید۔ نارجیل۔ مغز اخروٹ۔ مغز چرونجی۔ مویز منقیٰ ہر ایک پانچ مثقال۔ خصیۃ الثعلب ۱۰ مثقال۔ سعد پروردہ در روغن گاؤ تین مثقال۔ مغز سر گنجشک نر خانگی چالیس عدد۔ ورق نقرہ ایک سو عدد۔ ورق طلا پچاس عدد۔ عرق گلاب خالص۔ عرق کیوڑا خالص ایک ایک بوتل۔ نبات سفید یک آثار۔ شہد خالص ۲ آثار۔ اول مصری اور شہد کا قوام گلاب کیوڑا میں کریں۔ بعد

میں ادویات کو خوب کوٹ کر قوام میں ملا دیں۔ اور جواہرات کو سنگ سماق کے کھرل میں خوب باریک کر کے ملائیں۔ مقدارِ خوراک ایک مثقال صبح ہمراہ شیر گاؤ کے۔ غذا خوب مرغن کھائیں۔ اور اس کے مفید ہونے کے کرشمے دیکھیں۔

حریرہ مقوی بدن مقوی باہ و دل و دماغ و جمیع اعضاء و بدن ہے۔ تجربتاً ثابت ہوا ہے کہ جس قدر جوہر بدن ایک بار کے ---- سے خارج ہوتا ہے اسی قدر اس کے ایک بار کے پینے سے پیدا ہو جاتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔ مولد و مغلظ منی بے حد ہے۔ **نسخہ** مغز بادام شیریں۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پنبہ دانہ۔ مغز عصیفر دو دو مثقال۔ خشخاش مقشر ایک مثقال۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری سفید۔ ثعلب مصری ہر ایک ۲ دام۔ زنجبیل نیم مثقال۔ عرق گلاب۔ عرق کیوڑا۔ شیر گاؤ ہر ایک ۱۰ مثقال۔ نبات سفید پانچ مثقال۔ اول تمام مغزیات کو عرق گلاب و کیوڑا میں پیس کر ان کا شیرہ نکال کر دودھ میں ملا کر پکائیں۔ پھر مصری ملا کر جب مثل حریرہ کے گاڑھا ہو جائے آخر میں تمام چیزیں جو کہ باریک پیس کر تیار رکھی ہوں ملائیں اور نیچے اتار کر آدھا پاؤ روغن گاؤ میں چند لونگ ڈال کر گرم کریں۔ جب روغن کڑکڑا جائے۔ تو بگھارہ دے کر بعد سرد ہونے کے پی جائیں۔ اور متواتر چند یوم تک استعمال کریں۔

عرق ماء اللحم مرکب جو کہ تقویت دل و دماغ و اعضاء رئیسہ و تقویت باہ و فربہی بدن کی کرنے میں لاجواب اور اکسیر سے کم نہیں۔ مجرب المجرب ہے۔ **نسخہ** گوشت جوان بکرا ۸ سیر۔ گوشت کبوتر۔ گوشت چوزہ مرغ۔ گوشت تیتر۔ گوشت لوا ہر ایک ۲۰ عدد۔ گوشت بٹیر ۴۰ عدد۔ کنجشک نر خانگی ۵۰ عدد۔ گوشت ممولا ۲۰ عدد۔ گوشت نیل کنٹھ ۲۰ عدد۔ گوشت مرغ آبی ۱۰ عدد۔ سب گوشتوں کو صاف کر کے ایک دیگ میں ڈالیں۔ اور دارچینی ایک چھٹانک۔ قرنفل کلاہ دار ۲ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں آدھ پاؤ۔ تیزپات ڈیڑھ چھٹانک۔ پیاز مسلم ایک سیر۔ پوٹلی میں باندھ کر دیگ میں ڈال کر خوب پکائیں۔ جب گوشت خوب گل جائے اور یخنی نکل آئے تو سرد کر کے سب کو مل کر چھان لیں۔ اور ادویات ذیل کو جوکوب کر کے عرقیات ذیل میں پہلے سے ایک رات دن بھگو چھوڑیں۔ اس میں شامل کر کے بھبکے میں عرق کشید کریں۔ آب لوکی۔ آب میٹھا۔ آب پونڈا۔ آب ترنج۔ آب گندر۔ آب مولی۔ آب ادرک۔ آب انار شیریں۔ آب انار

رس۔ آب انگور۔ آب سیب۔ عرق گلاب دو آتشہ۔ عرق کیوڑا دو آتشہ۔ عرق بید مشک۔
وا گاؤزبان۔ عرق نیلوفر خانہ ساز ایک ایک سیر۔ شیر گاؤ تازہ آٹھ سیر۔ کشنیز خشک ۳ تولہ۔
رگ گاؤزبان تولہ۔ بادرنجبویہ ۶ تولہ۔ ابریشم مقرض ۲ تولہ۔ فرنجمشک ۳ تولہ۔ بالنگو ۳ تولہ۔
ملی بلوفر تولہ۔ پوست ترنج ۴ تولہ۔ طباشیر کبود ۶ ماشہ۔ شیطرج ۶ ماشہ۔ عود غرقی ۴ تولہ۔
ال ھل ۱۰ تولہ۔ آملہ ۱۰ تولہ۔ تخم او ننگن ۲ تولہ۔ درونج عقربی ۲ تولہ۔ بسفائج ۲ تولہ۔ گل
سیوتی ۶ تولہ۔ سعد کوفی ۲ تولہ۔ بادیان۔ مار۔ پودینہ خشک۔ مار۔ گل منڈی۔ مار۔ موصلہ
سمل ۱۰ تولہ۔ اسطوخودوس ۵ تولہ۔ دارچینی ۴ تولہ۔ تج قلمی ۴ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۸
تولہ تیزپات ۲ تولہ۔ گل سرخ فصلی۔ مار۔ تخم کاسنی ۵ تولہ۔ برادہ صندلین ۱۰ تولہ۔ برادہ
آبنوس ۵ تولہ۔ گوکھرو کلاں ۵ تولہ۔ عناب ولایتی ۱۰ تولہ۔ بہمنین ۸ تولہ۔ تودرین ۸ تولہ۔
موصلین ۸ تولہ۔ اندر جو ۴ تولہ۔ مویز منقی۔ مار خشیتہ الثعلب ۱۰ تولہ۔ کشمش۔ مار خرما۔ مار۔
مغز بادام شیریں۔ مار۔ مغز چلغوزہ۔ مار مغز نارجیل۔ مار اور وقت کشید کرنے عرق کے یہ
دوائیں ایک پوٹلی میں باندھ کر بھبکے کے اندر منہ میں لٹکائیں۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔
قرنفل تولہ۔ کافور تولہ۔ زعفران اصلی ۲ تولہ۔ مشک خالص ۳ ماشہ۔ عرق کشید کرنے میں
کامل حفاظت کریں کہ خوشبو اڑنے نہ پائے۔ صاف بوتلوں میں بھر کر رکھیں۔
مقدارِ خوراک ۵ تولہ نبات سفید کے ساتھ استعمال کریں۔ اگر گرمی کرے تو تھوڑا عرق
بید مشک ملا کر استعمال کریں۔ یہ ماء اللحم بھوک خوب لگاتا ہے بدن کو طاقتور اور فربہ کرتا
ہے اور دنوں میں ہی نوجوانی کا عالم دکھا دیتا ہے۔ اکسیر التاثیر نسخہ ہے۔

حلوائے بیضہ مرغ واسطے تقویت باہ۔ تغلیظ منی کے مجربات سے ہے۔ بھوک بڑھاتا
ہے اور بدن میں خون صالح پیدا کرتا ہے۔ رکاوٹ اتنی ہوتی ہے
کہ کسی اور دوا سے باید و شاید ہی ہو۔ غرض اس کے فوائد اس کا استعمال کرنے والا ہی
خوب جانتا ہے۔ **نسخہ:** مغز بادام شیریں مقشر۔ مار۔ مغز پستہ مقشر ۵ تولہ۔ مغز فندق مقشر ۵
تولہ۔ مغز حب الخضرا ۵ تولہ۔ مغز حب الزلم ۵ تولہ۔ مغز پنبہ دانہ ۵ تولہ۔ روغن زرد ایک
ثار۔ نبات سفید سب ادویہ کے دو چند۔ زردی بیضہ مرغ ۲۵ عدد۔ عرق گلاب۔ عرق کیوڑا۔
آب پیاز۔ آب ادرک آدھ آدھ سیر۔ شیر مادہ گاؤ ایک سیر۔ اول تمام مغزیات کا شیرہ
نکالیں اور دودھ گاؤ ملا کر رکھیں۔ ایک دیگچہ کو آگ پر رکھیں۔ اس میں روغن زرد و آب

اورک و آب پیاز ڈال کر خوب پکائیں جب پانی جل جائے اور روغن رہ جائے تو تمام مغزیات پسے ہوئے معہ زردی بیضہ مرغ ڈال کر بھونیں۔ جب خفیف سرخی آ جائے تو عرقیات میں قند کا قوام کر کے اس میں داخل کریں اور پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو ادویہ مفصلہ ذیل جو پہلے سے کوٹ پیس کر تیار رکھ لی گئی ہوں شامل کریں۔ ادویات یہ ہیں۔ تودری سرخ و سفید۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ ثعلب مصری ۵ تولہ۔ تخم گزر۔ تخم شلغم۔ تخم پیاز۔ تخم سویا۔ اندر جو شیریں۔ کباب چینی۔ تخم ترہ تیزک۔ عاقرقرحا ہر ایک ایک تولہ۔ زنجبیل۔ خولنجان۔ سمندر سوکھ۔ مغز بلادر۔ اسگندھ۔ فلفل دراز۔ مصطگی۔ تخم ہالم۔ جوزبویا۔ مغز تخم کونچ ہر ایک ۶ ماشہ۔ دار چینی ۱۰ تولہ۔ اب اسے نیچے اتار کر عرق گلاب و عرق کیوڑا میں ۶ ماشہ زعفران اصلی اور ۳ ماشہ مشک خالص حل کر کے داخل کریں۔ اور ورق نقرہ ۱۰۰ عدد۔ ورق طلا ۵۰ عدد ملا کر رکھیں۔ **مقدار خوراک** روزانہ ڈھائی تولہ بوقت صبح کھلایا کریں اور اوپر سے دودھ گاؤ پی لیا کریں۔ احقر کا خود تجربہ کردہ ہے۔

حبوب مقوی عجیب الوصف برائے طاقت و امساک لاثانی ہے۔ سات عدد کنجشک نر خانگی ذبح کر کے ایک برتن میں رکھ کر اس میں عرق پیاز ۔مار۔ شراب برانڈی ۔مار ڈال کر نرم آنچ پر گرم کریں۔ جب تمام عرق و شراب خشک ہو جائے تو اتار کر سر و پنجہ و منقار و آلائش دور کریں۔ بعد ازاں سات عدد جائفل اندر سے کھوکھلے کر کے اور ان کے اندر دار چینی۔ ریوند چینی۔ ستیل چینی تین تین ماشہ بھر دیں۔ اور ان جائفلوں کو چڑوں کے پیٹ میں رکھ کر اور جو کچھ جائفل میں بھرنے سے بچے وہ بھی چڑوں کے پیٹ میں ڈال دیں۔ اور پیٹ میں ٹانکے لگا کر سات چھٹانک میدہ لے کر سات گولے بنائیں۔ اور ان چڑوں کو گولوں میں رکھ کر روغن گاؤ میں گولوں کو اتنا تلیں کہ اوپر کا میدہ جل جائے۔ بعد ٹھنڈا ہونے کے گولوں کو توڑ کر چڑوں کو نکال کر اور پیس کر اکیس عدد گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی تین گھنٹہ پیشتر ---- سے خلو معدہ میں کھا کر اوپر دودھ مادہ گاؤ کا پئیں۔ اگر چاہئیں تو دودھ ہی پئیں۔ بے حد رکاوٹ پیدا ہو گی۔

سفوف مقوی برائے قوت باہ و جریان منی کے مجربات سے ہے۔ طباشیر کبود ایک تولہ۔ زعفران۔ جائفل۔ جاوتری۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ الائچی خورد ۳ تولہ۔

موصلی سفید تولہ۔ موصلی سیاہ تولہ۔ ثعلب مصری ۱۰ تولہ۔ ستاور ۶ ماشہ۔ تخم تالمکھانا ۵ تولہ۔ شقاقل مصری ۵ تولہ۔ موصلہ سنبل ۲ تولہ۔ بہمن سرخ تولہ۔ بہمن سفید تولہ۔ عاقر قرحا تولہ۔ خولنجاں تولہ۔ سمندر سوکھ تولہ۔ مغز بلادر تولہ۔ اسگندھ تولہ۔ فلفل دراز ۶ ماشہ۔ مصطگی رومی ۶ ماشہ۔ تخم ہالم ایک تولہ۔ جوزبوا تولہ۔ زنجبیل ۶ ماشہ۔ توری سرخ تولہ۔ توری سفید تولہ۔ کنجد سفید مقشر خشک ۲ تولہ۔ مغز تخم کونچ تولہ۔ تخم گزر تولہ۔ بسباسہ تولہ۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ گوکھرو کلاں تولہ۔ ساذج ہندی ۶ ماشہ۔ اسارون تولہ۔ عود غرقی تولہ۔ اندر جو تولہ۔ ریگ ماہی ایک تولہ۔ ماہی سقنقور ۲ تولہ۔ ست سلاجیت اصلی تولہ۔ جوہر لوبان خانہ ساز تولہ۔ پوست بیضہ مرغ ۱۲ عدد۔ پارہ صاف کیا ہوا ۲ تولہ۔ پوست بیضہ مرغ کو ایک کلیا میں بھر کر اس کے اوپر عرق پیاز جتنا آئے بھر دے اور دن بھر دھوپ میں رکھے رہیں۔ شام کو ۲ تولہ پارہ اس میں ڈال کر اور کلیہ کا منہ خوب مضبوطی سے بند کریں۔ اور اسے گل حکمت کر کے خشک ہونے پر دو سیر کنڈوں کی آنچ میں پھونک دیں۔ کشتہ سفید برآمد ہو گا۔ اب سب دواؤں کو کوٹ پیس کر اس میں یہ کشتہ ملا کر محفوظ رکھیں۔ اور صبح و شام ۶۔۶ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ کے استعمال کریں۔ قوت باہ کے بڑھانے کے لیے مجربات سے ہے ایک ہفتہ میں کمزوری۔ رقت۔ جریان وغیرہ کو نیست و نابود کر دیتا ہے نوجوانوں کے لیے ایک عجیب چیز ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

نوٹ: ناظرین طوالتِ تراکیب سمجھ کر بد ظن نہ ہو جائیں یہ میرے خاص بیش بہا اور جواہرات میں تولنے کے قابل مجربات ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی ایسا نسخہ نہیں ہو کہ میرے تجربہ میں نہ آیا ہو۔ مجھے اپنی نام آوری کی ضرورت نہیں ہے تجربہ کرنے پر میری صداقت خود بخود روشن ہو جائے گی۔ میں چونکہ بخل کو دل میں جگہ نہیں دیتا۔ اس لیے محض آپ کو فائدے اور ہمدردی خلائق عامہ نذر ناظرین ہیں۔

پانچ خاص نسخے

از جناب حکیم ڈاکٹر ابوالعطا مرزا خدا بخش صاحب زبدۃ الحکما لاہور

دوائے جریان جریان کے لیے بارہا کا مجرب ہے سیماب ایک حصہ۔ قلعی دو حصہ۔

قلعی کو پگھلا کر اس میں سیماب داخل کر لیں۔ اور ایک پہر تک کھرل کریں۔ بعد ازاں طباشیر ڈیڑھ حصہ۔ الائچی سفید ڈیڑھ حصہ پیس کر ملا کر کھرل کریں۔ بعد ازاں سب کے ہموزن مصری پیس کر ملا کر کھرل کر لیں۔ جب خوب یکجان ہو جائے تو رکھ لیں۔
مقدار خوراک: تین چار سرخ مسکہ یا بالائی میں نہار صبح کے وقت کھایا کریں۔ ہفتہ عشرہ تک مرض کافور ہو جاتا ہے۔

نسخہ سوزاک
سوزاک کے لیے بسیار مجرب ہے۔ سیماب ایک حصہ۔ گندھک آملہ سار دو حصہ۔ ان دونوں کی خوب کجلی کر لی جائے بعد ازاں ان کے ہم وزن مردار سنگ ایک حصہ۔ بارنگ ایک حصہ۔ کتھہ ایک حصہ باریک پیس کر ملا دیں۔ اور ایک دو دن مکرر کھرل کر کے رکھ لی جائے **مقدار خوراک** دو تین سرخ در مسکہ۔ اوپر سے نیم سیر دودھ گاؤ پلایا جائے ہفتہ عشرہ غایت دو ہفتہ تک کلی آرام ہو جائے گا۔

نسخہ مقوی و ممسک
یہ نسخہ مقوی باہ و ممسک عجیب الاسرار ہے۔ شنگرف ایک تولہ۔ افیون خالص ۳ ماشہ۔ دونوں کو پیس کر دو عدد چھواروں کو اندر سے خالی کر کے اس میں دونوں بھر دیں اور خمیر آرد سے لپیٹ کر گھی میں بریاں کریں۔ جب آرد سرخ ہو جائے اور تیرنے لگ جائے تو نکال لیں۔ پھر کشتہ عقیق ۶ ماشہ جو بجتوا میں تیار کیا گیا ہو ملا کر فلفل گرد کے برابر حبوب بنا کر رکھ لیں اور ایک ایک حب صبح و شام دودھ گاؤ سے دی جائے۔ غذا مرغن کھلائی جائے۔ چار پانچ روز غایت ہفتہ تک طاقت نا قابل برداشت ہو جاتی ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ خاص طحال
آب افتیون۔ آب لیموں کاغذی مساوی ملا کر ایک بوتل میں رکھ جائے۔ اور ایک کوڑی اس کے اندر چھوڑ دیں۔ جب کوڑی گل کر نیچے بیٹھ جائے تو چھان کر رکھ لیں۔ اب اسے تین ڈرام روز مرہ پلایا جائے۔ چند روز میں طحال کافور ہو جاتی ہے۔

چار نسخے

از جناب محمد یوسف صاحب مدرس

نسخہ نمبر۱ بنسلوچن ایک تولہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ شقاقل مصری ڈیڑھ تولہ۔ اندر جو شیریں ڈیڑھ تولہ۔ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ اور ایک تولہ یہ سفوف بوقت شب بعد ہضم غذا جوش شدہ دودھ سرد کیا ہوا سے کھائیں۔ اور چند روز اسی طرح استعمال کریں۔ خرابی خواب (احتلام) کے لیے مفید ہے۔

نسخہ نمبر۲ تج۔ گوند کتیرا مساوی الوزن لے کر سفوف بنائیں اور اس کے نصف وزن کھانڈ دیسی ملا لیں۔ اور صبح سویرے پاؤ بھر بکری کے دودھ کے ساتھ دو تولہ سفوف کھائیں حد درجہ کا مقوی باہ طاقت افزا نسخہ ہے۔

نسخہ نمبر۳ سنجد سیاہ۔ آرد ماش (دھلی ہوئی)۔ بداری قند۔ برنج ساٹھی برابر وزن لیں۔ اور کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔ اور دودھ میں گوندھیں۔ جب سب ایک ذات ہو جائیں تو روغن مادہ گاؤ حسب ضرورت میں چرب کریں۔ اور یک سرساہی روز کھائیں۔ آہستہ آہستہ بڑھاتے جائیں۔ اس سے منی زیادہ ہوتی ہے۔ اور قوت باہ کے لیے از حد مفید ہے۔

نسخہ نمبر۴ ------ کنانیدن زن بسیار مجرب است۔ کافور نصف ماشہ۔ سہاگہ تیلیا ایک ماشہ۔ دونوں کو رگڑ کر شہد میں ملا دیں۔ اور طلا کریں۔ فائدہ مذکور حاصل ہو گا۔

سرمائی تحفہ کے لیے صرف ایک نسخہ

از جانب حکیم عنایت اللہ صاحب جیٹھو وال

معجون مقوی مغز تخم سرس دو چھٹانک۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز فندق ہر ایک ایک چھٹانک۔ مغز تخم پنبہ۔ گوکھرو۔ بیج بند ہر ایک نصف چھٹانک۔ جملہ ادویہ کو کوٹ پیس کر تین گنا شہد خالص میں ملا لیں۔ **مقدار خوراک**

روزانہ صبح کو ایک تولہ سے بقدر برداشت کھائیں۔ ترش اشیاء سے پرہیز رکھیں۔ گھی۔ گوشت۔ انڈے اور مرغن غذا بکثرت کھائیں۔ مگر ایک دو ہفتہ ذرا ----- سے پرہیز رکھیں۔ اگر اسے چالیس روز باپرہیز کھایا جائے تو جوش شباب عود آئے گا از حد مقوی باہ ہے۔

ایک عجیب تحفہ

از جناب رام چند صاحب گپتا

گوکھرو پاک جریان کے لیے یہ تیر بہدف ہے۔ جو ہر بدن کو پیدا کرنا اور گاڑھا کرنا اس کا خاص کام ہے۔ علاوہ اس کے جسم اور دماغ کو بھی کامل طاقت دیتا ہے۔ **نسخہ** گوکھرو آدھ سیر لے کر باریک سفوف کر کے گائے کے ایک سیر گھی میں بھونیں پھر پانچ سیر دودھ گائے کا لے کر اس میں ڈالیں اور کھویا بنائیں۔ اور پھر ذیل کی اشیاء باریک کر کے ملالیں۔ بل گری۔ مرچ سیاہ۔ جائفل۔ سمندر سوکھ۔ الائچی۔ کافور بھیم سینی۔ پترج۔ دار ہلدی۔ ہلدی۔ کوٹھ۔ تالکھانا۔ افیون یہ تمام اشیاء ڈھائی ڈھائی تولہ۔ **مقدار خوراک** تین ماشہ روزانہ صبح گائے کے دودھ سے کھائیں۔ **نوٹ** اس میں دوگنا شہد ملالیں۔ اور پاک بنالیں۔

نسخہ خمیرہ لاجواب

از جناب بشیر احمد صاحب سردیر روجھان

مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز کدو۔ مغز نارجیل۔ مغز بادام مقشر ہر ایک ڈھائی تولہ شیر گاؤ پاؤ۔ جملہ اشیا کا شیرہ نکال کر نصف سیر مصری میں قوام رب کی طرح گاڑھا بنا کر ادویات ذیل کا سفوف شامل کر کے خمیرہ تیار کریں۔ ثعلب مصری۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ ہر ایک ۲ ماشہ۔ طباشیر۔ مصطگی رومی۔ ست گلو۔ دانہ الائچی خورد۔ خولنجاں۔ موچرس۔ کمرکس۔ ہر ایک ساڑھے ۳ ماشہ۔ ستاور۔ شقاقل مصری ۳۔۳ ماشہ۔ گوند چھوہارہ ڈھائی ماشہ۔ کشتہ سونا مکھی ٦ ماشہ۔ ورق طلا ۱۲ عدد۔ ورق نقرہ نصف دفتری۔ خیرہ بنا کر محفوظ

رکھیں۔ بے حد مقوی اور طاقت افزا ہے۔ **مقدارِ خوراک** اس کی ۲ تولہ تک ہے دودھ گاؤ سے کھایا کریں۔

نادر تحائف

از جناب حکیم غلام غوث صاحب از ڈنگہ

نسخہ نمبرا حلوا مویز۔ جو کہ بواسیر اور قبض دائمی والوں کو نہایت مفید ہے۔ چونکہ صاحبان قبض کوئی مقوی چیز قابض نہیں کھا سکتے ہیں ان کے لیے نہایت ہی عجیب ملین مقوی بے انتہا لذیذ غذا کی غذا اور دوا کی دوا ہے۔ احقر بکثرت اسے استعمال کرتا رہا ہے۔ بس زیادہ کیا کہا جائے دیگر بیازید حلوائے خوب است کا مصداق ہے۔ **نسخہ** مویز منقیٰ ایک سیر۔ شیر گاؤ ڈھائی سیر۔ مغز بادام مقشر۔ مار۔ روغن گاؤ۔ مار منقیٰ کو شیر گاؤ میں اس قدر پکایا جائے کہ دودھ کا کھویا بن کر مثل حلوا کے ہو جائے۔ بعد میں روغن گاؤ ڈال کر بھونا جائے۔ اس کے بعد مغز بادام ڈال کر کسی قدر بریاں کریں۔ اور شکر سفید ڈیڑھ سیر ملا کر کچھ تھوڑا بھون کر اتار لیا جائے۔ اور زعفران ۳ ماشہ۔ الائچی خورد ایک تولہ ملا دیا جائے۔ ماشہ دو ماشہ مشک و عنبر بھی ملا سکتے ہیں ورنہ کوئی ضرورت نہیں۔ **مقدارِ خوراک** ڈھائی تولہ سے پانچ تولہ تک حسب برداشت۔

کشتہ فولاد اصلاح بدن و تقویت باہ۔ خوبصورت سرخ و سفید کرنے والا رنگ و رو کا ہے۔ **نسخہ** برادہ فولاد مصفیٰ ۱۰ تولہ کو ایک سکورہ گلی میں دال کر اس پر آب ترب مروق اس قدر ڈالیں کہ چار انگشت اوپر رہے۔ جب وہ جذب ہو کر خشک ہو جائے اسی طرح دو دفعہ اور آب مروق ملا کر خشک کریں۔ بعد ازاں اسی طرح آب مروق بوٹی ہاتھی سونڈی کا ڈال کر تین بار ایسا ہی عمل کریں۔ اور خشک ہونے کے بعد سحق بلیغ کر کے پارچہ وبیز میں چھان کر شیشی بدہان بند مضبوط میں محفوظ رکھیں۔ **مقدارِ خوراک** اس کی ایک رتی ہمراہ سفوف مصطگی ۳ ماشہ سے کھا کر اوپر سے دودھ پی لینا چاہیے۔ گرم ترش اشیاء سے پرہیز اور گھی دودھ بکثرت استعمال کرنا چاہیے۔

معجون لبوب معتدل مقوی دل و دماغ و باہ۔ دافع ہر اقسام جریان ہے۔ دافع ضعف

معدہ و مثانہ ہمہ صفت موصوف۔ بالخصوص تقویت دماغ کے لیے از حد مفید ہے۔ جملہ دماغی کام کرنے والے بالخصوص نوجوان طالب علم اس کی قدر کریں۔ اور استعمال کر کے قدرت حق کا مشاہدہ فرمائیں۔ **نسخہ:** مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز کدو۔ مغز خیار۔ مغز تربوز۔ مغز خربوزہ۔ چہار مغز۔ مغز بنولہ۔ مغز چلغوزہ۔ تخم خشخاش۔ تخم خار خشک مدبر۔ ثعلب مصری ہر ایک ۲ تولہ۔ موسلین۔ بہمنین۔ تودرین۔ کتیرا ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی رومی۔ طباشیر کبود۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ۹ ماشہ۔ صمغ عربی۔ سبوس اسبغول۔ گل گاؤزبان ہر ایک ٦ ماشہ۔ ستاور ۷ ماشہ۔ ست گلو ٦ ماشہ۔ ست سلاجیت ۲ ماشہ۔ تالمکھانا ۹ ماشہ۔ بیج بند گجراتی ٦ ماشہ۔ کشتہ ابرک سفید ڈیڑھ تولہ۔ کشتہ فولاد مذکور ڈیڑھ تولہ۔ مربہ بلیلہ کابلی ۵ تولہ۔ مربہ آملہ بنارسی ۵ تولہ۔ ورق نقرہ کلاں ۳۰ عدد۔ ورق طلا ۱۵ عدد۔ شکرتری دیسی ادویات تمام سے دو چند۔ **ترکیب استعمال:** ہر ایک دوا عمدہ صاف ستھری جو بوسیدہ و کرم خوردہ نہ ہو لے کر الگ الگ باریک پیس لیں۔ مگر مغزیات کو موٹا موٹا جوکوب ہی رکھیں کیونکہ دوا لذیذ ہوتی ہے۔ پوست مربہ جات کو عرق گاؤزبان نیم آثار میں نہایت باریک پیس کر نرم آنچ پر جوش دیں۔ جب پانچ چھٹانک عرق رہ جائے تو اتار کر پارچہ پنیر کر کے فضلہ کو دور کریں۔ اور عرق کو محفوظ رکھیں۔ بعد ازاں حسب دستور شکرتری کا قوام کر کے عند القوام عرق مذکور ملا دیں۔ اور جب معجون کا قوام ہو جائے تو اتار کر پہلے مغزیات اور بعد ازاں دیگر ادویات قدرے قدرے ڈال کر حل کرتے جائیں۔ اور بعد ازاں کشتہ جات ملائیں۔ اور ان کو خوب حل کر دیں۔ کہ ایک جگہ ہی جمع نہ رہیں۔ پھر ہر دو ورق ایک ایک کر کے ملا دیں۔ اور مرتبان میں ڈال کر چند عدد ورق اوپر چسپاں کر دیں۔ اور جب تک گرم رہے یعنی ایک دن مرتبان یا جس ظرف میں دوا ہو اس کے منہ پر باریک مصفٰی رومال باندھ کر کھلا رکھیں۔ اور اس کے بعد سرپوش ہموار دے کر آٹھ دن گزار کر **مقدار خوراک:** ٦ ماشہ سے ایک تولہ تک حسب برداشت مزاج ہمراہ شیر گاؤ تازہ سے کھائیں۔ ترشی و تیل والی اور گرم اشیاء و تیز مصالحہ دار و ثقیل غذا سے پرہیز ہے۔

چند ایک مجربات

از جناب حکیم علم الدین بھاگووالیہ صاحب

حب مفید۔ مقوی و ممسک شدید زیادہ تعریف کی ضرورت نہیں۔ صاحب تجربہ خود معلوم کر لیں گے۔ تاہم اس قدر عرض کر دینا ضروری خیال کرتے ہیں کہ یہ نسخہ از حد مقوی باہ اور ممسک طبعی ہے اور واقعی خفتہ کو بیدار کرنے والا اثر رکھتا ہے۔ جائفل عمدہ اور کلاں جو وزن دار ہو (کرم خوردہ نہ ہو) لے کر اس میں سوراخ کر کے بقدر ایک ماشہ کے افیون خاص داخل کریں اور منہ جائفل کا اسی کے خارج شدہ برادہ میں مضبوط بند کر کے اس کو ایک دھتورہ کے پھل (ڈوڈے) میں کچھ تخم نکال کر داخل کر کے سوراخ بند کر کے چالیس یوم تک رکھ چھوڑیں۔ پھر جائفل کو نکال کر بمعہ افیون کے باریک کھرل کریں۔ اور برگ دھتورہ کے رس میں ایک دن کھرل کر کے پھر بقدر ایک چھٹانک دودھ بڑھ میں کھرل کریں کہ دودھ جذب ہو جائے۔ اور گولیاں بقدر نخود بنالیں۔ **مقدار خوراک** صرف ایک گولی دودھ گائے سے عصر کے وقت کھلایا کریں۔ از حد ممسک ہے۔ اگر تقویت کے لیے کھانا ہو تو ایک گولی صبح اور ایک گولی ۴ بجے شام مکھن یا بالائی میں رکھ کر نگل لیا کریں اور اوپر سے بقدر برداشت دودھ پی لیا کریں۔ پیاس لگنے پر بھی دودھ ہی پئیں۔

دیگر مفید التاثیر گولیاں یہ مرکب بھی مذکورہ بالا نسخہ کے فوائد سے کسی صورت میں کم نہیں۔ بلکہ بعض صورتوں میں اس سے بھی عمدہ اثر دکھاتا ہے۔ کل مجموعہ درخت دھتورہ سفید یعنی بیخ و برگ و شاخ و پھل لے کر سایہ میں خشک کر کے جلالیں اور اس خاکستر کو ایک کڑاہی میں ڈال کر پانی سے پر کر دیں اور ایک ہفتہ تک رکھ چھوڑیں مگر دن میں دو تین بار اچھی طرح سے ہلا دیا کریں۔ پھر پانی کو مقطر کر کے آگ پر جلا کر نمک بنالیں۔ اب اس نمک کے برابر وزن جائفل۔ قرنفل۔ دارچینی۔ زعفران۔ جدوار خطائی۔ مغز بنولہ اور ۱/۴ وزن افیون اور ۱/۸ وزن مشک خالص ملا کر ایک دن شراب برانڈی میں کھرل کریں (شراب کے عوض آب ادرک بھی کام دے سکتا

ہے) اور ایک دن دودھ بڑھ میں کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنالیں۔ **مقدار خوراک** ایک گولی صبح اور ایک گولی شام مکھن یا بالائی میں رکھ کر نگل لیا کریں اور اوپر سے دودھ گاؤ جس قدر ہضم ہو سکے پی لیا کریں۔ عجیب طاقت پیدا کرے گا۔ اگر بوقت عصر ۲ گولی دودھ سے کھائیں نمکین غذا سے پرہیز رکھیں اور پیاس لگنے پر دودھ ہی پئیں۔ تو رات کو کے وقت عجیب لطف اٹھائیں۔

ایک اور بے نظیر نسخہ جائفل ۶ ماشہ۔ قرنفل ۴ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ سب کا باریک سفوف کر لیں۔ تخم جوزمائل سفید۔ تخم حرمل۔ مغز بنولہ ہر ایک تین تولہ کو نیم کوب کر کے شراب برانڈی اور عرق بید مشک ہر ایک ایک پاؤ پختہ میں رات کو بھگوئیں اور صبح جوش دے کر مل چھان کر اس کے پانی میں مذکورہ بالا سفوف کو اس حد تک کھرل کریں کہ قابل گولیاں بنانے ہو جائے پھر بقدر نخود گولیاں بنالیں **مقدار خوراک** ایک گولی صبح اور ایک گولی شام مکھن یا بالائی میں رکھ کر نگل لیا کریں اور اوپر سے جتنا ہو سکے دودھ گاؤ پیا کریں۔ بے نظیر چیز ہے تقویت باہ و انعاظ کے لیے شدید التاثیر ہے۔

ٹوٹکہ عجیب النفع کم خرچ بالا نشین۔ غرباء کے لیے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ گو ذرا محنت درکار ہے مگر یاد رہے کہ تقویت باہ کے بڑھانے میں اس کے مقابلہ میں بڑی بڑی یاقوتیاں ہیچ سمجھئے۔ چالیس روز کا استعمال مایوس سے مایوس کے لیے آب حیات سے کم نہیں ہو گا۔ **نسخہ** درخت سرس کی تازہ پھلیاں جس میں کہ ابھی دانہ خام ہی ہو لے کر اسے کونڈے ڈنڈے میں گھوٹ کر ایک گز بھر کھدر کے کپڑے پر پتلا پتلا لیپ کر دیں اور سایہ میں خشک کریں۔ بعد خشک ہونے کے پھر اسی طرح لیپ کریں حتیٰ کہ پورا اکتالیس بار لیپ کریں۔ پھر خشک کر کے کپڑے کو محفوظ رکھ چھوڑیں۔ اب بقدر ۶ ماشہ یا ایک تولہ کے قریب کپڑا کتر کر ایک سیر پختہ دودھ گاؤ میں ڈال کر جوش دیں کہ قریب نصف کے دودھ رہ جائے۔ اب دودھ سے کپڑے کو نکال کر پھینک دیں اور بقدر ذائقہ مصری ملا کر نیم گرم روز پیا کریں۔ چالیس روز کے استعمال سے بدن میں اس قدر طاقت پیدا ہو گی۔ جس کا بیان کرنا مشکل ہے۔ بے ضرر ممسک ہے۔ اور سرعت رقت کا جانی دشمن۔ مولد و مغلظ منی ہے۔

ایک اور ٹوٹکہ تخم کنیر سفید جو اچھی طرح درخت کنیر کے ساتھ ہی پختہ ہوئے ہوں لے کر سایہ میں خشک کریں اور کوٹ چھان کر اس حد تک کھرل کریں کہ باریک سرمہ سا ہو جائے۔ شیشی میں محفوظ رکھیں۔ پہلے روز بقدر ایک رتی مسکہ میں ڈال کر کھائیں دوسرے روز ڈیڑھ رتی۔ اسی طرح نصف نصف رتی روزانہ ایک ہفتہ تک بڑھائیں اگر پیاس لگے تو دودھ گاؤ پیتے رہیں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے اس قدر طاقت بڑھے گی جو کہ خود استعمال کنندہ ہی محسوس کرے گا۔

اکسیر مقوی بدن کشتہ قلعی خالص ایک تولہ۔ کشتہ فولاد ۹ ماشہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ ورق طلا ایک ماشہ۔ گوند چھوہارہ ۲ ماشہ۔ زعفران۔ افیون ہر ایک ۳ ماشہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ سب کو باریک کر کے آب پوست میں ایک دن کھرل کریں اور ایک دن شراب برانڈی میں اور ایک دن دودھ بڑھ میں کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بنالیں۔ مقدار خوراک: ایک گولی مکھن یا بالائی میں رکھ کر ہر صبح نگل لیا کریں۔ اور اوپر سے زردی و سفیدی بیضہ مرغ ۲ عدد۔ دودھ گاؤ ۳ پاؤ پختہ اور مصری بقدر حاجت ملا کر اس قدر جوش دیں کہ نصف دودھ رہ جائے اور نیم گرم سے ہی گولی صبح کھائیں۔ غذا عمدہ اور مرغن ہو۔ اس کے استعمال سے اس قدر طاقت ہو گی کہ ضبط ہونا مشکل ہو گا۔ ایک دفعہ نہیں۔ دو دفعہ نہیں بلکہ سینکڑوں بار کی مجرب اور قابل تعریف چیز ہے۔

طلائے مساکین کم خرچ بالا نشین۔ زیادہ لاگت درکار نہیں۔ زیادہ محنت نہیں کرنی پڑتی۔ آسانی سے تیار ہو جانے والا ہے مگر فائدہ میں ایسا کہ بعض صورتوں میں بڑے بڑے اعلیٰ اور قیمتی طلاؤں پر سے بازی لے جاتا ہے۔ سستی کمزوری کو دور کرنے میں واقعی کم خرچ بالا نشین کا مصداق ہے۔ نسخہ: ایک بالشت کے قریب کھدر کا گاڑھا کپڑا لے کر اسے دودھ آک میں خوب اچھی طرح تر کر کے سایہ میں کسی قدر سکھا لیں۔ اس کے بعد اس کپڑہ کو روغن کنجد خالص میں اچھی طرح تر کرلیں اس حد تک کہ نہ بہت زیادہ تیل ہو اور نہ ہی کم۔ پھر اسے ایک بتی کی صورت میں بنا کر اس کے ایک سرے پر آگ لگائیں اور اس کے نیچے ایک پیالی رکھ دیں۔ بتی سے تیل ٹپک کر پیالی میں گرے گا۔ اسے محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت اعضائے تناسل کا اگلا حصہ اور نیچے کی رگ چھوڑ کر تمام اعضاء پر چند قطرے مل کر اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ پانی سرد سے

پرہیز رکھیں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے اچھا خاصہ اثر دکھلائے گا۔

طلائے عجیب ہردلعزیز روغن کنجد خالص۔ روغن سانڈہ۔ چربی شیر ہر ایک ڈھائی تولہ۔ سم الفار سفید ۶ ماشہ۔ سم الفار کو باریک پیس کر ہر سہ روغن و چربی میں ملا کر ایک ہفتہ پڑا رہنے دیں۔ مگر دن میں ایک دو بار ہلا چھوڑا کریں۔ ہفتہ کے بعد اسے نرم نرم آنچ پر (برابر پندرہ منٹ تک کسی کڑچھے میں ڈال کر کوئلوں کی آنچ پر) جوش دیں۔ اس کے بعد اتار کر سرد ہونے دیں۔ اس کے بعد آہستہ سے اوپر کا تیل نتھار لیں۔ خیال رہے کہ سم الفار کی سمیت تیل میں نہ آنے پائے۔ اب اس میں مشک خالص۔ جائفل۔ لونگ۔ جاوتری۔ بیربہوٹی۔ ہر ایک ایک ماشہ شامل کر کے اچھی طرح سے کھرل کر کے محفوظ رکھ لیں۔ بے نظیر مقوی تیل تیار ہو گا جو ہمہ صفت موصوف ہے اور کچھ جاننے والے ہی اس کی قدر سمجھیں گے۔

صبح کی نہاری دودھ گاؤ تین پاؤ پختہ۔ سفیدی و زردی انڈا مرغ ۳ عدد دودھ میں ملا کر خوب پھینٹ کر یکجان کر لیں اور تین سے پانچ تولہ تک گھی ملا لیں اور بقدر ضرورت شہد ملا کر اس حد تک نرم نرم آنچ پر جوش دیں کہ دودھ ذرا غلیظ ہو جائے۔ اتار کر صبح ہی نیم گرم پی لیا کریں۔ اگر صبح ورزش کر لینے کے بعد اسے پیا جائے تو نہایت مفید ہے۔ مقوی بدن۔ مقوی باہ اور مقوی دماغ ہے۔ بدن میں خون پیدا ہوتا ہے خون و چالاکی آتی ہے۔

ارمغان زمستان

از جناب حکیم مولوی محمد ظفرالدین صاحب ناصر طبیب سرکار نظام قصبہ کھیڑ

① پیڑا مقوی تحفہ سرما سیماب خالص و مصفٰی ڈیڑھ تولہ ایک نارجیل میں بھر کر بند کریں۔ خرما خشتہ برآوردہ ۱۰ تولہ۔ شیر گاؤ ۵ ثار میں ڈال کر خوب پکائیں۔ تاکہ کھویہ ہو جائے۔ اس اثناء میں اگر نارجیل کے جل جانے کا احتمال ہو تو فوراً نکال کر علیحدہ رکھ لیں۔ بعدہ تالمکھانا۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ ہر ایک ۱۰

تولہ کوٹ چھان کر شکر سفید ڈیڑھ سار کا قوام درست کر کے ادویہ مذکور داخل کریں۔ نارجیل کو سیماب سے خالی کر کے ریزہ ریزہ کر کے اور کھویہ مذکور ملا کر سب کو بریاں کریں تاکہ کچا نہ رہ جائے۔ پھر اتار کر ۲۔۲ تولہ کے پیڑے تیار کر کے رکھ لیں اور ایک پیڑا روز کھائیں۔ اعضاء رئیسہ کو بے حد تقویت پہنچاتا ہے اور سردی کی شدت محسوس نہیں ہوتی۔

۲ مربہ ماہی ممسک و مقوی گوشت ماہی روہو یک ثار قیمہ کر کے نمک چکنی۔ مالکنگنی۔ ادرک ہر ایک ۱۰ تولہ باریک پیس کر چالیس غلولہ بنائیں اور تھوڑے تھوڑے قیمہ مذکور میں ملفوف کر کے ٹکیہ سی بنا لیں۔ اور ایک ثار روغن زرد خالص میں خوب بریاں کر لیں۔ پھر شہد ڈیڑھ ثار کا قوام درست کر کے ٹکیہ ہائے بریاں شدہ مذکور ڈال کر حفاظت سے رکھ لیں۔ بعد دس روز کے ایک ٹکیہ مربہ روزانہ استعمال کریں۔

۳ حلوائے بے نظیر مقوی باہ۔ دافع جریان۔ مغلظ منی ہے۔ اول میدہ گندم نیم ثار روغن زرد میں بریاں کر کے قند سفید اڑھائی پاؤ پختہ کے قوام میں ملا کر صمغ عربی۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ تودرین۔ موصلین۔ خولنجان۔ شقاقل مصری۔ موصلہ سنبل ہر ایک ایک تولہ۔ سیوس اسبغول۔ تالمکھانا۔ ثعلب مصری ہر ایک ڈیڑھ تولہ کوٹ چھان کر مخلوط کریں۔ پھر کشمش سبز ۵ تولہ۔ مغز پستہ۔ مغز بادام۔ شیرہ آملہ دیسی۔ شیرہ سیب دیسی ہر ایک ۵ تولہ علیحدہ خفیف آنچ پر غلیظ القوام کر کے ملا کر حلوا تیار کریں۔ اور بقدر ۵ تولہ بوقت صبح بطور ناشتہ تناول کیا کریں۔

۴ بیضہ حکمت جو ضعف اور پیری کے لیے تریاق ہے۔ اگر مادر زاد نہ ہو تو نامرد کو مرد بناتا ہے۔ بے حد قوت بخشتا ہے اور بزدلوں کو شیر صفت بناتا ہے۔ ایک دیگچی قلعی دار میں پانچ سیر پانی ڈال کر اس میں سم الفار سفید ۶ ماشہ ریزہ ریزہ کر کے ڈال دیں اور تین عدد بیضہ ماکیاں کو سوئی سے نزدیک نزدیک سوراخ کر کے اس میں چھوڑ دیں اور دیگچی کے منہ پر سرپوش دے کر آرد ماش و گل ملتانی سے خوب مضبوطی سے لب بند کر کے چولہے پر سوار کریں۔ اس میں بہت شور اٹھے گا۔ فکر نہ کریں اگر کسی طرف سے دھواں اٹھتا ہوا نظر پڑے تو فوراً آرد و گل ملتانی مذکور سے بند کر دیں۔ جب

دیکھیں کہ انڈوں کو جوش آ گیا ہو گا دیگچی نیچے اتار کر بعد سرد ہونے کے نکالیں اور زردی شہد میں مخلوط کر کے ہر روز ایک عدد کھائیں۔ تین روز میں عنین کو مرد کامل بناتا ہے۔

۵ معجون لولوی مشکی جو قوت باہ اور ازدیاد اشتہا نیز تسمین بدن کے لیے بے عدیل ہے۔ رنگ رخسار کو سرخ کرتا ہے محافظ ارواح ہے۔

پان سفید ۴ عدد۔ قرنفل ۴ تولہ۔ دار چینی ۴ تولہ۔ گل سرخ ۱۰ عدد۔ ہینگ نیم کوفتہ ۲ تولہ۔ گاؤزبان گیلانی ۱۰ تولہ۔ مویز منقیٰ یا کشمش سبز یک عدد۔ جملہ ادویہ کو رات کو آٹھ تار پانی میں بھگو رکھیں اور صبح حسب دستور عرق کشید کر کے رکھیں۔ اول معجون ذیل حسب برداشت طبیعت ۳ ماشہ سے ایک تولہ تک تناول کر کے اوپر سے عرق مذکور بقدر ایک پیالی چائے نوش فرمائیں۔ نسخہ معجون یہ ہے۔ مروارید ناسفتہ ساڑھے ۴ ماشہ۔ مرجان۔ یشب سبز۔ خشخاش سفید۔ جوزبوا۔ دانہ ہیل۔ عنبراشہب۔ مشک تبتی ہر ایک ۳ ماشہ۔ بزرالبنج۔ اسارون۔ صمغ عربی۔ ثعلب مصری۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ عود غرقی۔ تخم شلجم۔ طباشیر کبود۔ مغز کشنیز۔ غنچہ گل سرخ۔ درونج عقربی۔ شقاقل مصری۔ بسباسہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ دار چینی۔ مصطگی رومی ہر ایک ۹ ماشہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم خیارین۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ قند سفید ۱۰ عدد۔ حسب دستور معجون تیار کریں۔

۶ سفوف شیریں جو قوت بڑھاتا ہے مادہ منویہ کو گاڑھا کرتا ہے۔ رقت و سرعت کا دافع۔ امساک لاتا ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔ رنگ و رو و بدن کو نکھارتا ہے ہر صبح نہار منہ ایک تولہ ہمراہ۔ عدد شیر گاؤ استعمال کریں تالمکھانا ۲ تولہ۔ سروالی۔ تخم اوٹنگن۔ مغز تخم کونچ۔ بہمن سرخ و سفید۔ صمغ عربی۔ کاسنی۔ تج۔ مغز کنول گٹہ۔ ثعلب مصری۔ مصطگی رومی۔ مغز چلغوزہ۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز کدو۔ بیج بند۔ قاقلہ کلاں۔ کتیرا۔ ورق گل سرخ ہر ایک ایک تولہ۔ نبات سفید ۱۰ تولہ۔ جملہ ادویہ باریک پیس کر مصری ملا کر رکھیں۔

مجربات حسن

از جناب حکیم محمد یوسف حسن صاحب لاہور

مرکب نقرہ چاندی ۲ تولہ کی ایک ڈلی لے کر اس کو اول صاف کریں۔ لیموں یا املی کے پانی میں ۲۱ بار بجھالینا کافی ہوتا ہے۔ پھر ہڑتال زرد ورقیہ عمدہ قسم لے کر ۲ تولہ چاندی کے پترہ پر ۶ تولہ ہڑتال زرد کو پانی میں پیس کر گوندھ کر گاڑھا لیپ کر دیں۔ چاندی کا پترہ ہتھیلی کے برابر بنوالیں۔ اور لیپ دونوں طرف ہونا چاہیے۔ اس کو خشک کرلیں پھر ایک کوزہ گلی میں رکھ کر بارہ سیر اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں۔ اور رزر سے پیس لیں سیاہ رنگ کا کشتہ ہوگا اب اس کشتہ کو آب لیموں سے سحق کریں۔ سحق ایک روز کافی ہے پھر ٹکیہ بنا کر تین سیر اپلوں کی آگ دیں۔ تیسری بار پھر آب لیموں سے کھرل کرکے تین سیر اپلوں کی آگ دیں۔ چوتھی بار مکھن مادہ گاؤ ایک سیر میں ٹکیہ چاندی کی رکھ کر آگ دیں زرد رنگ مائل بہ خاکستر کشتہ نہایت نفیس تیار ہوگا۔ ایک نکتہ چاندی کی یا چار یا سہ دھاتہ کی تکلیس کے جس قدر نسخہ جات ہیں ان کا رنگ عموماً سیاہ ہوتا ہے۔ بعض اوقات تو ان کا رنگ کوئلہ کی طرح ہوتا ہے۔ لیکن اگر اس تکلیس کو مکھن میں رکھ کر ۵ سیر اپلوں کی آگ دی جائے تو کشتہ سنہری یا زرد رنگ کا ہو جائے گا جس سے اس کا رنگ خوشنما اور تاثیر بڑھ جائے گی۔ تمام طبی کتب کشتہ جات میں تکلیس کو اس صورت میں بدلنے کا کہیں تذکرہ نہیں اور میں نے بارہا تجربہ سے اس عمل سے درست پایا ہے۔ اس لحاظ سے آئندہ سیاہ رنگ کا تکلیس چاندی یا سہ دھاتہ یا چار دھاتہ کا کسی طبیب کی الماری میں نظر نہ آنا چاہیے۔ اور اس جدید دریافت سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

اب کشتہ مذکور ۳ ماشہ میں ادویہ ذیل ملا کر معجون تیار کریں۔ مروارید ناسفتہ۔ قلفل دراز۔ مصطگی رومی۔ عاقرقرحا ہر ایک ایک ماشہ۔ تخم بالنگو۔ تخم بابونہ۔ جوزبوا ہر ایک ۳ ماشہ۔ عود۔ قرنفل۔ جدوار ہر ایک ۳ ماشہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ میٹھا تیلیہ مدبر ایک ماشہ۔ شنگرف مدبر ایک ماشہ۔ افیون مصفیٰ ۶ ماشہ۔ میٹھا ہلدیہ مدبر ۳ ماشہ۔ (مدبر کرنے کی تراکیب

عام کتب طبیہ میں مل سکتی ہیں) تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر ملاتے جائیں اور عرق گلاب و مصری کے قوام کو حسب ضرورت ملا کر معجون تیار کریں اس مرکب کا نام معجون عیش ہے۔ خوراک بطور دوا کے ایک ماشہ روزانہ بوقت قصر شیر گاؤ کے ساتھ بطور وقتی ضرورت کے ۲ سے ۳ ماشہ تک ــــ دو گھنٹہ قبل ہمراہ شیر گاؤ۔ وہ لوگ جو کہتے ہیں کہ امساک وغیرہ کی اشیاء نایاب ہیں وہ اس عمل آسان و نسخہ صحیح سے فائدہ اٹھائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ تمام باتیں حاصل ہوں گی اور انسان اس کا والا و شیدا بن جائے گا۔ امساک کی گولیوں کے مقابلہ میں یہ نسخہ اس سے بھی زیادہ مفید ہے۔ اور اس کے اجزاء اعضاء رئیسہ کو قوت دینے اور پٹھوں کو مضبوط کرنے میں زیادہ موثر ہیں۔ غریب آدمی اگر مروارید ناسفتہ کو شامل نہ کر سکیں تو ان کو چھوڑ دیں ورنہ مروارید کی خاطر نسخہ کو کمزور نہ کیا جائے۔

معجون لولوی

معجون لولوی اکثر بازاروں میں بھی فروخت ہوتی ہے ہر طبی کتب میں اس کا نسخہ بھی ہے۔ میں نے بھی اس کو بارہا بنایا اور ہمیشہ اس کے فوائد کا مشاہدہ کیا اس لیے اس کو درج کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔ جالینوس نے لکھا ہے کہ معجون لولوی ہفت منفعت دارد و عضو را مضبوط کند و ادعیہ منی بکشاید۔ قوت و خواہش را زیادہ کند۔ اعصاب را قوت دہد۔ درخون تغیر عظیم پیدا آورد۔ نعوذ بسیار دوستی درمیان زن و مرد پیدا کند مجرب است لا تخلف مروارید ناسفتہ۔ بسد ہر ایک ایک مثقال۔ بہمن سفید۔ انیسون ہر ایک ۳ درم۔ کاکنج۔ بیخ بیلاب مکد ایک درم۔ فقاح اذخر۔ سعد کوفی۔ سلیخہ۔ دارچینی۔ اسارون۔ مصطگی ہر ایک نیم مثقال۔ صمغ عربی۔ کتیرا ہر ایک نیم درم۔ کشتہ نقرہ جو معجون عیش میں اوپر درج کیا گیا ہے ۶ ماشہ۔ شہد دو چند کے قوام میں حسب دستور معجون تیار کر لیں۔ اور ایک سے دو مثقال تک نیم گرم پانی یا نیم گرم دودھ سے سوتے وقت دو ہفتہ تک استعمال کریں۔ جالینوس نے جو فوائد لکھے ہیں ان میں کسی قسم کا مبالغہ نہیں۔ لیکن میری ذاتی رائے ہے کہ جن لوگوں کی منی ناقص اور مادہ تولید اس قابل نہ ہو کہ اولاد پیدا کر سکے ان کی منی کی اصلاح کے لیے یہ نسخہ واقعی مجرب ہے۔ مروارید اور کشتہ نقرہ کی ملاوٹ سے اعضاء رئیسہ و معدہ کو بالخصوص زیادہ قوت پہنچتی ہے۔

مفرح حیات مفرح کے بہت سے نسخہ جات اکسیر اعظم میں درج ہیں مگر ذیل میں جو نسخہ درج کرتا ہوں وہ بار بار کے تجربہ کے بعد صحیح معلوم ہوا ہے۔
خصوصا وہ لوگ جو کسی قسم کی مقوی دوائی کھا کر پریشان ہوتے ہوں نہ ان کو سرد دوائی موافق آتی ہو نہ گرم سے نفع ہوتا ہو ان کے لیے واقعی آب حیات ہے۔ بلا کسی قسم کے ہیجان و جوش پیدا کرنے کے اصلی و صحیح طاقت پیدا کرتی ہے۔ طلبا اور دماغی کام کرنے والوں کے لیے بہترین مقوی دماغ دوائی ہے۔ دل و باہ کو تقویت دینے میں بے نظیر ہے۔
اگست کے مہینہ میں سبز بھنگ کو اس وقت لیں جب کہ ابھی بیج پختہ نہ ہوئے ہوں۔ برگ بھنگ سبز ایک سیر کو ۴ سیر دودھ میں رات کو بھگو کر صبح جوش دیں۔ اور صاف کر کے اس دودھ میں ایک پاؤ گھی داخل کر کے پھر آگ پر رکھیں نرم آنچ ہو۔ جوش دیتے رہیں یہاں تک کہ گاڑھا قوام ہو جائے۔ پھر نیچے اتار کر سرد کریں۔ ضامن لگا کر دودھ کو جمائیں۔ صبح بلو کر مسکہ نکال لیں۔ اس مسکہ میں ادویات ذیل کوٹ چھان کر شامل کریں۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ ورق نقرہ ۴ ماشہ۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ کبابہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل۔ دانہ ہیل۔ دارچینی۔ جوزبوا۔ قرنفل۔ گل سرخ۔ فرنجمشک۔ صندل سفید۔ تخم بادیاں۔ تودری سرخ و زرد۔ بسباسہ۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ مغز بادام۔ تخم خشخاش۔ گلاب ہر ایک ایک پاؤ۔ عسل سفید۔ قند سفید ہر ایک ڈیڑھ سیر۔ حسب ترکیب معجون تیار کریں۔ اتارتے وقت مسکہ ملا لیں۔ **مقدار خوراک** ایک سے ۲ ماشہ تک۔
باہ۔ امساک پیدا کرتی ہے۔ مشتی۔ مفرح اور مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔

ممسک بیرونی پوست بیج کنیر سفید۔ شنگرف رومی ہر ایک ۱۴ ماشہ ان کو آدھ سیر شراب دو آتشہ تیز یا آکشا نمبر ا میں کھرل کریں۔ یہاں تک کہ کل شراب ختم ہو جائے پھر ان کی حبوب بمقدار نخود تیار کر لیں۔ ضرورت کے وقت شراب میں گھس کر طلا کریں اوپر برگ پان باندھیں۔ جب سوزش شروع ہو برگ پان اتار کر قربت کریں۔ از حد مقوی۔ معلب و ممسک ہے۔ اس سے بے حد قوت پیدا ہو جاتی ہے۔
ہر حرکت کے بعد قوت بڑھتی جاتی اور تیز تر ہوتی جاتی ہے ساتھ ہی ایک لطف کی بات یہ ہے کہ قربہی صبح تک دگنی ہو جاتی ہے۔ صبح کو اکثر سوزش معلوم ہوتی ہے۔ روغن چنبیلی ایک دو روز لگائیں۔ کمزور --- کو بھی اس سے فائدہ پہنچتا ہے۔ احتیاط اس قدر ہے کہ

ایک گھنٹہ سے زیادہ نہ باندھیں۔ عجیب زبردست چیز ہے اور کئی بار کی مجرب۔ باوجود عمل کرنے کے قوت اور بڑھ جاتی ہے۔

حبوب الاسرار عنبری عنبر ۳ ماشہ مگر خالص ہو۔ سم الفار۔ کتھہ سفید ہر ایک ۶ ماشہ۔ برگ پان ایک سو عدد۔ آب برگ پان ایک سو عدد۔ اول عرق میں پہلے تینوں دواؤں کو کھرل کریں۔ پھر برگ پان ایک ایک ملا کر کھرل کرتے جائیں۔ آخر میں گولیاں بقدر ماش کے تیار کریں۔ صبح کوئی مرغن چیز کھا کر ایک گولی روز کھالیا کریں۔ اگر ۳۰ سال سے اوپر عمر کا آدمی مہینہ بھر میں ۴۸ گولیاں یعنی ہر ساتویں روز ایک دن ناغہ کر کے کھائے گا تو تین ماہ تک بمعہ پرہیز جماع۔ ترشی و تیل کے استعمال کرنے سے دس بیس سال تک قوت باہ قائم رہے گی۔ گولیاں مشتی و ہاضم بھی بہت ہیں۔ اور لطف یہ ہے کہ باہ کی ادویات میں سے کم قیمت بھی ہیں۔

موسم سرما کا سرمایہ

ضعف باہ کے لیے چند دواؤں اور غذاؤں کا بیان

از جناب حکیم ظہور حسین صاحب عمدۃ الحکماء حکیم حاذق از ڈنگہ

حلوائے مقوی باہ مقوی باہ۔ مقوی معدہ۔ بھوک لگانے والا۔ دماغ خفقان۔ مقوی داغ چہرہ پر رنگ لانے والا۔ سوجی پاؤ بھر نصف سیر گھی میں بھونیں۔ پھر مصری آدھ سیر ملا کر حلوا بنا دیں اور طباشیر۔ دانہ الائچی۔ دار چینی چھ چھ ماشہ۔ گاؤزبان۔ گل گاؤزبان تولہ تولہ۔ ثعلب مصری۔ مغز نارجیل۔ مغز کدو۔ مغز بادام شیریں۔ ۴۔ ۴ تولہ کوٹ ۔ ملا لیں۔ اور مشک خالص ڈیڑھ ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ عرق کیوڑا ۴ تولہ میں کھرل کر کے ملا لیں اور چاندی کے ورق تھوڑے شہد میں حل کر کے حلوا میں ملائیں اور ۲ سے ۴ تولہ تک کھائیں۔ یہ حلوا زچہ عورتوں کے لیے بھی موافق ہے۔

حلوائے گاجر مقوی باہ۔ مغلظ منی۔ مقوی دل و دماغ۔ فربہی لانے والا۔ دافع سرعت و مقوی گردہ۔ گاجر دیسی سرخ رنگ تین سیر چھیل کر ہڈی دور کر کے

کدو کش کریں۔ پھر ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ بہمن سفید و سرخ۔ موصلی ہر دو ۲۔۲ تولہ کوٹ چھان کر اور مغز نار جیل اور چھوہارہ پاؤ بھر بھی باریک کر کے سب کو چار سیر دودھ میں پکائیں کہ کھویا ہو جائے۔ پھر ایک سیر گھی میں بھونیں اور شکر تری دیسی ۲ سیر ڈال کر حلوا بنائیں۔ پھر گوند ناگوری ۴ تولہ۔ اندر جو۔ ستاور ۲۔۲ تولہ۔ کشتہ قلعی۔ جوزبوا۔ جلوتری۔ الائچی خورد ٦۔٦ ماشہ کوٹ چھان کر ملالیں۔ اور مغز بادام شیریں۔ مغز پستہ۔ مغز کدو شیریں ۵۔۵ تولہ کوٹ کر ڈالیں اور زعفران ۳ ماشہ۔ مشک ڈیڑھ ماشہ عرق کیوڑا میں حل کر کے ملالیں۔ خوراک ۲ تولہ تک۔

حلوائے گھیکوار مقوی باہ۔ مغلظ منی۔ دافع درد کمر و درد ریحی۔ آرد سنگھاڑا۔ مغز گھیکوار۔ آدھ آدھ سیر دونوں کو آدھ سیر گھی میں بھون لیں اور شکر سفید آدھ سیر ملا کر حلوا بنا دیں اور ۴ تولہ روزانہ متواتر چالیس یوم تک کھائیں۔ یہ حلوا ان کو زیادہ مفید ہے جو سرد مزاج رکھتے ہیں۔

غذا مقوی باہ اور مغلظ منی۔ ماش کی دال پاؤ بھر لیں اور اتنا ہی پیاز کا عرق اس میں ڈالیں کہ اچھی طرح تر ہو جائے۔ ایک رات بھیگا رہنے دیں۔ اسی طرح تین بار تر و خشک کر کے چھلکے دور کر کے رکھ لیں۔ پھر ہر روز بقدر ۲ تولہ لے کر پیس کر دیسی کھانڈ پونے دو تولہ اور گھی ۲ تولہ ملا کر پکا کر چالیس روز تک کھائیں۔ جریان کے لیے از حد مفید ہے۔

غذا مقوی باہ۔ مولد منی۔ دافع درد کمر۔ مقوی گردہ وغیرہ۔ گائے کا گھی اور گائے کا دودھ اور پستہ کا تیل پاؤ پاؤ بھر لیں اور خوب پکاؤ کہ پاؤ بھر رہ جائے۔ پھر ایک صاف برتن میں رکھ لیں۔ اور ہر روز صبح کو ۲ تولہ تک کھایا کریں۔

غذا مقوی باہ و گردہ۔ مولد منی اور قریب بہ اعتدال ہے۔ چنے عمدہ بڑے دانہ کے لیں اور پیاز کے پانی میں بھگوئیں اور سایہ میں خشک کریں۔ اسی طرح سات دفعہ کر کے پیس کر مصری ہموزن ملا کر رکھ لیں اور ایک تولہ صبح اور ٦ ماشہ رات کو سوتے وقت دودھ سے کھایا کریں۔

غذا مقوی باہ سرد مزاجوں کے واسطے۔ پیاز کا پانی نچوڑا ہوا پاؤ بھر شہد خالص پاؤ بھر ملا کر پکائیں کہ نصف رہ جائے پھر ڈیڑھ تولہ سے ۳ تولہ تک سوتے وقت گرم کر کے

کھلایا کریں۔

غذا مقوی باہ۔ مقوی بدن۔ مولد منی اور فربہی لانے والا۔ مغز حب القلقل۔ مغز بادام شیریں۔ مغز فندق۔ مغز اخروٹ ۵۔۵ تولہ۔ مغز نارجیل۔ مغز چلغوزہ ۷۔۷ تولہ۔ سب کو الگ الگ کوٹیں اور اڑسٹھ تولہ قند سفید کا گاڑھا قوام کریں اور ایک ماشہ مشک خالص اور ۳ ماشہ زعفران عرق کیوڑہ میں حل کر کے اس قوام میں معہ مغزیات مذکورہ بالا خوب ملائیں اور ڈیڑھ تولہ ہر روز کھلایا کریں۔

غذا مقوی باہ و معدہ۔ چنے عمدہ پاؤ بھر لیں اور پیاز کے پانی میں بھگوئیں۔ جب پھول جائیں گلنے کے گھی میں خفیف بھون لیں پھر برابر ان کے مغز چلغوزہ لیں اور دونوں کے برابر شہد میں ملالیں۔ پھر مصطگی رومی۔ دار چینی قلمی ایک ایک تولہ باریک پیس کر ملالیں اور جمالیں اور بقدر ۲ سے ۵ تولہ تک روزانہ کھلایا کریں۔

مجربات کراماتِ قلندری

از جناب حکیم مستانہ فقیر صاحب خاندانی دواخانہ آفتاب صحت جہلم

روغن نرنجن پرکاش یہ نامردی کے لیے ایک بے نظیر سہل طلاء ہے نسخہ بھجناک۔ سیماب مدبر۔ گندھک آملہ سار مدبر۔ علم مقلم۔ سم الفار سفید۔ سم الفار سیاہ۔ شنگرف رومی۔ مغز جمالگوٹہ۔ پوست دھتورہ۔ کرم مخمل۔ جدوار اصلی۔ خراطین خشک۔ زلو خشک۔ اسگند ناگوری۔ برادہ دندان فیل۔ جائفل۔ مالکنگنی۔ قرنفل ہر ایک ۶ ماشہ۔ روہو مچھلی ایک عدد۔ جندبید ستر۔ زعفران ۲۔۲ ماشہ۔ پہلے سیماب و گندھک کی کجلی کریں۔ پھر کل اجزاء کو الگ الگ کھرل کر کے کجلی میں ملائیں۔ پھر ایک پارچہ کہ جس میں دوا آسکے لے کر دو دفعہ شیر مدار سے تر و خشک کریں پھر شیر تھوہر سے دو دفعہ تر و خشک کریں پھر سفوف مذکور پارچہ پر بچھا کر فتیلہ بنائیں۔ اور دھاگہ ریشمی سے اس کو محکم و مضبوط باندھیں۔ اور اس کے پیتل کی تار جو عام بازار سے دستیاب ہو سکتی ہے لپیٹ کر خوب محکم کریں۔ اب اس فتیلہ کو ذیل کے روغن میں آٹھ پہر بھگو رکھیں۔ روغن چنبیلی ۲ چھٹانک۔ چربی شیر۔ چربی ریچھ۔ چربی سانڈہ تولہ تولہ ملا کر گرم کر کے یک

جان کرلیں پھر اس فتیلہ کو آہنی تار یا چمٹہ سے پکڑ کر ایک طرف سے آگ روشن کریں اور جو تیل نیچے گرے دوبارہ فتیلہ پر گرا کر پہلے کسی چینی کے برتن میں روغن حاصل کریں۔ تاآنکہ فتیلہ جل جائے اور کل روغن پیالہ میں گر جائے۔ اب اس روغن میں بحساب ۲ تولہ مشک خالص ایک ماشہ۔ عنبر اشہب ایک ماشہ۔ شاہ دیمک بارہ عدد۔ کھرل کر کے ملا رکھیں۔ اور شیشی میں محفوظ رکھیں اور حشفہ اور سیون چھوڑ کر رات کو عضو مخصوص پر لگا کر اوپر بھوج پتر یا پان کا پتہ باندھ دیں۔ چند روز لگانے سے تمام عوارضات جو کہ زمانہ غلط کاریوں کے باعث پیدا ہو جاتے ہیں نیست و نابود کر کے قوت باہ کو تیز کر دیتا ہے (اس کے تیار کرنے والے فتیلہ کے دھوئیں سے آنکھوں کو ضرور بچائیں)

اکسیر قوت باہ ریگ ماہی ۲ تولہ۔ خراطین سرخ مصفیٰ خشک ۵ تولہ۔ دود الملر ۳ تولہ۔ ثعلب مصری ایک تولہ۔ جائفل۔ جاوتری۔ قرنفل۔ عاقرقرحا ہر ایک ۶ ماشہ۔ سب کو اچھی طرح باریک سفوف کر کے بوتل میں بند محفوظ رکھیں۔ خوراک ۴ رتی سے ماشہ تک مکھن یا بالائی میں رکھ کر کھالیا کریں۔ تقویت باہ۔ تولید منی۔ امساک کے لیے نہایت مفید چیز ہے جو تجربہ کرنے پر معلوم ہو گی۔

سفوف جریان یہ میرا کئی بار کا تجربہ شدہ ہے۔ بنا کر فائدہ اٹھائیں اور دعا خیر سے یاد فرمائیں۔ **نسخہ:** شقاقل۔ ثعلب مصری۔ مصطگی رومی۔ دارچینی۔ طباشیر۔ تج۔ تال مکھانا۔ گوکھرو خورد۔ آرد سنگھاڑا۔ بیستاں جملہ ساڑھے تین تین ماشہ۔ مصری کالپی ۳ تولہ۔ سفوف کر کے بارہ پڑیاں بنائیں اور ایک پڑیہ ہر روز دودھ گائے سے صبح کو کھائیں گرم اشیاء سے پرہیز۔

معجون ریگ ماہی مقوی باہ عجیب الاثر ہے۔ کباب چینی۔ دارچینی۔ عاقر قرحا۔ زعفران۔ خولنجاں۔ ریگ ماہی ہر ایک ایک تولہ۔ کوٹ چھان کر دو چنداں شہد میں معجون بنائیں۔ **مقدار خوراک** ایک سے تین ماشہ تک دودھ سے۔

مجربات غوثیہ

از جناب حکیم غلام غوث صاحب از ڈنگہ

نسخہ نمبر۱ یہ نسخہ ان حضرات کے لیے عجیب و غریب موثر و مقوی دماغ ہے۔ جن کو اکثر غلو دماغ کے باعث نزلہ زکام کی شکایت سے طرح طرح کی اذیتیں پہنچتی ہیں۔ اس کے استعمال سے بفضل ایزد دماغ میں خاص تقویت پیدا ہو کر نزلہ و زکام کا بالکل دفعیہ ہو جائے گا۔ قدر کرنی یا نہ کرنی آپ پر منحصر ہے۔ آزمائش ضرور کریں۔ مغز چلغوزہ۔ مغز فندق۔ مغز پستہ۔ کنجد مقشر۔ خشخاش سفید۔ چار مغز کد ۴ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ مقشر۔ کشنیز خشک۔ اسطوخودوس ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۴ تولہ۔ مغز بادام مقشر۔تولہ۔ بادیان ۷ تولہ۔ سب کو الگ الگ باریک کر کے سوائے مغزیات اور منقیٰ کے باقی اشیاء کو روغن بادام میں معجون بنا لیں۔ بعد ایک ہفتہ ڈیڑھ تولہ علی الصباح کھایا کریں۔ ترش و تیل کی اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

نسخہ نمبر۲ لیجئے ایک اور نہایت ہی عمدہ نسخہ۔ غذا کی غذا اور دوا کی دوا۔ مقوی بصر و دماغ۔ دافع نزول الماء۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ چار مغز۔ چاول کشنیز۔ چاول ساٹھی۔ چاول بادیان ہر ایک ۵ تولہ۔ نشاستہ گندم ۲۵ تولہ۔ روغن گاؤ ۲ سیر۔ سوجی ۱۵ تولہ۔ مصری ڈیڑھ سیر۔ نشاستہ و سوجی اور چاولوں کو پہلے روغن میں بریاں کریں۔ پھر مغزیات نیم کوب شدہ ملا کر سب کو مصری مقوم میں ملا دیں۔ بس تیار ہے۔ ڈھائی تولہ سے لے کر پانچ سات تولہ تک بقدر برداشت مزاج استعمال فرمائیں۔ یہ دونوں نسخے علاوہ مندرجہ بالا فوائد کے قوت خاص کے لیے بالخاصہ مفید و موثر ہیں۔ موسم سرما میں بجائے ناشتہ انہی کو استعمال فرمائیں۔

نسخہ نمبر۳ یہ نسخہ موسم سرما کا ایک خاص تحفہ ہے جو تقویت بدن کے لیے از حد مفید۔ دافع درد کمر و دیگر عوارضات کے لیے جو سردی سے پیدا ہوتے ہیں ان کے واسطے موسم سرما میں بطور حفظ ماتقدم استعمال کرنا فائدہ مند ہے۔ مزید براں بالکل سہل الحصول نہایت عمدہ لذیذ کہ اگر کھانا شروع کریں تو چھوڑنے کو جی نہیں چاہتا۔ زنجبیل

عمدہ ۱۰ تولہ۔ فلفل دراز ۵ تولہ۔ دونوں کو برابر ایک دن رات شیر گاؤ میں بھگوئیں۔ بعدہ روغن گاؤ ڈیڑھ پاؤ میں ان کو نرم آنچ پر بریاں کریں۔ جب زنجبیل سرخ ہو جائے چولہا سے اتار کر روغن سے نکال لیں۔ اور باریک پیس لیں۔ پھراس روغن زنجبیل والے میں ہی ۱۵ تولہ آرد گندم ملا کر بریاں کریں۔ جب سرخ ہو جائے۔ تو زنجبیل ملا کر یکجان کریں۔ بعدہ مغز بادام دو پارہ کر کے ۱۵ تولہ۔ شکرتری نیم آثار ملا کر حلوا کی طرح حل کریں جب یکجان ہو جائیں اتار کر روغنی برتن میں محفوظ رکھیں۔ مقدار خوراک ایک سے دو تین تولہ تک حسب برداشت طبع انشاء اللہ تمام روز طبیعت بشاش رہے گی۔ اور بدن میں سردی کا غلبہ نہ ہو گا۔

نسخہ نمبر ۴ یہ نسخہ میرے ان نوجوان بھائیوں کے لیے ہے جن کو کثرت محنت ہائے دماغی کے سبب یا عوارضات کثرت و جریان وغیرہ کے باعث جملہ اعضاء رئیسہ و شریفہ میں از حد درجہ کی کمزوری ہو گئی ہو۔ جس کے باعث وہ اپنا کوئی بھی منصبی فرض پوری طرح ادا نہیں کر سکتے دنیا کی تمام عیشوں و لذتوں سے محروم رہتے ہیں نہ دین کا کام طبعی طور پر ہو سکتا ہے نہ دنیا کا۔ ہمیشہ بے چارے مغموم و مخزون مردہ دل چارپائی پر لیٹے ہوئے پریشان بے چین و بے قرار طرح طرح کے خیالات میں دور نگاہ کر جگہ کے ہوتے ہیں اسی جگہ رہتے ہیں۔ کیونکہ نہ کارکنان سلطنت بدنی میں طاقت ہوتی ہے نہ کچھ اور ہو سکتا ہے۔ لہٰذا یہ خاکسار محض ہمدردی برادران کو مد نظر رکھ کر ایک ایسا نسخہ نذر کرتا ہے جو نہایت ہی عمدہ لذیذ۔ مقوی مغلظ۔ دافع ضعف جملہ اعضاء و قویٰ ہر موسم میں قابل استعمال ہے۔ جو صاحب فائدہ اٹھائیں احقر کو دعاء خیر سے یاد فرمائیں۔ مغز بادام۔ مغز تربوز۔ مغز خربوزہ۔ مغز خیار۔ مغز کدو۔ مغز بنولہ۔ مغز کشنیز ہر یکہ ۵ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ ہلیلہ زنگی۔ گل بنفشہ ہر یکہ ۳ تولہ۔ طباشیر دانہ الائچی خورد۔ کہربا۔ رب السوس۔ صمغ عربی۔ شکرتیغال۔ مغز بادیان۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ۔ تخم خطمی۔ خشخاش سفید۔ کشتہ چاندی ہر یکہ ایک تولہ۔ روح کیوڑا ۵ تولہ۔ ورق نقرہ ۲۱ عدد۔ نبات سفید ایک سیر کا قوام کر کے ادویہ باریک شدہ ملا لیں۔ اور ورق روح ملا کر کسی روغنی برتن میں محفوظ رکھیں۔ مقدار خوراک ایک تولہ علی الصباح با شیر گاؤ۔

نسخہ نمبر۵ یہ نسخہ بھی تقویت دماغ و بصر کے لیے عمدہ ہے۔ نیاز مند نے خود بھی ایک بار موسم سرما میں تیار کر کے استعمال کیا تھا۔ بدن میں طاقت وافر اور چہرہ کی رونق دو چند ہو گئی۔ **نسخہ:** پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر۔ ہلیلہ سیاہ۔ گل گاؤزبان۔ گل بنفشہ ہر ایک ایک تولہ۔ اسطوخودوس ۹ ماشہ۔ مغز بادام شیریں ڈھائی تولہ۔ مغز پستہ۔ چاول بادیاں۔ مغز خیارین مکد ڈیڑھ تولہ۔ مغز خربوزہ۔ مغز کدو۔ تخم کاہو۔ تخم خشخاش۔ مغز فندق۔ مغز گردگان مکد ایک تولہ۔ چاول کشنیز ۲ تولہ۔ مصری چھٹانک۔ دفتری نقرہ نصف۔ طباشیر۔ دانہ الائچی مکد ایک ماشہ۔ سب ادویات کو کوٹ پیس کر تر پھلا کی اشیاء کو روغن بادام ۴ تولہ میں چرب کریں اور مصری کا قوام کر کے سب اجزاء کو ملا لیں۔ **مقدار خوراک** ایک تولہ دودھ گاؤ سے۔ دماغ طاقت کے واسطے رات کو بعد غذا سوتے وقت اور بدنی طاقت کے لیے علی الصباح استعمال کریں۔

نسخہ نمبر۶ مقوی باہ۔ موسم سرما میں خاص امزجہ باردہ کے لیے مفید ہے۔ **نسخہ:** بیضہ مرغ سات عدد کی زردی نکالیں۔ اور ان کے خول میں روغن گاؤ۔ آب پیاز۔ شہد خالص۔ صمغ عربی۔ چینی۔ نخود بریاں مقشر۔ رب انگور سات اشیاء علیحدہ علیحدہ ہر خول میں پر کر کے ان زردیوں میں ملائیں۔ گویا ہر ایک دوا کا وزن پیمانہ خول بیضہ ہے۔ بعد ازاں بارہ گھنٹہ بلا وقفہ سحق کر کے محفوظ رکھیں۔ **مقدار خوراک** ۲ تولہ سے ۴ تولہ حسب برداشت مزاج ہے۔ اس میں بھی ترش اشیاء کا ضروری پرہیز ہے۔

نسخہ نمبر۷ یہ نسخہ ان لوگوں کے لیے ہے جن کو موسم سرما میں اکثر درد اعضاء جسم یعنی وجع مفاصل و غدر وغیرہ کی تکلیف ہو جاتی ہے۔ نیز منقیٔ مواد بلغمی و سوداوی ہے۔ **نسخہ:** تخم کرفس۔ بادیان۔ فلفل گرد سفید۔ نمک ہندی۔ برگ مہندی۔ کف دریا مکد ۲ ماشہ۔ بوزیدان۔ ماہی زہرج۔ پوست بیخ کنیر۔ زیرہ سیاہ۔ چرائتہ مکد ۳ تولہ۔ گل سرخ۔ کنج مقشر۔ زنجبیل مکد ۴ ماشہ۔ سقمونیا مشوی ۵ ماشہ۔ سورنجاں شیریں ۳ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۷ ماشہ۔ سب ادویہ کو الگ الگ کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے شہد خالص ڈیڑھ پاؤ میں حسب دستور معجون بنائیں۔ **مقدار خوراک** علی الصباح بقدر ایک تولہ آب نیم گرم سے استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ تنقیہ عمدہ ہو جائے گا۔ مداومت کے واسطے رات کا وقت بہتر ہے۔ اور خوراک مناسب حال مریض بمشورہ طبیب ہونی

چاہیے۔

مجرباتِ شمسی

معمولاتِ حکیم ابوالفقر محمد شمس الحق صاحب امرتسر

معجون شمسی مقوی اعضاء رئیسہ۔ مولد خون۔ مولد و مغلظ منی۔ مولد حرارت غریزی۔ مقوی معدہ و جمیع عوارضات بد اعمالی جو آج کل کے نوجوانوں کا تماشہ گاہ ہے۔ **نسخہ:** زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد۔ گزر سفید ایک سیر۔ شیر گاؤ ۲ سیر۔ روغن گاؤ ایک سیر۔ عسل و مصری حسب ضرورت۔ ثعلب مصری۔ بہمنین۔ موصلین۔ تودرین۔ دارچینی۔ شقاقل۔ مغز تمرہندی۔ کرکس ہر ایک ۲ تولہ۔ مغز بادام۔ مغز کدو۔ مغز خیارین۔ مغز پیٹھہ۔ نشاستہ۔ مغز پنبہ دانہ۔ حب الزلم۔ اخروٹ۔ حب الخضرا ہر ایک ۳ تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ ورق نقرہ۔ ورق طلا ہر ایک ۵۰ عدد۔ سب کو بطریق معروف معجون بنا لیں۔ **مقدارِ خوراک:** ایک تولہ ہمراہ دودھ گاؤ۔

حلوائے ترنجبین مرواریدی یہ لذیذ اور خوش ذائقہ ہے۔ دافع جریان۔ سرعت و رقت کو خاص طور پر مفید ہے۔ مغز تمرہندی بریاں۔ تخم سرمایہ۔ تخم اوٹنگن۔ ثعلب مصری ہر ایک ۴ تولہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ مروارید ۶ ماشہ الگ باریک کر کے شامل کریں۔ ترنجبین ۳۰۰ تولہ کو عرق گلاب میں حل کر کے صاف کر کے مصری ملا کر قوام کریں۔ اور بعد قوام کے شیر کا کھویہ ملائیں اور اوپر کی ادویات ملا کر حلوا بنائیں۔ **مقدارِ خوراک:** ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام ہمراہ دودھ۔

سفوف مقوی جامع اوصاف۔ مغلظ منی و ممسک۔ **نسخہ:** تالمکھانا۔ موصلین۔ آرد سنگھاڑا۔ موچرس ہر ایک ۲ تولہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف سلاجیت۔ ہر ایک ایک تولہ۔ کوزہ مصری ۵ تولہ ملا کر سفوف بنائیں۔ **مقدارِ خوراک:** ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام ہمراہ دودھ۔

کشتہ قلعی دافع سوزاک و جریان و کثرت احتلام رقت و درد کمر و ضعف دماغ۔ اول قلعی کو چرخ دے کر آب بندال میں سات بار غوطہ دیں۔ پھر سرد کر کے

مقراض سے کتر کر مثل جو کے بنائیں پھر فضلہ بنداں کا نگدہ بنا کر دس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ مقدار خوراک ایک رتی۔

مقوی یومیہ غذا ایام سرماء میں اس کو صبح کھانا تقویت بخشتا ہے غذا کا قائم مقام اور معمول احقر ہے۔ بیضہ مرغ ۲۰ عدد۔ شیر گاؤ آدھ پاؤ۔ عسل خالص ۵ تولہ۔ روغن خالص ۳ تولہ سب کو باہم ملا کر بشکل حلوا بنائیں۔ اور استعمال کریں بقدر برداشت۔

طلائے لطیف یہ مقوی اعصاب۔ معین مقاربت و مایوس الحال کو قوی و توانا بنانے میں بے مثل ہے۔ عنبر ایک درم۔ عطر گلاب۔ عطر حنا۔ عطر خس۔ موم زرد۔ جلوتری ہر ایک ۹ ماشہ۔ روغن زیت ۴ تولہ میں ملا کر طلاء تیار کریں اور استعمال کریں۔

طلائے شمسی ہمارا مایہ ناز طلا ہے جو اب تک بے مثل درجہ اول ثابت ہو چکا ہے۔ صدہا بار کا معمول مطب نسخہ ہے جو آج نذر ناظرین ہے۔ بیر بہوٹی۔ عاقر قرحا۔ رتک سفید۔ شنگرف ہر ایک ایک تولہ۔ قرنفل۔ جائفل۔ کباب چینی۔ زنجبیل۔ فلفل دراز۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ جاوتری۔ قسط۔ مالکنگنی۔ پوست دھتورہ۔ جدوار ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ اسگندھ ناگوری۔ پوکر مول۔ کنجد سیاہ۔ میدہ لکڑی۔ انبہ ہلدی۔ اسپند ہر ایک ایک تولہ سب کو باہم ملائیں۔ حب السلاطین۔ ارزق۔ برادہ دندان فیل۔ سم الفار سفید و سیاہ و زرد۔ منھ تیلیا۔ ہڑتال ورقی ہر ایک ۹ ماشہ۔ سب کو باریک کر کے کھرل میں ڈال دیں۔ اور روغن زیبق و زیت ۸ تولہ میں ملا کر ایک دن کھرل کریں اور ایک طشت میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ تمام روغن ایک طرف بہہ جائے گا۔ اس روغن کے بحساب ایک تولہ کے مشک ایک ماشہ۔ عنبر ایک ماشہ چربی شیر۔ چربی سانھہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ ملا کر عضو مخصوص پر لگائیں۔ دو ہفتہ میں تمام عوارضات رفع ہو کر شفاء کامل حاصل ہو گی۔

طلائے سہل الحصول عوارضات جلق کو تریاق کا حکم رکھتا ہے۔ شیر آک۔ شیر تدھارا۔ شیر زقوم ہر ایک ۳ تولہ۔ روغن کنجد ۴ تولہ۔ سب کو باہم ملا کر نرم آگ پر بریاں کریں۔ پھر آگ سے اتار کر بیر بہوٹی ۶ ماشہ۔ قرنفل۔ جائفل۔ زعفران۔ دارچینی ہر ایک ۴ ماشہ۔ مشک ۲ ماشہ ملا کر طلا بنائیں اور ضرورت کے وقت

استعمال کریں۔

طلائے ملذذ بمنزل النساء اس کے استعمال و فریقین میں از حد الفت اور سرور حاصل ہوتا ہے۔ مستی غوک۔ زیرا۔ نرگس۔ تخم کشائی۔ عاقرقرحا۔ مشک عنبر۔ تنکار خام ہر ایک ایک ماشہ۔ عطر گلاب۔ عطر حناء۔ خاکسر اشعار زن۔ سفیدی پیخال کبوتر۔ عطر دارچینی ہر ایک ۷ ماشہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ عسل خالص ڈیڑھ تولہ سب کو یکجان کر کے طلا بنائیں اور قبل مقاربت استعمال کریں۔

مجربات معین الصحت

از جناب حکیم محمد حسین صاحب مینجر معین الصحت بٹالہ

حبوب کشتہ قلعی جریان۔ سرعت۔ رقت۔ مذی و احتلام کو رفع کرنے کے لیے اکسیر ہیں۔ کتھہ سفید۔ الائچی سفید ۶۔۶ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ کشتہ قلعی ڈیڑھ تولہ۔ سات یوم آب پیاز سفید میں کھرل کر کے ۲ رتی کی گولیاں بنائیں۔ **مقدارِ خوراک** ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ دودھ کے۔

کشتہ مرکب دافع جریان۔ مقوی باہ غایت درجہ۔ پارہ۔ شنگرف۔ قلعی تولہ تولہ۔ پہلے قلعی کو پگھلا کر پارہ میں ڈالیں اور کھرل کریں۔ پھر شنگرف ملا کر یہاں تک کھرل کریں کہ سیاہ کجلی ہو جائے۔ زاں بعد ۵ تولہ آب پیاز ڈال کر کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے تو ۲ تولہ زردی بیضہ مرغ ملا کر کھرل کریں۔ پھر قرص بنا کر دو خالی انڈوں میں رکھ کر بند کر کے گل حکمت کر کے ۳ سیر پختہ کی آنچ دیں۔ کشتہ خاکستری رنگ کا برآمد ہو گا۔ **مقدارِ خوراک** ایک سے ۲ رتی تک ہمراہ مسکہ۔ غذا مقوی و مرغن گھی دودھ زیادہ کھائیں اشیاء ترش و گرم و قابض سے پرہیز رکھیں۔

کشتہ شنگرف بے نظیر۔ جاڑوں کے استعمال کے لیے عجیب تحفہ ہے۔ شنگرف رومی ایک تولہ۔ لسن کے نگدہ ایک پاؤ پختہ میں شنگرف رکھ کر اوپر کپروٹی کر کے ایک سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ اس طرح چار آنچ میں کشتہ با وزن برآمد ہو گا۔ **مقدارِ خوراک** ایک تا دو چاول مکھن میں کھائیں۔ پرہیز ترشی۔ اچار۔ تیل اور لال مرچ

کا ضروری ہے۔

کشتہ شنگرف نقرئی ضعف باہ اور جلق سے زائل شدہ طاقت دنوں میں عود کر آتی ہے۔ ناظرین بنائیں اور فائدہ اٹھائیں۔ شنگرف رومی تولہ۔ برادہ نقرہ ۶ ماشہ۔ دونوں کو کھرل میں ڈال کر ۳ تولہ شیر مدار میں ڈال کر کھرل کریں۔ اسی طرح سات بار کریں۔ کھرل عمدہ ہو۔ پھر قرص بنا کر کوزہ گلی آپس میں مل جائے لے کر ان کے درمیان قرص مذکور رکھ کر بند کر کے گل حکمت کر کے خشک کریں۔ اور دو سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر قرص نکال کر بحفاظت پیس کر رکھیں۔ اور صدف الگ پیس لیں۔ **مقدار خوراک** شنگرف دو چاول سے ایک رتی تک۔ ہمراہ مسکہ غذا مرغن مقوی۔ **پرہیز** بادی ترشی اور تیل والی اشیاء سے۔ اور صدف سوختہ ہمراہ دودھ کے دینا ناروا کو بے اذیت نکال دیتا ہے۔

حلوائے گذر جو سب ناشتوں سے عمدہ اور لذیذ اور طبیعت کے موافق ثابت ہوا ہے۔ مقوی باہ۔ مقوی اعضاء رئیسہ۔ سرعت۔ جریان کو مفید ہے۔

نسخہ گذر تراشیدہ ۲ سیر۔ نخود بریاں مقشر ۲۰ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۴۰ عدد۔ شیر گاؤ چار سیر۔ قند سفید ڈھائی سیر۔ کشمش ۲۰ تولہ۔ مغز بادام ۳ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۱۰ تولہ۔ روغن زرد ڈیڑھ سیر۔ مغز پستہ ۵ تولہ۔ ورق نقرہ ایک دفتری۔ اول گاجروں کو دودھ میں جوش دیں۔ جب غلیظ ہو جائیں تو ہاتھ سے مل کر میدہ کی طرح کر لیں بعدہ روغن میں بریاں کریں کہ سرخی مائل ہو جائیں۔ ازاں بعد زردی بیضہ و نخود الگ الگ روغن میں بریاں کر کے ملائیں۔ پھر قند سفید کا قوام کر کے جملہ اشیاء معہ مغز ملا کر خوب گھوٹیں اور بحساب فی پاؤ پختہ حلوا کے ۲ تولہ سفوف موصلی ملائیں اور زعفران ۳ ماشہ۔ مشک ۳ ماشہ۔ عرق گلاب و کوڑا میں حل کر کے ملائیں اور قدرے جوش دے کر اتار کر ورق نقرہ ملا دیں۔ **مقدار خوراک** صبح و شام ۲۔۲ تولہ۔

طلائے بے نظیر ہر قسم کی کمزوری۔ سستی اور پس و پیش کو دور کر دیتا ہے۔ قابل قدر چیز ہے۔ مجلوق کے لیے آب حیات سے کم نہیں۔ جاوتری ۹ ماشہ۔ جائفل ۷ ماشہ۔ عاقر قرحا ۶ ماشہ۔ پوست بیخ کنیر ۲ تولہ۔ سب کو باریک کر کے دو سیر پختہ دودھ میں جوش دے کر دہی جما دیں اور مسکہ نکال کر بحساب فی تولہ بیربہوٹی۔ مالکنگنی۔

زعفران۔ عاقرقرحا ۳۔ ۳ ماشہ۔ شیر مدار ایک تولہ ملائیں۔ اس میں سے قدرے لے کر عضو مخصوص پر حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں۔ اوپر بنگلہ پان باندھ دیں۔ جب تک مالش کریں دھونا ضروری نہیں۔ دس بارہ یوم میں سستی لاغری کجی وغیرہ دور ہو کر درازی و فربہی ہو جائے گی۔

نادر الاثر مجربات

از جناب حکیم منشی دیویدیال صاحب کنجاہ

کامرس لڈو آدھ سیر دال ماش کو لے کر ایک ہفتہ تک بوہڑ کے دودھ میں تر کر کے بھگو رکھیں۔ اگر بوڑ کا دودھ کافی نہ مل سکے تو تازہ پتیاں جو کہ ابھی سرخی مائل ہو بوڑ کے پیڑ سے اس قدر لیں کہ ایک سیر پانی نکل سکے اور اس پانی میں دال کو بھگوئیں۔ جب پانی جذب ہو کر دال خشک ہو جائے تو پھر آب پیاز میں اسی طرح بھگوئیں۔ پھر اس دال کو خوب گھوٹ کر روغن زرد میں بڑے تل لیں۔ خیال رہے کہ بڑے زیادہ سرخ نہ ہونے پائیں۔ پھر ان بڑوں کو تازہ صورت میں سے کوٹ کر ان میں حسب ذیل ادویہ ملا کر کھانڈ دیسی کا قوام کر کے ادویہ کو کوفتہ بیختہ معہ دال ماش ملا دیں اور لڈو وزنی ایک ایک تولہ بنا لیں۔ صبح کے وقت خالی شکم ایک لڈو ہمراہ دودھ گائے تازہ کے کھائیں۔ ادویات یہ ہیں۔ شقاقل۔ ستاور۔ تودرین۔ اسگند ناگوری۔ اندر جو شیریں۔ ثعلب مصری۔ زنجبیل۔ بہمن سرخ۔ موصلی سیاہ و سفید۔ مغز چلغوزہ ہر ایک ۲ تولہ۔ مغز بادام۔ مغز پستہ ہر ایک ۴ تولہ۔ تخم پیاز تخم شلغم۔ تخم گزر ہر ایک ۶ ماشہ۔ مشک۔ عنبر ہر ایک ۲ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۴ عدد۔ ورق طلا ۳ عدد۔ مغز بنولہ ایک چھٹانک۔ چالیس یوم کے استعمال سے دوبارہ نوجوانی آ جاتی ہے۔ غرض نوجوانوں کے لیے ایک بے نظیر تحفہ ہے۔ ترشی اور تیل والی اشیاء سرخ مرچ سے قطعی پرہیز ہے۔

اسراری نسخہ جو کہ حد درجہ کا مقوی مبہی اور ممسک ہے شنگرف رزکی ایک عمدہ سی تولہ بھر ڈلی لے کر پہلے ایک ہفتہ دودھ کی کڑاہی میں معلق کر کے مدبر کریں۔ پھر ایک برتن میں ایک سیر پیاز کا پانی ڈال کر اس میں شنگرف کی ڈلی معلق کر کے

پکائیں تاکہ آب پیاز آدھ پاؤ رہ جائے مگر نیچے لکڑی بیر کی جلائیں پھر ڈلی نکال کر معہ حسب ذیل ادویات کھرل میں ڈال کر سب کو ایک بوتل شراب برانڈی میں کھرل کریں اور دو رتی کے برابر گولیاں بنالیں۔ مقاربت سے پیشتر ایک گولی ہمراہ دودھ نیم گرم آدھ سیر یا بالائی آدھ پاؤ کے کھائیں اور پھر قدرت خدا کا نظارہ کریں۔ ادویات یہ ہیں۔ زعفران کشمیری۔ مشک خالص۔ عنبر اشہب۔ تخم دھتورہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ قرنفل۔ جلوتری۔ جندبید ستر۔ عاقرقرحا ہر ایک ۶ ماشہ۔ ورق طلا ۱۰ عدد۔

اکسیری معجون

یہ نسخہ ایک درویش کا عطیہ ہے اور واقعی بے نظیر ہے۔ مایوس العلاج مجلوقوں کے واسطے اکسیر ہے۔ بہت سے مریضوں نے اس فقیری معجون سے کلی فائدہ اٹھایا ہے۔ شوق سے بنائیں کھائیں اور منہ مانگی مراد پائیں۔ بیر کی للیس (تازہ پھل بیر کا جس میں گٹھلی نہیں ہوتی) آدھ سیر۔ لسوڑیاں جو بیروں کی طرح خام ہوں۔ آدھ سیر۔ کیکر کی پھلیاں جس میں دانہ نہ پڑا ہو آدھ سیر۔ ہر سہ کو خوب کوٹ کر باریک کر لیں اور ان میں ایک سیر پختہ شہد ملالیں۔ اگر ذائقہ عمدہ بنانا ہو تو ایک پاؤ بھر الائچی سبز پیس کر ملالیں۔ مقدار خوراک دو تولہ ہمراہ دودھ گاؤ خام تازہ۔ گئی جوانی طاقت از سرنو عود کر آئے گی۔ ترشی اور جماع سے قطعی پرہیز ہے۔

معجون زرگنڈی یا گنڈہ

مقوی باہ۔ حافظہ۔ مقوی قلب۔ مفرح ۔ اور مقوی حافظہ۔ باصرہ۔ ناظمہ اور مولد منی ہے۔ زرگنڈی۔ منذوی۔ آملہ۔ بھنگرہ۔ ستاور ہر ایک نیم سیر۔ موصلی سیاہ۔ اسگند۔ تخم کونچ۔ گوکھرو کلاں۔ بوپھلی۔ تالمکھانا ہر ایک پاؤ سیر۔ بیخ بل نیم کو نیم کوب کر کے اس میں دس گنا پانی ڈال کر جوش دیں جب پانچواں حصہ پانی رہ جائے مل کر صاف کر کے اس میں مصری ایک سیر۔ شہد خالص نیم سیر۔ روغن گاؤ خالص پاؤ سیر۔ کھویا پانچ سیر ڈال کر پکائیں کہ گاڑھا ہو جائے۔ پھر نیچے اتار کر زعفران۔ طباشیر۔ مصطگی۔ جائفل۔ جلوتری۔ دارچینی۔ صندل۔ اگر۔ دانہ الائچی خورد و کلاں ہر ایک ایک تولہ۔ مشک ۳ ماشہ۔ مغز چرونجی۔ چھوہارا۔ مغز پستہ۔ مغز بادام ہر ایک ۴ تولہ۔ نیم کوب کر کے ملائیں۔ خوراک ایک سے ۲ تولہ تک۔

معجون حب الغراب

اگر کوئی شخص اس کا استعمال کرے تو کمر کے جوڑوں کو مضبوط کرے۔ گردہ کو قوت پہنچائے۔ باہ کثرت سے ہو۔ بھوک زیادہ

بڑھے لذت ـــــ کی زیادہ آئے اور جو سبب پیری کے قوت زائل ہو گئی ہو اور کام سے جاتا رہا ہو اس کا استعمال کرے اس قدر قوت پیدا ہو کہ جوانی میں بھی نہ ہوئی ہو۔ بدن میں اگر کسی عضو میں قصور ہو گیا ہو تو جاتا رہے کچلہ جس قدر منظور ہوں لیں۔ اسے سات روز دودھ میں بھگوئیں اس طرح سے کہ رات کو دودھ میں کچلوں کو بھگویا اور صبح کو دودھ تبدیل کر دیا۔ بعد اس کے پوست اس کا دور کر کے گرم پانی میں بھگوئیں اور دھو کر کچلوں کو چیریں اور اندر سے پتہ دور کر کے سب کو ایک کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر نصف دیگچی میں دودھ بھر کے وہ پوٹلی معلق لٹکا دیں۔ اور نیچے اس قدر آنچ دیں کہ دودھ خشک ہو جائے پھر کچلوں کو گرم پانی سے دھوئیں اور خشک کر کے برادہ کریں۔ اس کے بعد فلفل سفید۔ فلفل سیاہ۔ دارچینی۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ عود قماری۔ مصطگی۔ عود بلسان۔ سعد کوفی۔ سنبل الطیب۔ قاقلہ۔ نانخواہ۔ رازیانہ سیاہ دانہ۔ صندل سفید۔ زعفران۔ دار فلفل۔ زنجبیل۔ قرنفل ہر ایک مساوی۔ اور سب دواؤں کے برابر برادہ کچلہ ملائیں اور سب دواؤں کے سہ چند شہد ملا کر حسب دستور معجون بنائیں لیکن زعفران۔ مصطگی۔ عود بلسان بعد قوام معجون کے حل کر کے ملائیں اس قدر قوت بخشے کہ جوانی میں بھی نہ دیکھی ہو۔

ایک اور عجیب نسخہ آرد نخود آدھ سیر۔ ایک پاؤ آب پیاز و لہسن نکال کر اس میں آرد نخود کو گوندھیں پھر اس کے پکوڑے تل لیں۔ ان پکوڑوں کو سرخ نہ ہونے دیں۔ مگر پک جائیں۔ پھر ان کو کوٹ لیں۔ اور ان میں ادویات حسب ذیل کوٹ کر ملائیں۔ میتھرے۔ تخم اوٹنگن۔ بیج بند۔ مغز بادام مقشر۔ الائچی کلاں۔ میتھرے ادھ سیر اور باقی ایک ایک چھٹانک۔ ان تمام ادویہ سے دوگنا شہد ملا لیں۔ اور معجون تیار کر کے محفوظ رکھیں علی الصباح ۳ تولہ دودھ گاؤ تازہ سے کھلایا کریں۔ ترشی۔ لسن۔ تیل کی اشیاء اور جماع سے پرہیز رکھیں۔ بے حد مقوی باہ ہے۔

مجربات ابراہیمی

از جناب حکیم ڈاکٹر مرزا محمد ابراہیم بیگ صاحب فیروز پور ضلع ملتان

سفوف جریان برائے جریان۔ مقوی باہ۔ مغلظ منی و ممسک وغیرہ بسیار مجرب و تجربہ

کار۔ ثعلب مصری ۳ تولہ۔ بہمن سفید۔ موصلی سفید۔ تخم بھنڈی۔ صمغ ببول۔ مصطگی رومی۔ ست برگ برگد ہر ایک ۲ تولہ۔ ستاور۔ تال مکھانا۔ قاقلہ صغار۔ اندر جو۔ ست برگ ببول۔ ست گل ببول خام۔ آرد پوست کیکر۔ ست پھلی ببول خام۔ صمغ ڈھاک۔ گل دھاوہ۔ گل پستہ۔ گل نوفل۔ کوکنار مسلم۔ پوست بیرون پستہ۔ ست بو پھلی۔ تخم کونچ۔ مغز تخم املی ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ سرب۔ کشتہ قلعی ہر ایک ۳ ماشہ۔ تمام ادویہ کو سوائے ست و کشتہ جات کے الگ الگ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور سفوف اسبغول ۵ تولہ۔ مصری کوزہ ۹ تولہ ملا لیں۔ اور ایک سے ۲ تولہ تک ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ اس نسخہ سے ہزاروں مریض لاعلاج بفضلہٖ صحت پاچکے ہیں۔ صدری اور آبائی نسخہ ہے۔

سفوف دیگر برائے جریان موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ تال مکھانا۔ بیج بند۔ سروالی۔ سمندر سوکھ۔ چھال مولسری۔ مغز تخم سرس۔ پوست ببول۔ طباشیر۔ کتیرا۔ چنیا گوند۔ تخم پلاس۔ تخم اوٹنگن۔ نوفل۔ موچرس۔ ستاور ہر ایک ۳ ماشہ۔ گوند ناگوری۔ پھلی ببول خام۔ مصطگی رومی ہر ایک ۶ ماشہ۔ سپستان خام۔ خارخسک خورد ہر ایک ایک تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ مقدارِ خوراک ایک تولہ ہمراہ دودھ۔ مصری ۸ تولہ بھی شامل کریں۔ بسیار مجرب است۔

روغن مجلوق مجلوق و غیر مجلوق را فائدہ بسیار کند۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ گھونگچی سفید۔ خراطین۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ بیربہوٹی۔ اجوائن خراسانی۔ عاقرقرحا ہر ایک ۲ ماشہ۔ مالکنگنی۔ افیون۔ سنبل ہر ایک ۴ ماشہ۔ کوفتہ بیختہ یک قرص بستہ در روغن کنجد ۵ تولہ بسوزانند و سائیدہ نیم گرم بمالند۔

ضماد مجلوق برائے جلق زدہ تا بسہ روز کفایت کند اسگند ناگوری۔ مصطگی رومی۔ برادہ عاج ہر ایک ۳ تولہ۔ ہرسہ اجزا علیحدہ علیحدہ سائیدہ سہ پوٹلی نمائند و در شیر میش گرم کردہ تکور تا چہار گھڑی بدہند۔ روز چہارم ایں ضماد بیربہوٹی۔ خراطین۔ سیماب۔ مصطگی رومی۔ اسگند ناگوری۔ تخم دھتورہ سیاہ۔ گھونگچی سفید ہر ایک ۶ ماشہ۔ کوفتہ بیختہ روغن گاؤ ۵ تولہ آمیختہ کھرل سازند۔ و ازیں قدرے ضماد کنند۔ بالائش برگ پان بندند۔ ہمیں سال تا یازدہ روز بعمل آرند و قدرت خدارا مشاہدہ کنند۔

حبوب ممسک دافع جریان منی از مجربات بندہ۔ افیون۔ دارچینی۔ فلفل دراز۔ زنجبیل۔ کتیرا۔ صمغ عربی ہر ایک ۵ درم۔ زعفران۔ بسباسہ۔ حب بلساں۔ مرصاف۔ عاقرقرحا۔ رب السوس۔ زرنباد ہندی۔ جندبید ستر۔ جدوار خطائی۔ درونج عقربی۔ مصطگی رومی۔ عود خام۔ قرفہ۔ تخم کرفس۔ قرنفل۔ دار فلفل۔ جنطیانہ ہر ایک دو درم مشک خالص ایک درم۔ نبات سفید پندرہ درم۔ عرق گلاب میں کھرل کر کے گولیاں برابر نخود کے باندھیں۔ اور ایک گولی قبل از ---- کھائیں بے نظیر ہے۔ سات روز تک کھانے سے جریان ہر قسم کا دور ہو جاتا ہے۔

مجربات شیوراج

از جناب حکیم چودھری شیو راج بہادر مینجر کارخانہ مالک شاہی لکھنؤ

حبوب مقوی سیماب خالص۔ کبریت آملہ سار۔ کتھ سفید۔ قرنفل کلہ دار ہر ایک ایک تولہ۔ پہلے سیماب اور گندھک کو کھرل کر کے سیاہ کجلی کریں۔ پھر کتھ اور لونگ ملا کر کھرل کریں۔ اور تین عدد زردی بیضہ سیاہ مرغ ملا کر اس حد تک کھرل کریں اور بقدر سیاہ مرچ گولیاں بنائیں اور خشک کر کے شیشی میں رکھیں۔ **مقدار خوراک** ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ یخنی بز کے سات روز استعمال کریں اور پورا چالیس دن ---- سے پرہیز رکھیں اور قدرت خدا ملاحظہ فرمائیں۔

مقوی غذا دال ماش مقشر مار عرق پیاز میں رات کو بھگوئیں صبح اسے خوب گھوٹیں۔ اور ایک دیگچی میں مار روغن زرد ڈال کر دال کو بریاں کریں اور بجائے شکر کے سات عدد خرما تخم دور کر کے پیس کر داخل کریں۔ جب اچھی طرح پختہ ہو جائے تو کھائیں دو ہفتہ تک پرہیز ترشی۔ مرچ سرخ۔ قند سیاہ و روغن سیاہ سے۔

معجون مقوی باہ تودرین۔ بہمنین۔ موسلین ہر ایک ایک تولہ کنجد سفید عمدہ ۳ تولہ۔ پوست ہلیلہ کلاں یک عدد۔ کوفتہ بیختہ در شہد خالص ۳۶ تولہ قوام نمائند و محفوظ دارند۔ ہر صبح نہار منہ ۳ ماشہ تا تولہ موافق برداشت طبع و طاقت استعمال نمائند۔

سفوف مقوی باہ ایک سیر فلفل دراز را در دو سیر شیر گاؤ ہمچناں پخت نمائند کہ ہمہ شیر جذب شود۔ برآوردہ در سایہ خشک نمائند۔ ازاں بعد فلفل را سفوف تیار نمائند و ہموزن او سفوف مصری داخل کردہ ہر صبح نہار یک تولہ ہمراہ نصف سیر شیر گاؤ پخت کردہ استعمال نمائند۔

ٹوٹکہ عجیب شہد خالص ایک سیر۔ روغن کنجد ایک سیر ملا کر ایک ہانڈی۔ روغنی میں ڈالیں۔ اور چالیس عدد خرما گٹھلی نکال کر داخل کر کے ہانڈی کا منہ مضبوط بند کر کے چالیس روز چولہے کے نیچے دفن رکھیں۔ بعد چالیس روز کے نکال کر ہر روز صبح کو نہار ایک عدد خرما کھا لیا کریں اور اوپر سے دودھ گاؤ جوشیدہ پئیں۔ بے حد مفید ہے۔

مجرباتِ بلگرامی

از جناب حکیم چودھری دیبی پرشاد صاحب بلگرامی

حلوائے مقوی مقوی باہ و طرب لائے۔ غم و اندوہ کو دور کرے۔ مقوی دل و دماغ ہے۔ روشنی چشم زیادہ کرے۔ دانہ الائچی سفید۔ مصطگی اصلی ہر ایک ۶ تولہ سفوف تیار کر کے ۶۰ تولہ شکر سفید کا قوام کر کے تھوڑا تھوڑا سفوف ڈالتے جائیں اور کفچہ سے حل کرتے جائیں جب مل جائے تو مغز بادام ۴۰ تولہ کو ورق ورق کر کے ملا کر جمالیں اور سرد ہونے پر قاشیں کاٹ کر رکھ لیں۔ اور موافق طاقت کے ہر صبح نہار کھا کر اوپر سے دودھ گاؤ کے پئیں۔

ٹوٹکہ دیگر ایک عدد کوزہ گلی لے کر رات کو وہ پانی سے بھر رکھیں اور صبح پانی سے علیحدہ کر کے بقدر ایک چاول سنکھیا سفید آگ پر ڈال کر اوپر سے کوزہ گلی تیار شدہ اوندھا کر کے بند کر دیں اور پانچ منٹ کے بعد کوزہ کو اٹھا کر اس میں دودھ گاؤ پختہ شیریں کیا ہوا بھر دیں اور چند منٹ تک ویسے ہی رکھا رہنے دیں۔ اور پھر ہر صبح پی لیا کریں۔ یہ امر ملحوظ رہے کہ دھواں سم الفار کا آنکھ میں نہ لگنے پائے اور ہوا سے بچا کر سنکھیا آگ پر ڈال کر فوراً ہی اوپر کوزہ دے دیں۔ اسی طور سے کئی روز تک پئیں۔ بے

انداز طاقت ہو گی۔ ایک دو ہفتہ تک استعمال کریں۔ مجرب ہے۔

مجرباتِ شبلی

از جناب منشی محمد یوسف صاحب شبلی

سفوف مقوی قوت باہ و افزائش منی کے لیے از حد مفید ہے بہیدانہ۔ ریشہ خطمی۔ اصل السوس۔ بیج بند۔ تالمکھانا۔ ہر ایک ۳ درم۔ تخم اوٹنگن۔ مصطگی۔ قاقلہ صغار۔ خولنجاں۔ ثعلب مصری۔ سلیحہ۔ کتیرا ہر ایک ۴ درم۔ خار خسک۔ تخم کونچ ہر ایک ۵ درم۔ شکرتری سفید مساوی ہمہ ادویہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ایک کف دست صبح نصف سیر دودھ میں ملا کر کھائیں۔ نہایت مفید ہے۔

حبوب مقوی مشک خالص ۲ حصہ۔ ورق طلا ایک حصہ۔ ورق نقرہ ۳ حصہ۔ زعفران ۴ حصہ۔ دانہ الائچی خورد ۵ حصہ۔ جائفل ۶ حصہ۔ طباشیر ۷ حاصہ۔ جاوتری ۸ حصہ۔ ان سب کو بکری کے دودھ میں یا پان کے رس میں کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں خوراک ایک یا دو گولی ہمراہ ملائی یا مسکہ یا دودھ کے کھائیں۔ منی گاڑھی ہو گی۔ قوت مردی عود کرے گی۔ سرعت دور ہو جائے گی۔ یہ دوائی مردہ کو زندہ کرنے کے لیے اپنا پندرہ روز کا استعمال لاثانی رکھتی ہے۔ نہایت مجرب ہے۔

سفوف عجیب عدس۔ کنجد سیاہ مساوی الوزن لے کر بریاں کریں اور سفوف کر کے تولہ بھر روزانہ پانی سے استعمال کریں۔ اگر اس میں شکر سفید بقدر ذائقہ ملا لیں تو اچھا ہے۔ اس کے ہفتہ بھر کے استعمال سے انشاء اللہ سرعت کا قلع قمع ہو جائے گا۔

سفوف دیگر بیج بند گجراتی۔ تال مکھانا۔ ستاور۔ سروالی۔ مغز تخم کونچ۔ بو پھلی۔ سمندر سوکھ۔ موصلی سفید۔ اوٹنگن۔ اندر جو۔ طباشیر سفید۔ تخم تودری سفید۔ بہمن سفید ہر ایک ایک تولہ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ کشتہ قلعی ہر ایک ۲ تولہ۔ مصطگی رومی۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ۸ ماشہ۔ مغز تخم تمرہندی ۲ تولہ۔ جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف کریں اور مصری ۱۲ تولہ ملا کر ۶ ماشہ صبح اور ۶ ماشہ شام پانی سے یا عرق

گولیاں یا دودھ سے کھایا کریں۔ سخت سے سخت جریان کا قلع قمع ہو جائے گا۔

حب تحفہ کافور۔ دواء الخرمانی ایک ایک ماشہ۔ جوزبویہ یک عدد۔ سمندر پھل ۲ عدد۔ افیون ۲ رتی۔ شہد میں ملا کر چنے برابر گولیاں بنائیں۔ اور بوقت ضرورت دودھ سے چار گولی کھائیں۔ فراغت کے لیے آملہ منہ میں رکھیں۔ بے حد مفید اور عجیب ہے۔

تجربات سری رام

از جناب حکیم لالہ سری رام صاحب دواساز کائیں نور ضلع انبالہ

ممسک دار چینی۔ جاوتری۔ زعفران کشمیری۔ چوب صندل سفید۔ سوہن کردہ۔ دانہ الائچی خورد۔ مصطگی رومی۔ قرنفل دراز۔ مرچ سیاہ۔ عاقرقرحا ہر ایک ۶ ماشہ۔ عنبر اصلی۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ سونا۔ کشتہ شنگرف ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ مشک خالص کھلا مصفی۔ مروارید محلول۔ بھیم سینی کافور ہر ایک ۳ ماشہ۔ مصری ۶ تولہ۔ شہد ۲۴ تولہ۔ حسب دستور معجون تیار کرکے چینی یا شیشہ کے برتن میں دو ہفتہ محفوظ رکھیں۔ بعد اس کے ایک ماشہ خوراک ہمراہ شیر نیم گرم تین ہفتہ تک۔ ایک دن میں جس قدر دودھ ہضم کرنا مطلوب ہو اتنی ہی مقدار کے ساتھ دودھ استعمال کرکے ہضم کر سکتے ہیں۔ قوت مردی کے متلاشی۔ ضعف۔ رقت۔ جریان۔ سستی کے مریض۔ ممسک ادویہ کے شیدائی پہلی خوراک معدہ میں پہنچتے ہی شکستہ معدہ کی ماندگی دور کرکے از سر نو تندرست ہو جاتے ہیں۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔ آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید۔ ضرور تیار کرکے استعمال کریں۔

برہمچاری رام موہک گوند کیکر ۱۰ تولہ۔ گوند ڈھاک ۱۰ تولہ باریک کرکے پہلے روغن زرد ۳۰ تولہ کو ایک دیگچے میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ جب گھی پکنے لگے تو گوند ڈال کر فوراً نیچے اتار لیں اور شکر سفید ۳۰ تولہ ڈال کر حفاظت رکھیں۔ مقدار خوراک ایک تولہ ہمراہ دودھ تازہ قدرے شکر سفید ملا کر۔ بے نظیر چیز ہے۔ مقوی و ممسک ہے۔ تجربہ کر دیکھیں۔

مجربات دوست

از جناب حکیم مولوی دوست محمد خان صاحب اڑمڑ۔ ہوشیار پور

معجون اکسیر اعظم مقوی۔ مبہی۔ مفرح۔ دافع سستی۔ نامردی۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ دافع ذیابیطس۔ **نسخہ** پیرمایہ شترا عرابی۔ مغز پنبہ دانہ۔ تخم گزر۔ مغز اخروٹ۔ گوند درخت سنبل۔ موصلی سفید و سیاہ۔ بیج بند گجراتی۔ مغز سنگھاڑا۔ ست بوچھلی۔ بوزیدان۔ عاقرقرحا۔ زنجبیل۔ ستاور۔ لونگ۔ چرونجی۔ ست برگ برگد۔ ست بوچھلی۔ بہمن سرخ و سفید۔ ثعلب مصری۔ شقاقل۔ اندر جو۔ تالمکھانا۔ پھول مکھانا۔ ریگ ماہی نر ہرایک ایک تولہ۔ جدوار اصلی ۷ ماشہ۔ مغز بادام۔ گوکھرو خشک ہر ایک ۲ تولہ۔ مغز سر کنجشک نر ۲۰ عدد۔ تخم کنگھی۔ تخم کھرٹی۔ ماہی سقنقور۔ موصلہ درخت سنبل۔ مغز تخم کھرنی۔ طباشیر ہرایک ۶ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد۔ کشتہ طلا مروارید ہر ایک ۳ ماشہ۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ مرجان۔ زعفران ہر ایک ۶ ماشہ۔ مشک۔ عنبر ہرایک ایک ماشہ۔ ورق نقرہ ۱۰۰ عدد۔ روح کیوڑا پاؤ پختہ۔ شہد و مصری ہرایک ۲ ثار۔ آب برگ پان ۲۰ تولہ۔ مصری۔ شہد کا قوام برگ پان کے پانی میں کر کے مروارید کشتہ جات۔ ورق نقرہ۔ طباشیر۔ زعفران کو روح کیوڑا میں حل کر کے قوام میں ملائیں۔ اور باقی ادویہ کوٹ چھان کر ملائیں۔ **مقدار خوراک** ۶ ماشہ صبح اور ۶ ماشہ شام دودھ سے لیجئے جناب اس سے بڑھ کر مقوی مبہی اور کوئی نسخہ نہیں ہے۔ کیسا ہی گیا گزرا ہوا نامرد کیوں نہ ہو سات یوم میں جوان مرد ہو جاتا ہے۔ بے حد مجرب نسخہ ہے۔

طلائے خاص مقوی اعصاب۔ معظم و مصلب عضو خاص۔ دافع کجی و کوتاہی۔ پٹھوں کے لیے از حد مقوی۔ گیا گزرا ہوا مخلوق اس سے شیر نر لوہے کی لاٹھ بن جاتا ہے۔ پوست بیخ کنیر سفید ۴ تولہ۔ برادہ کچلہ۔ خراطین۔ بیربہوٹی۔ پیہ مار سیاہ۔ مالکنگنی۔ چربی ساہنہ ہرایک ۲ تولہ۔ ریگ ماہی نر۔ چربی شیر۔ چربی ریچھ۔ گھونگچی سفید۔ ماہی سقنقور۔ جونک خشک۔ عاقرقرحا۔ پیہ ورل۔ قضیب خرس۔ گندھک۔ پارہ ہرایک ایک تولہ۔ مستی فیل۔ مستی غوک ہرایک ۳ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد۔ سم الفار۔ مغز پستہ۔ مغز

حب الملوک۔ جاوتری۔ لونگ ہر ایک ۶ ماشہ۔ شاہ دیک ۲ عدد۔ روغن چنبیلی ۵ تولہ۔
گندھک پارہ کی کجلی کر کے تمام اشیاء کوٹ چھان کر ملائیں۔ اور بذریعہ پتال جنتر کے تیل
نکال لیں۔ روغن نہایت عمدہ سرخ رنگ نکلے گا۔ حشفہ و درشت بچا کر مالش کریں۔ نامرد کو
مرد بنائے گا۔ مایہ ناز نسخہ ہے۔

کشتہ مرکب از حد مقوی۔ دافع سستی۔ نامردی۔ دافع ذیابیطس۔ جریان۔ درد کمر۔
مقوی اعصاب۔ مقوی اعضاء رئیسہ۔ دافع اختلاج القلب۔ بے ضرر۔
زود اثر۔ شنگرف ایک تولہ۔ برادہ طلا ۳ ماشہ۔ برادہ فولاد ۶ ماشہ۔ ورق نقرہ ۱۰۰ عدد۔ سب
اشیاء کو ۴ تولہ بوٹی کچھی کے پانی میں کھرل کریں۔ پھر ۵ تولہ بوٹی درانک کے پانی میں پھر ۵
تولہ آب لسن سے پھر ۱۰ تولہ آب پیاز سے کھرل کر کے گولہ سا بنا لیں اور کتھ سفید ۴
تولہ۔ بوتی شہد پنی ۵ تولہ کے نغدہ میں دے کر مضبوط گل حکمت کر کے ایک من خام اوپلہ
کی آگ دیں۔ سنہری کشتہ برآمد ہو گا۔ مقدار خوراک ایک رتی مکھن سے۔ دمہ۔
کھانسی۔ سستی۔ نامردی۔ کمزوری۔ کمی خون۔ درد کمر۔ ضعف اعصاب۔ جریان۔ اسکام کی
شرطیہ دوا ہے۔

مقوی گولیاں دافع سستی۔ نامردی۔ جریان وغیرہ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ مغز
تخم املی۔ چرونجی۔ آرد گوکھرو۔ پنیر مایہ شتر اعرابی ہر ایک ایک تولہ۔
آرد نخود۔ زہرن کے سینگ کا گودہ۔ گل گاؤزبان۔ پھلی درخت کیکر۔ موصلی سیاہ و سفید۔
ستاور۔ لونگ۔ تیزپات۔ ست بو پھلی۔ تودری سرخ و سفید۔ اندر جو۔ طباشیر۔ مغز پنبہ دانہ
ہر ایک ۶ ماشہ۔ مصری ابابیل۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ فولاد۔ زعفران۔ مروارید ہر ایک ۳ ماشہ۔
ورق طلا ۱۰ عدد۔ تمام اشیاء کو کوٹ چھان کر برگ پان کے پانی میں کھرل کر کے بقدر ایک
ایک ماشہ کے گولیاں بنائیں۔ اور صبح و شام ایک ایک گولی دودھ گائے سے کھائیں۔

ممسک گولیاں گولیاں برائے امساک تا ترشی نخورد ---- بے ضرر۔ گھنٹوں لطف
لیں۔ بلا منشیات نایاب نسخہ مصری خانہ زنبور۔ کہربا شمعی۔
سلاجیت مصفیٰ۔ چوبہ عود خام۔ کشتہ قلعی۔ مصری ابابیل۔ ست برگ برگد۔ پھول کھلا ہر
ایک ۳ ماشہ۔ موچرس۔ ۷ ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ تخم کیکر ۱۰ عدد۔ گل کیکر ۳ عدد۔ سب
کو کوٹ چھان کر بقدر ایک ماشہ کے گولیاں بنائیں۔ اور ایک گولی ایک گھنٹہ قبل کھائیں۔

جب تک ترشی نہ کھائیں ---- نہیں ہو گا۔

طلائے عجیب فریفتہ کنندہ مفعول بے ضرر پر لطف۔ **نسخہ:** سہاگہ خام۔ جاوتری۔ خاکستر موئے عورت۔ پیخال کبوتر صحرائی۔ بیربہوٹی۔ کافور ہر ایک ۳ ماشہ۔ عطر گلاب ۲۰ بوند۔ کباب چینی۔ مالکنگنی تولہ تولہ تمام اشیاء کا بذریعہ پتال جنتر کے تیل نکالیں۔ سرخ رنگ نکلے گا۔ بقدر ایک رتی حشفہ پر مالش کر کے ---- کریں۔ از حد ---- دے گا۔

گولیاں زد جام عشق قوت باہ و سستی کے لیے نایاب چیز ہے۔ زعفران۔ جائفل۔ مشک۔ عاقرقرحا۔ دارچینی۔ لونگ۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ افیون ایک رتی۔ تمام اشیاء کو کوٹ پیس کر شہد خالص میں ۲ ماشہ گولیاں بنائیں۔ **مقدار خوراک** دو گولی باشیر۔ از حد مقوی ہے۔

حب زیرہ از حد مقوی۔ ہاتھ پر سرسوں جما دے۔ خراطین مصفیٰ ۲ عدد۔ عاقرقرحا۔ جائفل ۳۔۳ ماشہ۔ مشک ایک ماشہ۔ زہرہ بز کے پانی میں گولیاں بنائیں۔ اور حشفہ میں لگا دیں۔ اس کی تعریف خلاف تہذیب ہے۔ از حد مجرب۔

مجربات رام چند

از جناب رام چند صاحب گپتا سپروائزر اکھنور سرکل

مقوی پاک ستاور۔ موصلی۔ گوکھرو۔ تج۔ لونگ۔ چھوہارے۔ چھوٹی الائچی۔ پیپل۔ آملہ۔ کنول گٹہ۔ سفید چندن۔ کونج کے بیج۔ پترج۔ ناگرموتھا۔ سونٹھ۔ تال مکھانا۔ دھنیاں ہر ایک ایک تولہ۔ دکھنی سپاری ۸ تولہ۔ شکر تری ۲۰ تولہ۔ کستوری ۶ ماشہ۔ بھیم سینی کافور ۶ ماشہ۔ بھانگ ڈیڑھ تولہ۔ پاک بنائیں۔ اور بقدر برداشت تولہ ڈیڑھ تولہ تک دودھ گاؤ سے کھائیں۔ مقوی باہ و مقوی بدن ہے۔

دیگر پاک پکے اور میٹھے آموں کا رس ۱۶ سیر۔ سفید بورا ۴ سیر۔ گھی ایک سیر۔ سونٹھ ۸ تولہ۔ کالی مرچ ۸ تولہ۔ گھاں ۸ تولہ۔ پانی ۴ سیر۔ سب کو مٹی کے برتن میں نرم آگ پر پکائیں اور لکڑی کی کڑچھی سے ہلاتے جائیں۔ کچھ گاڑھا ہونے پر دھنیاں۔

زیرہ۔ پترج۔ چیتے کی چھال۔ ناگرموتھہ۔ تج۔ کلونجی۔ پپلا مول۔ ناگ کیسر۔ الائچی۔ لونگ اور جائفل ۴۔ ۴ تولہ لے کر چورن کرے۔ اور کڑاہی چولہے سے اتار کر اس میں یہ چورن ڈالے۔ ٹھنڈا ہونے پر آدھ سیر شہد ڈالے۔ پھر اس میں سے ایک ایک تولہ بھوجن سے پہلے کھائے اور قدرت کا تماشہ دیکھیں۔ بڑا مقوی بدن ہے۔

مجربات موتی رام

از جناب حکیم موتی رام صاحب ماسٹر پہاڑ پور

طلائے خاص یہ ایک طلاء ہے گئے گذرے ہوؤں کے لیے۔ ایک رتی اس میں سے لے کر حسب معمول بت آہستہ سے مالش کر کے اوپر برگ ارنڈ یا تنبول گرم کر کے باندھا جائے۔ ایک ہفتہ اس کو استعمال کریں۔ ساتھ ہی یہ خوراک بھی ہے۔ ہمراہ دودھ ایک چاول بھر کھائیں۔ قوت باہ بت بڑھے گی۔ بوڑھوں کو جوانی کا لطف دکھائے گا۔ **نسخہ** سم الفار سفید و زرد ٦۔٦ ماشہ۔ زرنیخ سرخ و زرد ٦۔٦ ماشہ۔ ان چاروں ادویہ کو پہلے علیحدہ علیحدہ کھرل کر کے پھر ملائیں۔ اور کھرل کریں کہ ہم ذات ہو جائیں۔ اب جمال گوٹہ مدبر کی گری ۲۰ تولہ لے کر اس میں ملائیں۔ اور خوب کھرل کر کے آتشی شیشی کے ذریعے تیل نکال رکھیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔ اور برتیں۔

علاج قوت باہ

از جناب حکیم مولوی نور محمد خان صاحب مشتاق۔ احسان پور

اگر ضعف باہ بوجہ ضعف اعضاء رئیسہ ہو تو اعضاء کی تقویت کرنی نہایت ضروری ہے۔ اعضاء رئیسہ دل و دماغ و جگر و معدہ و گردہ شمار کئے جاتے ہیں۔ ضعف دل کی علامت خاصہ یہ ہے۔ نبض ضعیف اور دل کی دھڑک اور رعشہ اور جماع کے بعد غشی کی سی حالت پیدا ہونا۔ اور شرم اور ڈر رکھنا۔ علامت خاصہ ضعف دماغ کی یہ ہے۔ تشویش۔ فکر اور لذت جماع کی ناقص ہونا۔ علامت خاصہ ضعف معدہ و جگر یہ ہے بھوک اور جماع کی خواہش تھوڑی ہونا۔ اور ہضم کا ضعیف ہونا۔ اگر اعضاء رئیسہ کی تقویت کا خیال نہ کر

کے علاج قوت باہ کا کیا جائے تو بالکل بے سود اور فضول ہے۔

ضعف دل میں دل کی تقویت و تعدیل کرنا ہمراہ مفرحات یا قوتیہ مناسبہ کے اور دواء المسک کھلانا اور غم و فکر سے دور رکھنا چاہیے۔ اس اثر میں واسطے تقویت اعضاء رئیسہ اور زیادہ کرنے طاقت باہ کو جو لبوب کبیر سے بھی زیادہ اکسیر ہے اور دوسری کوئی چیز اس کے برابر نہیں۔ اور ضعف دماغ میں معاجین مقویہ دماغ اور شمومات اور اطلیہ مناسبہ حرارت اور برودت کا لحاظ کر کے استعمال کرنا مفید ہے۔ اگر کوئی خلط و مادہ غالب موجب نقصان ہو تو اس کا تنقیہ پہلے ضروری ہے اور ضعف معدہ و جگر میں ان کی اصلاح مزاج ضروری کرنی چاہیے۔

❶ خصیۃ الثعلب ۳ ماشہ باریک کر کے مصری تولہ ملا کر ہمراہ دودھ گاؤ کے کھلانا مشہور النفع ہے۔ مگر یاد رہے کہ بعض اطبا کاملین مجربین کا قول ہے کہ جب ثعلب خشک ہو جائے اس کا اثر باطل ہو جاتا ہے۔

❷ کند۔ ہمراہ بیضہ نیم برشت مفید ہے۔

❸ عنبر اصلی ہمراہ ماء العسل قوت باہ مایوس العلاج کے واپس کرتا ہے۔

❹ لونگ باریک کر کے دودھ تازہ سے کھانا بے حد مفید ہے۔

❺ یہ نسخہ نہایت مفید مقوی بھی ہے۔ مغز تخم سرس باریک کر کے شکر سفید ملا کر ہر روز صبح کو ۶ ماشہ کھانا مفید ہے۔ مغز سرس اس طرح حاصل کریں کہ تخم سرس کو قدرے تر کر کے مغز نکالیں اور کام میں لائیں۔

❻ مغز سر کنجشک روغن چنبیلی میں ملا کر قضیب اور کف پا یعنی پیر کے تلوے پر ملنا قوت باہ اور انتشار بے حد پیدا کرتا ہے۔

❼ مرہم برائے جلق زدہ نہایت مفید و مجرب ہے۔ افیون۔ مصری پانی میں حل کر لیں۔ اس میں مغز بنولہ گھس کر مثل مرہم کے بنائیں۔ پارچہ پر اس مرہم کو طلا کر کے اس جگہ کئی دن رکھیں۔

❽ طلائے مقوی قضیب و مقوی باہ مجرب و عجیب الاثر۔ تخم اسگند باریک کر کے چربی شیر میں پکا کر قضیب اور حوالی اس کے مالش کریں۔ اور قدرت قادر مطلق مشاہدہ کریں۔ چربی پرانی نہ ہونی چاہیے۔ ایک برس کے بعد چربی پرانی و کہنہ ہو جاتی ہے۔ اسی طرح صرف

چربی شیر یا سوسمار یعنی گوہ کی مالش کرنا بے حد مفید ہے۔

⑨ سفوف مقوی باہ مجرب و آزمودہ۔ تال مکھانا۔ تخم خشخاش۔ کنجد۔ مقشر۔ مغز چرونجی۔ مغز پستہ۔ مغز پنبہ دانہ۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم کسنبہ۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ چھوہارے ۵ تولہ۔ تج ڈیڑھ تولہ۔ مغز بادام ڈھائی تولہ۔ بیج بند۔ موصلی سیاہ و سفید۔ جاوتری۔ گوند کتیرا۔ گوند کیکر۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ میدہ چوب۔ دانہ الائچی ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی۔ کباب چینی۔ بوچھلی۔ سورنجاں شیریں۔ دارچینی۔ سنڈھ ستوہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ عاقر قرحا ۳ ماشہ۔ تمام دوائیں کوٹ کر باریک کریں اور نگاہ رکھیں مقدارِ خوراک خوراک ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ ایک سیر دودھ کے استعمال کریں اور ترش چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

⑩ سفوف جاوتری مقوی باہ و ممسک نہایت مجرب ہے۔ جاوتری۔ لونگ۔ زعفران۔ دانہ الائچی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل۔ خولنجاں۔ ہر ایک ساڑھے ۴ ماشہ۔ موچرس ۱۲ ماشہ۔ مشک خالص۔ عنبر اشہب۔ ورق طلاء ہر ایک ۲ سرخ۔ مصری ۲۲ تولہ۔ جملہ ادویہ کو کوٹ کر باریک کریں۔ مقدارِ خوراک ۴ رتی سے ۶ رتی تک ہمراہ دودھ صبح و شام استعمال کریں۔ اور گرم اور ترش اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

⑪ معجون مقوی باہ و ممسک۔ بارد مزاج مریضوں کے لیے مجرب و مفید ثابت ہوا ہے۔ بھلانوہ مدبر ۲ تولہ۔ مغز اخروٹ۔ کنجد سیاہ۔ باپچی۔ تخم پنواڑ و تخم حلبہ ہر ایک ۳ تولہ۔ زعفران۔ جائفل۔ دارچینی۔ لونگ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ شکرتری ایک سیر۔ تمام ادویات کو کوٹ کر حسب ترکیب معجون تیار کریں۔ اور دو مہینہ نخلہ جو میں رکھ کر پھر استعمال کریں۔ مقدارِ خوراک ۳ ماشہ سے ۹ ماشہ تک ہمراہ دودھ گاؤ سوتے وقت کھائیں۔ ترش اور تیل کی چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

مجرباتِ انصاری

از جناب ابوالشفاء حکیم محمد عبدالسلام صاحب انصاری طبیب ریاست حیدرگڑھ

پوٹلی | انبہ ہلدی ۴ ماشہ۔ ناگیسر۔ مالکنگنی ۸۔۸ ماشہ۔ سم اسپ سیاہ۔ سم گاؤ سیاہ۔ ناخن

نیل۔ ناخن خر سیاہ ہر ایک ۲ ماشہ۔ ان سب کو کوٹ چھان کر کپڑے میں باندھ کر تین پوٹلیاں بنائیں بعدہ گائے کا گھی بقدر ضرورت لے کر اور تولہ بھر پیاز کا عرق شامل کر کے ہلکی آنچ پر رکھیں اور پوٹلیوں کو اس میں چھوڑ کر نکور کریں۔

پوٹلی دیگر برادہ دندان فیل۔ انبہ ہلدی۔ نرگس۔ گوشت حلوان۔ کنجد سیاہ ہر ایک ساڑھے ۴ ماشہ۔ سب کو لے کر ایک سیر بھینس کے دودھ میں تر کریں حتیٰ کہ سب دودھ خشک ہو جائے پھر اس کی چار پوٹلیاں بنائیں۔ ایک پوٹلی کو روز استعمال کریں۔ چار روز میں چاروں پوٹلیوں سے فائدہ ہو گا۔ طریقہ استعمال کا یہ ہے کہ بھینس کے دودھ کو گرم کر کے اور اس میں پوٹلی کو تر کر کے قضیب کو سینکیں۔ اس کے استعمال سے جلق کی وجہ سے جو سستی اعصاب ہو گی۔ رفع ہو جائے گی۔

طلائے مجلوق جو سستی قضیب اور مجلوق بے کار کو اچھا کر کے قوت باہ کو زیادہ کر دے۔ بیر بہوٹی۔ عاقرقرحا۔ مالکنگنی: گھونگچی سفید۔ قرنفل ہر ایک ایک تولہ۔ بڑ کا تازہ دودھ۔ آک کا دودھ۔ تھوہر کا دودھ۔ تدہارہ کا دودھ ہر ایک ۲ تولہ۔ روغن زرد چار تولہ۔ اول گھی کو لوہے کے کڑچھے میں ڈال کر گرم کریں اور چاروں دودھ اس میں ڈال دیں۔ بعدہ بقیہ دوائیں ملا کر خوب حل کریں اور قضیب پر طلا کریں۔

روغن مورچہ جو کہ اعضاء کو فربہ کرتا ہے قوت باہ بڑھاتا ہے مورچہ یعنی چیونٹے سرخ رنگ کے ایک سو عدد۔ روغن بلسان یا روغن سوسن ایک چھٹانک میں ڈال کر منہ بند کر کے موسم گرم کی تیز دھوپ میں دس یوم تک رکھیں۔ پھر صاف کر کے مالش کیا کریں۔ اور پان بنگلہ گرم کر کے باندھیں۔ اگر اس روغن کو ہاتھ پاؤں کی انگلیوں پر مالش کریں تو امساک لاتا ہے۔

معجون مقوی باہ جو کہ آلہ کو سخت کرتی ہے باہ کو اس قدر بڑھاتی ہے کہ بلا مجامعت صبر نہیں آسکتا۔ جائفل ساڑھے ۵ ماشہ۔ قرنفل۔ دارچینی۔ جاوتری۔ اسپند ہر ایک ایک تولہ۔ کنجد سفید ۲ تولہ۔ سب کو کوٹ کر سہ چند شہد میں معجون بنالیں۔ خوراک ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک حسب برداشت طبیعت ہمراہ شیر گاؤ کھایا کریں۔

دوا مجرب کثرت احتلام کو مفید ہے۔ چرونجی ۳ تولہ گائے کے دودھ میں جوش دے کر شب کو نوش کریں۔ چند روز کا استعمال تمام عمر کو کافی ہے۔

دیگر انار کے چھلکے کوٹ چھان کر کھانڈ برابر ملا کر ایک تولہ روزانہ دودھ گاؤ تازہ کے ساتھ استعمال کریں۔

دوائی دیگر سرعت انزال کے لیے بے حد مفید و مجرب ہے۔ تخم خشخاش سفید۔ تخم ریحان ہر ایک ایک تولہ ساڑھے ۹ ماشہ۔ صندل سفید۔ گل ارمنی۔ بادرنجبویہ۔ دارچینی۔ کہربا شمعی۔ گوند کیکر۔ جنگلی انار کی کلیاں ہر ایک ایک تولہ ڈیڑھ ماشہ۔ بزرالبنج سفید۔ زنجبیل ہر ایک ۹ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر سہ چند شہد میں معجون بنائیں۔ مقدارِ خوراک ۷ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

دوائی دیگر مقوی قلب و باہ و ہضم معدہ۔ گل بوٹی ۳ ماشہ۔ برگ گاؤزبان۔ یشب سبز۔ زہرمہرہ خطائی۔ ابریشم خام مقرض۔ طباشیر کبود۔ عود غرقی۔ دانہ ہیل خورد ہر ایک ۲ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ صندل سفید۔ تخم فرنجمشک۔ گل گاؤزبان۔ پوست بیرون پستہ سنبل الطیب ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ قند سفید دواؤں سے سہ چند۔ بدستور معروف معجون بنائیں اور حسب برداشت طبیعت استعمال کریں۔

معجون مقوی مقوی باہ۔ مغلظ و مولد منی۔ نافع سرعت۔ مغز پنبہ دانہ۔ مغز خشکدانہ۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز چرونجی۔ کنجد مقشر۔ تخم خشخاش سفید۔ موصلی سفید۔ موصلی سنبل۔ ستاور۔ اسگندھ۔ سنگھاڑا خشک۔ تمہندی مقشر۔ سپستان ہر واحد ایک تولہ۔ تخم گزر۔ تخم پیاز۔ تخم شلغم۔ تخم ترب۔ بھوپھلی۔ تالمکھانا بریاں۔ سمندر سوکھ۔ میدہ لکڑی ہر ایک ۹ ماشہ۔ خولنجاں۔ چینا گوند۔ ناگر موتھہ۔ تج۔ تخم کونچ۔ گوکھرو خورد۔ اندر جو شیریں۔ پھلی ببول۔ مغز کنول گٹہ۔ گل دھاوا۔ گوند سنبل۔ موچرس۔ بیج بند ہر واحد ۶ ماشہ۔ اسپند گجراتی بریاں۔ تخم اوٹنگن۔ عاقرقرحا۔ زنجبیل۔ دار فلفل۔ بزرالبنج ہر ایک تین ماشہ۔ ان سب کو کوٹ چھان کر سہ چند مصری کے قوام میں حسب دستور معجون بنائیں۔ اگر اس میں مغز بادام۔ مغز پستہ۔ چلغوزہ۔ اخروٹ۔ نارجیل ہر واحد ایک تولہ۔ قنب ۲ تولہ۔ اضافہ کر دیے جائیں تو اور قوی ہو جائے۔ مقدارِ خوراک ایک تولہ ہمراہ دودھ جوناجوشیدہ۔

سفوف مقوی قوت باہ کے واسطے بہت نافع ہے۔ قرنفل۔ دارچینی۔ دانہ ہیل۔ جائفل۔ جاوتری ہر ایک ایک تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ ثعلب مصری۔ خراطین مصفیٰ ہر ایک ۶ ماشہ کوٹ چھان کر قند سفید برابر وزن شامل کر کے ۴ ماشہ سے

ایک تولہ تک دودھ گائے سے کھائیں۔

مجرباتِ چراغ

از جناب حکیم محمد چراغ صاحب پھلور

حلوائے بیضہ مرغ قوت باہ کے لیے نہایت مجرب۔ مقوی دماغ۔ و بدن ملیب دہن۔ بصارت کو تیز کرنے والا۔ زردی بیضہ مرغ ۱۰۰ عدد۔ آرد برنج ۵ سیر۔ روغن گاؤ ۵ سیر۔ نبات ۵ سیر۔ اول زردی اور آرد برنج کو کڑاہی میں ملائیں بعد ازاں روغن زرد ڈال کر بریاں کریں پھر مصری ڈال کر حلوا بنائیں جب حلوا تیار ہو جائے تو ذیل کی ادویات باریک کر کے ملائیں۔ مغز بادام پاؤ پختہ۔ چاہر مغز ۸ تولہ۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ موچرس۔ کباب چینی۔ دارچینی۔ کرکس۔ گوند ناگوری۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ تخم کونچ۔ تخم پیاز۔ شقاقل۔ تودریں۔ موصلین۔ سنبل۔ ثعلب مصری۔ بہمنین۔ صندلین۔ مصطگی ہر ایک تولہ۔ مقدارِ خوراک: ایک سے ۲ تولہ دودھ سے۔

حلوائے مقوی تالمکھانا ۹ تولہ۔ شیر برگد میں تین بار تر و خشک کریں دودھ اس قدر ہو کہ تالمکھانا ڈوب جائے اس کے بعد اسے نارجیل سالم میں سوراخ کر کے بھر دیں۔ اور کاٹا ہوا ٹکڑا اوپر سوراخ پر دے کر بند کر کے اس پر آرد گندم کا ضماد کر کے نرم آگ پر رکھیں کہ سرخ ہو جائے۔ پھر تالمکھانا نکال کر معہ نارجیل کے پیس رکھیں اور تودری سرخ و سفید۔ خارخسک خورد و کلاں۔ موصلی سفید و سیاہ۔ موصلہ سنبل۔ گل گاؤزبان۔ ثعلب مصری۔ سمندر سوکھ۔ اندر جو۔ موچرس۔ الائچی خورد ہر ایک تولہ۔ دارچینی۔ کباب چینی۔ سورنجاں شیریں۔ شقاقل۔ طباشیر ہر ۶ ماشہ۔ بہمن سرخ و سفید۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ چوب چینی نیم پاؤ۔ بوزیدان ۳ ماشہ۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ ہر ۵ تولہ۔ مغز بادام ۱۰ تولہ کوٹ چھان کر ملائیں اور مصری سہ چند کا قوام کر کے مخلوط آمیز کریں۔ مقدارِ خوراک: ایک سے ڈیڑھ تولہ ہمراہ دودھ۔ اگر ورق نقرہ ۶۰ عدد۔ ورق طلا ۳۰ عدد۔ اضافہ کریں تو پھر یہ معجون نہایت مقوی باہ۔ مقوی بدن اور مولد و مغلظ منی۔ مقوی اعصاب ہو۔

سفوف مقوی برائے تقویت باہ و تغلیظ و تولید منی۔ سرعت انزال۔ جریان و مقوی اعضائے رئیسہ۔ **نسخہ** تالکھانا۔ تخم خشخاش۔ تخم مقشر۔ مغز چرونجی۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پنبہ دانہ۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم قرطم مکد ۲ تولہ۔ چھوہارہ ۳ تولہ۔ تج ڈیڑھ تولہ۔ مغز بادام مقشر ڈھائی تولہ۔ بیج بند۔ موصلی سفید و سیاہ۔ موصلہ سنبل۔ ثعلب مصری۔ تودری سرخ و سفید۔ بسباسہ۔ بہمن سرخ و سفید۔ شقاقل۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ دانہ ہیل خورد۔ میدہ چوب مکد ایک تولہ۔ مصطگی۔ کباب چینی۔ بو چلی۔ سورنجاں شیریں۔ دارچینی۔ زنجبیل مکد ٦ ماشہ۔ عاقرقرحا ۳ ماشہ۔ تخم ریحاں ۹ ماشہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ پوست بیضہ مرغ۔ کشتہ سہ دھاتہ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ عقیق مکد ڈیڑھ ماشہ۔ بدستور معروف سفوف بنائیں۔ **مقدار خوراک** ٦ ماشہ سے ۹ ماشہ تک ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھائیں۔

حلوائے زردک مقوی دماغ۔ مقوی قلب و جگر و معدہ و گردہ و مقوی باہ و سرعت انزال و جریان کو دور کرتا ہے۔ گاجر سرخ مصفی ایک سیر پختہ۔ خرما عمدہ ختہ پاک کردہ نیم سیر ہردو کو شیر گاؤ میں پکائیں تاکہ سخت ہو جائیں بعدہ لکڑی کے ہاون میں باریک کر کے آرد نخود بریاں۔ میدہ گندم مکد سوا ۴ تولہ۔ قند سفید ایک سیر۔ شہد خالص نیم سیر کو حل کر کے اس میں ملائیں اور قوام کریں۔ پھر گاجر ملا کر دو تین جوش دے کر اتار لیں۔ بیضہ مرغ ۲۰ عدد۔ پانی میں جوش دے کر زردی نکال کر اس میں ملائیں۔ اور خوب مخلوط کریں کہ یکجان ہو جائیں۔ پھر مغز فندق۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ نارجیل۔ مغز چرونجی مکد ۳ تولہ۔ ثعلب مصری۔ دارچینی۔ زنجبیل مکد ساڑھے ۱۰ ماشہ۔ زعفران۔ مشک خالص مکد ساڑھے ۳ ماشہ۔ باریک کر کے ملائیں۔ **مقدار خوراک** ایک تولہ سے تین تولہ تک ہمراہ دودھ گائے کے۔

خمیرہ بادام بیضوی نہایت مقوی دماغ خصوصاً جن کو جلق سے جریان ہو کر دماغ نہایت ضعیف ہو گیا ہو۔ عجیب فوائد دکھلاتا ہے۔ اور قوت کامل کے ظہور پر سرور کا زمانہ لاتا ہے۔ برادہ صندل سفید۔ گاؤزبان۔ ابریشم خام مقرض۔ مکد دو دام۔ مازو۔ گز مازج۔ موصلی سیاہ و سفید ہر ایک ایک دام۔ بوقت شب ایک پاؤ گلاب اور قدرے پانی میں بھگو رکھیں اور صبح کو جوش دے کر صاف کر کے تین پاؤ پختہ مصری ڈال کر

قوام کریں۔ لیکن قوام ذرا نرم رکھیں اور آگ سے اتار کر ایک پاؤ پختہ زردی بیضہ مرغ سرد ہونے کے وقت ملا کر خوب مخلوط و آمیز کریں۔ پھر آگ پر چڑھا کر غلیظ کر کے نیچے اتار کر سرد کریں۔ اور ادویات ذیل باریک کر کے ملا دیں۔ تالمکھانا۔ تج۔ کمرکس۔ گل دھاوا۔ ثعلب۔ موچرس۔ سنبل۔ رال ہر یک ۶ ماشہ۔ مصطگی۔ دارچینی۔ عاقرقرحا۔ قرنفل ہر یک ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۲۰ عدد۔ ورق طلا ۱۰ عدد۔ مغز بادام مقشر ایک پاؤ پختہ۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ خشخاش ہر یک نیم پاؤ کا شیرہ نکال کر شامل کریں۔

حلوائے مقوی مقوی باہ۔ مولد منی۔ دافع درد کمر و سرعت انزال بے نظیر و بے عدیل۔ آرد گندم نیم پاؤ بروغن گاؤ تازہ بریاں کنند۔ نبات سفید پاؤ پختہ بگلاب حل کردہ داخل موزہ بآتش ملائم پزند تا مثل حلوا شود۔ دارچینی۔ قرنفل۔ بسباسہ۔ دانہ ہیل۔ جوزبوا۔ شد انج۔ لسان العصافیر۔ برگ مورد۔ ثعلب مصری۔ درونج عقربی۔ زنجبیل۔ صندل سفید کوفتہ بیختہ۔ مغز بادام مقشر۔ مغز پستہ۔ مغز فندق۔ مغز نارجیل مقشر۔ مغز گردگان۔ مغز چلغوزہ نیم کوفتہ داخل کردہ قلیلے عنبر اشہب۔ و مشک خالص حل کردہ آمیزند و در چینی پہن کردہ مانند لوزہائے ببرند۔ مقدار خوراک ۲ مثقال۔

فرنی جو کہ دماغی طاقت بڑھانے میں بے نظیر ہے۔ اور ضعف دماغ کی وجہ سے جب کہ طاقت باہ کم ہو گئی ہو اس کے لیے اکسیر ہے۔ شیر گاؤ ڈیڑھ سیر دیگچہ میں ڈال کر نرم آگ پر کھویہ پکائیں۔ جب غلیظ القوام ہو جائے تو ایک پاؤ پختہ مسکہ گاؤ ڈال کر نیم برشت زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد داخل کریں۔ اور خوب آمیز کریں بعد میں سہ پاؤ کالپی مصری ڈال کر آمیختہ کریں اور نیچے اتار کر دانہ ہیل ایک تولہ۔ طباشیر کبود ۶ ماشہ۔ دارچینی ۳ ماشہ۔ زعفران ڈیڑھ ماشہ ملا کر مٹی کی چھوٹی چھوٹی پیالیوں میں ڈال رکھیں جو مقدار ایک چھٹانک کے ہو فرنی برفی کی طرح نہایت لذیذ جم جائے گی۔ صبح و شام کھائیں۔

حریرہ مقوی باہ و مقوی دماغ و مولد منی۔ مغز بادام مقشر ایک تولہ۔ مغز تخم معصفر۔ مغز پنبہ دانہ ہر ایک ۲ مثقال۔ تخم خشخاش ایک مثقال۔ بہمن سفید۔ تودری سفید۔ ثعلب مصری ہر یک ۲ درام۔ زنجبیل نیم مثقال۔ گلاب۔ شیرہ مادہ گاؤ ہر ایک نیم پاؤ۔ نبات سفید ۴ تولہ۔ بدستور معروف حریرہ پکائیں اور استعمال کریں۔

دیگر حریرہ برائے محروری مزاج نافع۔ مغز تخم خیارین ۲ تولہ۔ تخم کوکنار تولہ۔ خشک مربی۔ مغز بادام مقشر ہر ایک ۴ ماشہ۔ در شیر گاؤ میش شیرہ بر آوردہ گلاب ۵ تولہ۔ آمیختہ بجوشانند تا غلیظ شود۔ ثعلب مصری۔ بہمن سفید مکد ایک تولہ۔ شقاقل۔ تخم شلجم۔ خولنجاں ہر ایک ایک ماشہ۔ نبات سفید ۳ تولہ سائیدہ آمیزند۔ دو سہہ جوشدادہ فرد آوردہ سرد کردہ بنوشند۔

معجون مقوی باہ محرورین۔ شقاقل مصری۔ مغز چلغوزہ۔ کتیرا مغز خیار۔ مغز کدو۔ مغز پیٹھہ۔ مغز تربوز۔ تخم خشخاش۔ بہمن سفید۔ مغز فندق۔ مغز گردگاں۔ ثعلب مصری۔ مغز پنبہ ایک تولہ۔ مغز بادام شیریں۔ نارجیل مقشر مکد ۳ تولہ۔ کنجد سفید۔ ستاور تازہ مکد ۴ تولہ۔ مربہ سیب ۶ عدد۔ مربہ آملہ ۴ عدد۔ مربہ پیٹھا ۳ تولہ۔ قند سفید ۲ وزن ہمہ ادویہ۔ شربت آلو بخارا مار۔ شربت انار ولایتی مار۔ بدستور معروف معجون بنائیں۔ **مقدار خوراک** ایک سے ۲ تولہ تک ہمراہ بدرقہ مناسب مزاج۔

نسخہ جات جریان

از جناب حکیم علیم الدین صاحب بھاگووالیہ

❶ سفوف الجریان ذیل کا سفوف جریان کے لیے اکثر مجرب پایا گیا ہے۔ چند بار کے استعمال کرانے سے اس نے کافی سے بڑھ کر فائدہ پہنچایا۔ علاوہ ازیں احتلام کے لیے بھی اکثر مفید ہے۔ جن کے مزاج صفراوی ہیں ان کے لیے تو خاص نفع مند چیز ہے۔ **ہوالشافی** سبوس اسبغول۔ کشتہ قلعی۔ مغز تخم تمہندی۔ تخم کاہو۔ گلنار۔ مصطگی رومی۔ ثعلب مصری۔ تالمکھانا۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ بوپھلی۔ مساوی الوزن۔ باریک سفوف بنالیں اور برابر وزن کھانڈ ملا کر بقدر ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام دودھ گائے سے کھلائیں۔

❷ سفوف الجریان ذیل کا مختصر اور آسان نسخہ بھی جریان کے لیے اکثر مفید پایا گیا۔ علاوہ ازیں یہ سرعت کے دور کرنے میں بھی مفید ہے۔ **ہوالشافی** سمندر سوکھہ۔ تخم ریحان۔ تال مکھانا۔ مغز تخم تمہندی مساوی الوزن باریک

سفوف بنا لیں اور برابر وزن کھانڈ ملا کر ایک ایک تولہ صبح و شام دودھ گاؤ سے کھلائیں۔
انشاء اللہ جریان کو بہت جلد آرام دے گا۔

۳ سفوف الجریان یہ مختصر اور معمولی نسخہ اس جریان کے لیے مفید ہے جو محض گرمی یا حرارت کے باعث ہوا ہو۔ ایسی حالت میں یہ نہایت اچھا فائدہ کرتا ہے۔ **ھوالشافی** کتیرا۔ سیوس اسبغول مغز تخم تمہندی مساوی الوزن لے کر باریک سفوف کرلیں اور تولہ تولہ بھر صبح و شام دودھ گائے کے ہمراہ کھلائیں۔

۴ سفوف الجریان جریان کے لیے نہایت مجرب اور اکثر دفعہ تجربہ میں آچکا ہے۔ انشاء اللہ جریان سے ایک ہفتہ تک صحت ہو جاتی ہے۔
ھوالشافی تال مکھانا ۵ تولہ لے کر تین دفعہ دودھ بڑ میں خوب اچھی طرح تر و خشک کریں۔ اور اس کے برابر وزن ثعلب مصری اور اسی قدر کھانڈ ملا کر باریک سفوف بنا لیں **مقدار خوراک** ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام دودھ سے کھلائیں۔

۵ حب جریان یہ گولیاں جریان کے لیے اکثر مفید ثابت ہو چکی ہیں اور بہت جلد اس موذی مرض کا قلع قمع کر دیتی ہیں۔ **ھوالشافی** مغز تخم تمہندی۔ مغز سینگ ہرن۔ مساوی الوزن باریک کر کے ایک ہفتہ عرق پیاز میں کریں اور بقدر کنار صحرائی گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں **مقدار خوراک** صبح و شام ایک ایک گولی دودھ سے۔

۶ حب جریان نہایت مفید۔ بعض حالتوں میں فوری اثر دکھلانے والی ہیں۔ **ھوالشافی** موچرس۔ مغز تخم تمہندی۔ پھل درخت بڑھ۔ مساوی الوزن باریک کر کے تین روز تک دودھ بڑھ میں کھرل کر کے بقدر کنار صحرائی گولیاں بنائیں۔ اکسیر ہیں۔ **مقدار خوراک** ایک ایک گولی صبح و شام دودھ گاؤ سے۔

نسخہ جات احتلام

۱ سفوف احتلام احتلام کے لیے خاص مفید ہے۔ بفضلہ ایک ہفتہ تک شکایت جاتی رہتی ہے **ھوالشافی** صمغ عربی۔ کتیرا۔ موچرس۔ تال مکھانا۔ گل سپاری۔ طباشیر۔ کشنیز خشک۔ سمندر سوکھ۔ ثعلب مصری مساوی الوزن سفوف بنائیں

اور بقدر ۴ تولہ کھانڈ ملا کر صبح و شام تولہ تولہ دودھ سے کھلائیں۔

(۲) سفوف دیگر سیلان رطوبات منی۔ مذی وغیرہ کے لیے نہایت مفید اور کثرت احتلام کے دفعیہ کے لیے اکسیر الاثر ہے۔ ایک ہفتہ میں کلی طور پر شکایات رفع ہو جاتی ہیں۔ **ھوالشافی** رال سفید۔ مازو۔ سیوس اسبغول۔ مصری مساوی الوزن باریک کر کے ۶ ماشہ صبح اور اسی قدر شام دودھ سے کھلائیں۔

۳ سفوف دیگر یہ سفوف بھی احتلام کے لیے نہایت مفید ہے اور سیلان رطوبات کو روکتا ہے **ھوالشافی** شلبرانج۔ جفت بلوط۔ گلنار۔ کندر مساوی الوزن سفوف بنا کر بقدر ۴۔۴ ماشہ کے صبح و شام دودھ سے کھلایا کریں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ تک شکایت جاتی رہے گی۔

۴ سفوف دیگر کثرت احتلام کے یہ سفوف بھی مجرب ہے علاوہ ازیں سرعت اور جریان کو بھی مفید ہے۔ **ھوالشافی** پوست بیخ کٹائی خورد ۲ تولہ۔ سیوس اسبغول۔ ست گلو ہر ایک ایک تولہ۔ سلاجیت خالص ۶ ماشہ۔ سفوف بنائیں اور بقدر ۵۔۵ ماشہ صبح و شام دودھ سے کھلائیں۔

۵ سفوف دیگر احتلام اور کثرت رطوبات کے لیے مجرب ہے جریان کو بھی فائدہ بخش ہے۔ **ھوالشافی** مغز نارجیل۔ سیوس اسبغول ہر ایک ۳ تولہ۔ کھانڈ ۶ تولہ۔ کشتہ قلعی ۳ ماشہ۔ نارجیل یعنی گری کو کدو کش سے باریک کر لیں اور باقی سب کو ملا کر سفوف بنائیں اور بقدر ایک ایک تولہ صبح و شام دودھ سے دیں۔

۶ اطریفل کشنیز بھی اس مرض کے لیے نہایت مفید ہے تولہ تولہ صبح و شام دودھ سے کھلائیں احتلام کو روک دیتا ہے۔ ذکاوت حس کے لیے بھی مفید ہے اور اکثر تجربہ میں آچکا ہے نسخہ عام مشہور ہے جو طبی کتابوں میں مل سکتا ہے۔

ہدایات مریض احتلام کو چاہیے کہ شیطانی وساوس سے اپنے دل کو بچائے۔ خیالات کو پاکیزہ رکھے اور سوتے وقت پیشاب کر کے سویا کرے اگر رات کو خواب سے بیدار ہو کر بھی پیشاب کر لیا کرے تو اور بہتر ہے۔ علاوہ ازیں سیدھا یعنی چت سونا نہایت مضر ہے پہلو پر سونا چاہیے۔ گرم اشیاء سے پرہیز رکھے۔

نسخہ جات سرعت

❶ حبوب دافع سرعت عارضہ سرعت کے رفع کرنے میں بے عدیل ہیں۔ اکثر ایک ہفتہ تک ان سے فائدہ ہو جایا کرتا ہے۔ ھوالشافی

افیون ۴ رتی کو ایک عدد چھوہارہ میں گٹھلی نکال کر ڈال دیں۔ اور پھر اسے بند کر کے اس کے اوپر آرد گندم گوندھ کر لگائیں۔ کہ انگل بھر آٹا اوپر چڑھ جائے اسے خشک کر کے رات بھر گرم بھوبل میں دبائے رکھیں۔ جب اوپر کا آٹا سرخ سیاہی مائل ہو جائے تو نکال کر آٹا دور کر کے چھوہارہ معہ افیون کوٹ لیں۔ پھر ایک تولہ مغز تخم تمرہندی باریک شدہ ملا کر اس قدر کوٹیں کہ تمام اجزاء یک جان ہو جائیں پھر بقدر کنار صحرائی کے گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔ مقدارِ خوراک ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ دودھ گائے کھائیں۔ عارضہ سرعت جاتا رہے گا۔ بڑی مفید چیز ہے اور آسان۔ کم خرچ بالا نشین۔

❷ حب دیگر دافع سرعت مغز تخم سرس۔ موچرس مساوی الوزن۔ ان سے دو چند دودھ بڑھ ملا کر خوب اچھی طرح سے کھرل کریں جب گولی باندھنے کے قابل ہو جائے تو بقدر کنار صحرائی کے گولیاں بنائیں۔ مقدارِ خوراک ایک گولی صبح اور ایک شام دودھ گائے سے عارضہ سرعت کی یہ دشمن جان گولیاں ہیں اور لطف یہ ہے کہ منشی اجزا سے پاک ہیں۔ ایک ہفتہ تک کامل صحت ہو جاتی ہے۔

❸ حب دیگر دافع سرعت یہ گولیاں اکسیر کا حکم رکھتی ہیں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں عارضہ سرعت کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔ ھوالشافی

مغز تخم تمرہندی۔ موچرس ہر ایک ایک تولہ۔ تخم اجوز ماثل (دھتورہ) ۳ ماشہ۔ سب کو ایک پورا دن شیر بڑ میں کھرل کر کے نخود سے ذرا بڑی گولیاں بنا لیں۔ اور ایک ایک گولی صبح و شام دودھ سے کھلائیں۔ نہایت مفید ہیں۔

❹ حب دیگر دافع سرعت۔ حب جوز ماثل جس کا نسخہ عام طبی کتابوں میں حب الشفاء کے نام سے مشہور ہے بنا کر ایک گولی صبح ایک شام دودھ گاؤ

سے کھلانا چند روز تک سرعت کو دور کر دیتا ہے۔

۵ سفوف سرعت نہایت مختصر اور بے ضرر کم خرچ بالا نشین نسخہ ہے۔ صرف مغز تخم تمہندی کا سفوف کر کے برابر وزن کھانڈ ملا کر بقدر ۶-۶ ماشہ صبح و شام دودھ گائے سے کھانا ایک ہفتہ کے استعمال سے سرعت کو دور کر دیتا ہے۔

۶ ایضاً مغز تخم سرس کا سفوف بنا کر اور ہم وزن کھانڈ ملا کر مذکورہ بالا نسخہ نمبر ۵ کی طرح کھانا سرعت کے لیے نہایت مفید ہے۔ اور کسی صورت میں نمبر ۵ سے کم نہیں۔

ہدایات سرعت کے جس قدر نسخے لکھے گئے ہیں یہ سب کے سب ممسک بھی ہیں۔ انہیں صرف عارضہ رفع ہونے تک ہی کھانا چاہیے۔ پھر چھوڑ دینا چاہیے۔ بلا عارضہ شوقیہ طور پر کھانا الٹا نقصان دہ ہو گا۔ اور باہ کو ضعیف کرے گا۔

نسخہ جات رقت یا تغلیظ منی

۱ سفوف دافع رقت قوام کا پتلا پن اور رقت کو دور کر کے یہ سفوف مادہ منویہ کی اچھی طرح تغلیظ کرتی ہے۔ علاوہ ازیں بدنی طاقت کو بھی بڑھاتی ہے۔ **ھوالشافی** تخم ریحاں۔ موصلی سفید۔ ثعلب مصری۔ مساوی الوزن۔ تخم ریحان کو سالم رکھیں اور باقی دونوں اجزا کو باریک کر کے سب کو ملا کر سفوف بنالیں۔ اور سب کے برابر کھانڈ ملا کر بقدر ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام دودھ سے کھالیا کریں۔ نہایت مفید چیز ہے۔

۱ سفوف تغلیظ بے نظیر اسم با مسمیٰ اور نہایت اکسیر الاثر ہے۔ قوام رقیق سے غلیظ بنا دیتی ہے۔ اور مولد منی بھی ہے۔ **ھوالشافی** آرد سنگھاڑا۔ موچرس۔ ثعلب مصری موصلی سفید۔ بو پھلی۔ دانہ الائچی مساوی الوزن سفوف بنائیں اور سب کے برابر کھانڈ ملا کر تولہ تولہ صبح و شام دودھ گائے سے کھلائیں۔

۳ سفوف تغلیظ دیگر اسم با مسمیٰ اور نہایت مفید ہے۔ **ھوالشافی** آرد سنگھاڑا۔ سبوس اسبغول۔ ثعلب مصری برابر وزن سفوف بنائیں۔

آدھ سیر پختہ دودھ گاؤ لے کر اس میں ایک تولہ بھر سفوف مزکور اور بقدر ذائقہ مصری ملا کر خوب جوش دیں۔ جب چہارم حصہ دودھ جل جائے تو اتار کر سرد کر کے پی لیا کریں۔ ایک دو دفعہ اسی طرح استعمال کرنے سے منی خوب پیدا ہوتی اور گاڑھی ہوتی ہے۔

۴ سفوف تغلیظ مجرب نہایت مفید و بے نظیر اور اسم با مسمیٰ چیز ہے۔ مولد و مغلظ بے حد ہے۔ **ھوالشافی** موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ بہمن سرخ و بہمن سفید۔ تودری سرخ و تودری سفید۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ موصلہ سنبل۔ تالمکھانا۔ تخم سروالی۔ بیج بند گجراتی۔ تج قلمی۔ خارخسک۔ مصطگی رومی۔ گوند چینا۔ ستاور۔ مغز تخم کونچ۔ تخم اوٹنگن۔ مغز پنبہ دانہ۔ سبوس اسبغول۔ کشتہ صدف مرواریدی۔ کشتہ پوست بیضہ مرغ۔ کشتہ قلعی مساوی الوزن سفوف بنالیں۔ اور بقدر ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام دودھ گائے سے استعمال کریں۔ بے حد مفید چیز ہے۔ اس کی قدر صرف اس کے کھانے والا ہی جانتا ہے۔

۵ ستاوری چورن یہ ایک ہندی نسخہ ہے جو تغلیظ و تولید کے لیے نہایت اکسیر ہے۔ **ھوالشافی** کونچ بیج۔ گوکھرو۔ ستاور۔ چھال کنگیرن۔ چھال کنگھی۔ تال مکھانا مساوی الوزن سفوف بنالیں۔ اور بقدر ۶ ۔۶ ماشہ صبح و شام دودھ گائے سے کھائیں۔

چند متفرق مقوی بدن نسخہ جات

۱ حب تال مکھانا نارجیل والی طاقت بدنی کی بڑھانے میں عجیب چیز ہے۔ جریان۔ سرعت۔ رقت اور احتلام کو رفع کرتی ہے اور خاص ممسک بھی ہے۔ صرف ایک ہفتہ کے استعمال سے کافی سے بڑھ کر فائدہ ہوتا ہے۔ زیادہ تعریف کی ضرورت نہیں۔ تجربہ میں سب کچھ معلوم ہو سکے گا۔ **ھوالشافی** ایک کھوپا نارجیل (گری) کا بڑا لیں اور اس میں سے ایک پیسہ برابر ٹکڑا کاٹ کر اس میں ۱۰ تولہ تال مکھانا عمدہ صاف کر کے بھر دیں اور ۲ تولہ تخم دھتورہ بھی داخل کریں کھوپا اس قدر بڑا ہو کہ جس میں یہ دونوں چیزیں آکر بھی کچھ جگہ خالی رہے۔ اب اسے دودھ بڑھ سے

خوب اچھی طرح ہلا ہلا کر بھر دیں تاکہ اندر کی اجزا دودھ میں ڈوب جائیں اب اسے سایہ میں خشک کرلیں۔ اس کے بعد پھر دودھ بڑھ سے بھر دیں اور سایہ میں خشک کرلیں۔ اس کے بعد پھر دودھ بڑھ سے بھر دیں اور سایہ میں خشک کرلیں۔ اسی طرح تین بار دودھ سے تر و خشک کریں پھر کھوپا پر آرد گندم گوندھا ہوا انگل انگل برابر موٹا لگا کر خشک کریں۔ اور پھر قریباً دس سیر دودھ میں ڈال کر پکاتے رہیں تاآنکہ دودھ کا کھویا بن جائے۔ اب اس گولا کو نکال کر اوپر کا آٹا دور کر کے کھوپا معہ تال کھانا وغیرہ ڈنڈہ کونڈہ میں اس قدر زور سے گھوٹیں کہ سب چیزیں باریک یک جان حل ہو جائیں۔ اس کے بعد گولیاں بقدر کنار صحرائی کے بنالیں اور خشک کر کے محفوظ رکھیں۔ نایاب چیز تیار ہے۔ **مقدار خوراک** ایک گولی صبح ایک شام دودھ گاؤ سے دیں انشاء اللہ ایک ہفتہ میں پورا اثر دکھائے گی۔

۲ حب فولاد شنگرفی نہایت مقوی۔ گم شدہ طاقت کے بحال کرنے میں اکسیر صفت ہیں۔ کمزوری کے دیگر عوارضات سرعت۔ رقت۔ جریان وغیرہ کا فوری ازالہ ہو جاتا ہے۔ اور چند ہی روز میں مسلوبہ طاقت عود کر آتی ہے۔ **هوالشافی** کشتہ فولاد شنگرفی۔ کشتہ شنگرف۔ سلاجیت مصفیٰ۔ ست برگ برگد۔ ست بو پھلی ہر ایک ایک تولہ۔ ورق نقرہ ٦ ماشہ۔ سم الفار ۳ ماشہ۔ ورق طلا ایک ماشہ۔ سب چیزوں کو خوب اچھی طرح حل کر کے آب پوست (کوکنار) میں دو تین دن کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔ اور اوپر ورق لگا کر محفوظ رکھیں۔ **مقدار خوراک** ایک ایک گولی صبح شام بعد از غذا دیں۔ دودھ گھی کا استعمال زیادہ ہو۔

۳ بادام پاک ویدک نسخہ ہے۔ نہایت اعلیٰ درجہ کا مقوی دماغ۔ مقوی بدن۔ مقوی باہ اور مولد و مغلظ منی ہے۔ **هوالشافی** مغز بادام شیریں پاؤ بھر لے کر آدھ سیر دودھ میں پیس کر چھان کر پکائیں جب کھویا ہو جائے تو پاؤ بھر گھی ڈال کر بریاں کریں اس کے بعد مصری ۳ پاؤ۔ شہد ڈیڑھ پاؤ۔ مغز تخم کدو شیریں۔ ثعلب مصری۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز تربوز۔ چرونجی۔ گوند ناگوری۔ گھی میں بھونی ہوئی ہر ایک ایک تولہ۔ دارچینی۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ٦ ماشہ۔ تج۔ پترج۔ سنڈھ۔ پیپل۔ مرچ سیاہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ ناگیسر ۳ ماشہ۔ سب کو باریک کوٹ چھان کر حسب دستور معجون بنائیں اس کے بعد کشتہ رانگ ۳ تولہ۔ کشتہ فولاد ٦ ماشہ۔ کشتہ ابرک ٦ ماشہ۔ کشتہ نقرہ ایک

تولہ اضافہ کر کے نگاہ رکھیں۔ اور بعد ایک ہفتہ کے بقدر مناسب ایک تولہ تک دودھ سے کھلائیں۔ ترشی سے پرہیز رکھیں۔

④ حلوائے گذر ارزانی والا قوت باہ کی مشہور چیز ہے۔ تولید منی اور تسمین بدن کے لیے اس سے بہتر اور کوئی چیز نہیں۔ درد کمر۔ ضعف گردہ و مثانہ کے لیے بے حد نافع ہے۔ **ھُوَالشَّافِی** گاجر سرخ رنگ شیریں پوست و استخوان سے پاک و صاف کی ہوئی ایک سیر۔ چھوہارے گٹھلی دور کئے ہوئے آدھ سیر۔ دونوں کو تین سیر دودھ گاؤ میں نرم آنچ پر پکائیں کہ گل جائیں۔ پھر اسے لکڑی کے گھوٹنے سے خوب گھوٹنیں کہ باریک ہو جائیں۔ اس کے بعد آرد نخود۔ میدہ گندم ہر ایک ساڑھے ۴ تولہ۔ دونوں کو گھی میں بریاں کر لیں۔ مصری ایک سیر۔ شہد آدھ سیر دونوں کا قوام کر کے آرد نخود و میدہ شامل کریں اور گاجروں وغیرہ کو بھی ملا دیں اور دو تین جوش خوب اچھی طرح سے دیں۔ اس کے بعد زردی بیضہ مرغ ابلی ہوئی ۳۰ عدد داخل کر کے خوب ملا دیں۔ پھر مغز فندق۔ مغز بادام شیریں۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل ہر ایک ۳ تولہ۔ ثعلب مصری۔ کشن خرما۔ خسک مربی۔ دارچینی۔ زنجبیل۔ خولنجاں ہر ایک تین درم (ساڑھے ۱۰ ماشہ)۔ زعفران۔ مشک خالص ہر ایک ایک درم (ساڑھے ۳ ماشہ) باریک پیس کر اضافہ کریں۔ اور محفوظ رکھیں۔ ہر صبح ۳ تولہ کی مقدار میں دودھ سے کھایا کریں۔ بعض اس میں مغز سر کنجشک نر ۴۰ عدد بھی ملاتے ہیں۔

⑤ حب اکسیر البدن طاقت کی نہایت مفید اور اکسیر الاثر دوا ہے۔ ہر قسم کی گشدہ طاقت کو بحال کر دینا اسی کا کام ہے۔ زیادہ تعریف فضول ہے تجربہ خود بتا دے گا کہ یہ کیا چیز ہے۔ **ھُوَالشَّافِی** سم الفار سفید۔ کتھ سفید۔ مغز سنگھاڑا خشک ہر ایک ایک تولہ۔ تین کو کھرل کر کے اس میں ۳۶۰ عدد لیموں کا پانی کھرل کے ذریعے جذب کر دیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو مشک اور عنبر اور زعفران ہر ایک ۳ ماشہ ورق نقرہ۔ ورق طلا ہر ایک ایک ماشہ داخل کر کے ایک دن اور کھرل کر لیں اور بقدر دانہ موٹھ گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔ **مقدارِ خوراک** ایک گولی صبح مکھن یا بالائی میں رکھ کر بعد از غذا نگل لیں۔ دودھ گھی بکثرت کھائیں۔ ہفتہ بھر میں نمایاں طاقت محسوس کریں گے۔ **نوٹ** اگر ان ادویات کے ساتھ خارجی طور پر کوئی اچھا سا تیل دافع

سبق بھی استعمال کیا جائے تو نہایت مفید ہے۔

من قاش فروش دل صد پارہ خویشتم

ازجناب حکیم ڈاکٹر ابوالنصر سید علی اکبر صاحب آزادی چاندپوری

حلوائے گذر مقوی باہ۔ مسمن بدن۔ منعش حرارت غریزی۔ پیشاب کی زیادتی۔ گردوں کی کمزوری جلد رفع ہو جاتی ہے۔ ضرور بنائیے نہایت اچھی چیز ہے۔ گاجر عمدہ یعنی سفید رنگ پوست و استخوان دور کی ہوئی ۱ اثار۔ شیر گاؤ ۳ پاؤ۔ میں اس قدر پکائیں کہ دودھ خشک ہو کر گاڑھا مرکب بن جائے اس کو گھوٹ کر ایک ذات کرکے علیحدہ رکھئے۔ پھر آرد ماش مار۔ پانی سے دھو کر پیس رکھئے۔ پھر ثعلب مصری۔ سیوس اسبغول۔ تال مکھانا۔ تودری سفید۔ بسباسہ۔ زنجبیل۔ خولنجاں۔ آرد سنگھاڑا۔ بیخ کشنیز۔ بیخ بادیان ہر ایک ایک تولہ باریک پیس لیجئے۔ شکر سفید ۳ ثار میں ایک پاؤ گلاب خالص ملا کر قوام بنائیے اور گزر پختہ کا مرکب مذکورہ بالا۔ آرد ماش و کھویا اور مربہ وغیرہ ملا کر ایک سیر گھی عمدہ ڈال کر بھونا شروع کیجئے۔ آنچ نرم نرم رہے۔ جب خوب بھون جائے اور گھی علیحدہ ہو تو ذیل کی چیزیں شامل کیجئے زردی بیضہ مرغ ۱۰ عدد۔ ادرک سائیدہ مار۔ مغز بادام مار۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ خشخاش۔ مغز کدو۔ چرونجی ہر ایک ۵۵ مار ان کو پہلے تھوڑے گھی میں بریاں کر لیا جائے پھر ذرا چلا کر اوپر کی دوائیاں جو پسی رکھی ہیں ملا دیجئے اور نیچے اتار کر زعفران خالص ایک تولہ اور اگر ممکن ہو تو مشک ۳ ماشہ عرق کیوڑا ۳ ماشہ میں کھرل کرکے سرد ہونے پر ملا دیجئے۔ **مقدارِ خوراک** ۳ تولہ یا کم زیادہ حسب برداشت۔ میں نے تو شہد بجائے شکر شامل کیا تھا جس نے استعمال کیا بے حد تعریف کی مگر شہد مستند ہو ورنہ نقلی سے تو شکر ہی بہتر ہے۔

حبوب کیمیائے عشرت نسخہ تو عام ہے مگر عام طور پر استعمال نہیں کیا جاتا۔ فی الحقیقت اکسیر باہ کہنا درست ہو گا۔ اس لیے کہ کسی مزاج میں نقصان نہیں کرتا۔ میں نے اس میں ترمیم کر لی ہے اور ان اجزا سے تیار کرتا ہوں۔ کشتہ شنگرف ۵ ماشہ۔ مشک خالص۔ عنبر اشہب۔ مروارید ناسفتہ۔ ورق نقرہ۔ قرنفل گلدار۔

جائفل۔ زعفران۔ ریگ ماہی۔ بسباسہ۔ کافور ہر ایک ڈھائی ماشہ ورق طلا سوا ماشہ۔ آب ادرک مار۔ آب برگ بھنگرہ مار۔ سب کو ملا کر خوب اچھی طرح کھرل کر کے بقدر سیاہ مرچ کے گولیاں بنائیں۔ دو گھنٹہ بعد ---- سے جیتاب کر دیتی ہیں۔ امساک قدرتی پیدا کرتی ہیں۔ ضعفاء چالیس روز پرہیز کے ساتھ استعمال کر لیں تو پھر کسی دوا کی ضرورت نہ رہے۔

طلاء مشکی جو ہمہ صفت ہونے کے علاوہ بلا کسی تکلیف کے عمدہ اور مستحکم فائدہ کرے گا۔ چگادڑ کلاں ایک عدد۔ غوک کلاں ایک عدد۔ نیولا جوان ایک عدد۔ دس سیر پانی میں جوش دیں جب صرف چہارم حصہ پانی رہ جائے تو اتار کر کسی محفوظ جگہ میں رکھ دیں۔ تین چار روز کے بعد روغن اوپر آ جائے گا اس کو اتار کر احتیاط سے رکھیں۔ بیر بہوٹی۔ خراطین۔ پوست بیخ کنیر۔ عاقر قرحا ہر ایک ایک تولہ۔ دارچینی قلمی۔ جوزبوا۔ قرنفل۔ مالکنگنی ہر ایک ۹ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ ۱۵ عدد میں کھرل کر کے حبوب بنائیں اور سایہ میں خشک کر کے حسب قاعدہ مقررہ روغن کشید کر کے اوپر والے روغن میں ملا کر اور پھر اس میں کباب فی تولہ مشک خالص۔ بسباسہ۔ عطر اگر کنہ۔ عطر نرگس ایک ایک ماشہ ملا کر احتیاط سے رکھیں۔ طریق استعمال وہی معروف۔ بہترین تحفہ اور ضرورت مند حضرات کے لیے مکمل علاج ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

مجربات عطاء

از جناب حکیم ڈاکٹر مولوی عطا محمد صاحب سند یافتہ ٹوبہ ٹیک سنگھ

نسخہ ۱ حبوب مقوی باہ و دماغ و اعصاب۔ مولد و محافظ حرارت غریزی وغیرہ۔ کشتہ فولاد شنگرفی ایک رتی۔ کشتہ سہ دھاتہ ایک رتی۔ رب کچلہ آدھ رتی۔ مومیائی خالص ایک رتی۔ مشک خالص آدھ رتی۔ رب برگ برگد ایک رتی۔ رب جنطیانہ حسب ضرورت سب کو ملا کر ۲ گولیاں بنائیں ایسی دو گولیاں صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ دیں۔ نہایت عمدہ مقوی ہیں۔

نسخہ ۲ رب برگ برگد ایک رتی۔ رب بوچلی ایک رتی۔ کشتہ پوست بیضہ مرغ شنگرفی آدھ رتی۔ ست سلاجیت آدھ رتی۔ مایہ شتر اعرابی ایک رتی۔ رب

کچلہ آدھ رتی۔ سب کو ملا کر دو ۲ گولیاں بنائیں۔ ایسی دو گولیاں بعد از غذا دودھ گاؤ سے استعمال کریں۔ نہایت مقوی ہیں۔

نسخہ ۳ ایکسٹریکٹ ڈامیانہ ۲ گرین۔ ایکسٹریکٹ نکسوا میکا ایک گرین۔ سوڈیم گولڈ کلورائیڈ آدھ گرین۔ ایکسٹریکٹ بلا ڈونا آدھ گرین۔ فرائی فاسفیٹ ۲ گرین۔ ایکسٹریکٹ جنشن حسب ضرورت سب کو ملا کر دو گولیاں بنائیں۔ ایسی دو گولیاں صبح و شام دودھ سے۔

نسخہ ۴ ستاور۔ موصلی سنبل۔ ثعلب مصری۔ شقاقل۔ آرد سنگھاڑا سبوس اسبغول۔ سفوف بو چھلی ہر ایک ایک تولہ۔ مغز تخم تمرہندی ۵ تولہ۔ کشتہ سہ دھاتہ ۳ ماشہ۔ کوزہ مصری ہموزن سب ادویہ سب کو باریک پیس کر سفوف بنائیں اور ۶-۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ تازہ استعمال کریں۔ مقوی اور مغلظ اور دافع جریان ہے۔

نسخہ ۵ طباشیر۔ کشتہ قلعی کنہ۔ کشتہ چاندی۔ مصطگی رومی۔ جنطیانہ رومی۔ الائچی سفید۔ ثعلب مصری۔ سلاجیت مساوی الوزن۔ اور سب کو برابر کوزہ مصری ملا کر سفوف بنالیں۔ مقدارِ خوراک ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

نسخہ ۶ جو کہ جریان کنہ اور تقویت اعصاب دونوں کے لیے نہایت مفید ہے۔ کشتہ فولاد ۲ تولہ۔ کشتہ سہ دھاتہ ۳ تولہ۔ کشتہ چاندی ایک تولہ۔ ست سلاجیت ایک تولہ۔ سب کو باریک پیس کر خیساندہ پوست میں تین روز کھرل کریں۔ اور سفوف یا حبوب بنا کر رکھیں۔ مقدارِ خوراک ایک سے ۳ رتی تک صبح و شام استعمال کریں۔

نسخہ ۷ مغز پنبہ دانہ۔ خولنجاں۔ ثعلب ہر ایک ۲ تولہ۔ شقاقل مغز پستہ۔ مغز تخم اونگن۔ ہر ایک ایک تولہ۔ مایہ شتر اعرابی۔ مصطگی۔ دار چینی۔ مر ہر ایک ۶ ماشہ۔ مشک۔ عنبر۔ زعفران ہر ایک ۴ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ ترنجبین ۱۳ تولہ۔ صفرہ بیضہ مرغ ۷ عدد۔ نبات سفید۔ شہد خالص ہر ایک ۲۶ تولہ۔ چوہ لوبان۔ چوہ عود ہر ایک ایک تولہ۔ حسب دستور معجون بنائیں۔ اخراج منی سے جو خرابیاں ہوں گی انشاء اللہ دور ہو جائیں گی۔ مقدارِ خوراک ۶ ماشہ سے ایک تولہ۔

نسخہ ۸ معجون ثعلب جو کہ مقوی باہ و مولد منی ہے۔ ثعلب مصری ۶ تولہ۔ مغز پنبہ دانہ ۵ تولہ۔ دار فلفل۔ کنجد۔ تخم بلیون۔ مغز چلغوزہ ہر ایک ساڑھے ۳ تولہ۔

مایہ شتر اعرابی۔ شقاقل مصری۔ تخم گزر۔ مغز سر کنجشک نر ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر سہ چند شہد میں معجون بنائیں۔ مقدار خوراک ۷ ماشہ دودھ گائے سے۔

مجربات ریاضت

از جناب مولانا حکیم سید محمد ریاضت حسین صاحب

حبوب مقوی یہ نسخہ جو میں عرض کرتا ہوں جناب حکیم مسیح الملک بہادر کا خاندانی نسخہ ہے۔ تین برسوں سے فقیر کے مطب میں یہ بنتا ہے اور دور دور فروخت ہوتا ہے۔ یہ حبوب اندرونی اور بیرونی دونوں شکایات کو بہت ہی موثر اور مفید ہیں باجود چندر سائل کی مضمون نگاری کے فقیر نے اب تک اس ناظورۂ دلفریب کو کتمان خفا میں مخفی رکھا تھا مگر آج بمجوائے احسن کما احسن اللہ الیک کے ناظرین کے لیے ظاہر کرتا ہے **ھوالشافی** مومیائی۔ مصطگی۔ مروارید۔ طباشیر۔ قرنفل۔ بسباسہ۔ جوزبوا۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ دارچینی۔ شقاقل مصری۔ زنجبیل۔ درونج عقربی۔ عود ہندی۔ عود صلیب۔ ثعلب مصری۔ جدوار خطائی ہر ایک ۱۲ رتی۔ عنبر۔ مشک ہر ایک ۲ ماشہ۔ روغن پستہ بقدر حاجت۔ ورق طلا ۱۰ عدد۔ مروارید۔ عنبر۔ مشک کو الگ الگ عرق بید مشک میں حل کر لیں۔ مومیائی کو روغن پستہ گرم کر کے اس میں ملائیں۔ باقی سب دوائیں الگ الگ کوٹ کر چھان لیں اور روغن پستہ میں ملا کر مونگ سے کچھ بڑی گولیاں بنائیں۔ **مقدار خوراک** دو گولیاں شیر گاؤ کے ساتھ بوقت خواب۔

معجون مقوی جو کہ گردہ کو قوی اور منی کو زیادہ اور باہ کو برانگیختہ اور دل اور دماغ کو اور پٹھوں کو قوی کرتی ہے۔ آزمودہ ہے۔ مغز پستہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز فندق۔ مغز اندر جو۔ مغز اخروٹ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پنبہ دانہ۔ مغز حب قرطم۔ مغز ماہی روبیان۔ مغز تخم کدو۔ کلیجن۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ دونوں بہمن۔ دونوں تودریاں۔ زنجبیل۔ دارچینی قلمی۔ تل سفید۔ مغز خیارین۔ مغز ہندوانہ۔ مغز تخم سرمق ہر ایک پانچ درم۔ ناگر موتھہ۔ بالچھڑ۔ کباب چینی۔ چرونجی۔ تخم گاجر۔ تخم مولی۔ تخم شلجم۔ تخم پیاز۔ درونج عقربی۔ زرنباد ہر ایک ۳ درم۔ جائفل۔ جاوتری۔ چھڑیلہ۔ پیپل ہر ایک ۲

درم۔ انجیرے دانہ۔ سورنجاں شیریں۔ بوزیدان۔ برگ پودنہ ہرایک ۴ درم۔ مایہ شترا عرابی۔ زعفران۔ مصطگی رومی ہر ایک ۳ مثقال۔ عود خام ۲ مثقال۔ ورق طلا ۲۰ عدد۔ ورق نقرہ ۳۰ عدد۔ عنبر اشہب ایک مثقال۔ مشک خالص نصف مثقال۔ شہد خالص دواؤں سے چار چند۔ بدستور معروف معجون بنائیں اور حسب ہضم شیر مادہ گاؤ کے ساتھ ۶ ماشہ سے ۹ ماشہ تک استعمال کریں۔ یہ وہ چیز ہے کہ اگر اس کا استعمال کریں گے تو خدا کی قدرت کو دیکھیں گے۔ کہ اس نے ہمارے نفع کے لیے کیسی کیسی چیزیں پیدا کی ہیں۔ اور خود بول اٹھیں گے کہ اس کے استعمال سے پہلے ہم کیا تھے اور اب کیا ہوئے۔

ایک اور نسخہ اب ایک مختصر سا اور نسخہ عرض کر کے اپنے مضمون کو ختم کرتا ہوں۔ وہ نسخہ یوں ہے۔ کہ سفید پیاز کا عرق لیں اور ایک سیر صمغ عربی کو لے کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کریں اور مٹی کی کڑاہی میں رکھ کر اس کو عرق پیاز کے چھینٹے دیتے ہوئے الٹ پلٹ کر خوب بریاں کریں۔ جب پاؤ سوا پاؤ کے قریب عرق پیاز جذب ہو لے تب اتار کر پیس ڈالیں۔ پھر اس میں ہم وزن شکر سفید ملا کر محفوظ رکھیں اور دونوں وقت ایک ایک تولہ دودھ سے کھائیں۔

مجربات عزیزیہ

از جناب حکیم سید عزیز الدین صاحب

خاص تحفہ یہ نسخہ انتہا درجہ کا مقوی۔ پرلے درجہ کا ممسک اور بے اندازہ اعضائے رئیسہ کو تفریح اور تقویت بخشنے والا ہے۔ موسم سرما اس کے لیے نہایت موزوں ہے۔ کشتہ طلا ۹ ماشہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ کشتہ سنگ یشب ۶ ماشہ۔ کشتہ فولاد سوا تولہ۔ ثعلب مصری ۳ تولہ۔ زہرمہرہ۔ ریگ ماہی ہرایک ڈیڑھ تولہ۔ مروارید ناسفتہ محلول ۶ ماشہ۔ زعفران کشمیری۔ قرنفل۔ سنبل الطیب۔ مایہ شترا عرابی ہر ایک ایک تولہ۔ ست سلاجیت۔ دارچینی۔ عود غرقی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل ہرایک ۲ تولہ۔ بترج۔ گل منڈی۔ برہمی گل گاؤزبان ہرایک ۳ تولہ۔ گل گلاب ۳ تولہ۔ ست لوبان ۲ ماشہ۔ گاؤزبان ۵ تولہ۔ بوزیدان ڈیڑھ تولہ۔ عروسک ڈھائی تولہ۔ تمام ادویات کو کوٹ پیس کر ترنجبین

خراسانی ایک ماشہ۔ عسل خالص حسب ضرورت کا قوام بنا کر ملا دیں اور تمام کشتہ جات کو اس میں شامل کریں۔ مقدارِ خوراک ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک۔ ایک خوراک کھا کر اوپر سے آدھ کلو دودھ گاؤ پیا کریں۔ خدا نے چاہا تو وہ قوت پیدا ہو گی کہ آپ حیران ہوں گے۔

طلائے خاص جو مخلوق کمزور اور نامردوں کے لیے آب حیات ہے۔ بنا کر دیکھیں قدرت خدا نظر آئے گی۔ جب آپ خاطر خواہ نفع اٹھا لیں تو احقر کے لیے دعا خیر کریں سم الفار سفید ۲ تولہ۔ سم الفار زرد ایک تولہ۔ سم الفار سیاہ ۶ ماشہ۔ سم الفار سرخ ڈیڑھ تولہ۔ منسل ۲ تولہ۔ مغز جمالگوٹہ ۳ تولہ۔ بیخ کنیر سفید ۳ تولہ۔ چربی غوک ۵ تولہ۔ چربی شیر ۵ تولہ۔ چربی سانڈہ ۵ تولہ۔ خراطین خشک مصفیٰ ۷ تولہ۔ بیر بہوٹی ۷ تولہ۔ بچھانک سفید ۳ تولہ۔ زلو بخصیہ خر چسپانیدہ ۲۰ عدد۔ دار چینی ۷ تولہ۔ جاوتری ۹ تولہ۔ مالکنگنی ۶ ماشہ۔ عاقر قرحا ۵ تولہ۔ مغز سر کنجشک خانگی ۳ تولہ۔ سہاگہ تلیہ ایک تولہ۔ مغز ارنڈ ۵ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۵۰ عدد۔ روغن چنبیلی ۳۵ تولہ۔ تمام ادویات کو کوٹ پیس کر انڈوں کی زردی میں کھرل کریں اور روغن میں ڈال دیں جب اچھی طرح کھرل ہو جائے تو گولیاں بنا کر آتشی شیشی میں ڈال کر روغن کھینچ لیں۔ ترکیب نصف ماشہ مالش کر کے اوپر سے بنگلہ پان باندھیں۔ ۲۱ روز مباشرت سے قطعی پرہیز اور اثنائے استعمال سرد پانی سے پرہیز رکھیں۔

برائے قوت مجرب شہد خالص ۶ تولہ۔ روغن زرد گاؤ ۶ تولہ۔ شراب برانڈی ۶ تولہ۔ شنگرف رومی ۳ تولہ۔ تمام ادویہ لے کر کئی روغنی مرتبان میں ڈال کر شنگرف رومی کو پوٹلی باندھ کر درمیان میں لٹکائیں پھر پندرہ یوم تک اس مرتبان کو غلہ کے انبار میں دفن کریں اور مرتبان کا منہ بند کر دیں اور ہر روز ادویہ کو لکڑی سے پانچ منٹ تک ہلا دیا کریں۔ پندرہ یوم کے بعد شنگرف کو نکال لیں۔ باقی ادویات ۶ ماشہ سے ۲ تولہ تک روزانہ کھائیں اور قوت باہیہ کا ملاحظہ کریں۔

مجربات انیس

از جناب حکیم سید شاہ انیس احمد صاحب قادری الرزاقی داؤد نگر

عرق مفرح برائے حفظ صحت۔ صندل سفید۔ منڈی۔ گل سرخ۔ ساذج ہندی۔ بادر نجبویہ۔ ہر ایک ۵ تولہ۔ الائچی سفید۔ ابریشم مقرض۔ پودینہ خشک۔ گل گاؤزبان۔ دارچینی ہر ایک ۴ تولہ۔ تخم فرنجمشک۔ کشنیز خشک۔ جاوتری۔ جائفل۔ کپور کچری ہر ایک ۳ تولہ۔ ان سب کو پندرہ سیر پانی میں ایک رات رکھ کر اس میں گوشت حلوان قیمہ کیا ہوا ۲ سیر۔ آب گزر ۲ سیر۔ اور گلاب خالص ایک سیر۔ عرق کیوڑا آدھ سیر اضافہ کریں۔ اور پھر ۱۰ سیر عرق کشید کریں۔ عرق کشید کرتے وقت زعفران ۲ ماشہ۔ مشک خالص ۲ رتی کی پوٹلی نیچہ کے منہ پر باندھ دیں۔ یہ عرق نہایت مقوی اعضاء رئیسہ اور مفرح قلب ہے۔ اشتہاء بے حد پیدا کرتا ہے۔ معدہ کو ایک خاص قوت دیتا ہے اور خود بھی نہایت لطیف و نفیس غذا کا قائم مقام بنتا ہے۔

معجون کشمش ایک سیر شکر سفید کا قوام کر کے آدھ سیر کشمش پیس کر قوام میں ملا کر ثعلب مصری۔ موچرس۔ سمندر سوکھ۔ موصلی سفید و سیاہ۔ ستاور۔ سونٹھ۔ کلیجن تولہ تولہ بھر۔ مغز بادام شیریں مقشر ۴ تولہ پیس کر آمیز کریں۔ اور ایک تولہ صبح کھا کر شیر گاؤ جس میں چھوہارے جوش کیے ہوں نبات یا شہد خالص ملا کر نوش کریں۔ نہایت مغلظ۔ ممسک اور مقوی تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

معجون مقوی قوت باہ کے بڑھانے کے لیے نہایت مفید ہے۔ عموماً بلا ضرورت اکثر احباب جاڑے کے دنوں میں اسے مطب سے کافی مقدار میں لے جایا کرتے ہیں۔ وھو ہذا۔ دارچینی۔ سونٹھ۔ حب بلساں۔ خولنجان۔ قرفہ۔ جاوتری۔ اذخر مکی۔ خار خسک۔ آملہ منقیٰ۔ پوست ہلیلہ ہر ایک ٦ ماشہ۔ جائفل۔ سنبل الطیب۔ مصطگی رومی۔ خصیۃ الثعلب۔ دانہ الائچی خورد۔ کندر۔ موصلی سفید۔ شقاقل مصری۔ زعفران اعلیٰ ہر ایک ۴ ماشہ۔ مغز پستہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز چلغوزہ۔ مغز چرونجی۔ ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو باریک کوٹ چھان کر شہد ایک مار میں معجون تیار کریں۔ اور مشک خالص ایک ماشہ۔ ورق

نقرہ ۶ ماشہ اس میں ملا کر رکھیں۔ بے حد مفید مطلب ہوا کرتا ہے یہ بھی متواتر سالہا سال کا آزمودہ ہے۔

نسخہ حبوب مقوی باہ من الاسرار زعفران۔ سم الفار۔ ایک ایک تولہ گائے کے دودھ آدھ کلو میں ڈال کر تمام روز اوٹائیں اور شام کو جما کر صبح کو بلوئیں۔ پھر مکھن نکال کر گھی بنالیں۔ اور اس گھی میں سے ایک تولہ لے کر ہمراہ زعفران۔ دارچینی۔ جائفل۔ افیون۔ مشک خالص۔ عاقرقرحا۔ شنگرف مدبر۔ لونگ ہر ایک ۶ ماشہ۔ کے نہایت باریک پیس کر موٹھ کے دانہ برابر گولیاں بنا رکھیں۔ ان میں سے ایک گولی صبح کو اور ایک شام کو گائے کے دودھ یا کاڈلیور آئل کے ساتھ استعمال کریں۔ غذا چوزہ مرغ و مرغن پلاؤ۔ یخنی و بریانی و دودھ گاؤ معہ قند سفید۔ اگر بعض امزجہ میں خشکی غالب ہو۔ تو بیشتر روغن زرد استعمال کرنا چاہیے۔

ہفت گوہر

ازجناب حکیم غلام غوث صاحب ازڈنگہ۔ گجرات

گوہر اول حلوا مقوی بے نظیر گو یہ نسخہ کتابی مشہور عام ہے۔ مگر چونکہ احقر کو مکرر تجربہ کرنے سے مفید ہمہ صفت موصوف ثابت ہوا ہے۔ لہٰذا بالتفصیل تمام ہدیہ ناظرین عظام ہے تاکہ حاجت مند فائدہ اٹھا کر نیاز مند کے لیے دعائے خیر فرمائیں۔ اور بحیثیت غذائی ہونے کے اجزا نفیس و خوش ذائقہ ہونے کے اور سولہ خوبیاں صاحب نسخہ نے ارشاد فرمائی ہیں۔ جو واقعی قابل تسلیم ہیں۔ اول یہ کہ تندرستوں کو ہر روز اپنا اثر دکھاتا ہے۔ دوم۔ بعد از کثرت استعمال کرنے سے پھر ویسی ہی قوت قائم ہو جاتی ہے۔ سوم دماغ کو ضعف ہونے نہیں دیتا۔ چہارم زکام نزلہ کا بھاری روکنے والا ہے۔ پنجم قوت باہ کو بڑھانے والا ہے۔ ششم دل کا مقوی و مفرح اور جگر کو نہایت قوت بخش ہے۔ ہفتم خون پیدا کر کے بدن کو فربہ اور قوی کرتا ہے۔ ہشتم۔ امساک بغیر افیون اتنا کرتا ہے کہ افیون سے ممکن نہیں۔ نہم نہایت مغلظ و ممبی ہے۔ دہم یبوست یعنی خشکی مطلق نہیں ہونے دیتا۔ یازدھم مقوی بصر ہے۔ دوازدہم کثرت پیشاب کو

روکتا ہے۔ سیزدہم مقوی اعصاب ہے۔ چہاردہم ہر مزاج کو موافق ہے۔ پانزدہم۔ ضعیفوں کو موسم سرما میں سردی نہیں لگتی۔ شانزدہم کسی قسم کی ہیک یا بدمزگی اس سے نہیں ہوتی۔ ترکیب ساخت اس نسخہ کیمیائے جسم کی یہ ہے کہ پہلے ایک سیر پختہ گھی تندرست گائے کا لے کر اس کو نہایت عمدہ مصفیٰ قلعی دار یا سلور کے دیگچہ میں یہاں تک گرم کیا جائے کہ جھاگ سرخی مائل ہو جائے بس اتار لیں۔ کیونکہ جھاگ جل کر سیاہ ہونے سے گھی بدمزہ ہو جاتا ہے۔ بعد ازاں جس وقت سرد ہو جائے اس میں ایک سیر پختہ مصری پسی ہوئی یا بورہ چینی نہایت مصفیٰ چمچہ سے خوب حل کر دیں اور اسی طرح پچیس عدد زردی و سفیدی بیضہ مرغ کو پہلے علیحدہ پھینٹ کر یکجان کر کے گھی والے دیگچہ میں ڈال کر سب کو ملا دیں۔ پھر زعفران خالص کشمیری بقدر ۳ ماشہ لے کر ۵ تولہ دودھ میں نہایت باریک پیس کر آمیز کر دیں۔ اور الائچی خورد بھی ۲۱ عدد ذرا منہ کھول کر ڈال دیں اس کے ساتھ ہی ۵ تولہ دانہ الائچی خورد مسلم اور ۱۵ تولہ مغز بادام مقشر شیریں بھی دو ٹکڑے کر کے ملا لیں۔ پھر چھالیہ یعنی سپاری خوردنی اور چھوہارہ کی گٹھلی یعنی خستہ خرما ہر ایک ۲ تولہ لے کر اگر ہو سکے تو سل پر دودھ گاؤ میں مثل صندل سائیدہ کر لیں مگر یہ از حد مشکل ہے۔ ورنہ ان کو باریک پیس کر پتھر کی کونڈی میں ڈال کر قدرے قدرے دودھ ڈال کر رگڑا دیں جب انگشت کے نیچے بالکل مسکہ کی طرح ملائم معلوم ہوں تو کسی علیحدہ دیگچی میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں۔ جب مثل حلوا ہو جائے تو آدھ پاؤ گھی میں نرم آنچ پر بریاں کریں۔ جب مائل بسرخی ہو جائے اسی مجموعہ مذکور میں شامل کریں اور اب اس دیگچہ کو آگ پر رکھ دیں اور کفچہ سے ہلاتے رہیں آگ درمیانی رکھیں ایک گھنٹہ کے بعد گھی اس میں سے الگ ہونے لگے گا۔ پھر اس وقت پانچ تولہ ساگودانہ جو پہلے ہی آب ریش بوہڑ میں تر کر کے خشک کیا ہوا ہو اس میں ملا دیں۔ پانچ منٹ اور کفچہ سے حال کر کے نیچے اتار کر مندرجہ ذیل اجزا ملا دیں۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ عرق کیوڑہ میں پیس کر خشک کئے ہوئے۔ مرّبا سیب ۵ تولہ پسا ہوا۔ کھیل نخود بریاں ۵ تولہ۔ خمیرہ گاؤزبان ۵ تولہ۔ کستوری خالص ایک ماشہ۔ موصلی سفید دکھنی ۱۰ تولہ۔ مربہ گزر ۵ تولہ۔ مغز نارجیل ۵ تولہ۔ مغز اخروٹ ۵ تولہ۔ شہد مصفیٰ خالص ۱۰ تولہ۔ ورق نقرہ ایک دفتری۔ ورق طلا ۱۶ عدد۔ سب کو علیحدہ علیحدہ ملا کر پھر آگ پر رکھ کر صرف ایک دو منٹ کفچہ سے زیر و زبر ملا کر اتار لیں۔ بس حلوا تیار ہے۔

صبح یا تیسرے پہر بوقت اشتہا اور رات کو بوقت خواب بقدر ۲ تولہ حسب برداشت نوش کریں۔ نوٹ: متعلق حلوا اگر دیکھیں کہ غریب آدمی ہے تو بے شک ورق طلاء۔ مروارید۔ مشک موقوف کر کے ورق نقرہ بھی کم ملا دیں۔ اگر طبیعت میں گرمی زیادہ ہے تو اسی نسخہ میں تخم بادرنگ نیم کوفتہ ۱۰ تولہ اور چھلکہ اسبغول ۲ تولہ گھی میں نیم بریاں کر کے ملا دیں اور شہد اور دیگر گرم اشیاء موقوف کر دیں۔ مگر موصلی کی ہرگز کمی نہ ہونی چاہیے۔ اور سیر پختہ گاجروں کو کدو کش کر کے آدھ سیر پختہ گھی میں خوب بریاں کریں اس نسخہ میں ملانے سے نسخہ معتدل ہو جائے گا۔ اور گرمی ہرگز نہ ہو گی۔ نیز موصلی وغیرہ اشیاء تب ملانی چاہئیں جب گھی حلوا سے اچھی طرح علیحدہ ہو جائے ورنہ موصلی کی لزج دار تاریں نکلتی ہیں اور کھانا مشکل ہو جاتا ہے۔ تیز آنچ سے پکانے سے گھی علیحدہ ہو کر جو ہر بیضہ جل جاتا ہے اس لیے آنچ نرم ہونی چاہیے۔ کشتہ قلعی ایک تولہ یا کشتہ نقرہ ۳ ماشہ حسب منشا ملا سکتے ہیں۔ میں نے صدف مروارید عرق گلاب میں پیس کر کشتہ کیا ہوا تھا بجائے مروارید کے ملا لیا تھا۔

گوہر دوئم حلوائے مغزیات

جو علاوہ مقوی بدن ہونے کے تقویت دماغ کے لیے عجیب چیز ہے اور خاص کر کمزوری نظر جو خشکی یا ضعف دماغ کے باعث ہو اس کے دور کرنے کے واسطے نہایت فائدہ مند ہے۔ نوشت و خواند و باریک دستکاری کرنے والے اصحاب کے لیے خاص تحفہ قابل قدر ہے۔ ھوالشافی

نارجیل مسلم دو عدد جس قدر بڑھے ملیں لے کر ان میں سوراخ کر لیں۔ اور ٹکڑے مقطوعہ محفوظ رکھیں۔ بعد میں اسبغول نیم آثار مٹی وغیرہ سے صاف کر کے جس قدر ہر دو نارجیل مذکور میں آ سکے ڈال دیں اور انہی مقطوعہ ٹکڑوں سے منہ بند کر کے اوپر میدہ گندم کا لیپ کر دیں اور روغن گاؤ دو آثار میں ان کو نہایت نرم آنچ پر بریاں کریں حتیٰ کہ خوب سرخ ہو جائے پھر ان کو سرد کر کے گھی سے نکال کر اسبغول مذکور کو گھی میں ڈال دیں اور اگر بقایا اسبغول ہو تو وہ بھی ڈال دیں نیز غلہ گندم نیم بریاں ایک پاؤ کو اسبغول والی چکی میں پیس کر اسی گھی میں ملا کر پھر بدستور آگ پر سب کو بریاں کر کے سرخ کر لیں پھر اس میں وہی نارجیل نہایت باریک کتری ہوئی بمعہ میدہ لیپ شدہ کے اور مغز بادام مقشر نیم آثار اور مغز پستہ عمدہ تازہ نیم آثار ہر دو جوکوب اور شکرتری مساوی

الوزن ملا کر آگ پر ہی سب کو یکجان کر کے لڈو بنالیں یا ویسے ہی رکھیں اور ۵ تولہ سے ۱۰ تولہ تک حسب برداشت طبیعت کھائیں۔

گوہر سوئم لبوب مقوی دماغ یہ نسخہ ایک سید صاحب جو ہر وقت اوراد و وظائف اور عبادت قلبی و لسانی میں معروف رہتے ہیں ان کا معمول اور احقر کو عطیہ ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ خواہ کس قدر دماغی محنت کی جائے نہ ہی تھکان ہوتی ہے اور نہ ہی زبان میں خشکی آتی ہے اور قبض کشا ہے۔ **نسخہ** شقاقل مصری۔ شیر مشت اصلی۔ ہر ایک ۴ تولہ۔ مغز بادام مقشر۔ مغز پستہ۔ مغز نارجیل ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو کوٹ کر سفوف بنائیں اور شیر گاؤ ایک سیر میں نیم سیر مصری ملا کر چمچہ سے ہلاتے رہیں۔ جب قوام گاڑھا ہو کر تار بندھ جائے تو سفوف مذکورہ بالا ملا کر محفوظ رکھیں۔ **مقدار خوراک** ایک تولہ رات کو بوقت خواب۔

گوہر چہارم حب مقوی کے ذیل میں قلیل المقدار۔ کثیر المنفعت نسخہ مقوی۔ ممسک ہدیہ ناظرین ہے **نسخہ** سم الفار سفید ۶ ماشہ۔ جدوار خطائی ۶ ماشہ۔ بیش مدبر ۶ ماشہ۔ افیون خالص ۶ ماشہ۔ ورق نقرہ ۲ تولہ۔ سب کو آب عرق برگ جوز ماثل میں دو یوم کامل بلا وقفہ کھرل کریں اس کے بعد ایک یوم دودھ بکری میں کھرل کر کے بقدر دانہ باجرا گولیاں بنائیں۔ صبح و شام ایک ایک گولی بعد از غذا دودھ سے استعمال کریں۔ تمام ہی ادویات کا نہار منہ کھانا منع ہے۔ دودھ گھی زیادہ کھائیں (گولی کی مقدار بڑی ہے دانہ ماش برابر ہونی چاہیے۔)

گوہر پنجم بھی قوت باہ وغیرہ کے واسطے عجیب تحفہ ہے۔ مگر ان ہر دو میں بالخصوص اور دیگر ہر ایک نسخہ میں بالعموم طبیب حاذق کا مشورہ بوقت استعمال مناسب حال لینا از حد بہتر ہے۔ **نسخہ** مخا تیلیہ عمدہ ۲ تولہ۔ شنگرف رومی ایک تولہ کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے کسی لوہے کی کڑچھی میں ڈال دیں اور آگ نرم پر رکھ کر اس پر علیحدہ علیحدہ یکے بعد دیگرے شیر مدار ۲ تولہ۔ آب پیاز سفید ۲ تولہ۔ آب برگ دھتورہ ۲ تولہ۔ شراب برانڈی یا آب اورک ۲ تولہ ڈالیں۔ جب ایک خشک ہو جائے تو دوسرا ڈالنا چاہیے۔ جب تمام پانی ختم ہو جائیں اور دوا مثل خاکستر خشک ہو جائے پیس کر نگاہ رکھیں اور دانہ خشخاش سے لے کر بتدریج ایک چاول تک مسکہ یا بالائی میں کھائیں ترش اور تیل والی

اشیاء سے پرہیز چاہیے۔

گوہر ششم امام سیوطی علیہ الرحمہ۔ کا مجرب و سہل الحصول قوت باہ کے لیے خاص تحفہ یاد آگیا ہے۔ مغز بادام مقشر شیریں ۲۵ عدد۔ مغز چرونجی یک صد دانہ کوٹ کر شہد میں ملا کر ہر روز علی الصباح نہار موسم سرما میں کھالیا کریں۔ اور پھر بڑے بڑے نسخہ جات کے مقابلہ میں اس کی قدر کریں۔

گوہر ہفتم بس ایک ایسا ہی ہدیہ سہل الحصول مجرب عرض کر کے رخصت ہوتا ہوں۔ پھر یار زندہ صحبت باقی نفوا بذا۔ عاقر قرحا اور زنجبیل نہایت باریک مثل سرمہ پیس کر اس قدر روغن زنبق میں ملائیں کہ طلا کی صورت پر آجائیں۔ بس تیار ہے۔ اس کو عضو خاص یعنی بلائی و زیریں حصہ پر اور عانہ پر یعنی ارد گرد مالش کر کے قوت دغیرہ ملاحظہ فرمائیں۔

معمولات مشتاق

از جناب حکیم مولوی نور محمد صاحب مشتاق۔ احسان پوری

حلوائے بیضوی مقوی باہ و گردہ و مثانہ و دماغ بے نظیر و بے عدیل ہے۔ اسرار مخفیہ سے ہے۔ زردہ بیضہ نیم برشت ۲۰ عدد۔ مغز بادام۔ مغز خیارین۔ مغز خربوزہ۔ مغز پستہ۔ مغز نارجیل۔ مغز چار مغز۔ مغز چلغوزہ۔ مغز فندق ہر ایک ۲ تولہ۔ بہمن سفید۔ ثعلب مصری۔ موصلی سفید ہر ایک ایک تولہ۔ شقاقل۔ عاقر قرحا۔ دار چینی۔ لونگ ہر ایک ۶ ماشہ۔ زعفران کشمیری ۹ ماشہ۔ مشک خالص ۳ ماشہ۔ جندبید ستر ۵ ماشہ۔ ورق نقرہ کلاں ۴۰ عدد۔ ورق طلا کلاں ۲۰ عدد۔ دانہ الائچی خورد ۹ ماشہ۔ مصری کالپی یک حصہ۔ شہد خالص ۲ حصہ۔ اول تمام ادویہ کو کوٹ کر نگاہ رکھیں۔ مصری اور شہد کا قوام دے کر دوائیں ملائیں اور ورق بھی داخل کریں۔ اور پندرہ دن غلہ جو میں بند رکھیں۔ پھر نکال کر استعمال کریں۔ بوقت خواب بمقدار تولہ تناول کریں۔ لطف اٹھائیں۔

کشتہ شنگرف مقوی اعضاء رئیسہ و باہ و ممسک بے مثل۔ شنگرف رومی بقدر ۲ تولہ لے کر اس کو ایک ریشمی پارچہ میں بند کریں۔ ایک مرغ نوجوان کے

مرغی سے جفت نہ ہوا ہو ذبح کر کے صاف کر کے شکم سے آلائش دور کر کے بیچ میں وہ شنگرف بند شدہ رکھیں اور کڑاہی آہنی میں گھی بقدر ایک سیر اور ایک سیر روغن کنجد ڈال کر اس مرغ کو اس میں داخل کریں۔ اور نیچے نرم نرم آگ جلائیں اور مرغ پھیرتے رہیں جب خوب بھن جائے نکال لیں۔ پوٹلی شنگرف والی نکال کر دوسرے مرغ میں جو اسی صفت کا ہو داخل کریں۔ اگر وہ روغن باقی ماندہ کافی ہو سکے تو بہتر ورنہ حسب ضرورت اور ڈالیں اور مرغ کو بھون لیں۔ پھر نکال لیں۔ اسی طرح پانچ مرغوں میں کریں۔ بس اب کشتہ تیار ہے کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔ **مقدارِ خوراک** بقدر ایک چاول ہمراہ مکھن۔ سرد مزاج ہو تو منقیٰ میں دیں۔ ترشی سے پرہیز کریں اور جو مرغ ہیں ان کو حسب ذیل ادویہ ملا کر خوب کوٹیں کہ یک جان ہو جائیں اور گولیاں بنائیں۔ قوت باہ و رکاوٹ زائد اور طاقت بدن کمال پیدا ہو۔ چہرہ کو سرخ کرے اور جوانی واپس لائے۔ وہ ادویہ یہ ہیں۔ مغز خیارین۔ مغز خربوزہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل۔ مغز چار مغز ہر ایک ۲ تولہ۔ مغز بادام شیریں ۵ تولہ۔ مغز پستہ ۴ تولہ۔ زعفران تولہ۔ ورق نقرہ ۵۰ عدد۔ ورق سونا ۳۰ عدد۔ تمام کو ملائیں اور کوٹیں اور بقدر کوکن بیر گولیاں بنائیں۔ **مقدارِ خوراک** ۲ گولی بوقت خفتن ہمراہ دودھ۔ پھر قدرت خدا دیکھیں اسرار صدریہ سے ہے۔

معجون مرغ اکسیر برائے برنا و پیر بے نظیر ہچوں بہدف تیر ہے۔ حقیقت میں عصائے پیر ہے۔ ترکیب تیاری۔ مرغ جوان جس نے بانگ نہ دی اور جفتی نہ کی ہو۔ لے کر اسی شنگرف رومی باریک کر کے ہمراہ آٹا کے دو رتی سے کھلانا شروع کریں اور ہر روز شنگرف زیادہ کرتے جائیں تاکہ ایک تولہ تک نوبت پہنچے۔ پھر اس مرغ کو ذبح کریں۔ اور پر و احشا سے صاف کر کے اور روغن زرد میں خوب بریاں کر کے پھر ہاون دستہ میں میدہ کی طرح کوٹ لیں۔ اگر کچھ نرم رہ جائے تو اسے دوسری دفعہ بریاں کر لیں تاکہ اچھی طرح باریک ہو جائے۔ پھر اس سفوف کے ہم وزن روغن گاؤ اور شہد ملا کر معجون بنا لیں۔ اور بقدر طاقت مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ الائچی خورد۔ ورق نقرہ اور ورق طلا بھی شامل کریں تو بہتر ہے۔ **مقدارِ خوراک** بقدر برداشت طبیعت کھاتے رہیں۔ یہ معجون خصوصاً ازکار رفتہ بوڑھوں کے حق میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ صدریہ اسرار۔

حلوائے بیضہ مرغ تقویت باہ و تفریح طبیعت لائے اور بدن کو فربہ کرے۔ بیس عدد انڈوں کی زردی لے کر خوب حل کرلیں۔ روغن زرد ڈیڑھ پاؤ پختہ نرم آگ پر پکائیں اور بعد میں شکر سفید پاؤ بھر کا قوام کر کے انڈوں میں داخل کریں اور ساتھ ہی سفوف دارچینی۔ جاوتری۔ زعفران ہر ایک ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی سفید ۲ ماشہ۔ شقاقل مصری۔ ثعلب مصری ایک ایک تولہ ملائیں۔ حلوا تیار ہو گا۔ مقدار خوراک مناسب حال و حسب طبیعت دینی چاہیے۔ ترشی سے پرہیز لازمی۔

حلوائے گزر مقوی باہ و مقوی بدن اعلیٰ درجہ کا ہے۔ گزر یعنی گاجر عمدہ موٹی اندرونی ہڈی سے پاک و صاف بوزن ۲ سیر۔ برابر اس کے شیر گاؤ ڈال کر پکائیں پھر خوب پیس کر آدھ سیر روغن زرد میں بریاں کریں کہ رطوبت خشک ہو جائے۔ بعد میں مغز بادام مقشر۔ مغز چرونجی مقشر۔ مغز نارجیل مقشر ہر ایک ایک چھٹانک لے کر باریک پیس کر نبات سفید ایک سیر قوام کر کے ملا کر حلوا بنائیں۔ مقدار خوراک صبح و شام ۲ تولہ سے تین تولہ تک دودھ گائے یا بکری سے کھایا کریں۔ نہایت مفید ہے۔

بالخاصہ خاص الخاص مجربات ناظم

از جناب ابوالحکمت غلام محمد ناظم لاہوری

نسخہ اول یہ وہ نسخہ ہے جس کے ذریعے ایک معمولی حکیم بھی نوابوں اور امیروں سے جاگیریں اور طرح طرح کے انعام حاصل کر سکتا ہے۔ کیسا ہی ضعیف الباہ کوئی کیوں نہ ہو اس کے استعمال سے چند یوم میں مرد کامل بن جاتا ہے۔ حریص ---- عیاشوں کے لیے اس سے بہتر اور سستا نسخہ مشکل سے دستیاب ہو سکے گا اس کی چند خوراکوں سے پیران ہشتاد سالہ از سر نو طاقت حاصل کر سکتے ہیں۔ صفت۔ سم الفار سفید ۳ ماشہ۔ بیضہ مرغ ۲ عدد۔ روغن زرد خالص آدھ پاؤ سے ایک پاؤ تک۔ شیر گاؤ میش دو سیر۔ **ترکیب** سم الفار کو باریک پیس کر ایک مسی برتن میں آدھ سیر معمولی پانی کے ہمراہ ڈال دیں۔ اور برتن کو چولہے پر رکھ کر نیچے درمیانی آگ جلائیں جب پانی جوش کھانے لگے تب بیضہ ہائے مرغ ڈال کر اچھی طرح پختہ کریں۔ بعد ازاں بیضہ ہائے مرغ نکال کر پاکیزہ

رومال وغیرہ سے ان کی بیرونی تری جذب کریں۔ اور برتن مذکور میں جو پانی ہے اس کو رکھا رہنے دیں۔ دوسرے دن کام آئے گا۔ اب انڈوں کو چھیل کر سفیدی اور زردی علیحدہ علیحدہ کریں۔ سفیدی زمین میں دفن کردیں تاکہ کوئی جانور کھا نہ سکے صرف زردی کارآمد ہے۔ اب کسی قلعی دار برتن میں روغن مذکور ڈال کر برتن کو چولہے پر رکھیں۔ اور نیچے درمیانی آگ جلائیں جب روغن مذکور اچھی طرح کڑکڑا جائے تب زردی موصوف اس میں بریاں کریں۔ اور جب زردی بریاں ہو کر سرخی مائل ہو جائے تب شیر گاؤ میش ڈالیں اور چمچے سے ہلاتے جائیں۔ حتیٰ کہ دودھ ایک سیر یا تین پاؤ رہ جائے۔ اب برتن کو چولہے سے نیچے اتار لیں اور شیر مذکور کو حسب پسند مصری سے شیریں کر کے نیم گرم خواہ ایک ہی مرتبہ خواہ دو حصے کر کے نوش جان فرمائیں۔ دودھ گھی سب ہضم ہو جائے گا بلکہ مزید کھانے کو طبیعت چاہے گی۔ نوٹ:۔ یہ عمل صبح کے وقت کرنا چاہیے۔ دن بھر میں جب بھوک پیاس لگے شیر گاؤ میش جس میں بحساب فی سیر دودھ اور روغن زرد آدھ پاؤ ملا کر پکایا گیا ہو۔ حسب ضرورت پیتے رہیں۔ رات کو پلاؤ۔ گوشت مرغن یا روٹی گوشت مرغن کے ہمراہ کھائیں۔ اور دوسرے دن پھر دو عدد بیضہ ہائے مرغ کو پانی مذکور میں جوش دیں اور دودھ گھی میں پختہ کر کے نوش فرمائیں۔ ہفتہ عشرہ میں بے حد طاقت مردی پیدا ہو جائے گی۔ جس کا ضبط کرنا دشوار ہو جائے گا۔

نسخہ دوئم یہ نسخہ مذکورہ بالا نسخہ سے بڑھ کر ہے۔ کیونکہ اس کی تیاری میں بہت تھوڑی محنت درکار ہے اور ایک بار کا تیار کیا ہوا مہینوں بلکہ سالوں کام آئے گا۔ سم الفار سفید باریک پسا ہوا ایک ماشہ۔ الائچی سفید عمدہ ایک چھٹانک۔ معمولی پانی ڈیڑھ چھٹانک۔ ایک مسی قلعی دار برتن میں سب کو ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں۔ جب پانی خشک ہونے لگے برتن کو چولہے سے الگ کریں اور الائچیوں کو نکال کر سایہ میں اچھی طرح خشک کرنے کے بعد کسی شیشی میں بحفاظت تمام رکھیں۔ ضرورت پر پان کے ہمراہ جس میں مصالحہ وغیرہ لگا ہو ایک الائچی کھائیں۔ اور ہر روز ایک الائچی پان میں رکھ کر کھانا کھانے کے بعد کھائیں پیک نہ گرائیں۔ دو پان سے زیادہ نہ کھائیں غذا نہایت ہی مرغن از قسم پلاؤ وغیرہ صبح و شام کھائیں۔ انشاء اللہ ہفتہ عشرہ میں جوانی رفتہ عود کر آئے گی۔ اس طرح ایک بار کی تیار کی ہوئی الائچیاں مہینوں بلکہ سالوں تک مفید ثابت ہوں گی۔ اب

معزز ناظرین خود ہی منصفی فرمائیں کہ یہ نسخہ بھی اسراری ہے یا نہیں؟

نسخہ سوئم یہ نسخہ ہر دو مذکورہ بالا نسخوں سے اپنی ترکیب اور کیفیت سے فوق رکھتا ہے۔ جو صاحب اس کو تیار کر کے امتحان کریں گے میرے قول کی تصدیق فرمائیں گے۔ سم الفار سودہ ایک ماشہ۔ قلفل سیاہ ایک چھٹانک۔ معمولی پانی ایک چھٹانک لے کر سب کو کسی مسی برتن قلعی دار میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں جب پانی خشک ہو جائے تب قلفل سیاہ نکال کر سایہ میں اچھی طرح خشک کرنے کے بعد کسی شیشی میں بحفاظت تمام رکھیں۔ خواہ ثابت رکھیں خواہ پیس لیں۔ ضرورت پر دو تین عدد تک سیاہ مرچیں مسکہ گاؤ میں رکھ کر علی الصباح ہر روز کھائیں خواہ باریک پسی ہوئی قلفل سیاہ کباب یا گوشت کے ٹکڑے پر چھڑک کر کھائیں۔ بے حد طاقت پیدا ہو جائے گی۔ غذا دونوں وقت پلاؤ یا روٹی گوشت مرغن۔ ترش اشیاء اور مباشرت سے کچھ دن پرہیز کریں۔ میں اس کی تعریف کیا بیان کروں۔ مشک آنست کہ خود ببوئید نہ کہ عطار بگوئید۔

نسخہ چہارم یہ نسخہ ان ہر سہ نسخہ جات سے آسان تر اور کم قیمت ہے اور مزید لطف یہ ہے کہ اس کو جہاں کہیں چاہو استعمال کرو کراؤ۔ بے حد یقینی فائدہ ہو گا۔ ہفتہ عشرہ گم شدہ طاقت کو بحال کر دینا اس کا اثر دیکھا ہے۔ اس کے امتحان سے اس کہانی کی تصدیق ہو جائے گی جو مشہور ہے کہ ایک نواب صاحب کے دستر خوان پر دو کباب آتے ہیں جس کی کئی ایک عورتیں تھیں۔ ایک دن نواب صاحب موصوف نے ایک کباب سے اپنے مہمان کی تواضع کی۔ جس کی طاقت کا اسے سنبھالنا دشوار ہو گیا تھا۔
نسخہ: نمک خوردنی ایک چھٹانک۔ سم الفار سفید ایک ماشہ۔ دونوں کو زور دار ہاتھوں سے اچھی طرح کھرل کر کے غبار کی مانند باریک بنالیں۔ بس نسخہ تیار ہے۔ کسی شیشی میں بھر رکھیں اور ضرورت پر ایک یا دو معمولی کبابوں پر تیار شدہ نمک ایک ماشہ سے دو ماشہ تک چھڑک کر خود کھائیں یا کسی نواب یا امیر کو کھلائیں۔ اور خدا کی قدرت کا تماشہ دیکھیں۔ ہفتہ عشرہ تک اس کا استعمال کافی ہے۔ جو وظیفہ زوجیت کو حد سے زیادہ پسند کرتے ہوں ہر روز جب تک چاہیں استعمال کریں۔ غذا دونوں وقت مرغن از قسم پلاؤ وغیرہ۔ شیر گاؤ میش حسب پسند۔

حبوب جوانی جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ مقوی باہ۔ ممسک۔ بلا ضرر۔ زعفران کشمیری ۶ ماشہ۔ ناگ کیسر ایک پاؤ پختہ۔ جائفل۔ جاوتری ہر ایک ایک چھٹانک۔ قرنفل کلاہ دار ۲ تولہ۔ شنگرف رومی شدھ بذریعہ بادنجان اور عرق بصل ایک چھٹانک کستوری خالص ۳ ماشہ۔ افیون خالص ۳ تولہ۔ ان سب کو بطریق معروف اچھی طرح کھرل کرکے شہد کی مدد سے بقدر دانہ نخود گولیاں بنائیں۔ اور ضرورت پر حسب برداشت ایک گولی ہر روز صبح کے وقت ہمراہ شیر گاؤ کھائیں۔ غذا مرغن۔ ایک وقت روٹی اور گوشت اور ایک وقت پلاؤ۔ رات کو سونے سے پہلے کم سے کم آدھ سیر دودھ گاؤ مصری سے شیریں کرکے نوش فرمائیں۔

تحائف ابراہیمی

از جناب حکیم محمد ابراہیم صاحب

نسخہ گولی تخم تمرہندی مقشر ایک تولہ۔ آب ادرک ۲ تولہ۔ شیر بڑھ ۵ تولہ۔ سب کو تین دن تک خوب کھرل کرکے بقدر مٹر گولیاں بنا لیں اور محفوظ رکھیں۔ خوراک ۵ گولی اوپر سے دودھ اور بقدر شیرنی شہد ملا کر پئیں۔ رکاوٹ یعنی امساک اور رقت منی کے لیے بے حد مفید ہے۔

معجون مقوی مغز پستہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز فندق ہر ایک ۳ تولہ۔ سب کو دودھ گاؤ میں گھوٹ کر شیرہ نکال لیں۔ اور اس میں شہد خالص مار ڈال کر قوام کریں۔ اور اس میں مغز خستہ جامن۔ مغز خستہ آم بریاں۔ مغز پنبہ دانہ۔ شگوفہ برگد۔ درونج عقربی ہر ایک ۵ تولہ۔ جندبیدستر ایک تولہ باریک کرکے ملائیں۔ نہایت عمدہ مقوی باہ معجون تیار ہو گا۔ مقدار خوراک ایک سے ۲ تولہ تک ہمراہ دودھ کے۔

معجون مقوی باہ دیگر مربہ آملہ بنارسی۔ مربہ گذر۔ مربہ ثعلب مصری۔ مربہ ادرک ہر ایک ۳ تولہ ان سب کو ایک مار عرق بید مشک گھوٹ لیں اور قند سفید ۔مار ملا کر اور مغز بادام۔ خشخاش سیاہ ہر ایک ۵ تولہ کا شیرہ نکال کر اس میں شامل کرکے قوام بنالیں اور بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ بیخ بھنڈی۔ بیربہوتی۔ تخم پیاز۔ تخم

شلغم۔ تخم اسپست۔ تخم بلبون ہر ایک ۶ ماشہ۔ زعفران ایک تولہ باریک کر کے شامل کریں اور معجون بنائیں۔ مقدار خوراک ۲ تولہ تک حسب برداشت مزاج دودھ گائے سے۔ نہایت مقوی باہ ہے۔

سفوف مغلظ و مقوی تخم سروالی۔ تال مکھانا خورد۔ ستاور۔ پھلی ببول۔ خولنجاں۔ موصلی سفید موصلی سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ سفوف بنائیں۔ مقدار خوراک صبح و شام ۶-۶ ماشہ ہمراہ دودھ گائے۔ ترش و تیل کی اشیا اور سرخ مرچ سے پرہیز ہے۔

نادر تحفہ جات دیوی دیال

از جناب حکیم منشی دیویدیال صاحب وحید از کنجاہ

معجون فلک سیر مغز بادام' مغز فندق۔ مغز چلغوزہ ہر ایک ۶ تولہ۔ جوزبوا۔ نشاستہ ہر ایک ۴ تولہ۔ مغز پستہ ۱۳ تولہ۔ افیون ۶ ماشہ۔ چرس ۶ ماشہ۔ مشک خالص ۶ ماشہ۔ عنبر اشہب ڈیڑھ ماشہ۔ شہد دو چند از ادویہ۔ حسب دستور معجون بنائیں۔ مقدار خوراک ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک۔ عجیب کام کی چیز ہے۔

معجون لاثانی شقاقل۔ ستاور۔ اسگندھ ناگوری۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ ثعلب مصری۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ کمرکس۔ موچرس۔ گوند کتیرا۔ گوند کیکر۔ مصطگی رومی۔ اندر جو شیریں۔ بیج بند۔ بو پھلی ہر ایک ایک تولہ۔ پھلی کیکر خام آرد سنگھاڑا۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز پستہ۔ مغز بنولہ ہر ایک ایک چھٹانک۔ ورق نقرہ ۳۰ عدد۔ ورق طلا ۲۰ عدد۔ ان تمام اشیاء کو کوٹ چھان کر سہ چند شہد میں معجون بنائیں۔ مقدار خوراک ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام دودھ گائے سے۔ پندرہ بیس دن میں طاقت اپنا کرشمہ دکھائے گی۔ ترش اور تیل والی اشیاء اور قرابت سے پرہیز رکھیں۔

کام رس تیل تیل مالکنگنی ۵ تولہ۔ کروٹن آئل ۴ رتی۔ بیر بہوٹی شنگرف ہر ایک ۶ ماشہ۔ شیرمدار ۳ ماشہ۔ ان جملہ ادویہ کو کھرل میں ڈال کر آٹھ پہر سالم

حل کریں۔ جب خوب آمیز ہو جائے تو شیشی میں ڈال رکھیں۔ سوتے وقت سیون و اگلا حصہ چھوڑ کر طلا کریں اور اوپر پان کا پتہ باندھیں۔ ایک ہفتہ تک غسل نہ کریں عجیب کام کی چیز ہے۔

دھات پشت لڈو نشاستہ ایک سیر بھر لے کر اس کو ایک سیر تازہ گھی میں ڈال کر بھونیں اور دو سیر کھانڈ کا قوام کر کے نشاستہ ملائیں ذیل کی ادویا۔ باریک پیس کر شامل کر کے ۲۔۲ تولہ کے لڈو بنا لیں۔ ادویات حسب ذیل ہیں۔ ثعلب مصری۔ شقاقل۔ ستاور۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ موچرس کرکس۔ گوند کتیرا۔ گوند پھلاہی۔ گوند کیکر۔ تخم اوٹنگن۔ تال کھانا مدبر بشیر بدہ۔ کونچ بیج۔ سمندر سوکھ۔ بیج بند۔ خولنجاں۔ مصطگی رومی۔ تج قلمی۔ سپاری دکنی۔ بوپھلی۔ سیوس اسپغول۔ بھکڑہ کلاں ہر ایک ایک تولہ۔ **مقدار خوراک** ایک لڈو صبح اور ایک لڈو شام دودھ گائے جوشیدہ کے ساتھ۔ نہایت مقوی لڈو ہیں۔

طاقت مردی کے واسطے خاص تحفہ اس کے استعمال سے قوت مردی گئی ہوئی پھر واپس آ جاتی ہے۔ بنانے اور کھانے میں کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوتی۔ رات کو سوتے وقت یہ غذا تازہ بنا کر کھائیں اور قدرت ایزدی کا تماشہ دیکھے۔ ایک قلعی شدہ دیگچہ یا مٹی کی ہانڈی میں آدھ سیر دودھ گائے اور ایک پاؤ بھر رس پیاز ملا کر چولہے پر چڑھائیں۔ نیچے نرم نرم آنچ جلائیں۔ جب دودھ جوش میں آ جائے تو اس میں ادویات ذیل مغز بنولہ۔ مغز بادام۔ تخم اوٹنگن۔ مغز پستہ ہر ایک ایک تولہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز چلغوزہ۔ سپاری سیاہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ الائچی کلاں ۲ تولہ ان جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر دودھ میں ڈالیں اور حسب ذائقہ مصری ملا کر بطور کھیر کے پکائیں۔ اور پی لیا کریں۔ ایک ہفتہ عشرہ تک پینے سے اس قدر طاقت پیدا ہو جاتی ہے کہ برداشت نہیں ہو سکتی۔ دوران استعمال ترش اور تیل والی اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

نورس تحفہ یہ نازک مزاجوں کے واسطے نہایت ہی مفید شے ہے۔ اس کی پہلی خوراک میں ہی بجلی کا سا اثر پاؤ گے۔ رات کو سوتے وقت اس نورس اوشدھی کو نوش جان کیجئے اور پھر چند روز میں اپنی قوت کا اندازہ لگایئے اور منہ مانگی مرادیں پایئے۔ کستوری۔ زعفران۔ عنبر اشہب۔ ورق طلا۔ ورق نقرہ ہر ایک ایک رتی۔

جائفل ۲ رتی۔ جاوتری ۲ رتی۔ روغن بادام ایک ماشہ۔ حسب ضرورت دودھ چولے پر چڑھائیں اور اس میں ادویات مذکورہ کا سفوف کر کے ڈال دیں۔ اور چند ایک جوش آ جانے پر حسب ضرورت شہد ملا کر پی لیں۔ ایک ہفتہ بھر یہ دودھ پینے سے ہر رگ و ریشہ میں خاص قسم کی طاقت پیدا ہو جائے گی۔ اگر شہد نہ ملے۔ تو حسب ضرورت مصری ڈال لیا کریں۔

حب مراد یہ گولیاں بجلی کا سا اثر رکھنے والی ہیں۔ مایوس العلاج بیماروں کو ساحل مراد پر پہنچاتی اور عیش کا لطف دکھاتی ہیں۔ پہلے ایک تولہ شنگرف کو لے کر کسی لوہے کی کڑاہی میں ڈال دیں۔ اور نیچے اس کے بیری کی لکڑی کی نرم نرم آنچ جلائیں۔ اور شنگرف کی ڈلی پر پہلے یک صد پیاز کے رس کا چویہ دیں۔ پھر دھتورہ کے پتوں سے ایک پاؤ بھر پانی نکال کر مقطر کر کے چویہ دیں۔ اس کے بعد نصف بوتل برانڈی کا چویہ دیں۔ بعد ازاں اس شنگرف کو کھرل میں ڈال کر ادویات ذیل کے ساتھ خوب سحق کریں۔ جائفل۔ جاوتری۔ کستوری۔ جندبید ستر۔ زعفران۔ افیون۔ ست کچلہ ہر ایک ایک رتی۔ تخم دھتورہ ۲ رتی۔ ورق طلا ۱۰ عدد۔ ورق نقرہ نصف دفتری۔ ایک بوتل برانڈی کے ساتھ کھرل کریں۔ اور ایک ایک رتی کی گولیاں تیار کریں۔ خوراک ایک صبح دودھ تازہ سے اور ایک گولی شام دودھ گاؤ جوشیدہ کے ساتھ کھائیں۔ عجیب چیز ہے۔

ایک اوداسی سادھو کی بیاض سے

کشتہ فولاد برادہ فولاد حسب ضرورت لے کر اس کو ہاتھی سنڈی بوٹی کے رس میں ڈال کر تین دن جیٹھ ہاڑ کی دھوپ میں رکھیں۔ بعد ازاں کھرل کر کے بل میں نگاہ رکھیں۔ یہ فولاد یرقان کو دور کرتا ہے۔ اور ہر قسم کی گرمی پر استعمال کیا جاتا ہے۔

کشتہ شنگرف شنگرف ایک تولہ۔ پیاز کا پانی ایک پاؤ بھر۔ لسن کا پانی سوا پاؤ بھر۔ دھتورے کا رس آدھ پاؤ۔ ان ہر سہ رسوں میں شنگرف کو علیحدہ علیحدہ کھرل کریں بعد ازاں ٹکیہ بنا کر سکا لیں۔ پھر کسی کوزہ میں دال کر مٹی سے لپیٹ کر کے چولہے پر رکھ کر نیچے نرم نرم ۱۲ پہر آگ جلائیں۔ پھر سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں۔ اور

شیشی میں ڈال رکھیں۔ قوت باہ کے لیے اکسیر کا کام دے گا۔ **نوٹ:** جس وقت ٹکیہ خشک ہو جائے تو پھر کسی لوہے کے برتن میں ایک پاؤ روغن زرد۔ آدھ پاؤ شہد اور ایک چھٹانک بھلاوے کوٹ کر ڈال کر درمیان میں ٹکیہ رکھیں اور منہ برتن کا سمپٹ کر کے آگ دیں۔ آگ بیر کی لکڑی کی ہونی چاہیے۔ **مقدار خوراک:** آدھ رتی۔ مسکہ یا بالائی میں رکھ کر کھلائیں۔ دودھ گھی بکثرت کھائیں۔ اور ترش اور تیل کی اشیاء اور مباشرت سے پرہیز رکھے۔

مجربات ناصرالدین

از جناب حکیم مولوی محمد ظفرالدین صاحب ناصر

حلوائے منڈی مقوی۔ مبہی ہونے کے علاوہ اس میں ایک خصوصیت یہ ہے کہ اگر ۶ ماہ تک مسلسل استعمال کیا جائے تو سفید بال موقوف ہو کر بجائے ان کے کالے بال نکلنا شروع ہو جاتے ہیں۔ کھانے میں بھی لذیذ ہے۔ لاگت بھی کچھ ایسی زیادہ نہیں ہے۔ صبح ناشتہ کے طور پر استعمال کیا جائے تو دوا کی دوا اور غذا کی غذا ہے یک لقمہ صباحی بہتر ز مرغ و ماہی کا مصداق ثابت ہوتا ہے۔ **ترکیب تیاری:** اول منڈی بوٹی علی الصباح قبل طلوع آفتاب اکھاڑ کر منگوا لی جائے معہ برگ و بار و ثمر وغیرہ اور سایہ میں خشک کر کے کوٹ چھان کر رکھ لیں۔ بیس تولہ سفوف منڈی مذکور میں ۵ تولہ مغز پستہ۔ ۲ تولہ مغز کدو کا شیرہ عرق گلاب میں نکال کر انگاروں پر رکھ کر غلیظ القوام کر کے رکھ لیں۔ پھر یک تار قند یا مصری کا قوام کریں اور مغزیات کا قوام شدہ شیرہ داخل کر کے خوب ملائیں اور ملائیں۔ پھر سفوف منڈی بریاں شدہ ملائیں۔ اوپر سے زعفران ۶ ماشہ بعرق گلاب صلایہ کردہ ملائیں اور سرد ہونے کے بعد کشمش ۵ تولہ۔ مغز بادام ۲ تولہ چاقو سے باریک کتر کر ملا دیں اور کسی مرتبان میں محفوظ رکھ لیں۔ **مقدار خوراک:** اول دو چار روز ایک ایک تولہ۔ پھر ۲۔۲ تولہ۔ زیادہ سے زیادہ ۳ تولہ تک بڑھا سکتے ہیں۔ مغز بادام کو مقشر کر کے اور ایک ایک مغز کو چکھ لینا چاہیے ورنہ ایک تلخ مغز بھی اگر شریک ہو جائے تو حلوے کا مزہ خراب ہو جائے گا۔

دافع رکاوٹ چٹکلہ شب کو پاؤ بھر شیر گاؤ میں ایک تولہ چنے تر کر کے رکھیں اور ایک چھوہارہ یعنی کھجور خشک بھی بھگوئیں۔ صبح ایک ایک چنا نکالتے جائیں اور کھاتے جائیں۔ بعد میں چھوہارہ کھا کر اوپر سے دودھ پی لیں۔ دافع سرعت ــــــ ہے۔ جریان کو بھی فائدہ کرتا ہے۔

نایاب شمسی ٹوٹکے

از جناب حکیم حاجی ابوالفقر محمد شمس الحق خان صاحب امرتسری

نادر طلاء شمسی تمام عوارضات مردانہ کے دفعیہ کے لیے یہ حکم اکسیر کا رکھتا ہے۔ حب الملوک۔ شنگرف رومی۔ بیر بہوٹی۔ ہیرا ہینگ۔ پوست بیخ کنیر۔ گل ستیاناسی۔ پارہ۔ گندھک۔ خولنجاں مساوی الوزن یک جان باریک کر کے عسل مصفیٰ بلا کر رات کو تمام عضو مخصوص پر مل کر اوپر برگ پان باندھ کر سو جانا چاہیے۔ اسی طرح روزانہ استعمال کریں۔

روغن فیض عام صدہا بندگان خدا اس سے صحت حاصل کر چکے ہیں۔ اس واسطے موسوم بہ فیض عام کیا گیا۔ برادہ کچلہ۔ سم الفار سفید۔ خراطین۔ زلوخشک۔ رتک سفید۔ قرنفل۔ مالکنگنی ہر ایک ۲ تولہ۔ سانڈہ ۳ عدد سب کا قیمہ کر کے پتال جنتر میں ڈال کر روغن حاصل کریں۔ اور اگلا حصہ عضو مخصوص چھوڑ کر مالش کیا کریں۔

طلاء غریبانہ غریب مریض جو کہ زیادہ قیمت نہ صرف کر سکتے ہوں ان کی خاطر پیش خدمت ہے۔ روہو مچھلی ایک عدد۔ شنگرف رومی ایک تولہ۔ عاقرقرحا ایک تولہ۔ روغن دارچینی ۳ تولہ۔ سب کو یک جان کر کے طلا تیار کریں۔ اور استعمال کریں۔

طلائے نفیس عنبر ۴ ماشہ۔ گل موتیا ایک تولہ۔ موم زرد تولہ۔ گل حنا ۹ ماشہ۔ مالکنگنی ۹ ماشہ۔ عطر خس ۴ ماشہ۔ عطر حنا ۴ ماشہ۔ عطر چنبیلی ۴ ماشہ۔ شنگرف رومی ایک تولہ سب کو یکجان کر کے کام میں لائیں۔

کماد شمسی یہ نایاب نکور ہے جس سے بد قسمت اور مایوس الحال ہفتہ عشرہ میں اور

جلق زدہ بحکم خالق صحت پالیتا ہے۔ ۹۰ فیصدی صحت حاصل کر چکے ہیں۔ نسخہ پوکھر مول۔ اسگندھ ناگوری۔ برادہ کچلہ۔ خراطین خشک۔ برادہ دندان فیل۔ مالکنگنی۔ بیربہوٹی۔ قرنفل۔ کنجد سیاہ۔ کنیر سفید۔ میدہ سک۔ انبہ ہلدی۔ جاوتری۔ اسپند۔ گکڑ چھڑی۔ پوست بیخ کنیر سفید ہر ایک مساوی الوزن۔ عرق پیاز نرگس۔ عرق ادرک۔ روغن مالکنگنی۔ حسب ضرورت میں ملا کر اور خوب اچھی طرح گھوٹ کر تابہ آہنی کو آگ پر چڑھائیں اور بطریق معروف نکور کریں۔ پوٹلی پیڑو اور کنج ران وغیرہ مواضع پر بھی کریں اور تمام عضو پر سب طرف کریں۔

حلوائے لذیذ سرمائی بیضہ مرغ ۲ عدد۔ زعفران ایک ماشہ۔ شیر گاؤ پاؤ۔ عسل مصفیٰ ۴ تولہ۔ روغن زرد ۳ تولہ۔ سب کو یکجان کر کے حلوا بنا کر روزانہ کھایا کریں۔ اگر زیادہ قوت مطلوب ہو تو ۲ سرخ مشک و عنبر ملا لیں۔ نہایت عمدہ اور مجرب ہے۔

معجون حقانی تقویت میں کمال درجہ کا نسخہ ہے۔ جو کہ ---- کثیر پیدا کرتا ہے۔ اور بڑھاپے میں جوانی کا لطف دکھاتا ہے۔ کھویہ شیر پاؤ بھر۔ مغز تمر ہندی پاؤ بھر۔ شیر گاؤ ۲ سیر۔ زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد۔ شہد خالص ڈیڑھ سیر۔ قرنفل ۹ ماشہ۔ دار چینی ۹ ماشہ۔ عاقر قرحا تولہ۔ خولنجان تولہ۔ مغز بادام ۳ تولہ۔ مغز کدو ۳ تولہ۔ مغز خیار ۳ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۳ تولہ۔ مغز اخروٹ ۳ تولہ۔ مغز پستہ ۳ تولہ۔ مغز پنبہ دانہ ۳ تولہ۔ آب ادرک ۱۰ تولہ۔ آب گاجر ۱۰ تولہ۔ آب مولی ۱۰ تولہ مصری ایک سیر۔ اول پانیوں اور شہد اور مصری کا قوام کر کے پھر دیگر ادویہ باریک کر کے ملا کر بطریق معروف معجون تیار کریں۔ **مقدار خوراک** ایک ایک تولہ صبح و شام دودھ گائے سے۔

حبوب تریاق شمسی سستی اعصاب اور مثینن اور ازکار رفتہ کے لیے یہ حبوب بہت مفید ہیں۔ تخم پیاز۔ کشن خرما۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ تخم گندنا۔ شالم مصری۔ رودھو مچھلی ہر ایک ایک تولہ۔ مشک ایک ماشہ۔ زعفران ۹ ماشہ۔ سب کو آب انگور میں ملا کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔ **مقدار خوراک** ایک ایک گولی صبح و شام دودھ گائے کھائیں۔ مجرب ہے۔

سفوف اکسیر جریان گوند سنبل۔ تخم اونٹگن۔ تج میدہ لکڑی۔ پھلی ببول۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ گوکھرو۔ سمندر سوکھ۔ بیج بند ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف۔ موچرس۔ کمرکس ہر ایک ۸ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر باریک سفوف کرلیں اور مصری کوزہ ملاکر محفوظ رکھیں۔ مِقْدَارِ خُوراک ۲۔۳ ماشہ صبح و شام۔

سفوف دیگر جریان مغز تخم تمرہندی۔ سپاری۔ گلنار۔ گوند کیکر۔ برگ املی۔ خبث الحدید مدبر تمام مساوی الوزن لے کر باریک سفوف بنائیں۔ مِقْدَارِ خُوراک ۲ ماشہ ہمراہ شیرہ عناب یا شربت عناب کے۔ جریان کے لیے مفید ہے۔

صدری مجربات

از جناب حکیم مولوی دوست محمد خان صاحب از ارمڑ

معجون مقوی مقوی باہ۔ دافع سستی و نامردی و جریان وغیرہ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل۔ مغز پستہ۔ مغز اخروٹ۔ چرونجی۔ تخم شلجم۔ اسگند ناگوری۔ اندر جو۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ موچرس۔ ریگ ماہی نر۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ مغز بادام۔ نارجیل تازہ۔ درخت سنبل کی جڑ۔ مغز سنگھاڑا۔ مغز تخم املی ہر ایک ۴ تولہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ زنجبیل۔ لونگ۔ اندر جو شیریں۔ تال مکھانا۔ طباشیر۔ مصطگی رومی۔ ماہی سقنقور۔ عاقر قرحا ہر ایک ایک تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۳ ماشہ۔ کشتہ طلا ڈیڑھ ماشہ۔ ورق نقرہ ۱۰۰ عدد۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ کستوری ۳ ماشہ۔ مصری ۲ ثار۔ روح کیوڑا پاؤ پختہ۔ پہلے روح کیوڑا اور مصری ملا کر قوام کریں۔ اس کے بعد باقی تمام ادویات باریک کر کے ملائیں اور معجون تیار کریں۔ اور محفوظ رکھیں۔ مِقْدَارِ خُوراک ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام کو دودھ گائے سے کھائیں نہایت عمدہ مقوی باہ اور مقوی بدن چیز ہے۔

کشتہ شنگرف از حد مقوی باہ۔ دافع سستی۔ نامردی۔ دافع ذیابیطس۔ بوڑھوں کو طاقت ور بنانے والا ہے۔ شنگرف رومی عمدہ ایک تولہ لے کر پہلے اسے پانچ

تولہ آب لہسن میں کھرل کریں۔ جب پانی لہسن جذب ہو جائے تو پھر اس کو پانچ تولہ آب گھیکوار میں کھرل کریں۔ پھر اسے پانچ تولہ آب پیاز میں کھرل کر کے پانی جذب کریں۔ اس کے بعد اس کی ٹکیہ بنا کر نکند بابری بوٹی سبز پانچ تولہ کے نغدہ میں رکھ کر اوپر سے مضبوط گل حکمت کریں۔ بعد خشک ہونے کے پانچ سیر کی اوپلہ کی آگ۔ محفوظ الہوا جگہ میں آگ دیں۔ کشتہ سفید رنگ کا ہو گا۔ باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ مقدار خوراک ۴ چاول مسکہ میں رکھ کر دیں۔

مجربات غمناک

از جناب حکیم مولوی محمد امیر علی صاحب غمناک مقام گانگی میانوالی

حبوب مقوی مقوی باہ و دل و دماغ و جگر و جمیع اعضائے بدن کو مضبوط کرنے والی اور از بس مقوی معدہ ہیں۔ جدوار خطائی۔ عود ہندی۔ زرنباد۔ صندل سفید۔ قرنفل۔ صمغ عربی۔ درونج عقربی۔ دار چینی ہر ایک ۲ مثقال۔ مصطگی رومی ۲ مثقال۔ زعفران۔ عاقر قرحا۔ مشک خالص ہر ایک نیم مثقال۔ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر قدرے شہد کے ساتھ جنگلی بیر برابر گولیاں بنائیں اور محفوظ رکھیں۔ مقدار خوراک ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ دودھ گائے۔

طلائے مقوی مقوی باہ و معاون رکاوٹ درجہ اول قابل استعمال امراء۔ عطر دار چینی ایک درم۔ مومیائی خالص ایک درم۔ عطر نار مشک ۲ درم۔ تمام اشیاء کو خوب اچھی طرح کھرل کر کے لیپ بنالیں۔ اور قبل از ---- لگائیں۔ یہ اعلیٰ درجہ کی چیز ہے۔ اور اس طلا کے ہمراہ اس نسخہ کا استعمال اندرونی نقائص کے لیے مفید ہے۔

نسخہ اکسیر غمناکی جو کہ اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ و معدہ و اشتہا ہے۔ بلغم کو دور کرنے میں اکسیر ہے۔ دار چینی ۲ ماشہ۔ دار فلفل ۲ ماشہ۔ دانہ ہیل ۳ ماشہ۔ گل سرخ ۴ ماشہ۔ عود ہندی ۲ ماشہ۔ مصطگی رومی ۳ ماشہ۔ قرنفل ۳ ماشہ۔ جوزبوا ۴ ماشہ۔ زنجبیل ۴ ماشہ۔ تودری سرخ ۲ ماشہ۔ تودری سفید ۴ ماشہ۔ تخم شلجم ۲ ماشہ۔ مشک ایک ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ عنبر ایک ماشہ۔ تمام ادویات کو خوب طرح کوٹ چھان کر ۸ تولہ

شہد کا قوام کر کے اور خوب طرح گھونٹیں۔ اور محفوظ رکھیں۔ مقدارِ خوراک ڈیڑھ مثقال بعد از طعام ایک ساعت۔

طلائے تریاق مایوسین شنگرف ۶ ماشہ۔ پیاز نرگس ۶ ماشہ۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ زہرہ نر گاؤ ۲ عدد۔ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر آب زہرہ میں خوب طرح کھرل کریں اور ہر روز بوقت خفتن سیون و اگلا حصہ عضو چھوڑ کر لیپ کریں اور اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھیں۔ مجرب ہے۔

حبوب غمناکی برائے قوت باہ و خفقان و قوت معدہ و وحشت وغیرہ میں نافع ہے۔ آملہ ۴ ماشہ۔ ہلیلہ کابلی ۴ ماشہ۔ بادرنجبویہ ۴ ماشہ۔ قرنفل ایک ماشہ۔ قرفہ ایک ماشہ مغز تخم کدو شیریں ۲ ماشہ۔ یاقوت سرخ ایک ماشہ۔ مروارید ایک ماشہ۔ بسد ایک ماشہ۔ کہربا ایک ماشہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر روغن پستہ میں چرب کریں اور گولیاں بنا کر ڈیڑھ مثقال سے ۲ مثقال تک ہمراہ شربت سیب تناول کریں۔ مجرب چیز ہے۔

روغن اکسیر غمناکی برائے مجلوق مجلوق کے لیے خاص مجرب اعضاء کی نرمی کو دور کرتا ہے اور ہمیشگی طاقت بخشتا ہے۔ یہ بے بہا نسخہ ہمارا کئی بار کا آزمودہ ہے۔ عاقر قرحا ۲ تولہ۔ قرنفل ۲ تولہ۔ مالکنگنی ۲ تولہ۔ سم الفار ۲ تولہ۔ مثما تیلیہ ۲ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ خراطین ۲ تولہ۔ چربی شیر ۲ تولہ۔ کچلہ ۲ تولہ۔ تج ۲ تولہ۔ بابونہ ۲ تولہ۔ پوست بیخ کنیر سفید ۲ تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ جوزبوا ایک تولہ۔ خراطین خشک ایک تولہ۔ بیربہوٹی ایک تولہ۔ گھونگچی سفید ۴ تولہ۔ مغز جمالگوٹہ ۴ تولہ۔ سپرک کلاں ایک عدد۔ شیر میش سوا پاؤ۔ شراب دو آتشہ ڈیڑھ پاؤ۔ تمام ادویات کو پہلے اچھی طرح باریک کر کے شیر میش میں کھرل کریں پھر شراب دو آتشہ ڈال کر یہاں تک کھرل کریں کہ گولی باندھنے کے لائق ہو جائے تب گولیاں بنا کر آتشی شیشی میں ڈال کر بطریق معروف روغن کشید کریں۔ اور محفوظ رکھیں۔ ہر روز بوقت خفتن اگلا حصہ و سیون عضو چھوڑ کر خوب اچھی طرح مالش کریں اور اوپر برگ ارنڈ یا پان باندھ دیں۔ اس کے لگانے سے کسی قسم کی تکلیف نہ ہو گی۔ ہزار ہا دفعہ کا بڑا ہی آزمودہ اور مجرب ہے۔

کم خرچ بالا نشین خوردنی نہایت مجرب ہے۔ تخم جرجیر ۱۰ درم۔ صمغ عربی ۱۰ درم ہر دو کو کوٹ کر عسل کف گرفتہ کے ساتھ گوندھیں۔

مقدار خوراک ۳ درم ہمراہ شربت یا شیر تازہ۔

سفوف جریان جریان اور رقت کے لیے مجرب ہے۔ مقوی بھی ہے۔ ریوند چینی ۷ درم۔ تخم الائچی خورد ۷ درم۔ ست گلو ۷ درم۔ گیرو ۷ درم۔ شورہ قلمی ۷ درم۔ طباشیر ۷ درم۔ مصری ۳ درم۔ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور بقدر ۶ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ یا گوسفند کے کھائیں مجرب ہے۔ (جریان۔ رقت وغیرہ کے لیے تو شاید مفید نہ ہو البتہ سوزاک کے لیے نسخہ مذکور مفید معلوم ہوتا ہے)

مجربات گالووالیہ

از جناب حکیم غلام رسول صاحب گالووالیہ از کھیوہ

برائے ذکاوت حس بیج بند۔ تال مکھانا۔ تخم سریالہ ہر ایک ایک ماشہ۔ پوٹاسی برومائیڈ ۵ سرخ۔ شہد خالص نیم درم۔ سب کو ملا کر ایک خوراک کریں۔ ایسی دو خوراک دن میں دو بار ہمرہ شیر ہر قسم استعمال کریں اس نسخہ کو ہفتہ عشرہ استعمال فرمائیں۔ کوفتی اشیاء کو کوٹ لیں اور شہد میں ملائیں۔ جب ذکاوت حس رفع ہو جائے تو پھر مندرجہ ذیل داخلی و خارجی ہر دو نسخوں کو استعمال فرمائیں۔

نسخہ خوردنی ورق نقرہ ۱۰۰ عدد۔ مصری ۲ تولہ۔ ہر دو کو حق بلیغ کرکے کشتہ قلعی ایک تولہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ کشتہ عقیق بے داغ ایک تولہ سب کو اوپر والے سفوف میں ملا کر کسی شیشی میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔ مقدار خوراک پانچ رتی صبح اور پانچ رتی شام کو ہمراہ دودھ کے استعمال کریں۔ ہمہ صفت موصوف نسخہ ہے۔

نسخہ خارجی لونگ ۴ تولہ۔ دارچینی ۴ تولہ۔ بیربہوتی ایک تولہ۔ بیج کنیر۔ سفید ۲ تولہ۔ ان سب دواؤں کا بذریعہ پتال جنتر تیل نکال لیا جائے۔ پھر اگر ایک تولہ تیل نکلے تو اس میں عطر موتیا خالص ۳ ماشہ ملا کر بطریق معروف طلا کیا کریں۔ اس خارجی علاج سے قضیب کی رگوں میں اگر کوئی کسی قسم کا نقص ہوگا تو جاتا رہے گا۔

برائے جریان نہایت مفید نسخہ سفوف مغز تخم املی ۲ ماشہ۔ شکر سفید ۴ ماشہ۔ کشتہ تردھاتہ ایک رتی۔ ایسی ایک خوراک

روزانہ دودھ کے ساتھ کھائیں۔ انشاء اللہ جریان رفع ہو گا۔ مجرب اور آزمودہ ہے کم از کم دو ہفتہ استعمال کریں۔

دیگر برائے جریان موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ ثعلب مصری۔ ستاور۔ شقاقل۔ طباشیر۔ الائچی خورد۔ تال مکھانا۔ سیوس اسبغول ہر ایک ایک تولہ۔ ورق نقرہ۔ ۲۰ عدد۔ مصری کوزہ ۱۰ تولہ۔ ورق نقرہ کو طباشیر میں ملا کر کھرل کریں تاکہ اس کی چمک دور ہو جائے پھر بجائے ست اسبغول کے باقی سب ادویات کو کوٹ چھان کر سب کو ملا لیں۔ **مقدار خوراک** ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام ہمراہ دودھ تازہ گائے کے استعمال فرمائیں۔ مجرب ہے۔

چوٹی کے مجربات

از جناب ڈاکٹر و حکیم محمد لطیف صاحب بی اے جھنگ شہر

نسخہ اول دافع جریان۔ احتلام۔ سرعت —— جو دس روز کے اندر اندر پرانے سے پرانے جریان کو دفع کر دے۔ گوند کتیرا ۶ ماشہ۔ سمندر سوکھ تولہ۔ تخم کرفہ ۶ ماشہ۔ پکھان بید تولہ۔ صمغ عربی تولہ۔ کشتہ عقیق در صندل سرخ ۲ ماشہ۔ کشتہ قلعی در بھنگ ۳ ماشہ۔ کشتہ بیضہ ہفت پختہ ۳ ماشہ۔ کشتہ فولاد در جامن ماشہ۔ کشتہ سنکھ در بجوا ۳ ماشہ۔ کشتہ مرجان در مسکہ ۳ ماشہ۔ سب کو اچھی طرح ملا لیں۔ **مقدار خوراک** ۳ رتی سے ۵ رتی تک ہمراہ مسکہ صبح نہار منہ استعمال کریں۔

نسخہ دوئم نسخہ مقوی۔ جسمانی و دماغی قوائے کا محافظ۔ جس کی صرف چار خوراکیں چار شادی کرنے پر مجبور کریں۔ ستر سال کی عمر والا بے اولاد کھائے تو اللہ کے فضل سے صاحب اولاد ہو جائے۔ جن کو جریان کا عارضہ ہو پہلا نسخہ استعمال کر کے یہ استعمال کریں۔ چونکہ یہ میرا معمول مطب ہے اس لیے میرا ذاتی تجربہ ہے کہ اس کی چار ہی خوراکیں ایسا مستقل اثر کرتی ہیں کہ عمر بھر کسی اور مقوی دوا کے لینے کی ضرورت نہیں رہتی۔ ضعف اعصاب بوجہ جلق یا اغلام۔ کمزوری معدہ ضعیف دماغ سب شکایات کافور ہو جاتی ہیں۔ اور جوانی کا لطف از سر نو آنے لگ جاتا ہے۔ شوقیہ استعمال کرنے والوں

کے لیے بھی ایک اعلیٰ نعمت ہے۔ بدن مثل کندن کے چمکنے لگ جاتا ہے۔ کشتہ اشرفی سالم الحروف در بھنگرہ سیاہ یک عدد۔ کشتہ روپیہ سالم الحروف در بو پھلی یک عدد۔ دونوں کو ملا لیں اور دو چاول صبح مکھن میں استعمال کریں۔ غذا مرغن تناول فرمائیں۔

نسخہ سوئم برائے طوالت و فربہی مالش بیرونی جس کا ہر ماہ کئی اشخاص پر تجربہ کیا جا چکا ہے۔ کہ بغیر آبلے پیدا کرنے کے اکیس روز میں کجی و لاغری کو دور کر دیتا ہے۔ نر جوان گدھے کے ---- پر بیس عدد جونکیں لگوا دیں۔ اس کون میں مفصلہ ذیل اشیاء سحق بلیغ کریں۔ تازہ ریچھ دو عدد۔ فرفیون ۱ تولہ۔ مالکنگنی ۲ تولہ۔ ریگ ماہی تولہ۔ خراطین ۲ تولہ۔ بیربہوٹی ۲ تولہ۔ گھونگھی سفید ۲ تولہ۔ چربی سانڈہ ۳ تولہ۔ برادہ ہاتھی دانت تولہ۔ پرانا چمڑا تولہ۔ سب کو ملا کر بذریعہ پاتال جنتر تیل نکالیں اور صبح و شام بیرونی بطور مالش استعمال کریں۔

مجرب نسخے

کشتہ شنگرف اکسیری اس کشتہ کی زیادہ تعریف فضول ہے۔ اس کی تعریف وہی کرے گا جو اسے استعمال کرلے گا۔ نامرد کو مرد کرنے میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ ضعف کو حد درجہ کا مفید ہے۔ رنگ کو سرخ کرتا ہے۔ بلا ضرر ہے۔ تمام امراض مخصوصہ کو دور کر کے جسم کو مثل کندن کے بنا دیتا ہے۔ استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں۔ شنگرف رومی ایک تولہ کو ۵ تولہ دودھ مدار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر پندرہ یوم دھوپ میں خشک کر کے اوپر سوت خام ۵ تولہ لپیٹ کر آگ لگائیں۔ سرد ہونے پر نکالیں۔ سفید رنگ کا کشتہ ہو گا۔ مقدار خوراک ایک چاول در مسکہ۔ اگر فی تولہ اڑھائی تولہ مومیائی بیس عدد ورق طلا ملا کر گولی روح سونف میں بقدر دانہ موٹھ بنالیں تو نور اعلیٰ نور ہے۔ ایک حب صبح اور ایک حب شام ہمراہ دودھ گاؤ دیں۔

ایک سنیاسی کا بتایا ہوا نسخہ نیاز مند کو مندرجہ ذیل نسخہ ایک سنیاسی بزرگ نے بتایا تھا۔ اصل فولاد کی ایک تولہ رگڑ یا برادہ لے کر ناریل یعنی گری کے کھوپرہ میں ڈال کر اسے پیاز کے پانی سے بھر کر سایہ میں رکھ دو۔ جب خشک

ہو جائے تو پھر بھر دو۔ کل تین دفعہ ایسا کرو اس کے بعد ایک سو لیموں کے پانی میں کھرل کر کے سات چڑوں میں یکے بعد دیگرے ڈال کر گھی میں بھون لیں۔ یا تل لیں۔ بس کشتہ فولاد اکسیر ہے کمزوری وغیرہ کے لیے۔

صدری مجربات

از جناب ڈاکٹر حکیم چرنداس صاحب از دہلی

نسخہ ۱ کمی باہ کے لیے بے نظیر ہے۔ اور جوش ---- کو زیادہ کرتا ہے۔ تخم معصفر ایک پاؤ لے کر حمام و دستہ میں کوٹ کر باریک سفوف بنائیں۔ اور چھان کر برابر اس کے قند سیاہ ملا کر پھر حمام دستہ میں اس حد تک کوٹیں کہ دونوں چیزیں یک ذات ہو جائیں۔ پس صبح و شام تولہ تولہ دودھ گائے سے کھایا کریں دو ہفتہ میں پوری طاقت پیدا ہو گی۔

نسخہ ۲ بجہت قوت باہ و کمزوری کمال مفید ہے۔ مولد منی ہے۔ بواسیر و درد چشم کے لیے بھی مفید ہے جائفل۔ قرنفل۔ الائچی خورد۔ دارچینی۔ آملہ۔ سنبل الطیب برابر وزن۔ شہد سب کے سہ چند۔ کوٹ چھان کر حسب دستور معجون بنائیں۔ **مقدار خوراک** ایک مثقال دودھ سے۔ ایک دو ہفتہ کے استعمال سے پورا پورا فائدہ دے گا۔

نسخہ ۳ برائے رفع سستی و کمزوری کمال مفید ہے سوتے وقت رات کو ایک مشت غلہ گندم بریاں کر کے (بھون کر) گرم گرم کھائیں اور ترشی و بادی سے پرہیز کریں اور بقدر دو مشت بعد از طعام دوپہر کو کھائیں۔ مداومت سے گم شدہ طاقت پھر بحال ہو جاتی ہے۔

نسخہ ۴ اگر قوت پشت سخت کمزور ہو۔ تو بذر الکراث (تخم گندنا) ایک درم ہر روز ہمراہ شہد کھائیں قوت مجامعت زیادہ ہو جائے گی۔

نسخہ ۵ خاگینہ کہ بو علی سینا نے وضع کیا تھا۔ اور نہایت مجرب ہے۔ مغز سر کنجشک خانگی نر ۱۰ عدد۔ ماء اللحم جو گوشت بکرا سے بنایا ہوا ہو۔ ایک سیر۔ آب پیاز

آب ترہ تیزک ہر ایک ۳۰ درم۔ روغن زرد و نمک حسب معمول ملا کر خاگینہ بنائیں اور کھائیں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے قوت عظیم پیدا ہو گی۔

خاص مجربات

از جناب ڈاکٹر سندر داس صاحب نارنگ پردیسی

معجون خاص کئی دفعہ اسے بنایا نہایت مفید پایا۔ میں اسے ہمیشہ بنا کر استعمال کرتا ہوں۔ اور اکثر فائدہ اٹھاتا ہوں۔ اگر موسم سرما میں اسے ایک دو ہفتہ استعمال کر لیا جائے تو اچھی خاصی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ لطف یہ ہے کہ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ بلغم کو دور کرتا ہے اور قوت گردہ و دیگر اعضاء پیدا کرتا ہے۔ نسخہ نانخواہ (اجوائن دیسی ۳۲ تولہ' تخم گاجر۔ ساڑھے ۳ ماشہ۔ مصطگی رومی ساڑھے ۴ ماشہ۔ لونگ ساڑھے ۳ ماشہ۔ عاقر قرحا ساڑھے ۳ ماشہ۔ پھٹکڑی سفید پونے دو ماشہ۔ عود خام ساڑھے ۳ ماشہ۔ بسباسہ ۷ ماشہ۔ شہدانہ (تخم بھنگ) ۷ ماشہ۔ سب کو باریک کوٹ کر سہ چند شہد میں معجون بنائیں۔ **مقدار خوراک** ۱۰ ماشہ صبح و شام دودھ سے سرخ مرچ۔ مباشرت۔ ترشی اور تیل کی اشیاء سے پرہیز ہے۔

ایک آسان نسخہ نہایت آسان اور کمال درجہ کا مجرب نسخہ ہے۔ استعمال کیجئے اور فائدہ اٹھایئے۔ رات کو پاؤ بھر دودھ میں ۲ عدد چھوہارے ڈال دیں اور پانچ تولہ چنے کی دال ڈال دیں۔ صبح نہار منہ دال کھالیں اور پھر چھوہارے کھا کر وہی دودھ گرم کر کے اس میں شہد میٹھے کی جگہ ڈال کر ۳ ماشہ دار چینی کا سفوف اوپر چھڑک کر پی لیں۔ کمال درجہ کا مقوی نسخہ ہے۔

دو مفید نسخے

از حکیم موتی رام صاحب پہاڑ پور

کشتہ شنگرف کریر ایک جھاڑی ہے جس کے پھل کو ڈیلہ کہتے ہیں۔ اس کے پتے نہیں ہوتے۔ اس کی ایک موٹی سی لکڑی لے لیں اور اس کے

درمیان کا واک کریں اور اس میں تولہ بھر کی شنگرف کی ڈلی دبے کر اسے اوپر نکلا ہوا براہ دے کر اس کے اوپر کپڑ مٹی کر کے اس کے دونوں سروں کی طرف آگ لگائیں۔ حتیٰ کہ صرف درمیانی حصہ باقی رہے۔ ٹھنڈا ہونے پر شنگرف نکالیں کشتہ ہو کر نکلے گا۔ باہ کے لیے بہت مفید ہے۔

کشتہ مرجان جنگل میں آک کا پودا ایسا ڈھونڈھیں جس کی جڑ موٹی ہو۔ اس کو جڑ سے اوپر سب کا سب کاٹ کر پھینک دیں اور جڑ کے ادھر ادھر چاروں طرف ایک خندق کھودیں اور جڑ کا درمیانی حصہ کھوکھلا کر کے اس میں ۲ تولہ کھانڈ دیسی ڈال کر اس کے اوپر تولہ بھر مرجان عمدہ سالم ڈال دیں۔ پھر اس کے اوپر ۲ تولہ کھانڈ دیسی ڈال دیں۔ اور اس کو خوب کپڑ مٹی کر دیں اور خندق میں اپلے جنگلی بھر دیں کہ پندرہ سیر سے کم نہ ہو۔ کپڑ مٹی کے سوکھ جانے پر اپلوں کو آگ لگائیں۔ جب آگ بجھ جائے تو مرجان حفاظت سے نکال لیں۔ سفید کشتہ ہو گا۔ باریک پیس کر شیشی میں رکھیں۔ مِقدارِ خوراک صرف ایک رتی۔ کھانسی دمہ کے لیے ایک نہایت اعلیٰ چیز ہے۔